بسم الله الرحمن الرحيم

احمد الله العلي العظيم الاعظم الذي لم يتخذ صاحبة ولا ولدا ولا شريك في ملكه ولم يكن له كفوا احدا واصلي واسلم على رسوله وحبيبه الذي بشر في التورية والانجيل وعرفه اهل العلم بمعرفة الابناء بلا ريب وتاويل اعني شفيعنا ونبينا وسيدنا عبد الله احمدن المجتبى محمدن المصطفى صلى الله عليه وسلم الى يوم الدين وعلى آله واصحابه الذين اختارهم الله لصحبة نبيه الجليل وبشرهم الرضا في كتب اصفياء الله الجليل اور بعد حمد و صلوۃ کے واضح ہو کہ اس خاکسار ذرہ بیمقدار ناصر الدین محمد رحم الہی ابن سید نثار علی ابن سید بہادر علی ابن سید غالب علی ابن سید عباس خان عفی اللہ عنہم اجمعین ساکن قصبہ منگلور ضلع سہارنپور نے ایک وقت مین اپنے استاد سلمہ اللہ سے سنا تہا کہ عالم رؤیا مین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھسے فرمایا ہے کہ میری بشارت کھلم کھلا تیرھوین آیت مین ہے مگر یہہ ظالم مانتے نہین پس ایکبار دو زمینی اس خواب کا تذکرہ حامی دین نبوی اخوی سید حافظ قاضی محمد عنایت علی صاحب سے کیا آپ نے فرمایا ضرور ایکی ارشاد کا مصداق بیبل مین ہوگا اور ارادہ تلاش کا کرنا چاہیئے

موافق ارشاد جناب موصوف کی اس قصد سی مینی مطالعہ بیبل کا شروع کیا اور مجمع
وا اسانہ الاتم بشارت ممدوحہ کا معہ اور بشارات نبوی محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
کی نشان پا کر یہ رسالہ مسمی بہ براہین رحیمیہ فی اثبات الرسالۃ الاحمدیہ الملقب بحجۃ البیبل
معروف بہ بشارات محمدی ۔ تالیف کیا اور مضمون آیت کریمہ الذین آتیناہم الکتاب یعرفونہ کما یعرفون
ابناءہم کو تحقیق اوسکی فصل اور تائید سی ثابت کر کے دکہلا دیا مقدمہ ۔۔۔۔ مین
تین فصل ہین **فصل اول** اس بیان مین کہ واسطی ثبوت نبوت نبی اللہ اور
رسول اللہ کی سربسی بشارت کی ضرورت نہین ہی اسلیئے کہ معجزات اور اخلاق جو خارج
قوت عامہ بشری سی اونکی ذات بابرکات مین پای جاتی ہین وہی ثبوت نبوت اور رسالت
کی لئی کافی اور وافی ہین اور اگر بالفرض ضرور ہی ہی تو فرمائی کہ حضرت نوح اور حضرت
ابراہیم علیہما السلام کی بشارت کونسی ہی حالانکہ باتفاق نبی ہین اور موسی
علیہ السلام کی بہی بشارت نہین ملتی توریت سی پہلی کوئی کتاب ہی بیبل مین نہین ہی
پہر بشارت کہان ہوتی اور نیز درصورت ضرورت تعدد دور یا التسلسل لازم آئیگا
اور چونکہ محذور دور اوس عبارت مین جو پیدایش کی پندرہوین اور پچاسوین باب
مین ہی اور اسکو شاید کوی بشارت موسوی کہی لازم آتا ہی پس وہ اس محذور کی
وجہ سی بشارت موسوی نہین ہوسکتی اور وہ عبارت یہ ہی باب ۱۵ درس ۱۲
جب آفتاب غروب ہونی لگی تو ابرام پر بڑی نیند غالب آئی اور دیکہہ ایک ہولناک
تاریکی اوس پر آئی ۱۳ اور اوس نی ابرام سی کہا کہ یقین جان کہ تیری اولاد ایک ملک
مین جو اونکا نہین پردیسی ہونگی اور وہان کی لوگون کی غلام بنینگی اور وی چارسو
برس تک اونہین دکہہ دینگی ۱۴ لیکن مین اوس قوم کو بہی جس کی وی غلام
ہونگی عدالت کرونگا اور وی بعد اوسکی بڑی دولت لیکی نکلینگے ایضاً باب ۵۰ درس
۲۴ اور یوسف نی اپنی بہائیون سی کہا مین مرتا ہون اور خدا تمکو یقیناً یاد کریگا اور تمکو

اوس [illegible] بشارتون کی جسکی بابت اوسی ابراہام اور اسحاق [illegible]
[illegible] ۱۲۵ [illegible] بنی اسرائیل کی قسم لیکی کہا کہ [illegible]
[illegible] نہ پہنچایئو اور علاوہ دوسرا اس عبارت [illegible]
[illegible] اگر تخصیص نجات کی وجہ سی بشارت کہئی اور [illegible]
اور [illegible] چار سو برس تک [illegible]
[illegible] چار سو تیس برس لکہا ہی کتاب [illegible] اوس
اور بنی اسرائیل جو مصر کی باشندی تہی اون کی بود و باش چار سو تیس برس تک
تہی [illegible] اور چار سو تیس برس کی آخر مین یہہ ہوا کہ ٹہیک اوسی دن خداوند کی ساری
فوجین زمین مصر سی نکل گئین پس یہہ پیشین گوئی نہ صحیح ٹہہری اور [illegible]
اور مفسرین [illegible] کی نزدیک مدت اقامت بنی اسرائیل کی مصر مین [illegible] دو سو [illegible]
برس [illegible] اور اگر کہو کہ گو نبی کی لئی بشارت کا ہونا ضروری نہین مگر شفیع کی
لئی ضروری ہی اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری نزدیک شفیع ہین
پس جواب اسکا یہہ ہی کہ وہ حال سی خالی نہین ہی کہ ضرورت بشارت نبی شفیع کی
کی یا نفس شفاعت کی لئی ہی اور یا واسطی عقیدہ شفاعت اوس شفیع کی شق
اول ظاہر البطلان ہی اسواسطی کہ شفیع ہونا کسی کا اوسکی کمال ذاتی پر موقوف ہوگا
نہ بشارت نبی متقدم پر اور اسکو اس سی کیا علاقہ اور شق ثانی پر بھی ضرورت
نہین ہی کہ اس صورت مین قول اوسی شفیع نبی کا عقیدہ شفاعت اوس شفیع کی
لئی کافی اور وافی ہوگا ہان اگر دعوی شفاعت کا کسی ایسی ذات پاک کی لئی
کیا جائی کہ قول اوسکا بوجہ کسی دعوی ملی قوم کی بموجب فرمان الہی معتمد نہین
البتہ اون ضرور دوسری نبی کی قول سی اوس دعوی کا ثابت کرنا پڑیگا والعاقل
یکفیہ الاشارہ اور مثال اسکی ہماری مذہب کی موافق یہہ ہی کہ اطفال مومنین

اپنی ماں باپ کی شناخت کرائین کی لیکن یہہ عقیدہ اونکی قول سی نہین ہی بلکہ یہہ لیتا
سید المرسلین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری قصہ انکا یہہ بیان
ہین کہ مسیح علیہ السلام خاتم النبیین نہین ہین بلکہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم خاتم النبیین ہین اور اس دعوی کی چند شاہد ہین شاہد اول آپکی تردید خود اونکا
مسیح علیہ السلام کا رتبہ موسی علیہ السلام سی بڑہ کر ہی اور وہ رسول ہین اور نیز عہد
جدید مین بعد مسیح علیہ السلام کی انبیاء حق کا ذکر ہی اگر نبوت ختم ہو چکی تہی تو وہ رسول
اور یہہ نبی کیسی ہو گئی اور وہ دو رسل جن مین اون انبیا کا ذکر ہی یہہ ہین کتاب اعمال
باب ۱۱ ورس ۲۷ اون دنون کئی ایک نبی یروسلم سی انطاکیہ مین آئی اور اونمین سی
ایک نی روح کی ہدایت سی ظاہر کیا کہ تمام ملکت مین کال پڑیگا جو قلودیوس قیصر کی وقت
مین واقع ہوا شاہد دوم انجیل یوحنا کی پہلی باب مین ہی ورس ۱۹ اور یوحنا یعنی
حضرت یحیی کی گواہی یہہ تہی کہ جب یہودیون نی یروسلم سی کاہنون اور لاویون کو بہیجا
کہ اوس سی پوچہین کہ تو کون ہی ۲۰ اور اوسنی اقرار کیا اور انکار نکیا بلکہ اقرار کیا کہ مین
مسیح نہین ہون ۲۱ تب اونہون نی اوس سی پوچہا کیا تو الیاس ہی اوسنی کہا کہ مین نہین
ہون پس آیا تو وہ نبی ہی اوسنی جواب دیا نہین ۲۲ تب اونہون نی اوس سی کہا کہ تو
کون ہی تاکہ ہم اون کو جنہون نی ہمین بہیجا ہی کوئی جواب دین تو اپنی حق مین کیا
کہتا ہی ۲۳ اوس نی کہا مین جیسا یسعیاہ نبی نی کہا بیابان مین ایک پکارنی والی
کی آواز ہون کہ تم خداوند کی راہ کو درست کرو ۲۴ اور یہہ فریسیون کی طرف سی
بہیجی گئی تہی ۲۵ اور انہون نی اوس سی سوال کیا اور کہا کہ اگر تو نہ مسیح ہی نہ الیاس
نہ وہ نبی پس کیون بپتسمہ دیتا ہی ۲۶ یوحنا نی جواب مین کہا مین پانی سی بپتسمہ دیتا
ہون پر تمہاری درمیان ایک کہڑا ہی جسی تم نہین جانتی ۲۷ یہہ وہی ہی جو میری پیچہی آنی
والا تہا اور مجہسی مقدم تہا جسکی جوتی کا تسمہ مین کہولنی کی لایق نہین ہون اور الیسع

مسائل مین بابت ... متی انجیل کی ... ورس ۱۴ اور لوگون مین اوسکی بابت مشہور تھی
کہ اسمین بعضی کہتی تھی وہ نیک آدمی ہی اور کتنی کہتی تھی کہ نہین بلکہ وہ لوگون کو
گمراہ کرتا ہی ورس ۴۳ تب ... لوگون مین سی بہتیرون نی سنکر کہا کہ فی الحقیقت
یہہ وہ نبی ہی ۴۱ اورون نی کہا مسیح ہی پر بعضون نی کہا کہ مسیح جلیل سی آتا ہی
کیا کتاب مین نہین کہا ... کہ مسیح داؤد کی نسل سی اور بیت لحم کی بستی سی جہان
داؤد تھا آتا ہی اور اظہار اس شاہد کا یہہ ہی کہ اگر مسیح علیہ السلام پر نبوت ختم ہو چکی تھی
تو پھر وہ نبی ... سوال ... کلمہ وہ نبی کی کیا گیا اور جواب دیا گیا کہ مین وہ
نہین ہون ... پس معلوم ہوا کہ بعثت پیغمبر رسول عظیم کی باقی تھی کہ وہ اون مین اتنی
مشہور تھی کہ بجائی نام کی اشارہ ہی کافی تھا اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
ہین اور آپ ہی واسطی موافقت محاورہ مذکور کی آنحضرت بولتی ہین پس قبل
بعثت آپکی نبوت کسی ختم ہو جاتی البتہ آپکی بعثت کی بعد قصر نبوت طیار و کمل
ہو گیا اور نبوت ختم ہو گئی تنبیہہ ترجمہ ہند مطبوعہ سنہ ۱۸۴۴ع مین ان دونون ..
جگہون لفظ اشارہ وہ پر اظہار ہوئی باب استثنا کی بشارت مثلیت کی طرف اشارہ کیا
ہی اور یہہ ترجمہ بڑی کوشش سی بہت سی امریکہ کی پادریون کی چہپایا ہین۔
اونکی اشارہ سی معلوم ہوا کہ وہ بشارت اون کی نزدیک بہی عیسی علیہ السلام کی
نہین ہی بلکہ ایک اور نبی کی ہی شاہد سیوم صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام کی کتاب مین
باب ۴۲ کی ورس ... مین ہی اور ... نبی پہ وسلم کو ایک بشارت دی ... اور اس
ورس مین بشارت ... ہی اور یہہ ورس ثابت کرتا ہی کہ حضرت مسیح علیہ السلام
کا وصف ... باقی ... اور یہہ وصف منافی خاتمیت کو ہی
... دونون منافی آپکی ذات پاک مین جمع ہوئی سوال انجیل متی کی گیارہوین
باب ... ورس ۱۵ ... تم ... سی خبر دار رہو جو تمہاری پاس بہیڑون بہیس

[illegible] میں آپ [illegible] ختم نبوت [illegible] کیا گیا کا [illegible] نسخ آیا دریا و شکست [illegible]
سے اگر تحریف قبول [illegible] اس طرح ہو [illegible] باطل [illegible] ان رسول
ختم نبوت مسیح علیہ السلام [illegible] ختم نبوت نہیں بلکہ بعثت رسول
صادق کی خبر لکھی ہے اس لئے کہ [illegible] بیان [illegible] وقت ہے کہ جب بعد حضرت عیسی علیہ السلام کے
[illegible] مشغول ہو [illegible] بعد حضرت عیسی علیہ السلام کے [illegible] رسول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے
اور جھوٹے رسول مثل مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی کے [illegible] اپنے پہلوں اور رسالت سے جہان
سے اور موافق وعدہ الہی کے قتل ہوئے [illegible] ومن اصدق من اللہ قیلا تیسری
[illegible] بیان [illegible] وقوع تحریف میں [illegible] برہان مباحثہ مذہبی اکبر آباد میں
[illegible] تحریف و نسخ [illegible] الاشہاد ہو گیا اور پادری فنڈر صاحب اور فرنچ صاحب
نے اقرار وقوع تحریف کا کتب انبیاء سابقین میں کر لیا اور روئداد مناظرہ زبانوں مختلفہ میں
چھپ کر [illegible] مشتہر ہوا اور کسی پادری نے تسلیم پادری فنڈر صاحب سے اعتراض نہ کیا بلکہ
ہو گیا کہ سب [illegible] اس کو مان لیا وہو المطلوب دوسری برہان مولوی آل حسن صاحب
[illegible] ثبوت تحریف ایک اقرار خود مدعا علیہ یعنی علمای اہل کتاب پیش کیا ہے اور [illegible]
[illegible] علمای اہل کتاب کا نقل کیا ہے اور اس میں اقرار وقوع تحریف [illegible] وہو المقصود ومن [illegible]
[illegible] الاستفسار تیسری برہان سلاطین کے پہلی کتاب کی تیرھویں باب میں ایک قصہ مرد خدا اور بوڑھے نبی کا
منقول ہے اور تصدیق اس قصہ [illegible] دروغ [illegible] تبلیغ رسالت میں ثابت ہوتا ہے اور بعد تسلیم جواز کذب فی التبلیغ
اگر تحریف [illegible] تو [illegible] ان سے بھی احتمال تحریف کا [illegible] ہوگا اور وہ قصہ یہ ہے کتاب سلاطین
باب ۱۳ [illegible] ایک مرد خدا یہودہ سے بیت ایل میں آیا [illegible] مذبح کی [illegible]
[illegible] ۲ اور [illegible] کی مخالفت میں چلایا اور کہا کہ اے مذبح خداوند یوں فرماتا ہے
[illegible] داود کے گھرانے میں ایک لڑکا یوسیاہ نامی پیدا ہوگا سو وہ [illegible] کاہنوں کو جو تجھ پر بخور جلاتے
ہیں تجھ پر ذبح کریگا اور آدمیوں کی ہڈیاں تجھ پر جلائی جائیں گی ۳ اور اوس نے اوسی دن ایک نشان بتلایا

اور کہا یہ وہ علامت ہے جو خداوند نے بتائی ہے کہ دیکھ یہ مذبح پھٹ جائیگا اور راکھ جو اوس پر ہے گر جائیگی ۴ اور ایسا ہوا
کہ جب یربعام بادشاہ نے اوس مرد خدا کا کلام جو بیت ایل میں مذبح کی مخالفت میں پکارا تھا سنا تو اوس نے مذبح پر سے اپنا ہاتھہ
لمبا کیا اور کہا کہ اوسے پکڑ لو اور ہاتھہ جو اوس نے اوس پر بڑہایا تھا خشک ہو گیا ایسا کہ وہ اوسے پہر اپنی پاس کھینچ نہ سکا ۵
اور مذبح بہی پہٹ گیا اور راکھہ مذبح پر سے گر گئی اوس نشانی کے مطابق جو اوس مرد خدا نے خداوند کے حکم سے
ظاہر کی تہی ۶ تب بادشاہ نے اوس مرد خدا سے مخاطب ہو کے کہا کہ اب خداوند اپنے خدا کو منا اور اوس سے میرے لئے
منت کر تا کہ میرا ہاتھہ میرے لئے پہر بحال کیا جاوے تب اوس مرد خدا نے خداوند سے دعا مانگی اور بادشاہ کا
ہاتھہ اوس کے لئے درست کیا گیا اور جیسا آگے تہا ویسا ہی ہو گیا ۷ اور بادشاہ نے اوس مرد خدا کو فرمایا کہ میرے
ساتھہ گہر میں چل اور اپنے تئیں سنبھال کہ میں تجہے انعام دونگا ۸ پر اوس مرد خدا نے بادشاہ کو جواب دیا کہ اگر تو اپنا
آدہا گہر مجہے دیوے تو بہی میں تیرے ساتھہ اندر نہ جاؤنگا اور نہ میں اس جگہہ روٹی کہاؤنگا اور نہ پانی پیونگا ۹
کیونکہ خداوند کے کلام کے وسیلے مجہے تاکید کی اور کہا کہ نہ روٹی کہائیو اور نہ پانی پیجیو اور جس راہ سے تو جاتا ہے اوس راہ سے
نہ پہر آئیو ۱۰ چنانچہ وہ دوسرے راہ سے روانہ ہوا اور جس راہ ہو کے بیت ایل میں آیا تہا اوس راہ سے نہ پہرا ۱۱ اور اوس وقت بیت ایل میں
ایک بوڑہا نبی رہتا تہا سو اوس کے بیٹوں نے آ کے ان سب کاموں کو جو مرد خدا نے اوس دن بیت ایل میں کئے اوسے خبر دی اور ان
باتوں کو جو اوس نے بادشاہ سے کہی تہیں وے بہی اپنے باپ کے آگے بیان کیا ۱۲ اوس کے باپ نے اونسے کہا وہ کس راہ سے گیا اور
اوس کے بیٹوں نے دیکہا تہا کہ وہ مرد خدا جو یہوداہ سے آیا تہا کس راہ سے پہر گیا ۱۳ پہر اوس نے اپنے بیٹوں سے کہا میرے لئے گدہے
پر زین باندہو سو اونہوں نے اوس کے لئے گدہے پر زین باندہا تب وہ اوس پر چڑہا ۱۴ اور اوس مرد خدا کے پیچھے چلا تو اوسے ایک بلوط کے
درخت تلے بیٹہا پایا تب اوس نے اوس سے کہا کہ تو وہی مرد خدا ہے جو یہوداہ سے آیا تہا وہ بولا ہاں ۱۵ تب اوس نے اوس سے کہا میرے گہر
چل اور روٹی کہا ۱۶ وہ بولا کہ میں تیرے ساتھہ پہر نہیں سکتا ہوں اور نہ میں تیرے گہر کے اندر جا سکتا ہوں اور نہ
میں تیرے ساتھہ اوس جگہہ روٹی کہاؤنگا نہ پانی پیونگا ۱۷ کیونکہ خداوند کا مجکو یوں حکم ہوا کہ تو روٹی وہاں نہ کہانا
نہ پانی پینا اور جس راہ سے تو جاتا ہے اوس راہ سے ہو کے نہ پہرنا ۱۸ تب اوس نے اوس سے کہا کہ جیسا تو نبی ہے میں بہی ایک نبی ہوں
اور خداوند کے فرمان سے ایک فرشتے نے مجہے کہا کہ اوسے اپنے ساتھہ اپنے گہر میں پہیر لا تا کہ وہ روٹی کہاوے اور پانی
پیوے پر اوس نے اوس سے جہوٹہ کہا ۱۹ سو وہ اوس کے ساتھہ پہر گیا اور اوس کے گہر میں روٹی کہائی اور پانی پیا ۲۰ اور جس وقت

دی گئی اور شنوائی ہے جیسی کہ اوس وقت لیسا ہو الضد اید کو قدم اوس نے پہچا اور حوالہ الایتہ تالاین ۲۱
اور اوس مرد نے کہ جو یہودا سے آیا تھا خدا کی کہا تھا اور یون فرمایا کہ اسلیے کہ تو نے خداوند کے کلام سے
نافرمانی کی اور اوس حکم جو خداوند تیرے خدا نے تجھے کہا تھا عمل نہ کیا ۲۲ بلکہ تو پھر آیا اور تو نے اوس جگہ بیان
بھی فرمایا تھا کہ روٹی نہ کہا نہ پانی پیا روٹی بھی کہائی اور پانی بھی پیا سو تیری لاش تیرے باپ دادوں کی قبر میں نہ جائیگی
۲۳ اور ایسا ہوا کہ جب وہ روٹی کہا چکا اور پانی پی چکا تو اوس نے اپنی گدہے پر اوس نبی کے لیے جسے وہ پھیر لایا تھا زین باندہا
اور جب وہ روانہ ہوا تو راہ میں اوسے ایک شیر ملا اور اوسکو مار ڈالا آہ یہی اس قصے سے معلوم ہو گیا کہ جو نبی خداوند کریم پر جہوٹ بولکر
اسی نبی کو پھیر لایا اور اوسکا نام قرآن مجید میں کتاب ملا اور یہی ثابت ہوئی کہ کبرت کلمۃ تخرج من افواہہم ان یقولون الا
کذبا اور بائیسویں باب میں سلاطین کی پہلی کتاب میں جہوٹے نبی چار سو نبیوں کا مذکور ہے اور اوسکا عدد تاویل انبیا کہلاتے ہیں جہوٹے
نبیوں کو ساتھ لیکر گراول اسباب میں کچھ ایسا لفظ اونکی نسبت استعمال کیا نہیں جس سے یہ معلوم ہو کہ انبیا آہی تو مکر جانیں
لذا ہیں اور جہوٹ بولنا چھوڑ دیں جو سچی ہوئی ہیں اور یہ کہ اسکا کہا سچ ہے باہم کہ بلکہ ہر حق جاننے کے لیے سچی ہو
انکے نام تجویز کیے جسکی کہنے کا میں نے اونکو حکم نہیں دیا اور معبودوں کے نام سے کہینگے تو وہ نبی قتل کیا جاوے اور خیال انبیا آہی کا تو ہم نہیں
بہی تیرہویں باب سلاطین کی کتاب سے گذرا کہ اون میں سے نبی نے جھوٹ بولا اور قتل بہی ہوا اور یہ بات بہی حقانی تو اوسکا حال
نبیوں کا ہوگا اور جب جہوٹے نبیوں کا یہ حال ہو تو یہ بہی جانا کہ اگر جہوٹے نبی ہوتی تو قتل ہوتے لیکن متحقق نہیں پس معلوم ہوا کہ انبیا
الہی سچے تھے اور یہ جہوٹ بولنا مطلوب اور اسکے معنی اسی باب میں ایک نبی کا بھی ذکر ہے اور اونکو بہی نبی برحق
جانا اول مرتبہ اوسکو سچا ہونا اور وہ صحیح صحیح بیان کیا حاصل یہ کہ انکی پہلی کی مخلوق بہی جو بولا اور کہا
پس اب حاجت تحریف ما بعد نہیں جو تہی برہان موافق اقرار مسیحیان کے دی اور نہ تعلیم انبیا آہی اور ایسی ہی مقدم
اور مسیحیون نے جو تصریح کی تو الہامی نہیں لیکن اونہیں لیکن الا ایجاز الا ایجاب کو مشہور کر دین اور بعد اس اقرار کے اور اقرار کرتے ہیں کہ
حاجت بحث تحریف میں بہت سی ہے پانچویں بات نقطہ عہد جدید میں عالم مسیحی جو کہتا ہے الیس اور یاتیس قرار
اختلاف عبارت کا اقرار کرتے ہیں اور نہیں تمیز ہو سکتی کہ اصلی عبارت کونسی ہے اور اسیکا نام ہم لوگ تحریف
رکہتے ہیں چہٹی بات چہبیسویں باب میں اشعیاہ علیہ السلام کی کتاب میں باب ۲۴ ورس میں زمین کی نجس ہوئے
ہیں اون کے رہنے والوں کی شریعتوں کو عدول کیا قانونوں کو الا عہد ابدی کو توڑا اس سبب لعنت نے زمین کو نگل لیا اور اوسکے باشندے مجرم
اسلیے زمین کے لوگ بسم ہوگئی اور تھوڑی رہ گئی یہ یہود کو خطاب اور بحث نشر کی خرابی کا ذکر بہی اور قانونوں اور احکام بدل ڈالنے کا

پس پایان تفسیر پانچ کتابین عہد قدیم مین موسی علیہ السلام کی طرف نسبت کرتے ہین
اور شاید ابو شعبانی کتاب کی مصنف بہی موسی علیہ السلام کو ہی تبلاتے ہین اور اب
مدعی اس امر کے ہین کہ تمام سفر مین ایک حرف کو زیادہ کسی نے نہین کیا جیسے مصنف نے لکہا تہا
ویسا ہی ہے اور حالانکہ اونہین کتابون کی پانچوین کتاب یعنی استثنا کے باب ۳۴ مین یہہ عبارت
ہے درس ۵ سو خداوند کا بندہ موسی خداوند کے حکم کے موافق مواب کی سرزمین مین مر گیا ۶
اور اوسنے اوسی مواب کی ایک وادی مین بیت فغور کے مقابل گاڑا پر آج تک کوئی اوسکی
قبر کو نہین جانتا ۷ اور موسی اپنے مرنیکے وقت ایکسو بیس ۱۲۰ برس کا تہا کہ نہ اوسکی آنکہین دہندلائین
اور نہ اوسکی تازگی جاتی رہی ۸ سو بنی اسرائیل موسی کے لئے مواب کے میدانون مین تیس دن
تک رو یا کئے اور اون کے رونے پیٹنے کے دن موسی کے لئے آخر ہوئے درس ۱۰ اور اب تک
بنی اسرائیل مین موسی کے مانند کوئی نبی نہین اوٹہا جس سے خداوند روبرو آشنائی کرتا
اور یہہ عبارت یقیناً ملحق ہے تحریف کوئی کیون ہو اور عہد قدیم مین بڑے معرکہ آرا جن
پر مدار احکام ہی پانچ کتابین ہین حالانکہ یہہ بہی محرف نکلین اور بعد اونکے یشوع علیہ السلام
کی کتاب ہے اور اونکی کتاب کے بہی چوبیسوین ۲۴ باب مین اونکے انتقال کا حال لکہا ہے
باب ۲۴ درس ۲۹ اور ایسا ہوا کہ بعد ان باتون کے نون کا بیٹا یشوع خداوند کا بندہ جو
ایکسو دس ۱۱۰ برس کا تہا رحلت کر گیا اور اونہون نے اوسی کی میراث کے سوانے مین تمنت سرح
مین جو کوہ جعس کے اوتر طرف ہے اوسی دفن کیا الی آخر الباب اور بعد یشوع کے کتاب
قاضیون کی کتاب ہے اور اوس مین مابعد یشوع کا حال مذکور ہے اور بعد اوسکے روت
کا قصہ ہے اور ان دونون کتابون کو حضرت سموئیل علیہ السلام کی طرف بے دلیل نسبت
کرتے ہین اور درحقیقت اس قصہ روت کا بیچ مین داخل کرنا بہت بڑی دلیل تحریف
کی ہے اور بعد اوسکی حضرت سموئیل علیہ السلام کی دو کتابین ہین اور پہلی کتاب کی پچیسوین
باب کا شروع یہہ ہے اور سموئیل مر گیا اور ساری اسرائیل جمع ہوکے اوسپر روئے

اور رامہ مین اوسکی کہہ کر جو اوسنے گارا تو انکا بھی حال مثل دن کی کتابون کی جو یوشع
علیہ السلام کی طرف نسبت کرتے ہین ہوا اور بعد اونکی سلاطین کی دو کتابین اور دو تواریخ
ہین اونمین سلاطین بنی اسرائیل کا غالباً احوال مذکور ہے اور اونمین سے بہت سے بہتایت
ہے اور اونہین کتابون مین حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف نسبت زنا بحلیلہ جارہ مذکور
ہے اور اونہین مین ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے بیبیون کی خاطر بتخانے بنوائے
اور اونہین مین وہ قصہ جو اوپر مذکور ہوا یعنی جھوٹہ بولنا بوڑہے نبی کا مذکور ہے پس یا
یہہ قصے غلط ہین تو مدعا عدم اعتماد اور انجیل و وقوع تحریف ثابت ہے اور یا صحیح ہین تو تمام
انبیاء بنی اسرائیل کے قول و فعل کا اعتبار جاتا ہے مگر بموجب مثل مشہور اذا ابتلی ببلیتین فاختار
اہونہما آپ شق اول کو اختیار فرماوینگے خیر ہمارا مطلب تب بھی ہاتھ سے نہین جاتا
ان کتابون کے بعد عزرا علیہ السلام کی کتاب ہے اور اوسمین فقط بنی اسرائیل کے بابل
سے آنیکا بیان ہے اور اسمین بھی وہ فقرہ یسعیاہ علیہ السلام کی کتاب کا نقل
ہو چکا تو یہہ کتاب بھی اوسی تحریف کی مثبت ہے اوسکے بعد نحمیاہ کی کتاب ہے اور اوسمین
بھی باقی اوسیکا بیان ہے اور اوسی تحریف کا مثبت ہے اور بعد ازان ایک قصہ بچ نکلنے
یہود کا قتل ایک بادشاہ سے مذکور ہے اور اوسکے بعد ایوب علیہ السلام کی کتاب ہے
جسکو موسی علیہ السلام کی طرف نسبت کرتے ہین اور یہہ تحقیق نہین ہوا کہ ایوب اسم
فرضی ہے یا کوئی شخص بھی تہا اور بعد اوسکے زبور داؤد علیہ السلام ہے ہم زبور کو فقط
داؤد علیہ السلام کی ہی جانتے تہے یہہ اونکو بھی اوسمین شریک بتلاتے ہین اور اونکو
زانی و فاسق و فاجر بتلاتے ہین مصرع ع چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی : اور بعد اوسکے
امثال اور واعظ کی کتاب اور غزل الغزلات یہہ تین کتابین ہین اور اونکی تصنیف
سلیمان علیہ السلام کو بتلاتے ہین اور معمار بتخانہ کا اور فاسق اور اوسکا اپنی خدا
کی طرف دل کامل نہ تہا انکی نسبت تحریر فرماتے ہین بعد ازان یسعیاہ علیہ السلام کی

کتاب ہی اور اوس سے دو ورس مثبت تحریف جیسی برہان مین نقل ہو چکا اور
بعد ازان یرمیاہ علیہ السلام کی کتاب اور نوحہ ہی اور بعد ازان حزقیل علیہ السلام
اور دانیل علیہ السلام کی دو کتابین ہین اور ان سب کتابون مین اکثر ذکر خرابی
بنوکد نضر کا ہی اور وہ خود مسئلہ تحریف ہی تھی چنانچہ چھٹی برہان سے ثبوت اسکا
کا ظاہر ہے انکے نبیا و انبیا کی چھوٹے چھوٹے صحیفے ہین اور ساتہہ عدم عصمت
تبلیغی کی تمام انبیا علیہم السلام مثبت ہین اب تمام عہد عتیق تو غیر معتمد ظاہر ہوا عہد جدید
کا حال سنیئے انجیل متی باب ۱۷ مین حواریون کی نسبت حضرت مسیح علیہ السلام کا ارشاد
یہہ مذکور ہے ورس ۱۹ تب شاگردون نے الگ یسوع پاس آکے کہا ہم کیون اوسکو نہ
نکال سکے ۲۰ یسوع نے اونہین کہا اپنی بے ایمانی کی سبب کیونکہ مین تمہین سچ سچ
کہتا ہون کہ اگر تمہین رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہوتا تو اگر تم اوس پہاڑ سے کہتے
کہ یہان سے وہان چلا جا تو وہ چلا جاتا اور کوئی بات تمہاری ناممکن نہ ہوتی او جس وقت
حواریون کا یہہ حال تہا تو باقیون کا کیا کچھ نہوگا اور ایسے شخصون کی تحریر کا کیا اعتماد
اور پہر پولس لاعن مسیح ہی اور یہودا اسکریوطی جیسا درہم لیکر اپنے الہ کو سولی دلانے
والا ہے اور پطرس بہی لاعن مسیح ہی حاصل کلام یہہ ہے کہ اس تقریر سے بہی بیبل غیر
معتمد ہو گیا وہو المطلوب سوال جس وقت بابل ہی معتمد نہین پہر بشارت کا کیا اعتبار
جواب اس بیبل مین تین قسم کے مضمون ہین ایک وہ کہ جو قطعاً محال ہین مثل خدائی
و نسبت حضرت مسیح علیہ السلام و جواز کذب فی التبلیغ و نسبت تعمیر بتخانہ بالسلیمان
علیہ السلام وہ یقیناً دروغ اور یکتبون الکتب بایدیہم مین سے ہین اور تردید
اونکی اللہ عز وجل نے کلام اللہ شریف مین فرمائی مثلاً تکذیب قصہ صلیب مسیح علیہ السلام
مین فرمایا ما قتلوہ و ما صلبوہ ولکن شبہ لہم وکذا دوسرے وہ ہین کہ جنکی تصدیق
شریعت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم مین ہو گئی مثل تصدیق رسالت انبیا موسی عیسی و

وہو تو اخبار احبار علیہم السلام یا وہ پیشین گوئیان نہین کہ جنکا ظہور ہزارون برس سے بعد

ہوا مثل بشارات احمدی صلی اللہ علیہ وسلم وہ یقینا کلام الہی و انبیا الہی ہین گو وہ

الفاظ نہ ہون اور گو کہین تحریف بھی ہوگئی ہو اور گو اور کسی کتاب الہی سے

نقل ہو کی اسمین داخل بھی ہوئی ہون مگر وہ کلام نبوت ہی اور وہ معتمد ہے و دوسرا قسم

خبر یہ وہ امور ہین کہ جن پر وہ تعریف صادق آتی ہے نہ یہ یعنی نہ پیشین گوئی کسی

امر کی ہو تا کہ اوسکا صدق و کذب اب معلوم ہو اور نہ ایسے امور ہین کہ جنکی تصدیق یا تکذیب

اس شریعت مین ہوئی ہو وہ مسکوت عنہ ہین ایسے امور کی نسبت کلام اللہ شریف

مین یہ ارشاد ہے (سورۂ بقر) قُولُوا آمَنَّا بِاللهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ

إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ

مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ

اور بخاری شریف کی کتاب التفسیر کے باب قول اللہ تعالی قولوا آمنا باللہ

وما انزل الینا مین نسبت ایسے امور کے یہ ارشاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا

مروی ہے عن ابی ہریرۃ قال کان اہل الکتب یقرءون التوریۃ بالعبرانیۃ ویفسرونہا

بالعربیۃ لاہل الاسلام فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تصدقوا

اہل الکتب ولا تکذبوہم وقولوا آمنا باللہ وما انزل الایۃ

اور تخصیص ارشاد سرور رسل صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایسے مضامین کتب سابقہ

کی بسبب تکذیب وحی الہی کے امور قسم اول کو اور تصدیق قسم ثانی کو ظاہر ہے

باب اول اس بیان مین کہ سیدنا محمد بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ

برسالت عامہ اور خاتم النبیین ہین اور اہل کتاب آپ کو مثل اپنے بیٹون کے

پہچانتے ہین اور اسباب مین اسکے چند فصلین ہین پہلی فصل اس بیان مین کہ اسماعیل علیہ السلام

کی اولاد مین ایک رسول کا پیدا ہونا بصحیفہ دلائل ثابت ہے اور وہ محمد رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم مین دلیل اول بشارت اجیدیہ کتاب پیدایش باب ۱۷ ورس ۲۰ اور
اسماعیل کے حق مین بھی مین نے تیری سنی دیکھ مین اوسے برکت دونگا اور اوسے بہت بڑہاؤنگا
اور اوس سے بارہ سردار پیدا ہونگے اور مین اوسے بڑی قوم بناؤنگا انتہی اس بشارت
سے کئی وجہ سے اپنا مدعا ثابت کرتا ہون پہلی وجہ اسماعیل علیہ السلام کے حق مین ابراہیم
علیہ السلام نے دعا کی اور گواہ اوسکا یہہ جملہ اور اسماعیل کے حق مین بہی مین نے تیری سنی ہے
اور قبولیت دعا کی یہہ سند دی گئی اور ابراہیم علیہ السلام نے یہہ دعا اوسوقت کی
تہی کہ اونکو اسحاق علیہ السلام کی بشارت ان الفاظ سے ملی تہی کتاب پیدایش باب
۱۷ ورس ۱۵ اور خدا نے ابرہام سے کہا تیری جورو سری جو ہے تو اوسکو سری مت کہہ بلکہ
ایک وہ سرہ ہی یعنی بیگم ۱۶- اور مین اوسے برکت دونگا اور اوس سے بہی تجہی ایک
بیٹا بخشونگا یقینا مین اوسے برکت دونگا اور وہ قومون کی ماں ہوگی اور ملکون کے
بادشاہ اوس سے پیدا ہونگے ۱۷ تب ابراہام منہ کے بل گرا اور ہنس کے دل مین کہا کیا
سو برس کے مرد کا بیٹا پیدا ہوگا اور کیا سرہ جو نوے برس کی ہے جنیگی ۱۸- اور ابراہام
نے خدا سے کہا کاش کہ اسماعیل تیرے حضور جیتا رہے ۱۹ تب خدا نے کہا
بیشک تیری جورو سرہ تیرے لئے بیٹا جنیگی تو اوسکا نام اضحاق رکہنا اور مین اوس سے
اور بعد اوسکی اولاد سے اپنا عہد جو ہمیشہ کا عہد ہی قائم کرونگا ۲۰- اور اسماعیل
کے حق مین مین نے تیری سنی الخ اور اس برکت مذکورہ ورس ۲۰ سے باتفاق بعثت انبیا و رسل
مراد ہے کذا فی ما نحن فیہ اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے باتفاق محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے پہلے ایسا نبی جسکی یہہ بشارت ہو سکی کوئی مبعوث نہین ہوا اور نہ آپکی بعد ہو
پس یہہ بشارت عام خاص بہ بعثت سید الرسل ہوئی وہو المطلوب۔ دوسری وجہ اس بشارت
مین اسماعیل علیہ السلام کے حق مین فرمایا کہ مین اوسے بڑی قوم بناؤنگا اور پیشینگوئی
حرا بی بائبل مین جو بحیثیت ابدی ہو فرمایا کتاب یرمیاہ باب ۷ ورس ۳۴ جسطرح

خدا نے سدوم اور عمورہ اور اوسکی نواحی کے شہرون کو اولٹ دیا خداوند یہہ کہتا ہے
اسی طرح کوئی آدمی وہان نہ بسیگا نہ آدم زاد اوسمین رہیگا ۴۱ دیکھہ ایک قوم اوتر سے آتی ہے اور
ایک بڑے گروہ اوتر سے آویگی اور بہتیرے بادشاہ زمین کی سرحدون سے برپا کئے جاوینگے
اور بڑی قوم اور بڑے گروہ سے مراد ہم مومنین ہین اور حضرت داؤد علیہ السلام نے ان خراب
کرنے والون بابل کو مبارک فرمایا زبور ۱۳۷ ورس ۸ — اے بابل کی بیٹی جو غارتگر ہے
مبارک وہ جو تجھسے اوس سلوک کا جو تو نے ہمسے کیا انتقام لیوے ۹ مبارک وہ جو تیری
لڑکون کو پکڑکے پتھرون پر پٹک دیوے اور خرابی بابل بحیثیت ابدی بحیثیت بت شکنی
کہ جسکو جملہ پتھرون پر پٹکنا دیوے بحیثیت قتل جال بیس تاجکو جملہ جو تیرے لڑکونکو بیان
کرے یہہ زمانہ خلافت نبوت یعنی خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت مین ہوئی پس
حضرت عمر خلیفہ برحق و مبارک اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رسول حق و ہو المطلوب
تیسری وجہ اس بشارت مین آپکا نام پاک محمد کا بیان کیا ہے مگر بہ پردہ اسیطرح
خوشتر آن باشد کہ سر دلبران * گفتہ آید در حدیث دیگران * بماد ماد اور لغوی حذول
مین نام پاک آپکا محمد اصل کتاب مین مذکور ہے اور ہندی مین بماد ماد کا (ترجمہ بہت
شہ بہ ڈنگا) ہے اور ترجمہ لغوی حذول کا بڑی قوم بنایا جاویگا ہے اور غین عبرانی مین جیم کی جگہ
ہے اور اوسکے تین عدد لئے جاتے ہین اظہار الحق مین ہے امام قرطبی نے اپنی کتاب
کی دوسری قسم کے پہلی قسم سے ذکر کیا ہے بعض علماء نے جو زبان عبرانی سے
واقف تھی اور یہود کی کتابین پہی ہہ مین نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دو جگہہ
عبارت مذکورہ سے بطرز ابجد و استعمال یہود نکالا ہے اول جدا جدا سے یہہ کلمہ
ترجمہ بماد ماد کا ہے اور اوس کلمہ کے عدد ۹۲ ہین اسلئے کہ دو ہین با اور دو الف
اور دو دال ہین اور حاصل جمع انکا بارہ ۱۲ ہے اور عشرات مین دو میم اور انکا حاصل
جمع اسی ہے اور دونون کا حاصل جمع بانوے ۹۲ ہین اور ایسے آپ کے نام پاک محمد

ہین احاد کے عدد بارہ اور عشرات کے اسّی اور مجموع اونکا دہی بالیس تاکہ
یہان احاد مین ذکر خلیفہ اثنا عشر کردیا جیسا آگے الفاظ مین ذکر فرما دینگے اور حضرت
کے اسم مبارک مین دہی رعایت رہی اور دونون جگہہ خلافت خلفاء اربعہ کے طرف
بہی اشارہ بحرف ذال فرمادیا دوم شعب کبیر ترجمہ لغوی عدول کلمہ عبرانی کا ہے اور
نہین ہے کہ تین عدد سمجھینگا کہ اس بولی مین جیم نہین ہے جیم کی جگہہ غین ہی مستعمل ہے
اور اس مین احاد کی بائیس عدد اور عشرات کے ستر اور مجموع انکا دہی بانوے علیہ السلام
عالم یہود سے جو زمانہ سلطان مرحوم بایزید مین مشرف باسلام ہوا ایک رسالہ
مسمی بالرسالۃ الہادیہ تصنیف کیا ہے اور اوسمین اوسنے بیان کیا ہے بیشک
اکثر دلیلین علماء یہود کی جمل کبیر کے حروف سے ہین اور وہ حروف ابجد ہین
پس تحقیق علماء یہود جسوقت ہین کہ سلیمان علیہ السلام نے بیت المقدس بنایا جمع
ہوے اور اونہون نے لفظ بزات کو حساب کرکے کہا یہہ عمارت چارسو دس برس
رہیگی اور پہر خراب ہوجائیگی اور اوسینے ذکر کیا ہے کہ یہود نے اس دلیل ابجد پر
اسطرح اعتراض کیا ہے کہ با بماد ماد مین نفس کلمہ کی نہین ہے بلکہ حرف صلہ ہے پس
اگر نکالا جاے اس سے اسم محمد حاجت ہوگی ساتہہ ایک اور با کی واین ذلک جواب
اس شبہہ کا اوسنے یہہ دیا ہے کہ قاعدہ عام اونکے یہان جاری ہے کہ وقت جمع ہوتے
دو با کی جسمین ایک جزو کلمہ ہو اور ایک زائد صلہ کی ہو باء اولی کو حذف کردیتے ہین اور
با کو نفس کلمہ کو باقی رکہتے ہین اور یہہ قاعدہ انکی یہان اتنا مشہور ہے کہ حاجت مثال دینکی نہین
پس یہان بہی حقیقت مین دو باتہین ایک حرف صلہ اور دوسری جزو کلمہ با حرف صلہ
کو حذف کردیا اور جزو کلمہ کو باقی رکہا پس اب حاجت اور با کی نہین رہی یہان تک
علیہ السلام کا کلام تہا پہر امام نے فرمایا اقول تحقیق تصریح کی علماء نے اسامی کے
ناموں رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ماذ ماذ ہے اور شفا قاضی عیاض رحمہ اللہ میں

یہ تصریح موجود ہے اتنی مین کہتا ہون کہ تحقیق کلام اللہ شریف مین دعای ابراہیم علیہ السلام
مین بھی بلفظہ اسم نامی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر فرمایا ہے ربنا وابعث
فیہم رسولا منہم یتلوا علیہم آیاتک ویعلمہم الکتاب والحکمۃ ویزکیہم انک انت العزیز الحکیم کہ
ابراہیم اور انکی نام پاک محمد ہے کہ عدد میں برابر ہین احاد مین زا اور ہا کی وہی بارہ عدد ہین اور عشرات
مین دو یا اور ایک کاف اور ایک میم کی وہی اثنی حاصل جمع وہی بانوے سوال کلام مجید
مین اعداد ابجد کہان سے لیے گئے ہین کہ تو نے بیان کیے جواب تجھ سے پہلے ہی ایک
عالم سلطنت روم نے فتح مصر مین جو سلاطین روم اس سلطنت عثمانیہ مین ہوئی حدود
ایک کلمہ کی ایک بشارت فتح مصر دی تھی اور وہ مطابق واقع کے نکلی اور معترض خاموش
ہوئی اور اس جگہہ مین تو خاص شاہ عبد القادر صاحب نور اللہ مرقدہ نے منبیہ ترجمہ
آیت کریمہ ربنا انک تعلم ما نخفی وما نعلن مین لکھا ہے ظاہر مین دعا کی سب
اولاد کے واسطے اور دل مین دعا منظور تھی پیغمبر آخر الزمان کو بسبب اسکے اور شاہ صاحب
کا فقط فرق اخفا اور اخفا پردہ لفظی رکھیا - پانچوین وجہ (جملہ اونمین سے
بارہ سردار پیدا ہونگے ہے پس واضح ہو کہ اس توریت کی کتاب پیدائش کے ستر ہوین
باب مین مصداق اسکا فرزندان اسماعیل علیہ السلام کو قرار دیا ہے اور اسی لیے اوسی
باب کے درس ۱۵ مین یہ عبارت بڑہائی ہے اور یہ انکی امتونکی بارہ رئیس ہین اور
حاشیہ اس فقرہ مین اشارہ طرف اسی بشارت کے کیا ہے لیکن یہ مصداق ایسا ہے کہ ہرگز
کہ ہرگز قلب سلیم مصداق الا من اتی اللہ بقلب سلیم تصدیق اسکی نہین کر سکتا اسلیے
کہ ریاست اور امت کو حکومت اور نبوت لازم ہے اور دونون مفقود پس اب محل
صحیح قابل تسلیم قلب سلیم مین گذارش کرتا ہون اور وہ یہ ہے کہ حدیث شریف مین
وارد ہوا ہے یدور رحی الاسلام الی اثنی عشر خلیفۃ کلہم من قریش یعنی چکی اسلام کے
بارہ خلیفون قریشیون تک گہومیگی اور قریش کی اسماعیلی ہونے مین کیا کلام ہے

اور خلافت بہی گویا جزو نبوت ہی کہ کاموں مین بہی کبہی اسیطرح اور کبہی کسی دوسرے ہی
اوسکی طرف اشارہ فرماتے ہین اور کاموں خلفاء کو اپنی ذات کیطرف نسبت کرتے
ہین اور اپنے کاموں کو اونکے سپرد فرماتی ہین پس نظر بتمہید مقدمہ ہذا میرے
نزدیک ان بارہ سرداروں مذکورہ ورس مذکور سے یہی بارہ خلیفہ مراد ہین اور ایسا
معنے اس کلام کے یہہ ہوئی کہ اول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسماعیل علیہ السلام
کے آل شریف سے مبعوث ہوں گے اور بعد اونکے بارہ خلیفہ بخلافت نبوت اور
خلافت ملکی کا کیا ذکر ہے اور یہہ خلفاء بارستہ تاقیام قیامت پورے ہوجاینگے
اور اگر باعتبار قوت اسلام و قرب زمانہ نبوت لیجے تو پورے ہو چکے والحمد للہ فائدہ
خلاصہ صولۃ الضیغم مین ان بارہ سرداروں سے ایمہ اثنا عشر رضوان اللہ علیہم اجمعین مراد
لئے ہین مگر میرے نزدیک اسوجہ سے کہ اگرچہ سب ایمہ اثنا عشر قطب باطن ہین لیکن
خلیفہ ظاہر سب نہین ہین اور یہان لفظ سردار واقع ہے جو بمعنی سید ہے اور سرداری کو
حکومت لازم ہے ایمہ اثنا عشر مراد نہین ہین ورنہ فرزندان اسماعیل ع ہی کیون نہ مراد ہون ہان
اگر بطور عموم مجاز لیا جاوے تو تینون قسم کے سرداروں کو شامل ہے مگر یہہ دوسری دلیل بشارت
نوید سیزدہمیہ پیدایش باب ۲۱ درس ۹ - اور سرہ نے دیکہا کہ ہاجرہ مصری
کا بیٹا جو وہ ابراہام سے جنی تہی ٹھٹھے مارتا ہے - تب اوسنے ابراہام سے کہا کہ اس
لونڈی اور اسکی بیٹے کو نکالدے کیونکہ اس لونڈی کا بیٹا میرے بیٹے اضحاق کے
ساتہہ وارث نہوگا - ۱۱ - پر اپنی بیٹے کے خاطر یہہ بات ابراہام کی نظر مین نہایت
بری معلوم ہوئی ۱۲ پر خدا نے ابراہام سے کہا کہ وہ بات اس لڑکی کی اور تیری
لونڈی کی بابت تیری نظر مین بری نہ معلوم ہو سب ایک بات کے حق مین جو سرہ نے
تجہکو کہی اوسکی آواز پر کان رکہہ کیونکہ تیری نسل اضحاق سے کہلائیگی ۱۳ - اور اس
لونڈی کی بیٹے سے بہی مین ایک قوم پیدا کرونگا اسلئے کہ وہ بہی تیری نسل ہے

۱۴ تب ابرہام نے صبح سویرے اوٹھکر روٹی اور پانی کی ایک مشک لی اور ہاجرہ کو
اوسکے کاندہے پہ دہر کر دی اور اس لڑکی کو بہی اور اوسے رخصت کیا اور وہ روانہ ہوئی اور
بیر سبع کے بیابان مین بہٹکتے پہرتے تہی ۱۵ اور جب مشک کا پانی چک گیا تب اوس نے
اوس لڑکی کو ایک جہاڑی کے نیچے ڈال دیا ۱۶ اور آپ اوسکے سامنے ایک تیر کی ٹپہ
پر دور جا بیٹہی کیونکہ اوس نے کہا کہ مین لڑکی کا مرنا نہ دیکہون سو وہ سامنے بیٹہی اور
چلا چلا کے روئی ۱۷ تب خدا نے اوس لڑکی کی آواز سنی اور خدا کے فرشتے نے آسمان سے
ہاجرہ کو پکارا اور اوس سے کہا کہ اے ہاجرہ تجہہ کو کیا ہوا مت ڈر کہ اوس لڑکی کی آواز
جہان وہ پڑا ہے خدا نے سنی ۱۸ اوٹہہ اور لڑکے کو اوٹہا اور اپنے ہاتہہ سے سنبہال
کہ مین اسکو ایک بڑی قوم بناؤنگا واضح ہو کہ پہلی بشارت بنسبت اسماعیل علیہ السلام بواسطہ
دعای ابراہیمی کے ان الفاظ سے ہے کہ مین اسے بڑی قوم بناؤنگا اور بشارت ہذا بہی بنسبت
اسماعیل علیہ السلام کی ہے مگر بلا واسطہ اور کلمہ بڑی قوم یہان بہی موجود ہے اور تقریر اسکی
علی ما تقدم امۃ محمدیہ ہے وہو المطلوب تنبیہ مصداق [illegible] اوستاد یہان سے شروع ہو گیا
کہ باب ۲۱ کی یہ تیرہوین آیت سے ہے اور مین اس لونڈی کے بیٹے سے بہی ایک قوم پیدا کرونگا
اسلئے کہ وہ بہی تیری نسل ہے اور قوم اور بڑی قوم امت محمدیہ کے سوا اور کون ہے
اور اسی امت کا ساتہہ برکت اسحاقی کے مقابلہ صحیح ہو سکتا ہے نکتہ بعد گذرنے
تیرہوین سن نبوت کے ہجرت ہوئی ہے اور اوسیوقت سے لفظ قومیت اہل اسلام
پر صادق آیا پس اسلئے تیرہوین ورس مین اس مضمون کو ادا کیا اور سن اٹہارہ نبوت مین
اہل اسلام ایک بڑی سی قوم بن گئی پس اس واسطے اس مضمون کو اٹہارہوین ورس مین ادا
فرمایا واللہ اعلم اور انشاء اللہ دلائل کثیرہ آیندہ اس نکتہ کا یقین حاصل کراونگا تنبیہ
آخر اس بشارت مین تحریف بہی ہوئی ہے اور وہ بیان عمر حضرت اسماعیل علیہ السلام
کا ہے یعنی یہ کہ آپ زمین شام سے کعبہ شریف کو روانہ ہوئے اور دلیل اس دعوی کے خود اقرار

مدعا علیہ ہے اور صورت اوسکی یہہ ہے کہ اوّل پیدایش کے سترھوین باب مین ہی
تب ابرہام نے اپنے بیٹے اسماعیل اور اپنے سب خانہ زادون اور اپنے سب زر خریدون
یعنے ابرہام کے گہر کے لوگون مین جتنے مرد تہے سبکو لیا اور اوسی روز اونکا ختنہ کیا جسطرح
خدا نے اوسکو فرمایا تہا ۲۳ اور جسوقت ابرہام کا ختنہ ہوا وہ ننانوے ۹۹ برس کا تہا ۲۴
اور جب اوسکے بیٹے اسمٰعیل کا ختنہ ہوا وہ تیرہ ۱۳ برس کا تہا ۲۵ ۔ سو اوسی روز ابرہام اور
اوسکے بیٹے اسمٰعیل کا ختنہ ہوا ۲۶ ۔ اور اوسکے گہر کے مرد کیا گہر کے پیدا کیا پردیسیون سے
خریدے سب کا اوسکے ساتہہ ختنہ کیا ان ورسون سے معلوم ہوا کہ جسوقت حضرت
ابراہیم کی ننانوے ۹۹ برس کی عمر تہی حضرت اسمٰعیل تیرہ ۱۳ برس کے تہے اور اب آگے
سنیے باب ۲۱ ورس ۵ ۔ اور جب اوسکا بیٹا اضحاق اوس سے پیدا ہوا تو ابرہام سو ۱۰۰
برس کا تہا تو اب حضرت اسمٰعیل کی چودہ ۱۴ برس کی عمر ہوئی اور رخصت حضرت اسمٰعیل
و حضرت ہاجرہ علیہما السلام کے بعد پیدایش اسحاق علیہ السلام کے بسبب ٹھٹھہ مارنے
اسمٰعیل علیہ السلام کی ہوئی ہے پس لابد عمر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی وقت رخصت
کے چودہ ۱۴ برس سے زیادہ ہوا اور اس بشارت قوسیہ سیزدہم مین ہے ورس ۱۵ ۔ اور
جب مشک کا پانی چک گیا تب اوسنے اوس لڑکے کو ایک جہاڑی کے نیچے ڈالدیا
الخ ورس ۱۸ ۔ اوٹہہ اور لڑکے کو اوٹہا الخ ان ورسون سے معلوم ہوتا ہے کہ
اسمٰعیل علیہ السلام وقت پہونچنے مکہ معظمہ کی عمر شیرخوارگی مین تہی پس صحت ان
دونون عبارت کی بجز تسلیم وحدت عدد چودہ ۱۴ اور دو ۲ کے نہین ہوتی ہان لوکیا ہرج ہے
آخر مسئلہ تثلیث مین تین اور دو اور ایک مین باوجود مباینت حقیقے کی بہی وحدت
حقیقی کی قائل ہوگئی ہے تتمہ آخر اسی ورس ۱۸ کے بعد ہی ورس ۱۹ پہر خدا نے اوسکی
انکہین کہولین اور اوسنے پانی کا ایک کنوان دیکہا اور جا کر اوس مشک کو
پانی سے بہر لیا اور لڑکے کو پلایا اور یہہ ورس ظہور آب زمزم کی بطور ارہاص ہونے

اسماعیل کی خبر دی ہے تنبیہ آخر اس درس کے بعد ہی درس ۲۰ خدا اوس لڑکے کے ساتھ
تھا اور وہ بڑھا اور بیابان میں رہا کیا اور تیرانداز ہو گیا اور یہہ درس اسماعیل علیہ السلام کی
نبوت کو اور مضمون تورات سنت تیراندازی کو مثبت ہے تنبیہ آخر اس درس کے بعد ہی
اور وہ فاران کے بیابان میں رہا تہیہ جملہ بیان کرے ہے کہ مکہ معظمہ کے ناموں سے
فاران بھی ہے اس جملہ کے بعد ہی اور اوسکی ماں ملک مصر سے ایک عورت اوسکے بیاہنے کو لی
تھا یہاں تحریف ہوا اسلیئے کہ حدیث صحیح بخاری شریف میں قبیلہ جرہم کو آپ کی سسرال
بیان کیا ہے اور وہ عرب کے رہنے والے تھے نہ مصر کے فائدہ اس بشارت میں آیا ہے کہ تیری نسل اسحاق سے
کہا جائیگی اور خطاب حضرت ابرہیم علیہ السلام کو ہے اور یہہ فقرہ بظاہر جو ہے کہ ابرہیم علیہ السلام کی آل اسماعیل سے
دل اکبر ابراہیم علیہ السلام خارج ہو اسلیئے اس فقرہ کے معنی بیان کرنی ضرور ہوئی پس ظاہر ہے
کہ اسماعیل علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام سے پیدا ہوئے اسلیئے کہ سولہویں باب میں پیدایش
کی ہے اور سری ابرام کی جورو کوئی لڑکا نہ جنی اور اوسکی ایک مصری لونڈی تھی جسکا نام ہاجرہ
تھا ۲ - اور سرہ نے ابرام سے کہا کہ دیکھہ خداوند نے مجھے جننے سے باز رکھا آپ میری لونڈی
کے پاس جائیے شاید کہ اوس سے میرا گھر آباد ہووے اور ابرام نے سری کی بات سنی ہے ۳
ابرام کی جورو سری نے بعد دس برس کے ابرام کنعان کی زمین میں دس برس رہا تھا
اپنی مصری لونڈی ہاجرہ کی اپنی شوہر ابرام کو دی کہ اوسکی جورو ہووے ۴ - اور وہ ہاجرہ کے
پاس گیا اور وہ حاملہ ہوئی اور جب اوس نے معلوم کیا کہ میں حاملہ ہوں تو اپنی
بی بی کو حقیر جانا ۵ تب سری نے ابرام سے کہا کہ ناانصافی جو مجھہ پر ہوئی تیرے ذمہ
ہے میں نے اپنی لونڈی تجھے دی اور اب جو اوس نے اپنے آپ کو حاملہ دیکھا تو میں اوسکی
نظروں میں حقیر ہو گئی میرا اور تیرا انصاف خداوند کرے ۶ ابرام نے سری سے
کہا کہ تیری لونڈی تیرے ہاتھہ میں ہے جو تیری نگاہ میں اچھا ہو سو اوسکے ساتھہ کر
تب سری نے اوس پر سختی کی اور وہ اوسکے سامنے سے بھاگ گئی ۷ - اور خداوند کے

اور سے پڑا اوسی بیابان مین پانی کے ایک چشمے کے پاس پایا یعنی اوس چشمے کے پاس جو سور کی راہ پر ہے ۔ اور اوس نے کہا ای سرئ کی لونڈی ہاجرہ تو کہان سے
آئی اور تو کدہر جاتی ہے اور وہ بولی مین اپنی بی بی سرئ کے سامنے سے بہاگی ہون
۹ ۔ اور خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا کہ تو اپنی بی بی کے پاس پہر جا اور اوسکی
تابع رہ ۱۰ ۔ پہر خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا مین تیری اولاد کو بہت بڑہاؤنگا
کہ وہ کثرت سے گنتی نہ جائے ۱۱ ۔ اور پہر خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا تو حاملہ
ہے اور ایک بیٹا جنیگی اوسکا نام اسماعیل رکہنا کہ خداوند نے تیرا دکہہ سن لیا وہ وحشی آدمی
ہوگا اوسکا ہاتہہ سب کا اور سب کے ہاتہہ اوسکے برخلاف ہونگے اور وہ اپنے سب
بہائیون کے ساتہہ بود و باش کریگا پس نفی آل اسماعیلؑ کی آل ابراہیمؑ سے ممکن نہین
البتہ نفی فضل و فخر کرین تو ممکن بالذات مگر بوجہ بشارات مثبتہ بالغیر بشارت ایجابیہ گذرگئی
اور اس باب مین بشارت رسالت مستقلہ اس جملہ کی ساتہہ اوسکا ہاتہہ سب سے اور سبکے ہاتہہ
اوسکے برخلاف ہونگے اور یہہ جملہ صحیح رسالۃ اسماعیل علیہ السلام پر دلالت کرتا ہے
ویسا ہی آپکی آل کے نسبت بہی یہہ خبر دیتا ہے کہ قیامت تک شریعت اونکی علحدہ ہوگی
اور کوئی رسول بنی اسحاق اونکی طرف مبعوث نہوگا بلکہ رسالۃ رسل بنی اسرائیل کو بہی انمثل
کے ساتہہ ہی خاص ہوگی اور ایسے ہی ظہور اوسکا ہوا اور اس بشارت مین تحریف معنوی
کرکے لکہتے یہہ معنی کہتے کہ اون کی اولاد رہزن ہوگی الضاف کی گردن مارنی ہے اول
توجہ اوسکی یہہ ہی کہ اس بشارت مین اولاً و بالذات بیان حال مبشر بہ یعنی اسماعیل
علیہ السلام کا ہے پس اگر اوسکے یہہ معنی ہون تو یہہ وصف رہزنی اونکے اوپر اولاً
و بالذات صادق آنا چاہیے اور یہہ صدق محال ہے کہ پیدایش کے اکیسوین باب
مین نسبت آپکے یہہ مذکور ہی ورس ۱۷ اتب خدا نے اوس لڑکے کی آواز سنی
اور خدا کے فرشتے نے آسمان سے ہاجرہ کو پکارا اور اوس سے کہا کہ ای ہاجرہ

تجکو کیا ہوا مت ڈر کہ اوس لڑکے کی آواز جہاں وہ پڑا ہے خدا نے سنی ورس ۲۰ اور
خدا اوس لڑکے کے ساتھہ تھا اور وہ بڑا اور بیابان میں رہا کیا اور تیرانداز ہوگیا پہلی ورس میں
بیان ارہاص رسالۂ اسماعیلی ہے اور اس ورس میں آپ کے رسالہ کا بیان ہے اگر
رسول ہادی کو رہزن کہو گے تو مرسل خود سمجھہ لے گا اور نیز اظہر من الشمس وابین من الامس
ہے کہ یہہ بشارت بیان بزرگی وکرامت حال ہاجر علیہا السلام کی ہے نہ بیان نقص وعیب فائدہ
جاجیلہ اسوجہ سے کہ حق پوش اہل کتاب مخالف خدا کو بہکاتے ہیں اور بشارات اسحاقیہ کو ظاہر
کرکے نبوت انبیاء اسرائیلیہ پر استدلال کرتے ہیں اور بشارات اسماعیلیہ کو در پردہ
تحریف چھپاتے ہیں اور بشارات مطلقہ کو جنمیں آل اسماعیل علیہ السلام بطریق اولی داخل
ہیں گو اور بیٹوں ابراہیم علیہ السلام کی اولاد اس سبب سے کہ آپ نے اونکو اپنی زندگی
میں خارج کردیا اور نیز کوئی بشارت بہی انکے حق میں نہیں خارج ہوں بشارات
اسحاقیہ تنہائی میں یہہ مناسب معلوم ہوا کہ بشارات مطلقہ علیحدہ اور بشارات اسحاقیہ
علیحدہ اور بشارات اسماعیلیہ علیحدہ ذکر کرکے افضلیت ومساوات وکمی بشارات اسماعیلیہ
اور اسحاقی میں گفتگو کیجاوے تاکہ ناظر کو حق پوشی حق پوشوں کے معلوم ہو

بیان بشارات مطلقہ کتاب پیدائش باب ۱۵ ورس ۱۸ اوسی دن خدا نے
نے ابراہام سے عہد کرکے کہا کہ میں تیری اولاد کو یہہ ملک دونگا مصر کی ندی سے
لیکر بڑی ندی تک جو فرات کی ندی ہے ایضاً باب ۱۷ ورس ۲ اب میں اپنے
اور تیرے درمیان عہد کرتا ہوں کہ میں تجھے نہایت بڑہاونگا ۳ تب ابراہام موہنہ
کے بل گرا اور خدا اوس سے ہمکلام ہوکر بولا ۴ کہ دیکھہ میں جو ہوں میرا عہد تیرے ساتھہ
ہے اور تو بہت قوموں کا باپ ہوگا ۵ اور تیرا نام پہر ابرام نہ کہلائیگا بلکہ تیرا نام
ابراہام ہوگا کیونکہ میں نے تجھے بہت قوموں کا باپ ٹھہرایا ہے ۶ اور میں تجھے بہت برومند
کرتا ہوں اور قومیں تجھ سے پیدا ہونگی اور بادشاہ تجھ سے نکلیں گے ۷ اور پشت در پشت

سکے لیے اپنا عہد جو ہمیشہ کا عہد ہے کرتا ہون کہ تمہارا اور تیرے بعد تیری نسل
کا خدا ہونگا ۸ اور مین تجکو اور تیرے بعد تیری نسل کو کنعان کا تمام ملک جس مین
تو پردیسی ہے دیتا ہون کہ ہمیشہ کے لیے مالک ہو اور مین اونکا خدا ہونگا ۹ پھر
خدا نے ابراہام سے کہا کہ تو اور تیری بعد تیری نسل پشت در پشت میرے عہد کو نگاہ رکہین
۱۰ اور میرا عہد جو میرے اور تمہارے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان
ہے جسے تم یاد رکہو سو یہہ ہے کہ تم مین سے ہر ایک فرزند نرینہ کا ختنہ کیا جاوے
۱۱ اور تم اپنے بدن کی کہلڑی کا ختنہ کرو اور یہہ اوس عہد کا نشان ہوگا جو میرے
اور تمہارے درمیان ہے ۱۲ تمہاری پشت در پشت لڑکے کا جب وہ اٹھ روز کا ہوگا
ختنہ کیا جائیگا کیا گہر کا پیدا کیا پردیسی سے خریدا ہوا جو تیری نسل سے نہین ۱۳
لازم ہے کہ تیری خانہ زاد اور تیری زر خرید کا ختنہ کیا جاوے اور میرا عہد تمہاری
جسمون مین عہد ابدی ہوگا ۱۴ اور وہ فرزند نرینہ جس کا ختنہ نہین ہوا وہی
شخص اپنے لوگون مین سے کٹ جائے کہ اوس نے میرا عہد توڑا ایضاً باب ۱۸ ورس
۱۷ اور خداوند نے کہا یہہ جو مین کرتا ہون کیا ابرہام سے چہپاؤن ۱۸ ابرہام تو
دیکہینا ایک بڑی اور بزرگ قوم ہوگا اور زمین کی سب قومین اوس سے برکت
پاوینگے ایضاً باب ۲۲ ورس ۱۵ تب خداوند کا فرشتہ نے دوبارہ آسمان
پر سے ابرہام کو پکارا اور کہا کہ خداوند فرماتا ہے اسلیے کہ تو نے ایسا کام کیا اور
اپنا بیٹا ہان اپنا اکلوتا بیٹا بہی دریغ نرکہا مین نے اپنی قسم کہائی کہ ۱۷ مین برکت
دیتے ہی تجہے برکت دونگا اور بڑہاتی ہو تیری نسل کو آسمان کے ستارون اور
دریا کے کنارے کی ریت کے مانند بڑہاؤنگا اور تیری نسل اپنے دشمنون کے دروازہ پر قابض
ہوگی ۱۸ اور تیری نسل سے زمین کی ساری قومین برکت پاوینگی کیونکہ تو نے میری
بات مانی پس یہہ چارون بشارتین ابراہیم علی نبینا و علیہ السلام کے عموماً آپکی شریعت تہی

اوسکی آگے
نسبت وارد ہوتی ہین اور کسی باپ کے اولاد کی انمین تخصیص نہین ہے اور جب سبب
اسکے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے زندگی مین اور حصہ مون کی اولاد کو علیحدہ کر دیا
تھا وہ بلا اتفاق خارج ہوئے فقط آنحضرت ہاجرہ اور حضرت سارہ علیہا السلام کی
اولاد باقی رہی اور انہین کے ساتھ یہہ وعدہ پوری ہوئے رسالت اور نبوت اور
سلطنت اور کثرت انہین مین ہوئی اور زمین کنعان بھی انہین کے قبضہ مین رہی
پہلے اسحاق علیہ السلام کی اولاد کی امت کے قبضہ مین رہی اور اب اسماعیل علیہ السلام
کی اولاد کی امت کے قبضہ مین ہے اور سبب بجالانے اس امت کے شرط ختنہ و توحید
کہ جو اقرار رسالت نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ زمین جسمین شیر و شہد بہتا ہے
انشاء اللہ انہین کے قبضہ مین قیام قیامت تک رہیگی اور اللہ جلشانہ کے
نزدیک اسی طرف کی زمین کی کچھ قدر و منزلت ہے اور سلطنت اوسی طرف کی
زمین کے قابل فخر و ناز عند اللہ ہے بیان بشارات اسحاقیہ کتاب پیدایش
باب ۱۵ جب آفتاب غروب ہونے لگا تو ابرام پر بڑی نیند غالب ہوئی اور
دیکھو ایک بڑی ہولناک تاریکی اوسپر آئی ۱۳ اور اوس نے ابرام سے کہا کہ
یقین جان کہ تیری اولاد ایک ملک مین جو اونکا نہین پردیسی ہونگے اور وہان کے
لوگون کے غلام بنینگے اور وے چار سو برس تک اونہین دکھ دینگے ۱۴
لیکن مین اس قوم کی جسکی وے غلام ہونگے عدالت کرونگا اور وے
بعد اوسکے بڑی دولت لیکے نکلینگے ایضاً باب ۱۷ ورس ۱۵ اور خدا
نے ابرام سے کہا تیری جورو سری جو ہے تو اوسکو سری مت کہا کر بلکہ
اوسکا نام سرہ ہے یعنی بیگم ۱۶ اور مین اوسے برکت دونگا اور اوس سے
بھی تجھے ایک بیٹا بخشونگا یقیناً مین اوسے برکت دونگا اور وہ قومون کی مان
ہوگی اور ملکون کے بادشاہ اوس سے پیدا ہونگے ۱۷ اور تب ابراہام مونہہ

منہہ کے بل گرا اور ہنس کر دل مین کہا کہ کیا سو برس کے مرد کو بیٹا پیدا ہوگا اور کیا سارہ جو نوّے برس کی ہے جنیگی ۱۸ ـ اور ابراہام نے خدا سے کہا کاش کہ اسمٰعیل تیرے حضور جیتا رہے ۱۹ تب خدا نے کہا کہ بیشک تیری جورو سارہ تیرے لیے ایک بیٹا جنیگی تو اوسکا نام اضحاق رکھنا اور مین اوس سے اور بعد اوسکے اوسکی اولاد سے اپنا عہد جو ہمیشہ عہد ہے قائم کرونگا ۲۰ ـ اور اسماعیل کے حق مین مین نے تیری سنی دیکھ مین اوسے برکت دونگا اور اوسے برومند کرونگا اور اوسے بہت بڑھاؤنگا اور اوس سے بارہ سردار پیدا ہونگے اور مین اوسے بڑی قوم بناؤنگا ۲۱ ـ لیکن مین اضحاق سے جسکو دوسرے سال اس وقت معین پر سارہ جنیگی اپنا عہد قائم کرونگا ـ پہلی بشارت مین ذکر خدمت کرنے بنی اسرائیل کا مصریون کی ہے اور اسکو ساتھ غلامی سخت کے تعبیر کیا ہے اور یہہ خدمت بنی اسرائیل کے ساتھ نسل اضحاق کے ہی خصوصیت رکھتی ہے اور ورس اخیر مین بنی اسرائیل کے مصر سے نکلنے کا ذکر ہے اور نبوت اور رسالت وغیرہ کا مطلقاً ذکر نہین اور دوسری بشارت مین گو سیاق عبارت اسحاق علیہ السلام کے واسطے ہے مگر کئی درسون مین ذکر اسماعیل علیہ السلام و آل اسماعیل علیہ السلام بھی ہوا چنانچہ بشارت اسجدیہ مین اوسکی تصریح مذکور ہوئی اور اس بشارت اسحاقی مین کہین نبوت اور رسالت کا ذکر نہین اور اگر لفظ برکت سے استدلال ہوگا تو وہ دونون جگہہ موجود ہے اور واسطے اوس شخص کے کہ اس حکم کو بجا نہ لاوے قوم سے کٹ جانے کا وعید مذکور ہے حالانکہ اس جگہہ معنی ابدیت تمہارے نزدیک اپنے موقع پر نہین فکذا فی الختن فیہ اور باوجود ان سب امور کے ہمین دو بشارت سے استدلال نبوت انبیاء بنی اسرائیلیہ پر کرتے ہین ـ

بیان بشارات اسماعیلیہ کتاب پیدایش باب ۱۶ ورس ۱۰ پہر خداوند کے فرشتون نے اوس سے کہا کہ مین تیری اولاد کو بہت بڑھاؤنگا کہ وہ کثرت سے گنی نجاویگی ۱۱ ـ اور خداوند کے فرشتے نے اوس سے کہا تو حاملہ ہے اور ایک بیٹا جنیگی

اوسکا نام اسماعیل رکہنا کہ خداوند نے تیرا دکہہ سن لیا ۱۲ اور وہ وحشی آدمی ہوگا
اوسکا ہاتہہ سب کی اور سب کی ہاتہہ اوسکی برخلاف ہونگی اور وہ اپنے سب بہائیوں
کے سامنے بود و باش کریگا ایضاً باب ۲۱ ورس ۱۲ خدا نے ابراہیم کو کہا کہ وہ بات
اس لڑکے اور تیری لونڈی کی بابت تیری نظرمین بری نہ معلوم ہو ہر ایک بات کی
حق مین جو سرہ تجہ کو کہی اوسکی آواز پر کان رکہہ کیونکہ تیری نسل اسحاق سے کہلائی گی ۱۲
اور اس لونڈی کی بیٹا سے بہی مین ایک قوم پیدا کرونگا اسلیے کہ وہ بہی تیری نسل
ہے ایضاً ورس ۱۷ تب خدا نے اوس لڑکی کی آواز سنی اور خدا کے فرشتے نے
آسمان سے ہاجرہ کو پکارا اور اوس سے کہا اے ہاجرہ تجہے کیا ہوا مت ڈر کہ
اوس لڑکی کی آواز جہان وہ پڑا ہے خدا نے سنی ۱۸ اب اوٹہہ اور لڑکی کو اوٹہا
اور اوسے اپنے ہاتہہ سے سنہال کہ مین اوسکو ایک بڑی قوم بناؤنگا ۱۹ پہر خدا نے
اوسکی آنکہین کہولین اور اوسنے پانی کا ایک کنوان دیکہا اور جاکر اوس مشک کو پانی
سے بہر لیا اور لڑکی کو پلایا ۲۰ - اور خدا اوس لڑکی کے ساتہہ تہا وہ بڑہا اور بیابان
مین رہا کیا اور تیرانداز ہوگیا - ۲۱ - اور وہ فاران کے بیابان مین رہا اور اوسکی
مانی ملک مصر سے ایک عورت اوسکے بیاہنے کو لی ایضاً باب ۱۷ ورس ۲۰ اور
اسماعیل کے حق مین مینے تیری سنی دیکہہ مین اوسے برکت دونگا اور اوسی برومند کرونگا
اور اوسی بہت بڑہاؤنگا اور اوس سے بارہ سردار پیدا ہونگے اور مین اوس سے بڑی قوم بناؤنگا ایضاً باب ۱۷ ورس ۲۳
تب ابراہام نے اپنی بیٹی اسماعیل اور سب خانہ زادون اور اپنے سب زرخریدون
کو لیکے ابراہام کی گہر کے لوگون مین جتنے مرد تہے سب کو لیا اور اوسی روز اونکا
ختنہ کیا جس طرح خدا نے اوسکو فرمایا تہا جس وقت ابراہام کا ختنہ ہوا ننانوے برس
کا تہا اور جب اوسکی بیٹی اسماعیل کا ختنہ ہونا تب وہ تیرہ برس کا تہا ان بشارات
مطلقہ سے قطع نظر کرکے بشارات اسحاقی و اسماعیلی کو میزان عدل مین رکہہ کر

نظر ڈالی اور دیکھیے کہ کس کا پلہ بھاری ہے بشارت اسحاقی مین ہے مین اوسے برکت دونگا اور بشارت اسماعیلی مین ہے دیکھہ مین اوسے برکت دونگا اور بہرہ مند کرونگا الخ اس بیان برکت مین بشارت اسحاقی مین عموم برکت کو اپنے عموم پر چھوڑا اور بشارت اسماعیلی مین اوس برکت کو بذات پاک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلیفون اثنا عشر کے ساتھ مخصوص کیا کما بینا ہ اور وجہ اوسکی یہہ ہے کہ اولاد اسحاق علیہ السلام مین انبیا بکثرت پیدا ہونے والے تہے پس کس کس کا نام لیتے اور یہان فقط پیدایش ایک رسول عظیم باعث ایجاد کل سید رسل صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدر تہی اور آپ کے خلیفہ اثنا عشر بہی بہرہ ور نور نبوت سے مثل ستارون کے ہین اس سبب سے اپکا اور آپ کے خلیفون کا ذکر فرمایا اور جو بشارت اسحاقی مین ہے مین اپنا عہد اوس سے اور اوسکی نسل سے جو ہمیشہ کا عہد ہے قائم کرونگا معنے اسکے یہہ نہین ہوسکتی کہ اسحاق عـــہ کے آل مین ہمیشہ نبوت رہی اسلئے کہ اوسکی بعد موجود ہے کہ اسماعیل حق مینے تیری سنی دیکہہ مین اوسے برکت دونگا الخ اور اس بشارت مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک محمد بہی مذکور کردیا انتہی البشارات یہہ ہونا ختم نبوت کا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسماعیلی قیداری پر ثابت ہے پہر حضرت اسحاق کی اولاد مین کسطرح نبوت ہمیشہ رہ سکے پس یا تو لفظ ہمیشہ اپنے معنی مشہور پر نہین ہے بلکہ بمعنے مدت کثیر ہی اور یا لفظ عہد سے نبوت مراد نہین ہے بلکہ بمعنے عہد ایمان نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ ہی جسکا ذکر صحف انبیاء علیہ السلام مین بہت جگہہ ہے اور یعقوب علیہ السلام اور داود علیہ السلام نے اپنی وفات کے وقت اپنی ساتھہ بنی اسرائیل کو جمع کرکے وصیت فرمائی اور سیدنا مسیح علیہ السلام نے وقت رفع اوسکی ساتھہ تاکید کی اور قرآن شریف مین

بھی یحییٰ اسکی کر دیا ہے مگر وہ امر باعتبار رسالت ہو بلکہ باعتبار لقا ذات رسول و رعیسی
علیہ السلام [illegible] کبری قیامت زندہ رہینگے گو اوس وقت مین یعنے وقت خروج
دجال [illegible] ہونگے بلکہ ایک امتی سرور رسل محمد رسول اللہ علیہ وسلم
کے ہونگے اور اس تقریر پر کوئی خدشہ نہین وارد ہوتا ہے نہ بشارات احمدی کی منافی
[illegible] مگر جو کچھ مین نے بیان کیا
اسماعیل [illegible] ایک بہت بڑی قوم بناؤنگا یہہ تو بمقابلہ عہد مذکور
ہے اور اوسکے سوا اوس لڑکی کی آواز جہان وہ پڑا ہے خدا نے سنی یہہ بیان
[illegible] رسالت اسماعیلی ہی تنبیہہ
حضرت اسماعیل علیہ السلام سبط اکبر ابراہیم علیہ السلام کو جیسا کہ قصہ ختنہ مین اور خاندان
سے [illegible] ذکر فرمایا ہے یہی قاعدہ اس توریت مین ہر جگہ مرعی ہے پس تخصیص فقرہ
تیری نسل اسحاق سے کہلاویگی کی نہ از روی نسب ٹھیک نہ باعتبار حسب درست مگر ہان یہہ معنی
ہو سکتے ہین [illegible] مین تیری نسل اسحاق سے کہلائیگی یعنے سلسلہ وار برابر
نبوت حقیقی ہے یعنے نبوت آل اسحاق مین ہوگی لیکن زمانہ اخیر مین خاتم النبیین اور خاتم
الانبیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اوسکے امت کو کرونگا اور یہہ مضمون اوس
[illegible] ہے جو اس فقرہ کے بعد ہے لیکن مین اوس لونڈی کے بیٹے سے بھی ایک قوم پیدا کرونگا
اور اس معنی پر نہ کوئی اعتراض وارد اور نہ کوئی خرابی فخر اسحاقی مین آوے انصاف وہی
ہے کہ [illegible] حضرت اسماعیل سبط اکبر تھے پس موافق توریت
[illegible] اول خاندان اسماعیلی مین ہونا چاہئے تھا خاندان اسحاقی مین کیون
ہوا [illegible] مقتضائی اکبریت یہہ ہے کہ حکم انکا مانا جاوے یعنی وہ حاکم ہون اور برادر
محکوم ہون [illegible] ضرور ہوا کہ شریعت حضرت اسماعیل علیہ السلام کی خاندان
[illegible] شریعت خاندان اسحاقی سے ہوا اور سبطین کا لحاظ [illegible]

یعنی سبط اصغر میں کبھی نبوت ہونی چاہئے پس ان دونوں لحاظ سے سبط اصغر کو مقدم
لیا یعنی انکی اولاد کو اولاً کارخانہ نبوت عطا کیا اور سبط اکبر کو سرفراز کیا اونکی آل کو حکم نسخ احکام شریعت
خاندان سبط اصغر دیا و ہو عین الصواب سوال ہزاروں سبط اکبر کی متقضی اس امر کی تھی کہ اونکی اولاد
میں پیغمبر بکثرت ہوں پس ایک ذات پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کیوں بس ہوا جواب سید المرسلین
خاتم النبیین اور ناسخ تمام ادیان ایک ہی رسول ہو سکتا ہے اور چونکہ انبیا کی حفاظت میں ہی
ہی لگی تھی خداوند کریم نے حفاظت قرآن شریف اور دین احمدی کا اپنے ذمہ لی اور اجماع امت
ہی قائم مقام ایک نبی کے ہے اور نہیں مریگا قیامت تک اللہ کے فضل سے زندہ ہے سوال
غلام امامت نماز کی لیے عمدہ امام نہیں ہے اور نیز غلام کسی شی کا مالک نہیں ہوتا خلیفہ حاکم نہیں
ہو سکتا نکاح وغیرہ تصرفات حریت بذات خود نہیں کر سکتا اور حکم اولاد کا مثل اوسکی اصل
کا ہوتا ہے پس اب ثابت ہے کہ حضرت ہاجرہ لونڈی حضرت سارہ کی تھیں اور اونکا حضرت سارہ
کی لونڈی ہونا عند الفریقین مسلم الثبوت ہے اور حکم فرع کا مثل اصل کے ہوتا ہے یعنی اگر اصل غلام ہے تو
غلام اور اگر آزاد ہے تو آزاد اور یہاں اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کی اصل غلام نکلی تو فرع میں
ہی یہ غلامی سرایت کر گئی اور تمام حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کو غلام اور باندی سارہ اور اونکی
اولاد کا کردی گئی نبوت تو نبوت لائق امامت نماز و خلافت وغیرہ نہ سمجھے گئے اور تمام فخر اکبریت
کو کہو دیگی **جواب اول** یہ اعتراض جب وارد ہوتا ہے کہ ہاجرہ کا باندی اصطلاحی ہونا ہمارے نزدیک
مسلم ہو جاتا لیکن یہی امر ہے کہ ہاجرہ تو ایک امیر کی بیٹی تھیں اور اس ظالم نے انکو بھی مثل سارہ کے چھین لیا تھا مگر عصمت
الٰہی سے اوس شیطان لعین سے محفوظ رہیں اور وہ انپر قابو نہ پا سکتا تھا اور اوس وقت رخصت کر دیا تو
انکو بھی آپکی ساتھ کر دیا کہ اوس ظالم کے نزدیک مثل انکی سارہ معلوم ہوتی تھیں اور تاریخ سمرقندی میں
من سحاب ولا قزعۃ وما بیننا وبین سلع من بیت ولا دار الحدیث بخاری مین جملہ ما بیننا وبین سلع پر لکہا ہے
بفتح سین وسکون لام جبل بالمدینۃ پس معنی اس فقرہ کی یہ ہوئے کہ گیت [illegible]
کلام الٰہی کما ہو فی محاورات ہم مدینہ منورہ مین ہی نازل ہوگا اور رسول اللہ
وہان ہجرت فرماوین گے اور ثبوت ہجرت اور بشارات سے ہے انشاء اللہ آئیگا
گا چنانچہ آپنے ہجرت فرمائی اور کلام اللہ وہان ہی نازل ہوا اور بیان
اسکا انشاء اللہ باب دوم رسالہ ہذا مین آویگا **نوین** بشارت یسعیاہ
(۱۳) خداوند ایک پہادر کی مانند نکلیگا وہ جنگی مرد کی مانند اپنی غیرت کو
اکسائیگا الخ مین بیان ہوا ہے اور وہ بقید لفظ کما ہو مذکور فی ہذہ البشارۃ
بعد غور بشارت ہذا ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے **دسوین** بشارت یسعیاہ
ورس (۱۹) اندھا کون ہے [illegible] اور کون ایسا بہرا ہے جیسا میرا رسول جسے مین بھیجونگا اندھا کون
ہے جیسا کہ وہ جو کامل ہے [illegible] خداوند کے خادم کی مانند اندھا کون ہے (۲۰) تو نے بہت چیزین
دیکہیں پر تو نے لحاظ نہین رکہا اور کان تو کہلے ہین پر کچہہ نہین سنتا ظاہر اس عبارت کی ترجمہ مین غلطی ہوئی ہے
اور مین نے جناب مولوی محمد یعقوب صاحب نانوتوی سے سنا ہے کہ عبرانی مین ساطم ہے کہ لفظا [illegible] تہا اور یہ دونو طرح پڑہا جا سکتا ہے

اور دونون معنی مشتاء ہین اول بکسر معروف الف و میم اور وہ ہم معنی الحمی کی ہے اور
دوسرا بکسر مجہول الف کرتے اور وہ بمعنی امی یعنی ناخواندہ کی ہے پس امی اس وزن
مین بکسر مجہول الف کی بمعنی ناخواندہ کی تہا جو صفت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ہے اور تفسیر حسینی مین تحت آیہ کریمہ وما کنت تتلوا من قبلہ من کتب ولا تخطہ بیمینک
اذا لارتاب المبطلون کی تفسیر اذا لارتاب المبطلون مین لکہا ہے یا یہود شک مین پڑتی کہ ہم نے
پہلی کتابون مین پڑہا ہے کہ پیغمبر آخر الزمان قاری و کاتب نہوگا اور یہہ نبی قاری
و کاتب ہی اور مترجمین نے ترجمہ لفظ امی بکسر معروف الف و میم کا کردیا پس اس تقدیر
پر ثبوت اس وصف کا بہی معہ قید رسالت ہوجائیگا ورنہ رسالت تو میرا رسول
سے ثابت ہے وہو المطلوب اور یہہ بشارت انہوں نے اپنی انجیل مین مسیح علیہ السلام
کیطرف منسوب کی ہے اور قطع نظر از جعل سازی جو نقل بشارت ہذا مین ناقل
نے فرمائی ہے کما سیظہر لک الان وہ نسبت ان شواہد حقہ عشرہ و معہ عدم معصومیت
اوشان و معہ جواز کذب تبلیغی قصدی انبیاء کے اونکے نزدیک مردود ہے اور نیز
مع ہذہ الشواہد یہہ بشارت ہمارے ہان بہی سید الرسل محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کیطرف منسوب ہے صحیح بخاری شریف مین ہے باب کراہیۃ الصخب
فی الاسواق حدثنا محمد بن سنان ثنا فلیح ثنا ہلال عن عطاء بن یسار قال
لقیت عبد اللہ بن عمرو بن العاص فقلت اخبرنی عن صفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فی التوریۃ قال اجل واللہ انہ لموصوف فی التوریۃ ببعض صفتہ فی القرآن یا ایہا النبی انا ارسلناک
شاہدا و مبشرا و نذیرا الخ قال فی التوریۃ یا ایہا النبی انا ارسلناک شاہدا و مبشرا
و نذیرا و حرزا للامیین انت عبدی و رسولی سمیتک المتوکل لیس بفظ ولا غلیظ ولا
سخاب بالاسواق ولا یدفع السیئۃ بالسیئۃ ولکن یعفو و یصفح ولن یقبضہ اللہ حتی یقیم بہ الملۃ العوجاء
بان یقولوا لا الہ الا اللہ فیفتح بہا اعینا عمیا و اذانا صما و قلوبا غلفا - فقط کلمہ توحید اور

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احمد اور ذکر وہ بزرگ ہے اس بات سے نکال ڈالا ہی اور بعد
ان دونون دعوونکا اختصار آگی آیگا اور واسطے اظہار حیلہ سازی انجیلی نے عبارت
انجیل متی سے بھی نقل کرتا ہون اور دعوی اس نسبت کا سوای ان شواہد کے جو اوس
طرح باطل کرتا ہون باب ۱۲ اتب فریسیون نی باہر جاکر اوسکے ضد پر صلاح کی کہ اوسی
کیونکر مار ڈالین ۱۵ یسوع یہہ جانکی وہان سے چلا اور بہت سی جماعتین اوسکی پیچھے
ہولین اور اوس نے اون سب کو چنگا کیا ۱۶ اور اونہین تاکید کی کہ مجھی ظاہر نکرنا ۱۷
تاکہ وہ جو یسعیاہ نبی نی کہا تھا پورا ہو ۱۸ کہ دیکھو میرا خادم جسی مین نے چنا اور میرا
پیارا جس سے میرا دل خوش ہے مین اپنی روح اوس پر ڈالونگا اور وہ غیر قومون
سے شرع بیان کریگا ۱۹ وہ جھگڑا اور شور نکریگا اور بازارون مین کوئی اوسکی آواز
نہ سنیگا ۲۰ وہ مسلی ہوئی سرکنڈا نتوڑیگا اور دہوان اوٹہتی ہوئی سن کو
نہ بجہاویگا جب تک انصاف کو غالب نکراوی گا ۲۱ اور اوسکی نام پر غیر قومین
اسرار رکہین گی اوکے یہہ ربط ایسا ہی رہا ہی کہ جسکا ٹہکانا نہین دوسرے یہہ کہ بالتمامی
فرمائی کہ تمام باب تو نقل نہین فرمایا مگر تبدیل و تحریف وحذف کو ان درسون مین بھی
ہر جگہ بکام فرمایا مین اپنی روح اوس پر رکہونگا کی جگہہ مین اپنی روح اوس پر ڈالونگا اول
معنی نزول حضرت جبرئیل و وحی ہی اور دوسرا اشعر بمعیت روح القدس تہا اس سبب
اوسکو اسکی جگہہ تجویز کیا اور قومونکی درمیان عدالت جاری کرائیگا جو شعر بحکومت ظاہر
تہا خلاف مقصود سمجھ کر اوسکی جگہہ وہ غیر قومون سے شرع بیان کریگا بنایا اور یہہ عبارت
وہ عدالت کو جاری کرائیگا کہ دائم رہی اور اوسکا زوال ہو گا اور نہ مسلا جائیگا جب تک
راستی کو زمین پر قائم نکری بسبب نقیض مدعا ہونی کی حذف فرمایا لیس جاعل کی نسبت کا کیا
اعتبار ہوگا اور خاص کر جسوقت وہ نسبت بھی کذب و افترا محض ہو تنبیہ ورس مین کہ تو اندہی آنکہین
کہولی اور بندہو وکو قید نکالی اور ونکو جو اندہیرے مین قید جاتی ہی بیان مقام محمود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

درخت خانہ ویران ہو جلتا نہ کرے حجر اعاذنا اللہ منہا ہے اور ان سیری اوس
بیت خانہ کو بھی ثابت کرتی ہے کما قال فی الحق تفسیری و لعل یسعیاہ علیہ السلام
کی کتاب کی باب ۱۲ میں البشارت کعبہ شریف کی قبلہ قیام ہونیکی اور تیسری باب میں الشعیاء ۱۶
منقول ہو گی اور اوس میں بہت سے کچھ کعبہ شریفہ کے حالات بیان کیے ہیں اون
ساتواں درس ۔ اوسکا یہ ہے قیدار کی ساری بھیڑیں تیری پاس جمع ہوں گی
نبیت کی مینڈھے تیری خدمت میں حاضر ہوں گے وے میری منظوری کے لئے
میری مذبح پر چڑھائی جاوینگی اور میں اپنی شوکت کی گھر کو بزرگی دونگا ۔۔۔ دو ایس
درس میں فقط دو صاحبزادوں حضرت اسماعیل ذبیح اللہ علی نبینا و علیہ السلام
کی اولاد کا ذکر کیا اور قیدار کو نبیت سے مقدم کیا اور وہ نبیت سے چھوٹی
تھی اور بنی اسرائیل میں پہلوٹھی ہونیکا بڑا حق تھا کہ حضرت یعقوب نے حضرت
عیص سے اس حق کو خرید لیا تھا اور یہ حکم بڑوں کا اتنا حق تو ضروری تھا کہ اس بڑائی کی
لحاظ سے اسکا نام پہلے ذکر کیا جاوے پس باوجود اس مخصص تقدیم کے پھر جو کلام الٰہی
میں مقدم نکیا اسکی ضرور کوئی وجہ ہونی چاہیے اور وہ اسکی سوائی اور کیا ہے کہ
یہ وہ نبی علیہ السلام جنکی وقت میں کعبہ شریف کو یہ فضائل عطا ہوں گے
انکی یعنی حضرت قیدار کی اولاد میں پیدا ہوں اور شبیہ نام حضرت موسیٰ ہو حاصل ہو کہ وہ حضرت
اسحاق علیہ السلام کے چھوٹے بیٹے یعنی حضرت یعقوب کی اولاد میں پیدا ہوئے تھے اور وہ نبی اسماعیلی یعنی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور نسب نامہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یہ ہے محمد صلعم بیٹے عبداللہ کے وہ بیٹے عبدالمطلب کے وہ بیٹے ہاشم کے وہ بیٹے عبد مناف کے وہ بیٹے قصی کے وہ بیٹے
کلاب کے وہ بیٹے مرہ کے وہ بیٹے کعب کے وہ بیٹے لوی کے وہ بیٹے غالب کے وہ بیٹے فہر کے وہ بیٹے مالک کے وہ بیٹے نضر کے
وہ بیٹے کنانہ کے وہ بیٹے خزیمہ کے وہ بیٹے مدرکہ کے وہ بیٹے الیاس کے وہ بیٹے مضر کے وہ بیٹے نزار کے
وہ بیٹے معد کے وہ بیٹے عدنان کے وہ بیٹے اد کے وہ بیٹے ادد کے وہ بیٹے ہمیسع کے وہ بیٹے سلامان کے وہ بیٹے نابت کے وہ بیٹے حمل

وہ بیٹے تھے ایک بیٹا اسماعیل کے دوسرے ابراہیم کے علیہ السلام اور ان سب نامہ کی مشابہت ہے انکا اسماعیلی ملک
ہونا ماہر ہے **تیسری فصل** بیان میں بنی اسماعیل کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان بشارت
سے چند بشارات سے ثابت ہے **اول بشارت** بشارت دانیال ہے بخت نصر بادشاہ
ایک خواب دیکھکر بھول گیا تھا اور اوسنے اپنی ملک کے حکیما اور منجم جادوگر وغیرہ کو حکم دیا
کہ وہ میری خواب بتلاوے کہ مینے کیا دیکھا تھا اور اوسکی تعبیر بھی بتلاوے وہ سب حکیم
جادوگر آخرکو وہ سب عاجز آگئے لیکن خداوند علیم نے وہ خواب اور تعبیر اوسکی حضرت
دانیال علی نبینا وعلیہ السلام کو بتلادی چنانچہ وہ یہ ہے اور وہی بشارت زبان
محمدی ہے دانیال باب (۲) ورس (۳۱) تونے اے بادشاہ نظر کی تھی اور دیکھ
ایک بڑی مورت جسکی رونق بے نہایت تھی تیرے سامنے کھڑی ہوئی اور اوسکی صورت
ہیبتناک تھی (۳۲) اوس مورت کا سر خالص سونے کا تھا اوسکا سینہ اور اوسکی بانہیں
چاندی کی اوسکا شکم اور رانیں تانبے کی تھیں (۳۳) اوسکی ٹانگیں لوہے کی اور اوسکے
پانوں کچھ لوہے کی کچھ مٹی کی تھے (۳۴) اور تو اوسے دیکھتا رہا یہانتک کہ ایک پتھر بغیر اسکے
کہ کوئی ہاتھ سے کاٹ کے نکالے آپسے نکلا جو اس شکل کے پانوں پر جو لوہے اور مٹی کے تھے لگا اور
اونہیں ٹکڑے ٹکڑے کیا (۳۵) تب لوہا اور مٹی اور تانبا اور چاندی اور سونا ٹکڑے ٹکڑے ہوکر
اور تابستانی کھلیانکی بھوسی کی مانند ہوئی اور ہوا اونہیں اوڑا لیگئی یہانتک کہ اونکا پتا نملا اور
وہ پتھر جسنے اوس مورت کو مارا ایک بڑا پہاڑ بنگیا اور تمام زمین کو بھر دیا (۳۶) وہ خواب
یہ ہے اور اوسکی تعبیر ہم بادشاہ کے حضور بیان کرتا ہوں (۳۷) تو اے بادشاہ بادشاہوں کا
بادشاہ ہے اسلئے کہ آسمان کے خدا نے تجھے ایک بادشاہت اور توانائی اور قوت اور شوکت بخشی ہے
(۳۸) اور جہاں کہیں بنی آدم سکونت کرتے ہیں اوسنے میدان کے چوپائے اور ہوا کے پرندے تیرے قابو میں
کرکے تجھے اون سبکا حاکم کیا ہے تو ہی وہ سونیکا سر ہے (۳۹) اور تیرے بعد ایک اور سلطنت برپا
ہوگی اوسکے بعد ایک تیسری سلطنت تانبے کی جو تمام زمین پر حکومت کریگی (۴۰) اور چوتھی سلطنت لوہے کی مانند مضبوط ہوگی

اور جس طرح کہ لوہا توڑ ڈالتا ہے اور سب چیزون پر غالب ہوتا ہے ہان لوہے کی طرح جو سب
چیزونکو کہ ٹکڑے ٹکڑے کرتا ہے اوسی طرح وہ ٹکڑے ٹکڑے کریگی اور کچل ڈالیگی (۴۱) اور جو کہ
تو نے دیکھا کہ اوسکے پاؤن اور انگلیان کچھ تو کمہار کی ماٹی کی اور کچھ لوہے کی تہین تو اوس
سلطنت مین تفرقہ ہوگا اور جیسا کہ تو نے دیکھا کہ اوس مین لوہا گلاوے سے ملا ہوا تہا تو لوہے کی
توانائی اوسمین ہوگی (۴۲) اور جیسا کہ تو نے دیکھا کہ پاؤن کی انگلیان کچھ لوہے کی کچھ ماٹی
کی تہی سو وہ سلطنت کچھ قوی اور کچھ ضعیف ہوگی (۴۳) جیسا تو نے دیکھا کہ لوہا
گلاوے سے ملا ہوا تہا وے آپکو انسان کی نسل سے ملاوینگی لیکن جیسا لوہا مٹی سے میل نہین
کہاتا ویسا وے میل نکہاوینگے (۴۴) اور اون بادشاہون کے ایام مین آسمانونکا خدا ایک
سلطنت برپا کریگا جو تا ابد نیست نہووے گی اور وہ سلطنت دوسری قوم کی قبضہ مین
نہ پڑیگی وہ اون سب سلطنتونکو ٹکڑے ٹکڑے اور نیست کریگی اور وہی تا ابد قایم رہیگی
(۴۵) جیسا کہ تو نے دیکھا کہ وہ پتہر بغیر اسکے کہ کوئی اوسکو ہاتہ سے پہاڑ سے کاٹ نکالے آپ سے
آپ نکلا اور اوسنے لوہے اور تانبے اور مٹی اور روپے اور سونیکو ٹکڑے ٹکڑے کیا خدا تعالی نے وہ
جو کچھ کہ آگے کو ہونیوالا ہے ظاہر کیا اور یہہ خواب یقینی ہے اور اوسکی تعبیر یقینی انتہی پس واضح ہو کہ پہلی
سلطنت بخت نصر کی ہے بادشاہت ہے چنانچہ تعبیر مین اسکی تصریح موجود ہے اور دوسری سلطنت
سے مادیونکی بادشاہت مقصود ہے اور اس سلطنت کا شروع ہی مار ڈالنے بلشضر سے ہے جو کہ
بخت نصر کی اولاد سے ہوا اور بلشضر بسبب بے ادبی کرنیکی بیت المقدس کے برتنونکی ساتہہ
مارا گیا اور صحیفہ دانیل علیہ السلام کی پانچوین باب مین یہہ قصہ مذکور ہے اور قصہ یہہ ہے کہ
جس وقت اون برتنون مین بادشاہ اور اوسکے امرا شراب پی رہے تہے غیب سے ایک ہاتہہ ظاہر
ہوا اور اوسنے دیوار پر کچھ لکھا اور وہ یہہ تہا منی منی تقیل اوفرسین اور اسکے کوئی
معنی نہ بتا سکا حضرت دانیل نے ہی اسکے معنی بتلائے اور فرمایا لفظ منی
کے یہہ معنی ہین کہ خدا نے تیری مملکت کا حساب کیا اور اوسے تمام کر ڈالا

تحقیق کی یہ معنی ہین کہ تو ترازو مین تولا گیا اور کم نکلا اور پہرسین کی یہ معنی ہین کہ تیری بادشاہت
منقسم ہوئی اور مادیون اور فارسیون کو دی گئی اور یہ سلطنت بہ نسبت نصر کی سلطنت سے
ضعیف تہی لہذا اسکو اس سے چہوٹی فرمایا اور تیسری سلطنت سے کیانیون کی بادشاہت
مراد ہے اور اس سلطنت کا شروع پانسو چہتیس برس پہلے مسیح علیہ السلام کی پیدایش سے ہے اور
اور پہلا بادشاہ اسکا کورش ہے جو بابل پر مسلط ہوا اور یاد ریون کی زعم کے موافق وہ بخت
اور اس سبب سے کہ وہ سلطنت ایسی قوی تہی کہ روی زمین پر اوسوقت مین کوئی
اوسکے ہم پلہ نہ تہی سلطنت روی زمین کے ساتہہ اوسکو موصوف کیا اگرچہ وہ فقط
ملک ایران ہی مین تہی اور چوتہی سلطنت لوہے سی بادشاہت اسکندر بن فیلقوس الرومی
کی مراد ہے اور تین سو تینتیس برس پیشتر میلاد مسیح علیہ السلام سے یہ بادشاہ تمام فارس پر
مسلط ہوا اور شروع اس سلطنت کا مثل لوہے کی تباہی اور کوٹنا اوسکا بہی ظاہر
من الشمس ہے اور پہر اسکندر نے تمام زمین فارس کو طوائف ملوک پر منقسم کر دیا
اور فارس کی بادشاہت اسی طرح ظہور ساسانیان تک باقی رہی اور مصداق
مقولہ ضعیف ہو گئی کا ہوئی اور بعد ظہور ساسانیان کے پہر قوی ہوئی اور مصداق
مقولہ قوی ہو گئی کا ہوئی اور سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ مین زمانہ
نوشیروان ساسانی مین پیدا ہوے اور اللہ جل شانہ وجل جلالہ نے
آپ کو سلطنت ظاہری و باطنی عطا فرمائی اور ایران و شام وغیرہ پر آپکو مسلط فرمایا
اور یہی خلافت قایم ہے اور قایم رہی گی اور دوسری کی قبضہ مین انشاء اللہ القدیر
تا قیام قیامت نہ پڑیگی اور یہی پتہر مبارک ہے کہ قدرت معبود برحق سے بغیر اوسکی کہ پہاڑ سے کوئی
ہاتہہ سے کاٹے ظاہر ہوا اور پہر بڑہتی بڑہتی تمام روی زمین کو گہیر لیا الحمد للہ اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی وصف مین اٹہاذین زبور مین یہ ہے کہ وہ پتہر جسے معمارون نے رد کیا کونی کا سرا ہوا اور نیز آپکی
نسبت یشعیاہ علیہ السلام کی کتاب کی اٹہائیسوین باب مین یہ ہے کہ یا خود اسکے خدا وند

یون فرماتا ہے کہ چھتیسوین ہفتہ مین بنیاد کے لئے ایک پتھر رکھونگا اور ان درسون مین انکی صفت بعینہ اسی لفظ کے ساتھ ادا کیا ہے دوسری بشارت بشارت ثانیہ الخ

کتاب دانیال علیہ السلام باب ۸ درس ۱۳ اور مین نے ایک قدوسی کو بولتے سنا اور دوسرے قدوسی نے اوس فلانے قدوسی سے جو کلام کرتا تھا پوچھا کہ وہ رویت دائمی قربانی کی بابت اور اوس اوجاڑنے والی شرارت کی بابت کہ مقدس اور لشکر دونوں دلی کے پامال ہوئیں کب تک ہوگی ۱۴ اوسنے مجھے کہا کہ دو ہزار تین سو دن تک تب مقدس پاک کیا جاویگا ترجمہ فارسی مطبوعہ ۱۸۳۱ء درس ۱۳ پس شنیدم مقدسی متکلم بود و مقدسی دیگر از آن مقدس پرسید کہ این رویا در باب قربانی دائمی و گناہکاری مہلک بہ پامال کردن مقدس و فوج تا کی باشد ۱۴ مرا گفت تا دو ہزار و سہ صد روز بعدہ مقدس پاک خواہد شد ترجمہ عربی مطبوعہ ۱۸۴۴ء درس ۱۳ و سمعت قدیسا من القدیسین متکلما فقال قدیس واحد للآخر المتکلم لا اعرفہ حتی متی الرویا والذبیحۃ الدائمۃ وخطیئۃ الخراب الذی قد صار و یداس القدس والقوۃ ۱۴ فقال لہ حتی المساء والصباح الفین وثلاث مائۃ یوم ویطہر القدس۔ پس واضح ہو کہ اس بشارت کی مصداق مین مفسرین یہود حیران و سرگردان ہین اور اسنادی اقوال واہیہ کو اظہار الحق مین نقل فرماتے ہین انتہی ترجمہ اوسکا یہ ہے قول مشہور جمہور مفسرین یہود یہ ہے کہ اس خبر کا مصداق حادثہ انٹیوکس بادشاہ روم کا ہے اور یہ بادشاہ اورشلیم پر ایکسو اکسٹھ برس پہلے مسیح علیہ السلام کی پیدایش سے مسلط ہوا اور دو ہزار تین سو دن خبر مذکور مین یہی دن معروف ہین اور یوسفس نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے لیکن در حقیقت یہ توجیہ اس خبر کی صحیح نہین ہو سکتی اسلئے کہ بحساب شمسی تقریباً ایام مذکورہ کی چھ برس تین مہینے اور ... ہوتے ہین پس اگر مصداق اسکا حادثہ مذکور ہوتا تو یہ حادثہ اس مدت تک رہنا چاہئے حالانکہ حادثہ مذکورہ کل ساڑھے تین برس ہی رہا چنانچہ یوسفس مذکور نے اپنی تاریخ

کی پانچوین کتاب کے نوین باب مین اس امر کی تصریح کی ہے اور اسیوجہ سے مفسرین مثل اسحاق نیوتن کے کہا ہے کہ اس خبر کا
مصداق انتوکس کا حادثہ نہین ہے اور اخبار آیندہ جیمس پر طامس نیوتن کی ایک
تفسیر ہے اور ۱۸۰۳ع مین یہ تفسیر لندن مین چھپی ہے اور بعضی اس تفسیر کے پہلی جلد مین اولا
مثل اسحاق نیوتن کے اقوال و اپنے مفسرین کو نقل کرکے رد کیا ہے اور کہا ہے کہ
مصداق اسکا انتوکس کا حادثہ نہین ہو سکتا ہے چنانچہ یہ بات تامل سے ظاہر
ہوتی ہے پھر بگمان غالب کہا کہ سلاطین روم اور پوپ اس خبر کے مصداق مین
اور سنہ جاری کی بیت کی بہی حوادث اتیہ مندرجہ انجیل پر ایک تفسیر ہے اور اسنے
دعوی کیا ہے کہ مین نے اس تفسیر کو بہت سی تفسیرون سے ملخص کیا ہے اور ۱۸۴۴ع مین یہ
تفسیر چھپی ہے پس وہ بہی اس خبر کی تفسیر مین لکہا ہے کہ یقینیہ سے مقرر کرنا مدت ابتدا
اس خبر کا علما کے نزدیک نہایت درجہ مشکل رہا ہے اور مختار اکثر مفسرین کا یہ ہے کہ زمانہ
مبدا اس خبر کا چار زمانون مین سے ایک زمانہ ہے جسمین چار فرمان سلاطین ایران کے
صادر ہوئے پہلا پانسو چہتیس برس پہلے میلاد مسیح سے اور اوسوقتمین قورش کا فرمان صادر ہوا دوسرا
پانسو اٹھارہ برس پہلے میلاد مسیح سے اور اوسوقتمین دارا کا فرمان صادر ہوا اور تیسرا چارسو اٹھاون
برس پہلے مسیح علیہ السلام کی میلاد سے اور اسوقتمین اردشیر کا فرمان عزرا کو ساتوین برس جلوس مین
حاصل ہوا چوتہا چارسو چوالیس برس پہلے میلاد مسیح سے اور اسوقتمین نحمیا کو اردشیر کا فرمان بیسوین
سن جلوس مین حاصل ہوا اور دو ہزار تین سو دن سے آخر برس اہین اور باعتبار مبادی مذکورہ کے منتہی
اس خبر کا اس تفصیل پر ہوگا پہلے اعتبار پر ۱۷۶۵ع دوسرے اعتبار پر ۱۷۸۲ع تیسرے اعتبار پر ۱۸۴۲ع چوتہے
اعتبار پر ۱۸۵۶ع لیکن پہلی مدت اور دوسری مدت تو گذر گئی اور تیسری اور چوتہی باقی ہے اور میرے نزدیک تیسرا
قوی ہے اور چوتھا میرے نزدیک یقینی ہے اور بعض مفسرین کے نزدیک مبدا اس خبر کا خروج اسکندر رومی کا
ملک ایشیا پر ہے اور اس بعض کے قول کے موافق منتہی اس خبر کا سن انیس سو چہاسٹہ مین آوے کلام
اس مفسر کا چند وجہ سے مردود ہے پہلے یہ کہ اوسنے لکہا کہ اس خبر کی

مبدء کی تعیین شخص سے ہی مردود ہے اسلئے کہ لا بد مبدء اوسکا خواب کے وقت سے ہوگا
نہ اون رسالون اور دیتون سے جو اوسکے بعد ہین ان اوقات سے اوسکو مبدء کو کیا علاقہ
اور کیا واسطہ اور نیز دو ہزار تین سو دن سے دو ہزار تین سو برس مراد لینے مین
اگر زبردستی نہین تو کیا ہے اسواسطے کہ دن برس کو نہین بولتے ہین اور بیبل مین
بہی جہان کہین بیان مدت مقصود ہے دن برس کے معنون مین نہین آیا ہے اور
اگر کسی اور موقع مین آیا بہی ہے تو مجاز ہوگا اور مجاز پر بغیر قرینہ کے حمل نہین ہوسکتا ہے اور
یہان کون سا اس امر کا قرینہ ہے کہ دن سے برس مراد ہے اور یہ دن متعارف مراد نہین
پس کسیطرح یہ حمل صحیح نہین ہوسکتا ہے اور اسی لئے جمہور مفسرین بیبل نے ایام کو معنی حقیقی پر
رکہا اور وہ توجیہ کی جسکو اسحاق نیوتن اور طامس نیوتن اور اکثر متاخرین نے جو بعد ہین
یہ مفسرین سے ہوے رد کیا اور نیز اگر بالفرض ہم اغماض ابحاث مذکورہ سے قطع نظر کرین تب بہی تو یہ
چارون احتمال اور چارون مبدا اسکے صحیح نہین ہین اسلئے کہ پہلا اور دوسرے مبدء کا غلط ہونا
تو اسکے ماننے ہی مین ظاہر ہوگیا تہا چنانچہ خود اوسنے اس امر کا اقرار کیا ہے اور تیسرے مبدء کا جہوٹ
بہی اب ظاہر ہوگیا اور یہی اوسکے زعم مین بہت قوی تہا بلکہ وہ اوسکے ساتہہ مین جازم تہا
اور ایسے ہی چوتہے مبدء کا کذب بہی ظاہر ہوگیا اور یہ بات ظاہر ہوگئی کہ اکثر متاخرین کی توجیہ
قدما کی توجیہ سے زیادہ نکمی ہے رہا پانچوان مبدء مگر چونکہ یہ قول اوسکے نزدیک بہی ضعیف ہے اور وہ
اعتراض بہی اس پر وارد ہوتے ہین پس اسلئے وہ ساقط الاعتبار ہے اور انشاء اللہ اپنے وقت مین اسکا بہی
جہوٹ کہل جائیگا اور ہی مولف نے سنہ ۱۸۲۸ع مین مطابق سنہ ۱۲۴۴ ہجری کے بہی لکہتے مین اگر دعوی کیا
کہ سنہ ۱۸۴۷ع مین عیسی علیہ السلام آسمان سے نزول فرمائین گے اور اس دعوے کی اسی خبر کو اور اپنے
جہوٹے الہام کو سند گردانتا تہا اور اس خبر کی شرح مین کہتا تہا کہ مبدء اس خبر کا حضرت دانیال
علیہ السلام کی وفات ہے اور دو ہزار تین سو دن سے دو ہزار تین سو برس مراد ہین اور دانیال
علیہ السلام کی وفات چار سو تریسٹھ برس پہلے میلاد مسیح سے ہوئی ہے پس جبکہ چار سو تریسٹھ برس کو

دو ہزار تین سو کم کر دیں تو ایک ہزار آٹھ سو سینتالیس برس رہتے ہیں اب
کہتا ہوں کہ عیسیٰ علیہ السلام اس سال میں نزول فرماویں گے اور اس سے بعضے علمای
اسلام نے مباحثہ بھی کیا اور کلام اوسکا بہت سی وجوہ سے مردود ہے مگر چونکہ
ظاہر ہو گیا اور سنہ ۱۸۴۷ گذر چکا ہے [illegible] اور اب اٹھائیس برس گذر گئے
عیسیٰ علیہ السلام نے نزول نہ فرمایا ایسا [illegible] وجوہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں اور نہایت
باور ہے کہ [illegible] کو شراب کے نشے میں کوئی خیال بندھ گیا ہوگا اوسکو الہام سمجھ لیا اور
دوانی [illegible] کی تفسیر میں ہے کہ اس خبر کی مبدا کا مقرر کرنا پہلے اس سے کہ مصداق اس کا
ظاہر ہو نہایت مشکل ہے اور بعد ظاہر ہونے مصداق کے مبدا اور منتہی کی تعیین ہو جاوے گی اور
یہ بات ایسی ہے کہ ہر شخص کو پیشین گوئی کرنے پر قادر کرتی ہے اسلیے کہ ہر فاسق و فاجر بھی اس بات پر
قادر ہے کہ اس قسم کی خبریں دیوے اور کہدے کہ تعیین مبدا و منتہی اس خبر کا وقت ظاہر ہونے
مصداق کے ہو جاویگا اور انصاف یہ ہے کہ یہ لوگ معذور ہیں اور کلام اہل سے واقف نہیں ہیں اور
کسی نے خوب کہا ہے ع لن یصلح العطار ما افسد الدهر انتہی اقول جو کچھ استاد مرحوم نے
اقوال واہیہ کے رد میں فرمایا وہ عین صواب ہے اور توجیہیں سب غلط اور [illegible] اہل یہود اور [illegible]
الغریق یتعلق بکل حشیش ہیں مگر ان مفسرین پر جو سبب ہماری [illegible] ہے لیکن کلام اہل سے [illegible]
اور توجیہ اوسکی یہ ہے کہ دو ہزار تین سو دن سے دو ہزار تین سو برس مراد ہیں تا کہ مجاز ہو جاوے
اور یہ واہیہ ہے کہ مجاز بغیر قرینہ کے محمول نہیں ہو سکتا اور باوجود اس مجاز لینے کے پیشین گوئی
مبدا کا اور منتہی صحیح نہیں اور نہ شبانہ روز مراد ہیں تا کہ وارد ہو کہ زمانہ [illegible] بھی
اور قید حتی الصباح والمساء ترجمہ عربی کی لغو ہو جاوے بلکہ اون ایام سے ایام [illegible]
مراد ہیں اور یہ دن اکثر ایام اس عالم کے ہیں اور جانب شمال و جنوب میں ہوتے ہیں اور قرینہ اس مجاز کا
وہی قید حتی الصباح والمساء ہے جو ترجمہ عربی میں ہے اور اس خبر کا مبدا جیسا استاد نے فرمایا ہے
وقت خواب کا ہے اور یہ خواب پانسو تریپن برس پہلے میلاد مسیح سے دانیال علیہ السلام نے دیکھا ہے

اور جو کچھ کہ وہ بشارت میں ہے حضرت مسیح نے اپنی امت سے فرمایا ہے سو تفصیل اسکی ساتھ ہی کیا رہ
بیس تجھ میں نیتی بشارت یا انسو ستانو جو عیسی نے اور وہی ہیں محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بعثت مثال حضرت مسیح علیہ السلام کے اسطرح پر ہوئے کلام الہی کی بہری تمام کو بشر
ذکر کیا ہے کہ آپ کے حق میں جو خبر انقال کی یا انسوالنز عیسوی میں ہے جیسا کہ صاحب بدل الاسلام نے
لکھا ہے اور پچیس برس کی ہوئے تب کہ اس سنہ کا اتفاق ہوا اور پچیس کو یا انسو اکنز کی ساتھ
جمع کریں تو ہوتی ہیں یا انسو ستانو ہی جو حضرت نے بشارت دی کہ وہ کاہی ہو تو دین اور کفر و شرک جہان کا
کہ اکا اوسوقت سے او نہ کیا تھا کہ ظہور او سکا خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت میں ہوا
بیسوین بشارت یا بشارت یا یہ یعنی ۲۳ ای باب کی پہلی جو چار زنگی سے مبارک وہ ہے جو تجھسے
اوس سلوک کو جو تو نے ہمسے کیا ہے بدلہ دیگا مبارک وہ جو تیرے لڑکون کو پکڑ کے پتھر پر دے مارے
پٹکے بیو تو کتاب اشعیاہ باب ۱۳ کی بابت الہام بابت جسکو اموص کی بیٹی یسعیاہ نے رویا میں
دیکھا تم ننگے پہاڑ پر ایک جھنڈا کھڑا کرو اونکو بلند آواز سے پکارو اور ہاتھ ہلاؤ وے
سرداروں کی دروازوں کے اندر جاویں میں نے اپنے مخصوص کئے ہوؤں کو حکم کیا میں نے
اپنے بہادروں کو جو میرے خداوند ہیں مسئلے میں بلایا ہے کہ وہ میرے قہر کو انجام دیویں پہاڑوں
میں ایک ہجوم کی آواز ہے ایک بڑے لشکر کا شور ہے مملکتوں اور قوموں کی آواز ہے جو فراہم ہوتیں
رب الافواج جنگی لشکر کی موجودات لیتا ہے ۵ وے دور ملک سے آسمان کی انتہا کی طرف سے آتے ہیں
یعنی خداوند اور اوسکے قہر کے ہتھیار تاکہ ساری مملکت کو برباد کریں ۱۹ - اور بابل جو مملکتوں کی
حشمت اور کسدیوں کی بزرگی کی رونق ہے سدوم اور عمورہ کی مانند ہو جائیگی جسکو خدا نے اولٹ دیا
۲۰ وہ ابد تک آباد نہ ہوگی اور پشت در پشت کوئی اوسمیں نہ بسیگا وہاں ہرگز عرب لوگ خیمے کھڑے نہ
کرینگے اور وہاں گڈریے گلوں کو نہ بٹھاوینگے ۲۱ پر وہاں جنگلی درندے وہاں بیٹھینگے اور اونکے گھروں میں
الو بھرے ہوئے ہونگے وہاں شتر مرغ بسینگے اور بکرے وہاں کودینگے اور بھیڑیے اونکے عالیشان
مکانوں میں اور اژدہے اونکے رنگ محلوں میں چلائینگے اوسکا وقت نزدیک آ پہنچا ہے اور اوسکے دن بڑہائے نہ جائینگے

بست دن۔ تیسونکو ایضاً باب ۱۴ درس ۲۲ کیونکہ رب الافواج فرماتا ہی کہ مین اون پر
چڑھونگا اور مین بابل کا نام مٹا دونگا اور اونہین جو باقی ہین بیٹون اور پوتون سمیت کاٹ
ڈالونگا خداوند فرماتا ہی ۲۳ رب الافواج کہتا ہی مین اوسی خارپشت کی میراث اور ڈابر کی سرزمین
کر دونگا اور مین اوسی فنا کی جہاڑو سے جہاڑ ڈالونگا ۲۴ رب الافواج قسم کہا کر فرماتا ہی کہ
یقیناً جیسا مین نے چاہا ہی ویسا ہی ہو جائیگا اور جیسا مین نے ارادہ کیا ہی ایسا ہی واقع ہوگا کتاب
یرمیاہ باب ۵۰ درس ۱۸ اسلیئے رب الافواج اسرائیل کا خدا یون کہتا ہی کہ دیکہہ مین بابل کے
بادشاہ اور اوسکی سرزمین کو سزا دونگا جس طرح مین نے اسور کی بادشاہ کو سزا دی ہی ۲۹ تیراندازون کو
بلا کے اکٹہا کرو کہ بابل پر جاوین اے سارے کمان کشو ہر طرف سے اوسکے مقابل خیمہ کہڑا کرو کہ
بچنی کی جگہ نہو اوسکی کام کی موافق اوسے بدلا دو سب کچہہ جو اوس نے کیا اوس سے کرو کیونکہ اوس نے
خداوند اسرائیل کی خدا کی آگے بڑی شیخی کی ۳۰ اسلیئے اوسکے جوان بازارون مین گر جائینگے
اور سارے جنگی مرد اوس دن کاٹ ڈالی جائینگے خداوند کہتا ہی ۳۹ اسلیئے دشتی درندے
گیدڑون کی ساتہہ وہان بسینگے اور شتر مرغ اوسمین بسیرا کرینگے اور وہ ابد تک پہر آباد نہوگی
پشت در پشت کوئی اوسمین سکونت نکریگا ۴۰ جسطرح خدا نے سدوم اور عمورہ اور اوسکے نواح
شہرون کو اولٹ دیا خداوند کہتا ہی اوسی طرح کوئی آدمی وہان نہ بسیگا نہ آدمزاد اوسمین رہیگا
۴۱ دیکہہ ایک قوم وہان ایک بڑی گروہ اوتر سے اویگی اور بہتیرے بادشاہ زمین کی سرحدون
برپا کیئے جاوینگے ۴۲ وے کمان اور نیزہ اونہین پکڑینگے وے سنگدل ہین اور رحم نکرینگے اونکی آواز
سمندر کی جوشش کی مانند ہولناک ہی اور وے گہوڑون پر چڑہینگے اور جنگی مردون کی مانند
تیری مقابل اے بابل کی بیٹی صف آرائی کرینگے ایضاً باب ۵۱ درس ۳۶ اسلیئے خداوند
یون کہتا ہی دیکہہ مین تیری حجت کو ثابت کرونگا اور تیرا انتقام لونگا اور اوسکی بحر کو سکہا دونگا
اور اوسکی سوتون کو خشک کر دونگا ۳۷ اور بابل کہنڈر ہو جائیگا اور گیدڑون کا مقام اور حیرانی
اور سنسنی کا باعث ہوگا مشاہدات یوحنا باب ۱۸ اوسکے بعد ان چیزونکی مین نے ایک فرشتے کو آسمان پر سے اوترتے

ہوئی جسکو بڑا اختیار تہا اور زمین اوسکی جلال سے روشن ہوگئی ۲ اور اوس نے زور سے چلا کے
اونچی آواز سے کہا کہ بڑی بابل گر پڑی وہ دیوون کا گہر اور ہر ایک گندی روح کی چوکی
اور ہر ایک ناپاک اور مکروہ پرندیکا بسیرا ہوگئی ۲۰ ای آسمان اور ای مقدس رسولو
نبیو اوس پر خوشی کرو کیونکہ خدا نے اوس سے تمہارا بدلا لیا ۲۱ پہر ایک زورآور فرشتے
نے ایک پتہر بڑی چکی کے پاٹ کی مانند اوٹہایا اور یہ کہتے ہوے سمندر میں پہینکا کہ بابل جو بڑا
شہر یون زور سے پہینکا جائیگا اور پہر کبہی پتہ پایا نہ جائیگا ۲۲ اور بربط نوازون اور
مطربون اور بانسلی بجانیوالون اور نرسنگا پہونکنیوالون کی آواز اس مین پہر نہ
سنی جائیگی اور کسی طرح کا پیشے والا کوئی پیشہ کیون ہو تجہمین پہر پایا نہ جائیگا اور
چکی کی آواز تجہہ مین پہر نہ سنی جائیگی ۲۳ اور پہر تجہہ مین کبہی چراغ روشن نہ ہوگا
اور پہر تجہہ مین دولہا دلہن کی آواز کبہی نہ سنی جائیگی کیونکہ تیرے سوداگر زمین کی
اشراف تہے اور تیرے سوداگروں سے زمین کی سب قومین دغا کہا گئین ۲۴ اور نبیون
اور مقدس لوگون کا اور جتنے زمین پر قتل کیے گئے اونکا لہو اسمین پایا گیا الیضا باب ۱۹
۱ ان چیزون کی بعد مین نے آسمان پر بہت لوگون کی بڑی آواز یہ کہتے ہوے سنی
ہللویاہ نجات اور جلال اور عزت اور قدرت خداوند ہمارے خدا کی ہین ۲ کیونکہ اوسکی عدالتین
راست اور برحق ہین اسلیے کہ اوسنے اس بڑی کسبی کی جسنے اپنی زناکاری سے زمین کو خراب کیا عدالت
کی اور اپنے بندون کی لہو کا بدلا اوسکے ہاتہہ سے لیا الیضا باب ۱۶ ۱۷ اور جب اوس
ساتوین فرشتے نے اپنا پیالہ ہوا مین اونڈیلا تب آسمان کی ہیکل کے تخت کیطرف سے ایک بڑی
آواز یہ کہتے ہوئی نکلی کہ ہو چکا ۱۸ تب آوازین اور گرجین اور بجلیان ہوئین اور بڑا بہونچال
آیا ایسا کہ جب سے آدمی زمین پر ہین ایسا بڑا اور سخت بہونچال کہین نہ ہوا تہا ۱۹ اور وہ
بڑا شہر تین ٹکڑے ہو گیا اور قومون کی شہر گر گئے اور بڑے بابل کی خدا کی حضور یاد ہوئی تاکہ اوسے اپنے
شدت غضب کی مے کا پیالہ دیوے ۲۰ تب ہر ایک ٹاپو ٹلگیا غائب ہو گیا اور پہاڑ کہین پائے نہ گئے

یہ سی اومیون پرمت مین گرادی کرتی اور اولون کی آفت آسمون سے خدا بر کفر لگا کیونکہ وہ مکر اور ذکر زمانہ ہی سخت آفت تھی اور جو موافق ادہر ملائق نے شیخ کی انبیای سابق کے روز میلاد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ایوان کسری ہلا اور چودہ کنگرے اوس کے نیچے گرتے اور تالاب ساوہ جو ایک بہت بڑا تالاب تھا خشک ہوگیا اور وادی سماوہ کہ ہزار برس سے خشک تھی جاری ہوگئی اور آتشکدہ فارس جو کہ ہزار برس سے نہ بجھا تھا سرد ہوگیا اور نوشیروان نے خواب مین دیکھا مین ملاون ... اونکی ایک تا ... بزرجمہر ... کا آتشکدہ ... فردوسی

خواب دیدن نوشیروان و گزارش بزرجمهر آمدن پیغمبر محمد صلی الله علیه وسلم

درین سال یکشب ببالین کنان ‏ ‏ بخواب اندرون شد بشادی کنان ‏ ‏ چنان دید روشن روانش بخواب

که در شب برآمد یکی آفتاب ‏ ‏ چهل پایه نردبان از برش ‏ ‏ که میرفت تا اوج کیوان سرش

برآمد براین نردبان از حجاز ‏ ‏ خرامان خرامان بکشتی دراز ‏ ‏ جهان قاف تا قاف پر نور کرد

بهر جا که بد راتمه سور کرد ‏ ‏ در آفاق هر جا نزدیک و دور ‏ ‏ نه بدکان نه از فر او یافت نور

بهر جا که بد نور نزدیک راند ‏ ‏ جز ایوان کسری که تاریک ماند ‏ ‏ چو بجست آنگه از خواب شید دو شب

بکس بر این کار نگشاد لب ‏ ‏ چو بر قع برافگند از چهر مهر ‏ ‏ بخواند پس پیش خویش بوزرجمهر

بدانا شهنشاه آنچه بخفت ‏ ‏ ز خوابی که او دید یکبار گفت ‏ ‏ چو بشنید بوذرجمهر این سخن

نگه کرد آن خواب تا از بن ‏ ‏ چنین گفت که ای خسرو کامران ‏ ‏ همانا که رازیست اندر نهان

بدو گفت خسرو که بر گوی راز ‏ ‏ که اندیشه گشتم زرنج دراز ‏ ‏ از ان پس چنین گفت بوذرجمهر

که ای رای تو برتر از ماه و مهر ‏ ‏ نگه کردم این خواب را سر بسر ‏ ‏ تو اندر جوابش شگفتی نگر

تعبیر کردن بوزرجمهر خواب نوشیروان را

ازین روز تا چند چهل سال بیش ‏ ‏ نهد مردی از تازیان پای پیش ‏ ‏ که پیش گیرد ره راستی

بپیچد ز هر گونه کاستی ‏ ‏ بهم بر زند دین زردشت را ‏ ‏ همه چون نماید سر انگشت را

بدو نیمه گردد ز انگشت او ‏ ‏ بکین نشکند کسی پشت او ‏ ‏ جهود و مسیحی نماند بجای

سرآرد همه دین پیشین بپای ‏ ‏ به تخت مهی پایه برآید بلند ‏ ‏ دهد مر جهان را بگفتار پند

چو بگشاد زین سر گوهر سنج ۔۔۔ ازو باز ماند بگفتار گنج
شود زرد چهان مه تاج و تخت شاد ۔۔۔ خبر ایوان شه کاخ برباد

پس از دی زبوی یکی شیر بود ۔۔۔ گر بابل گویی و بس شیر بود
سیاهی ببارد بمرد از جهان ۔۔۔ اگرچه بنالد بصلح جهان

بتخت اندر آرد همی او نگون ۔۔۔ زگردان کند مر جهان را نگون
بنفشه بسیم جشن و سند ۔۔۔ شود خاکدان جمله آتشکده

آتش پرستی دهی آفتاب ۔۔۔ سر تخت گردان درآید بخواب
نگه تا شب سیاه چو گفته بود ۔۔۔ از این راز آگاه داور نبود

چو بشنید کسری ز بوزرجمهر ۔۔۔ از ایشان بگردید از رنگ چهر
سه روز باد در غم بود و جفت ۔۔۔ نه اندیشه چون شب آمد نخفت

چنان شد که از شب سیاه تر ۔۔۔ یک آواز آمد جهان پر ز بیم
که گفتی جهان را سر آمد نشست ۔۔۔ پس آنگه یکی گفت ایوان شکست

برآمد همی شاه را دل ز جای ۔۔۔ ندانست آن کار را سر ز پای
به بوزرجمهر آنکه آواز کرد ۔۔۔ ز طاق شکسته بس آغاز کرد

چو آن دید دانا هم اندر زمان ۔۔۔ چنین گفت کای شاه نوشیروان
بتخت اندرون هر چه بد بود گشت ۔۔۔ از آن مهر شب برانداز دشت

چنین ملک ایوانت افگنداد ۔۔۔ که آن ماه پیکر ز مادر بزاد
سواری رسد کهتون باد و با ۔۔۔ که برباد شد کار آن کیست

چنین بود کار سو گروه گرد ۔۔۔ که آزرگی این بانگ گشت سرد
از ینکار دل تنگ شد شاه را ۔۔۔ همین بد زمان شهید اوراه

بدو گفت بوزرجمهر آن زمان ۔۔۔ که زین کار شاها چه باشی تو آن
زمان همی تیغ از جهان کی درود ۔۔۔ پس ایم تو چهار زجه با تجه سود

پس این شاه دیر زیست ۔۔۔ بمرد و برو بر جهانی گریست
پس آن شه پیکار بوزرجمهر ۔۔۔ بپوشید در پرده خاک چهر

برفت و بجا ماند این سخن یادگار
تو هم یادگارش نیز هشیار دار

اور ایک اور یہہ خواب دیکہا کہ اونٹ سرکش عربی گہوڑونکو کہینچتے ہین یہانتک کہ دجلے سے اوتر کر شہرون مین پہیل گئے پس نوشیروان نے ان خوابون کے بعد واسطے تحقیق حال کے کاہنون کے پاس اپنے قاصد بہیجے اور سطیح کاہن کی پاس جو اپنا نظیر اس فن مین نرکہتا تہا قاصد نوشیروان پہونچا اور او سوقت سطیح سکرات موت مین تہا پس قاصد نے اون سب حوادث اور نوشیروان کی خوابونکا بیان کیا پر وہ بولا اور اوسنے بہی بابل کی خرابی کا ذکر کیا اور کہا اذا ظہر التلاوة وبعث صاحب الہراوة وفاض وادی السماوة وغاضت بحیرة ساوة وخمدت نیران فارس فلیس بابل للفرس مقاما ولا الشام للسطیح شاما

یعنے جسوقت تلاوت قرآن شریف کی ہونی لگی اور بہت ہو چکین وصاحب عصا
در جاری ہو جاوے وادی سماوہ اور خشک ہو جاوی بحیرہ ساوہ اور بجھہ جاوی آگ
فارس کی نہ ہی گا بابل فارسیون کا مقام اور شام سطیح کا ہو جائیگا اور یہہ کلمات کہکر
جان بجان آفرین سپرد کے پس اب واضح ہو کہ یہ سب بشارات نبوی ہین اور اوس خرابی بابل کی جو
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت مین ہوئی ہی خبریں اور اوس وقت کی چند شاہد ہین پہلا
شاہد یہہ ہی کہ اولاً داود علیہ السلام نے میلاد مسیح علیہ السلام سی ہزار برس پہلی خبر دی
کہ بابل خراب ہوگا اور اوسکی مخرب کو مبارک فرمایا اور حضرت یسعیاہ علیہ السلام نے قریب
اٹھ سو برس کی پہلی میلاد مسیح سے خبر دی اور فرمایا کہ بابل خراب ہوگا اور مانند سدوم اور
عمورہ کی یعنے قریٰ قوم لوط کی ہو جائیگا اور پہر کبھی آباد نہ ہوگا اور پشت در پشت کوئی اسمین
نہ بسیگا اور پہر ہرگز عرب لوگ وہان خیمے اپنا نہ لگاوینگی اور پہر قریب پانسو برس کی پہلی
میلاد مسیح سی یرمیاہ علیہ السلام نے خبر دی کہ بابل خراب ہوگا اور پشت در پشت کوئی
اسمین نہ بسیگا اور وہ مانند سدوم و عمورہ کے ہو جائیگا اور پہر یوحنا حواری عیسیٰ علیہ السلام کے
یوحنا اونکی حواری نے اپنی مکاشفہ سے بیان کیا کہ بابل ہی بلاشبہہ خون انبیا اور رسولوں
کا لیا جائیگا اور وہ ہمیشہ کو ویران رہیگا اور پہر سطیح نے وقت ولادت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے خبر دی کہ بابل خراب ہوگا پس ان خبروں کے مطالعہ سی معلوم ہوا کہ محمد رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم کی ولادت تک وہ خرابی بابل کی حسب حیثیت پیرا انبیاء کرام نے بیان کی تھی
نہین ہوئی اور اب ہوگی وہو المطلوب چنانچہ زمانہ خلیفہ ثانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت مین سولہوین سنہ ہجری مین بابل اسطرح ہاتہہ مومنون
برگزیدہ سی خراب ہوا اور پہر آجتک آباد نہوا اور نہ انشاء اللہ تعالیٰ تا قیامت آباد ہوگا
والحمد للہ اور یہہ بشارت اس سبب سی کہ حضرت داود علیہ السلام نے مخرب بابل کو
مبارک فرمایا ہی دلیل حقیقت رسالت و خلافت ہی والحمد للہ دوسرا شاہد یہ ہی کہ داود

علیہ السلام نے خرابی بابل بارگ کو فرمایا اور لفظ بابل کی مخبروں میں سے حضرت
مسیح کے سوا اور کسی پر صادق نہین آسکتا تیسرا شاہد یہ ہے کہ یسعیاہ علیہ السلام نے
جو بشارت مثنوی و احمدی راکب الحمار و راکب الجمل کے ساتھ دی ہی اور جسکی
اوس بشارت کا نام بشارت جمسایہ بدیہ رکھا ہی اور اوس بشارت مین راکب الحمار سے
سیدنا عیسی علیہ السلام کی ذات پاک کی طرف اشارہ کیا ہی اور راکب الجمل سے سیدنا محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان فرمایا ہی اوسمین ہی کہ ایک نے اون دو سوارون مین
سی کہا کہ بابل گر پڑا گر پڑا اور اوسکے تمام بت ریزہ ریزہ ہوئی پس اس خبر کی صادق آنے
ذکر بت شکنی سے مفہوم ہوتا ہی کہ یہہ اوس خرابی کا ذکر ہی جسکو ایسی ہی لوگ انجام دین
بلکہ زمانہ احد الراکبین السابقین کا ذکر ہے اور عیسی علیہ السلام تو سزا و جزا کی لئے آئی
ہی نہین تھی اور اونکی حواریون نے جہاد بھی نہین کیا پس اسلئے وہ احتمال اوٹھہ گیا
اور احتمال ثانی یعنی وہ کہ یہہ خبر خرابی بابل زمانہ محمدیہ تک ہو قائم ہو گیا وہو المطلوب
چوتھا شاہد یہہ ہی کہ اس بشارت مین یرمیاہ علیہ السلام نی فرمایا ہی کہ بڑی قوم اوتر
سی آویگی اور وہ اوسی خراب کریگی اور کتاب پیدائش سی معلوم ہوتا ہی کہ یہہ لقب اسماعیل
علیہ السلام کی بعض اولاد مکرم معظم کا ہی اسلیے کہ اوسمین اونکی نسبت فرمایا ہی کہ مین اوسی
بڑی قوم بناونگا پس اس وجہ سی لابد ہی کہ یرمیاہ علیہ السلام کی کلام کی یہہ معنی ہون کہ
اسماعیل ذبیح اللہ کی بعض اولاد حسبۃ للہ بحکمہ ان بابلیون کو ذبح کریگی پس اب دیکھو کہ
کس اولاد سی آپکی یہہ امر ہوا اور کسنی اللہ عزوجل کی احکام کا انجام دیا سوای صحابہ کی
اور کسی کو نہین پاوے گے پس اونہین کی یہ خبر ہے وہو المطلوب
پانچوان شاہد یہ ہے کہ یوحنا حواری عیسی علیہ السلام نے
جنکو آپ رسول کہتی ہین مشاہدہ مین دونون قصون یعنی خرابی بابل و رجم اصحاب
فیل کو ایکدفعہ مین عالم غیب سی دیکھا اور اس سے یون معلوم ہوتا ہی کہ عالم

ظہور مین بھی یہہ قریب قریب ہونگی اور یہہ تو سب جانتے ہی ہین کہ قصہ حجم اصحاب
فیل تھا زمانہ حمل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین ہوا پس دوسرے قصہ کا یعنی خرابی
بابل جسکے حواری نے خبر دی ہے اسی زمانہ کے آس پاس مین ظہور ہونا چاہیئے جیسا کہ زمانہ
خلافت نبوت مین اسکا ظہور ہوا اور بابل جس حیثیت سے کہ یوحنا حواری نے خبر دی
تھی خراب ہوا والحمد للہ حبقوق شعیاہ یہہ ہے کہ یسعیاہ علیہ السلام نے فرمایا وہان
پھر کر عرب لوگ خیمے استادہ نہ کرینگے اس جملہ مین اشارہ اوس قصہ کی طرف کیا ہے جو
قصہ صفین مین واقع ہوا اور وہ یہہ تھا کہ جب وہان لشکر امیر المومنین سیدنا علی ابن ابیطالب
کرم اللہ وجہہ پہنچا آپ نے حکم فرمایا کہ تم یہان خیمے نہ کھڑے کرو اسلئے کہ اس جگہہ پر قہر الٰہی نازل
ہوا ہے اور اس سے بھی حقیت خلافت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اور خبر قصہ صفین ثابت
ہوتی ہے والحمد للہ اور اب یہہ کھلا کہ وہ بابل یہہ بابل فرس نہین ہے بلکہ کوئی اور ہی جو ابھی
خراب نہین ہوا سوای اسکے بہت دہری اوربی الضافی کی کیا ہے پہلی یہہ کہ کوئی بڑا بابل ہوای
اس بابل کے جسکا چاہ مشہور ہے سننے مین نہین آیا دوسری یہہ کہ ایسی بابل جسمین انبیا و رسل
کرام کا خون ہوا ہو سوا اسکی اور نہین جانا جاتا ہے تیسری یہہ کہ خرابی بابل کی بشارت
جلیلہ نہین مسیح علیہ السلام نے یا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی اور اوسکی
بیخ کنی کا حکم فرمایا اور حضرت مسیح علیہ السلام تو جزا و سزا کے لیے آئے نہین تھے
لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو اس کام کے لیے آتے تھے اور سیاق عبارت سے بھی
معلوم ہوتا ہے گویا کہ یہہ فرماتی ہین کہ ہم اس کام کو انجام دلوینگے اور پھر زمانہ خلافت نبوت
مین ہی وہ خراب ہو جاوے تعجب ہے چوتھی یہہ کہ سطیح نے اپنی حالت جان کندنی مین
بعثت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ خرابی شام و بابل کی خبر دی اور
ملک شام تو خراب ہوا اور قتل ہوا ہے اور وہ اوسکی خبر صادق نکلی پھر بابل کیسے اس زمانہ
مین خراب نہوتا اسلئے کہ جب ایک دفعہ کئی خبرین دین اور سب سچی نکلین تو ایک جو

موافق وحی انبیاء کرام ہو تو وہ کیسی ہوئی ہو سوال بیان پیش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی ساتھ بابل کی خرابی کیون شروط ہوئی جواب خرابی بابل کی جس حیثیت سے کہ
خبرون مین مذکور ہی گویا کہ شعبہ خرابی قیامت سے تھی پس اوس زمانہ مین کہ جو نمونہ قیامت
تھا اور قریب قیامت ہونی چاہیے اور وہ زمانہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا
ہی اسلئے کہ آپ سزا و جزا کو لیکے ہے اور آپ مظہر اتم صفات الہی کے ہین ور انکا زمانہ نمونہ
قیامت تھا کہ جس کسی نے آپکے آبا و اجداد و برادران کو تکلیف دی تھی اوسکا بدلا
آپ کی زمانہ مین اوسی لیا گیا اور بابل بھی منجملہ اونہین شہرون کی تھا اسلئے کہ اوس نے حضرت
ابراہیم علیہ السلام کو آگ مین ڈالی گئے ہے اور یہی بنی اسرائیل وہان ستر برس تک قید رہے
اور بیت المقدس سے اونہین بابلیون نے خراب کیا ہے پس اسلئے آپ کے زمانہ پر یہہ سزا بھی
بابل کی موقوف و منحصر تھی اور آپ کی زمانہ مین ہی ہوئی والحمد للہ اور واقدی نے فتوح
عراق مین شہر بہرسیر کی بیان مین ہے کہا واقدی رحمہ اللہ نے اور جب کہ پہنچی سعد موضع
کوثار مین تو اوتری اوس مکان مین کہ قید کیا تھا وہان ابراہیم علیہ السلام کو سو نماز پڑھی
اوسمین اور رحمت کی اللہ کی اور درود بھیجا آنحضرت پر اور پڑھا وتلک الایام نداولہا بین
الناس ولیعلم اللہ الذین امنوا ویتخذ منکم شہداء واللہ لا یحب الظالمین الترجمہ اور یہہ
دن بدلتے لاتے ہین ہم لوگون مین اور اسواسطے کہ معلوم کرے اللہ جسکو ایمان ہی اور کر لی
بعضی تم مین شہید اور اللہ نہین چاہتا ناحق والونکو [illegible] بشارت نہم مزمور زبور
۹ ورس ۷ لیکن خداوند ابد تک تخت نشین ہے اوسنے عدالت کے لئی اپنی مسند تیار کی ہے
۸ اور وہ صداقت سے جہان کا انصاف کریگا اور راستی سے قومونکی عدالت کریگا۔
۱۹۔ اوٹھ اے خداوند کہ انسان غالب نہووے قومون کی عدالت تیرے حضور کیجاوے
۲۰ اے خداوند انکو ڈرا کہ قومین اپنی تئین بشر ہی جانین انتہی اور بیان ہے کہ اللہ تعالی نے
اپنی مسند تیار کی ہی اور وہ صداقت سے جہان کا انصاف کریگا پس یہ مسند انصاف

ڈالنی تیار کرنا۔ بیان روز قیامت نہین ہو سکتا اسلیے کہ ڈرانا اور بشارت دینا اس
دنیا مین ہی نہ آخرت مین اور اس دنیا مین وہ زمانہ جسمین ڈرانا اس امر سے ہو کہ تثلیث
اوٹھ جاے اور توحید قائم ہو جاے وہ زمانہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو پس اسلیے تفسیر
آپ کی زمانہ کی اس بشارت اور نذیر سی ہو گئی والحمد للہ پانچوین بشارت
قدیم الایام صحیفہ دانیال باب ۷ شاہ بابل بلشضر کی پہلی سال دانیال نے اپنے بستر پر
ایک خواب اور اپنی سر کی رویتین دیکہین تب اوسنی اوس خواب کو لکہا اور اوسکا احوال
مفصل بیان کیا (۲) دانیال بولا اور کہا کہ مین رات کو ایک رویا دیکہی اور کیا دیکہتا ہون
کہ آسمان کی چار ہوائین بڑی سمندر پر باہم زور سے چلین (۳) اور سمندر سے چار بڑے
حیوان جو ایک دوسری سے متفرق تہی نکلی (۴) پہلا شیر ببر کی مانند تہا اور عقاب
کی سے پنکہ رکہتا تہا اور مین دیکہتا رہا جب تک کہ کرسیان رکہی گئین اور قدیم الایام
بیٹہ گیا اور آدمی کیطرح پانون پر کہڑا کیا گیا اور انسان کا دل اوسے دیا گیا (۵) اور
کیا دیکہتا ہون کہ ایک دوسرا حیوان ریچہ کی مانند تہا اور وہ ایکطرف سیدہا کہڑا ہوا
اور اسکی منہ مین اوسکے دانتون کی درمیان تین پسلیان تہین اور اونہون نے اوسے
کہا کہ اوٹہہ اور بہت گوشت کہا (۶) بعد اسکی مین نے نظر کی اور کیا دیکہتا ہون کہ ایک اور
حیوان تیندوے کی مانند اوٹہا جسکی پیٹہہ پر پرندے کیسی چار پر تہے اور اوس حیوان کے چار سر تہے
اور سلطنت اوسی دیگئی (۷) اوسکی پیچہی مین رات کی رویتون کی وسیلی دیکہا اور کیا دیکہتا
ہون کہ چوتہا حیوان ہولناک اور ہیبتناک اور نہایت زبردست اور اوسکے دانت
لوہے کی تہے اور بڑی بڑی تہی اور وہ نگل جاتا اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا اور بچتی کو اپنی پانون سے
لتاڑتا تہا اور یہ اون سب حیوانون سے جو اوسکی آگے تہے متفرق تہا اور اوسکو دس
سینگ تہے (۸) مین نے اون سینگون پر غور سے نظر کی اور کیا دیکہتا ہون کہ اونکی بیچ مین
سے ایک اور چہوٹا سا سینگ نکلا جسکے آگے پہلی تین سینگ جڑ سے اوکہاڑے گئے اور

کیا دیکھتا ہوں کہ اوس سینگ میں آنکھیں تہیں انسان کی آنکھوں کے مانند اور ایک موہنہ تہا جو بڑی بڑی باتیں بول رہا ہے ۹ میں دیکھتا رہا یہاں تک کہ کرسیاں رکھی گئیں اور قدیم الایام بیٹھ گیا اوسکا لباس برف سا سفید تہا اور اوسکے سر کا بال صاف اون کے مانند اوسکا تخت آگ کے شعلہ کے مانند تہا اوسکے پہیے آگ کے مثل تھے ۱۰ ایک آتشی سیلاب بہہ رہا جو اوسکے آگے سے نکلا تہا ہزاروں ہزار اوسکے خدمت میں حاضر تھے اور لاکھوں لاکھ اوسکے آگے کہڑے تہے عدالت ہو رہی تہی کتابیں کہلی ہوئی تہیں میں نے دیکھا یہاں تک کہ اوس سینگ کی آواز کے سبب جو بڑی گھمنڈ کی باتیں بولتا رہا آن میں یہاں تک دیکھتا رہا کہ وہ حیوان مارا گیا اور اوسکا بدن ہلاک کیا گیا اور شعلہ زن آگ میں ڈالا گیا اور باقی حیوانوں کی سلطنت بہی اون سے لے لی گئی پر اونکی زندگی قائم رہی ایک مدت اور ایک ساعت تک ۱۳ میں نے رات کی رویتوں کے وسیلے دیکھا اور کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص آدم زاد کے مانند آسمان کے بادلوں کے ساتھ آیا اور قدیم الایام تک پہونچا وے اوسے اوسکے آگے لائے ۱۴ اور تسلط اور حشمت اور سلطنت اوسے دیگئی کہ سب قومیں اور مختلف زبان بولنے والے اوسکی خدمت گذاری کریں اوسکی سلطنت ابدی سلطنت ہے جو جاتی نہ رہیگی اور اوسکی مملکت ایسی جو زائل نہ ہو گی ۱۵ امجہہ دانیال کی روح میرے بدن میں ملول ہوئی اور میرے سر کی رویتوں نے مجہے گہبرا دیا ۱۶ میں اون میں سے جو نزدیک کہڑے تہے ایک شخص کے پاس گیا اور اوس سے اون ساری باتوں کی حقیقت پوچہی اوسنے مجہسے کہا اور ساری حقیقت مجہے بتلائی ۱۷ ای چار بڑے حیوان چار بادشاہ ہیں جو زمین پر برپا ہوں گے ۱۸ لیکن حق تعالی کی مقدس لوگ سلطنت لے لینگے اور ابد تک ہاں ابد الاباد تک اس سلطنت کے مالک رہینگے ۱۹ تب میں نے چاہا کہ چوتھے حیوان کی حقیقت جانوں جو اون سبہوں سے متفرق تہا کہ نہایت ہیبت ناک تہا جسکے دانت لوہے کے اور ناخن پیتل کے تہے جو نگلتا اور ٹکڑے ٹکڑے کرتا اور بچے ہوئے کو اپنے پانوں سے لتاڑتا تہا

۲۰ اور دس سینگون کی جو اوسکی سر پر تہے اور اوس ایک کی جو نکلا اور جس کی آگے تین
گر گئے ۲۱ ان دس سینگ کی جسکی آنکہین تہین اور ایک منہہ جو بڑی گھمنڈ کی باتین بولتا
تہا اوسکا چہرہ اوسکی ساتہیون کی نسبت زیادہ مہیب تہا ۲۱ مین نے دیکہا کہ وہی سینگ
مقدسون سی جنگ کرتا تہا اور اون پر غالب ہوتا رہا ۲۲ جب تک کہ قدیم الایام آیا اور حق تعالیٰ
کی مقدسون کا انصاف کیا گیا اور وقت آپہونچا کہ مقدس لوگ سلطنت کی مالک ہووین
۲۳ وہ یون بولا کہ جو چوتہا حیوان چوتہی سلطنت ہی جو دنیا مین ہوگی ساری سلطنتون سی
متفرق ہوگی اور ساری زمین کو نگلیگی اور اوسی لتاڑیگی اور اوسی ٹکڑی ٹکڑی کریگی ۲۴ اور
وہی دس سینگ جو ہین سو دس بادشاہ ہین جو اس سلطنت مین اوٹہینگے اور اونکی بعد ایک اور اوٹہیگا اور وہ پہلون سے متفرق
ہوگا اور تین بادشاہون پر غالب آویگا ۲۵ اور وہ حق تعالیٰ کی مخالفت مین باتین کہیگا اور حق تعالیٰ کی مقدسون کو تصدیع دیگا
اور چاہیگا کہ وقتون اور شریعتون کو بدل ڈالی اور وے اوسکی قبضہ مین دی جاوینگی
یہان تک کہ ایک مدت اور مدتین اور آدہی مدت گذر جاویگی ۲۶ پر عدالت بیٹہیگی اور وے
اوسکی سلطنت اوس سے لے لینگے کہ اوسے ہمیشہ کی لیے نیست و نابود کرین ۲۷
اور تمام آسمان کی تلی کی ساری مملکتین اوسکی بندگی کرینگی اور فرمانبردار ہووینگے

بسم اللہ الرحمن الرحیم وبہ نستعین تنبیہ لکہی ہین ہر ورس ۱۷ ایسی بڑی چار حیوان
چار بادشاہین جو زمین مین برپا ہونگی لیکن حق تعالیٰ کی مقدس لوگ سلطنت لیینگی ورس ۲۳
وہ یون بولا کہ چوتہا حیوان چوتہی سلطنت ہی جو دنیا مین ہوگی الخ پس اس
تفسیر فرشتہ معصوم سی چارون حیوان شیر ریچہہ تیندوا اور ایک حیوان ہیبتناک غیر
مسمی چار سلطنتین معلوم ہوئین اور چوتہی حیوان غیر مسمی کی دس سینگ دس بادشاہ اولو العزم
جنکو کلمۃ اوٹہنیکی بیان فرمایا ہی معلوم ہوئی اور گیارہوان سینگ بہی اس سلطنت کا ایک
بادشاہ نکلا اور تین اوسمین ورس کو دیکہنی کی بہی تین بادشاہ نکلی مگر یہہ سینگ اونکو اکہاڑ ڈالیگا
اور یہہ سینگ یعنی بادشاہ باتین گھمنڈ کی بولیگا اور مقدسون سی جنگ کریگا مضمون

تعبیر مدت دوم ۲ اور ہپر ہفتہ معدوم کیا السیح معلوم ہوا کہ اس سینا کے ابتدا اسکی مدت اور ہپر نا ایک نا آدہی مدت تو یہ سلطنت اور رہیگی اور پہر مشتبہ ہو کر اوسکی سلطنت کو زوال ہو جاویگا پس ایسے اولا تفسیر و تطبیق تعبیر معدودہ کوتہ ہوا پس یہ خواب میں فارس میں دیکھی گئی جس زمانہ میں بنی اسرائیل وہان تہا اور اسی کتاب دانیل میں شروع سے اسکا بیان ہے اور شروع بشارت ہزار ادریشاہ بابن بلشفر کی پہلی سال میں موجود ہے پس زمین سے اس تعبیر میں وہی زمین مراد ہی اور وہانکی ہی سلطنت کا یہ خیال ہے اور بیان ان سلطنتونکا یہ ہے سلطنت اول بلشفر کی ہے جسکے پہلے سال جان میں یہ خواب دیکھی گئی اور بادشاہ بسبب بی ادبی ظروف بیت المقدس کی قتل ہوا اور ماویونکی سلطنت شروع ہوئی اور بشارت دانیلیہ تحریر میں بیان اسکا گذر گیا دوسری سلطنت ماویون کی ہے اور اسی دارا ماوی ہے اوسکا شروع ہے اور پہر تیسری سلطنت کیانیونکی ہے اور شروع اس سلطنت کا پانسو تیس برس پیشتر میلاد مسیح سے ہوا اور پہلا بادشاہ اس سلطنت کا قورس ہے اور چوتہی سلطنت ساسانیون کی ہے اور پہلا بادشاہ اس سلطنت کا اردشیر بابکان ہے اور نوشیروان تک جنکی سلطنت ایکسو تیس یا ایکسو تیس برس سے زیادہ رہی تہا اور کلمہ اوٹینگے اور نیز صادق آئے اس سلطنت میں دس بادشاہ ہوئے یعنی اردشیر بابکان ۱۴ سال شاپور بن اردشیر ۳۱ سال بہرام بن بہرام بن بہرام ۱۳ سال شاپور بن ہرمز ۷۲ سال بہرام بن شاپور اول ۱۴ سال یزدگرد ۲۲ سال بہرام گور ۲۳ سال یزدگرد ثانی ۱۸ سال قباد ۴۳ سال نوشیروان ۴۸ سال پس یہ اولین دس سلاطین کا جنکو ہفتہ معدودہ فی بیان فرمایا تہا کہ دس سینگ یعنی دس بادشاہ مراد ہوئے ہو گیا اور پہر تفرقہ سر خر کی بادشاہ اس سلطنت کا خسرو پرویز ہے اور خسرو پرویز نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمانکہ ساتہ بہی ادبی پیش آیا اور نامہ مبارک کو چاک کر کر اپنی سلطنت کا فرمان چاک کرایا اور بواسطہ بادشاہ حاکم یمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دارسلمین بلوانا چاہا تہا اور بیان اسکا یہ ہے کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے سات برس

من تحریری فرامین محمدی سلاطین کو لکہی اور دعوت الی اللہ کی منجملہ اونکی ایک نامہ شاہ فارس
بد نصیب نسل کسری کو تحریر فرمایا جسکا ترجمہ یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم محمد رسول اللہ سے
بجانب کسری بزرگ فارس کے سلام اوس شخص پر جو اتباع راہ راست کرے اور اللہ تعالی
کی طرف پہرے اور گواہی دے اس بات کی کہ خدا ایک ہے اور محمد اوسکے بندے اور رسول
ہین مین تجہے اسلام کی طرف بلاتا ہون تحقیق مین اللہ کا رسول ہون تمام آدمیون کی طرف
تا ڈراؤن اور الزام حجت کرون کافرون پر مسلمان ہو تاکہ تو سلامت رہے اور اگر انکار اور سرکشی
کریگا تو بہ تحقیق مجوسیون کا وبال تیرے اوپر ہوگا پس بمجرد شرف نزول نامہ گرامی و بعد حصول مطالعہ
نامہ نامی شیطان لعین آگ بگولا ہو گیا اور تکبر کی باتین بولا اور کہا کہ محمد باوجود میری رعیت
ہونیکے ایسا لکہیں اور اپنا نام میرے نام سے اوپر لکہیں اعوذ باللہ من الجہل المرکب اور رسول رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی بات بہی نہ پوچہی بلکہ جواب بہی نہ لکہا اور گرامی نامہ چاک کر دیا اور ایسے
لکہا تہے فمزق کتابی مزق اللہ ملکہ یعنی جسنے میرا نامہ چاک کیا اللہ اوسکی سلطنت کو چاک کرے
یا بلکہ اوسکی سلطنت کو ٹکڑے ٹکڑے کیا اور بعد ازان اوس بدبخت ازلی و شقی لم یزلی نے باذان کو
جو اوسکی طرف سے حاکم یمن تہا لکہا کہ سنا گیا کہ کوئی شخص عرب مین دعوی پیغمبری کرتا ہے لازم
ہے کہ بواسطہ چند اشخاص معتمد کی اسطرف روانہ کرو باذان نے موافق اوسکے حکم کے بابویہ اور خرخرہ
کو خدمت نبوی مین تحقیق حال کے لیے بہیجا اور خدمت بابرکت مین لکہا کہ ان دونون کے
ساتہہ کسری کے پاس جانا چاہیے پس وہ اول طائف مین آئے اور پہر مدینہ منورہ مین خدمت
نبوی مین حاضر ہوئے اور سبب حضوری بیان کیا آپ نے اونکی شوخی تکلف سے تبسم فرماکر
اول دعوت اسلام کی اور پہر فرمایا کل اسکا جواب ملیگا بروز آیندہ آپ نے فرمایا کہ باذان
کو خبر دو کہ میرے پروردگار نے رات گذشتہ سات بجے شیرویہ سے خسرو پرویز کو مروا ڈالا اور
شیرویہ نے خسرو پرویز کا شکم چاک کر دیا اور باذان کو بوساطت اونہین رسولان کسری کے
دعوت اسلام کی اور خوشخبری شیوع اسلام کی ملک فارس مین دی اور بصورت اسلام

باذان کو حاکم مین مقرر فرمایا چنانچہ باذان لعد تصدیق خبر قتل خسرو پرویز اور
تحقیق شریعت کی اون کو کہہ بہی خبر دی تہی کہ تعرض نکرو تو صحابہ ہوا حتی ان مسلمان ہوئے
پس اتفاق این قصہ سے تصدیق درس ۲۵ کلام معصوم اور وعدہ حق تعالی کی مخالفت
مین باتین کریگا ہو جایگا کہ وقتون اور شریعتون کو بدل ڈالے ہو گئی اوس سے زیادہ
اور کیا بلند ہوگا کہ صاحب شریعت سے بہی مواخذہ کرنیکا ارادہ کیا اور نیز قتل خسرو پرویز
سے تصدیق درس امین ذریعہ یہانتک کہ اوس شیاء کی اوانکی سبب جو بڑی گہمنڈ
کی باتین بولتا رہا مین یہان تک دیکہتا رہا کہ وہ حیوان مار گیا اور اوسکا بدن ہلاک
کیا گیا اور شعلہ زن آگ مین ڈالا گیا ہو گئی اور یہہ وزن خسرو پرویز کہ جہتی ہوئیکی بہی خبر دی ہے اور
خسرو پرویز نے تین بادشاہون پر غالب ہوا اول ہرمز پر کہ اوس سے سلطنت لی لی
دوسری بہرام چوبینہ پر جو بادشاہ ہو گیا تہا تیسری گستہم پر اور وہ بہی گویا کہ بادشاہی تہا
اور کلام ملک معصوم مین ہے وے اوسکی تبصیر ڈیڑہ جا وینگی یہان تک کہ ایک مدت اور
مدتین اور آدہی مدت گزر جائیگی ۲۶ پر عدالت بیٹہیگی الخ اور تفسیر اس کلام کی یہہ ہے
کہ بعد ہلاکت اس شخص کے یہہ سلطنت قرن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرن شیخین یعنی
حضرت ابوبکر الصدیق خلیفہ اول و حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ ثانی اور نصف قرن حضرت
عثمان رضی اللہ عنہ وارضاہ تک رہی کہ یزدگرد بادشاہ سلطنت مذکور کا اوس وقت تک
زندہ رہا اور کہین کہین سامان فساد برپا کرتا رہا گو دار السلطنت خلافت حضرت عمر
رضی اللہ عنہ مین تحت حکومت مسلمانون کی آگیا تہا اور مسلمان مالک ہو گئے تہے اور
سن انتیسوین ۲۹ ہجری مین ٹہیک نصف خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مین وہ ہلاک
ہوا اور وعدہ الہی پورا ہوا تنبیہ کعب احبار رضی اللہ عنہ نے جو زمانہ لوہی مین حضرت
عثمان رضی اللہ عنہ کی عمر بیان کی تہی شاید اسی بشارت سے اخذ کر کے بیان کی تہ تفسیر و تطبیق
کلام ملک معصوم پوری ہوئی اب چند امور متعلق اصل کلمات خواب ضروری البیان تہ

نوین ورس مین آپ نے یہان تک دیکھا کہ کرسیان رکھی گئین اور قدیم الایام شیرکی
قدیم الایام یا مصداق اول ما خلق اللہ نوری محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کرسیان
بمشابہ مساجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے
وقت بیٹھنے تخت سلطنت پر یزید پلید کی یہی دیکھا تھا کہ منبر حضرت معاویہ رضی اللہ
عنہ اولٹ گیا اور معاً دیکھتی ہی اس خواب صادق کی اپنے وطن مالوف مدینہ منورہ
یا ہی حرم مکہ مو ذ تہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفید لباس کو دوست رکھتے تہے اور
خاص بروز جلوس تخت یعنی منبر روز جمعہ لباس نو یا شستہ ملبوس کے ساتھ زینت فرماتے
اور امت کو بھی یہی حکم فرمایا ہے اور آپکی موی مبارک صاف سنہری اون کی مانند تہے حلیہ شریف
آپکی موی مبارک کو بکریونکی بالونکی ساتھ تشبیہ دی ہے اور آپ اکثر سر مبارک مونڈتی تہے اور شانہ
کرتے تہے اور مانگ بہی نکالتے تہے اور موی پریشان سے آپ ناخوش ہوتے دسوین
ورس مین بہی ایک آتشی سیلاب بہہ رہا جو اوسکے آگے سے نکلا تہا ہزار ہا
ہزار اوسکی خدمت مین حاضر تہے لاکھون لاکھہ اوسکے آگے کہڑے تہے آتشی
سیلاب وہی حکم تہا دینے جسمین احراق نخل وغیرہ ہوا اور تمام زمین اور آسمان
دست بستہ آپکی خدمت مین موجود اور بظاہر لاکھون ہزارون خدمتمین حاضر تہی غزوہ تبوک
مین بعض روایات کے موافق ستر ہزار آدمی کی قریب تہی حجۃ الوداع مین بی شمار آدمی تہے تو
عدالت ہو رہی تہی ظاہر ہی قولہ اور کتابین کہلی ہوئی تہین بصورت فرقان مجید کو ایک کتاب
ہے اور نزول کا نام مجید سے تمام کتابین ماضیہ کہل گئین تیرہوان ورس ہی مینی رات
رویتون کے وسیلے دیکہا اور کیا دیکہتا ہون کہ ایک شخص آدم زاد کی مانند آسمانکی بادلون کے
ساتھہ آیا اور قدیم الایام تک پہونچا وے اوسے اوسکے آگے لائے یہہ بیان نزول
وحی الہی کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بواسطہ جبرئیل عم کے شروع رسالت کا ہے
اور حضرت جبرائیل بشکل انسان نورانی اسوقت آئے تہے اور بادلون میری سی آئی تہی

اور ان حضرت کو باولدین پر بھی انتزاع چودھوان درس ہی اور تسلیا اور حشمت اور شان
ادسی دیگئی کہ سب قومین اور امتین اور مختلف زبان بولنی والی اوسکی خدمتگذاری
کرین اوسکی بادشاہت ابدی سلطنت ہی جو جاتی نرہیگی یہہ درس بیان کرتا ہی کہ
اپکی رسالت تمام ہی کسی ملک اور کسی زمانہ کی ساتھ مخصوص نہین ہی اور ایسی ہی ساتھ خلافت باطنی
کی خلافت ظاہری کی بھی خبر دی ہی اور ختم نبوت اور دوام سلطنت ظاہری کو بیان کری ہی
آٹھوان درس یہ نہ دیکہا کہ ہی سینگ مقدسونسی جنگ کرتا اور اونپر غالب ہوتا رہا جبتک کہ
قدیم الایام آیا اور وقت آپہونچا کہ مقدس لوگ سلطنت کی مالک ہون یہ بیان تحریر ناممی
نامی بسوی خسرو پرویز ہی اور آنا قدیم الایام کا قدیم الایام کی رسول کا آنا ہی اسلئے کہ رسول کا
گویا کہ رسول کا حکم ہوتا ہی جیسے **بشارت** بشارت تنزیلیہ صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۲۸ - درس
(۹) وہ کسکو دانش سکہاویگا اور کسکو وعظ کرکے سمجہاویگا اونکو جنکا دودہ چہڑایا گیا جو
چہاتیونسی جدا کئی گئی (۱۰) کیونکہ حکم پر حکم قانون پر قانون قانون پر قانون ہوتا جاتا تہوڑا یہان تہوڑا اوہان
(۱۱) ہان وہ وحشی کی سی ہونٹہون اور اجنبی زبانسی اس گروہ کی ساتھ باتین کریگا
(۱۲) اور اونسی اوسنی کہا کہ یہہ وہ آرامگاہ ہی تم اونکو جو تہکی ہوئی ہین آرام دیجیو اور یہہ چین
کی حالت ہی پر وی شنوا نہوویں (۱۳) سو خداوند کا کلام اونسی یہہ ہوگا حکم پر حکم
حکم پر حکم قانون پر قانون قانون پر قانون تہوڑا یہان تہوڑا وہان تاکہ وی چلی جاوین
اور پچہاڑی گرین اور شکست کہاوین اور دام مین پہنسین اور گرفتار ہووین (۱۴)
پس ای ٹہٹہا باز آدمیو جو اس گروہ کی یروسلم مین ہی حکمرانی کرتی ہو خداوند کا کلام
کو دولا ہی اور یثرب بادشاہ سید عالم محمد رسول اللہ صلی علیہ وسلم اور جنہ جنہات نا ثبت
ملین نعت خلافت ظاہری کی رسالت عامہ کے ساتھ اس نام کے ساتھ آدمی کیا ہی اور جا کے
تخصیص کی نسبت ہی خلافت کی جہان ملک ہی خلافت ہے آپ کے شہر کا خصیب
بہی لیتی تہی باعث دار الہجرہ یعنی آپ کی ہی مدینۃ الرسول بلی سے ہی نام سمجھا
اور وہ منعلیت بطرف اوتر یعنی شمال کے واقع ہے اگر شاب ہو نقشہ موجود ہو
تا مدینہ منورہ کی نسبت انکی طرف ہوتا کہ آپکی نام ہے پہلے سے مشہور
تہا اطراف بہی مشہور ہے کہ سرور انبیاء علیہ وعلیہم السلام ہجرت ہوگا درس ۳۲ اور
مخلوق میں مشہور ہے کہ خدا جای پناہ سے ہم کیونکہ دیکھ بادشاہ ہم ای النحبیان
غزوہ احزاب ہی اور خدای جای پناہ سے ترکیب مقلوب ہے دراصل جای پناہ خدا
ہے یعنی خداوند کریم نے اپنی حبیب کا دار الہجرۃ و دار الامن مدینہ منورہ کو قرار
دیا ہی اور یہہ بات مدینہ منورہ میں مشہور ہے اور یہہ درس اس تجربہ کی طرف بھی
شہید جسکو انصار نے غزوہ احد میں بیان کیا تہا کہ اس شہر پر جب کوئی غنیم آتا ہے
اگر مدینہ منورہ میں رہکر اپنے شہر میں سے اوس سے لڑتے ہیں تو ہمیشہ فتح پاتی ہے
اور اگر باہر جاکر لڑتے ہیں تو شکست اوٹھاتی ہی اور غزوہ احد میں تصدیق اسکی
ہوگئی اور نیز عدم رضاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احد کی دن باہر نکلنے کو اسی
درس اور اس تجربہ کی تصدیق فرماتی ہے اور قول دیکھ بادشاہ با ہم ای احزاب
کا گویا کہ ترجمہ ہے یعنی بہت قبیلہ اور سردار ملکر چڑھ آتے چنانچہ انشاء اللہ مکان
اوسکا غزوات میں آئیگا اور اونکے بہاگ جانے کی نسبت کا بیان ہی جو باد صبا کا چلنا تو
لوگ ہوا بہی کہتی ہیں نادر سی چلنا جس سے خیمے اوکھڑ گئے آگ بجھ گئی گھوڑے
چھوٹ گئے آخر دق ہوکر بہاگ گئے الغرض کون لڑ سکے اگر پھر تی تو مثل قوم

قوم عاد کی ہلاک ہونے اور آٹھوان درس اس بشارت کی تعیین ہونی کو بیان فرماتا ہی گویا کہ اس بشارت کا یہ
حضرت داؤد کی نزدیک عین الیقین کا ہے اور قولہ خدا اوسی ابد تک برقرار رکھیگا اس امر کو بیان کرتی ہی کہ یہ شہر
مدینۃ الرسول قیام قیامت تک آباد رہیگا بیان بشارات سیزدہمیہ غیر متعلقہ ہجرت ظاہر اسکا
مکاشفات یوحنا باب ۱۹ درس ۱۳ اور خون مین ڈوبا ہوا لباس پہنی ہوی تھا اور اوس کا نام کلام خدا ہی
انجیل یوحنا باب ۱۶ درس ۱۳ فاذا جاء روح الحق ذاک فہو یعلمکم جمیع الحق لانہ لیس ینطق من عندہ بل یتکلم بکل ما یسمع
ویخبرکم بما سیاتی ترجمہ اردو مطبوعہ مرزاپور لیکن جب وہ روح آوی وہ تمہین ساری سچائی کی راہ بتاویگی اسلئے
کہ وہ اپنی نکہیگی بلکہ جو کچھ وہ سنیگی سو کہیگی اور تمہین آیندہ کی خبرین دیگی صحیفہ ایسعیاہ باب ۵۲ درس ۱۳
میرا بندہ اقبال مند ہوگا اور ستودہ ہوگا یعنی آپ کی تمام حرکات سکنات قابل تعریف کی ہون گی اور زیادہ بلند
اسکا مجد ہوگا آٹھوین فصل سراپای محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان مین غزل الغزلات باب ۵
درس ۸ ای یروشلم کی بیٹیو مین تمہین قسم دیتی ہون کہ اگر تمہین میرا محبوب ملجائی تم اوسی کہیو کہ مین
عشق کی بیمار ہون ۹ تیری محبوب کو دوسری محبوب کی نسبت کیا فضیلت ہے ای تو جو عورتون مین
جمیلہ ہی تیری محبوب کو دوسری محبوب سی کیا فوقیت ہی جو تو ہمین ایسی قسم دیتی ہی ۱۰ میرا محبوب سرخ و سفید
دس ہزار آدمیونکی درمیان وہ جھنڈی کی مانند کہڑا ہوتا ہی ۱۱ اسکا سر ایسا جیسا چوکھا سونا اوسکی زلفین
پیچ در پیچ ہین اور کوی کی سی کالی ہین ۱۲ اوسکی آنکھین ان کبوترونکی مانند ہین جو لب دریا دودھ مین
نہائی تمکنت سی بیٹھتی ہین ۱۳ اوسکی رخسارین پھولونکی چمن اور بلسان کی ابھری ہوئی کیاریونکی مانند ہین
اسکی لب سوسن ہین جن سی بہتا ہوا مر ٹپکتا ہی ۱۴ اوسکی ہاتھ ایسی ہین جیسی سونی کی کڑیان جن مین
ترسیس کی جواہر جڑی گئی اسکا پیٹ ہاتھی دانت کا میناکام ہی جس پر نیلم کی گل بنی ہون ۱۵ اسکی پیر ایسی
جیسی سنگ مرمر کی ستون جو سونی کی پایون پر کہڑی کیئی جاوین اسکی قامت لبنان کی سی ہے
وہ خوبی مین دشنگ سرو سی ۱۶ اسکا موہنہ شیرینی ہی ہان وہ سراپا عشق انگیز ہی ای یروشلم کی بیٹیو
یہ میرا پیارا ہی یہ میرا جانی ہی ایضاً باب ۴ دیکھ ای میری جانی تو شکیل ہی دیکھ تو خوبصورت ہی
تیری آنکہین تیری چادر کی بیچ کبوترون کی سی ہین تیرا بال بکریون کی گلی کی مانند ہی جو کوہ

بالیدہ تیری چھاتیان ہرنون کے جوڑا دو بچونکی مانند ہین جو سوسنون کے درمیان چرتی ہین تیرے دانت بہیڑون کی گلی کی مانند جنکے بال کترے گئی اور جو نہلائی گئی ہین ہر ایک دو دو بچے جنتی ہے اور ان مین ایکبھی بانجھہ نہین ہے تیرے لب لال ڈوری جیسی ہین تیرا موںہہ خوب ہے تیرے رخسار تیری چادر کی بیچ آدہی انار کی مانند ہین ۴ تیری گردن داؤد کا برج ہے جو سلاحخانہ کی لئی بنا ہے اسپر ہزار سپرہان لٹکائی گئی وہی سب کی سب پہلوانونکی سپرہین ۵ تیری دو چھاتیان دو آہو بچون کی مانند ہین جو ایکساتہہ پیدا ہوی ہین جو سوسنونکی درمیان چرتی ہین ۶ جب تک دن ڈہلی اور سایہ ہٹ جائی مین مرکی پہاڑ اور لبان کی ٹیلہ کو جا رہونگا ای میری پیاری تو سراسر جمال ہے تجہہ مین کوئی عیب نہین الفصل باب ۷ تیری پانوکہ کرگابیان پہنی ہوی ای شاہزادی کیا خوب معلوم ہوتی ہین تیری کولہون کی گولائی جواہر کی لڑی کی مانند ہے جیسا کسی استاد کا ریگر نے بنایا ہے ۲ تیری ناف گول پیالہ ہے جس مین ملائی ہوئی می کی کمی نہین ہے تیرا پیٹ گیہون کے ایک ڈہیری ہے جس کی آس پاس سوسن لگی ہین ۳ تیری دو چھاتیان دو آہو بچونکی مانند ہین جو ایکساتہہ پیدا ہوی ہین ۴ تیری گردن ہاتہی دانت کی برج کی مانند ہے تیری آنکہین حسبون کی تالابون کی مثل ہین جو بت ربیم کی پھاٹک پر ہین تیری ناک لبنان کی برج کی مثال ہے جو دمشق کی رخ بنا ہی ۵ تیرا سر تجہہ پر کرمل کی مثل ہی اور تیری سر کا بال ارغوانی مانند ہین بادشاہ تیری کاکلونسی الجہا ہی ۶ ای محبوبہ تو کیسی جمیلہ ہی عیش کی لئی کیسی جان فزا ہی ۷ یہ تیرا قد کہجور کی مثال ہی اور تیری چھاتیان انگور کی گچھون کی مانند ہین اور تیری سانس کی رائحہ سیب سا ہو وی بسم اللہ الرحمن الرحیم والحمد للہ رب العالمین والصلوۃ علی رسولہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین اما بعد مژدہ ہو کہ ان تینتالیسون مین تمام سراپای محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہوا اب پانچوین باب کی ان دو درسون مین درس ۸ ای یروشلم کی بیٹیو مین تمہین قسم دیتا ہون کہ اگر تمہین میرا محبوب ملجائی تم اوسی کہیو مین عشق کی بیمار ہون ۹ تیرا محبوب دوسرے محبوب سی کیا فضیلت ای تو جو عورتون مین جمیلہ ہی تیرا محبوب کو دوسری محبوب سی کیا فوقیت ہی جو تو ہمین قسم دیتی ہی اور وہ عاشق اور وہ معشوق نکا بیان ہے اور آسمین وہ عاشقونکی کلام ہی

اور ذکر اوصاف محبوب ہی اور وہ دو عاشق قبلتین یعنی کعبہ معظمہ اور مسجد اقصی صخرۃ اللہ
قبلہ بنی اسرائیل کی اور دو محبوب محبوب الہی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت روح اللہ
مسیح علیہ السلام محبوب الہی منظور نظر کعبہ معظمہ مین اور مسیح علیہ السلام محبوب صخرہ مسجد اقصی
کعبہ شریف نے صخرۃ اللہ سے کہا کہ اگر تمہین میرا محبوب یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ملجائین تم اوس سے کہیو کہ مین عشق کی بیمار ہون صخرۃ اللہ نے جواب دیا کہ یہی میری اور تیری محبوب
دونون پیدا نہین ہوی ہین پس تو بھی اپنے محبوب کا سراپا سنا دے تاکہ مین شناخت کر
لون پس کعبہ شریف نے تمام سراپای نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
صخرۃ اللہ سے ملی اور سولہ مہینے تک وہ قبلہ آپکا رہا اور پھر وہ حکم منسوخ ہوا اور محبوب الہی
اپنی جان نثار کی طرف متوجہ ہوگئے اور آیہ کریمہ قد نری تقلب وجہک فی السماء فلنولینک
قبلۃ ترضہا فول وجہک شطر المسجد الحرام نازل ہوی اب کعبہ معظمہ نے بیان سراپای نبوی کا
پہلی آپکی جسم مبارک کی رنگت کا بیان کیا بیان رنگت جسم مبارک باب ۵ ورنہ
میرا محبوب سرخ و سفید ہی کعبہ شریف نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جسم کی رنگت
سرخ و سپید بیان کی اور واقعی آپکی جسم پاک کی یہی رنگت تھی اسلیے کہ آپکی جسم مبارک کی
رنگت کی بیان مین مدارج النبوۃ مین ہی سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے ایک روایت مین
ابیض مشرب اور دوسری روایت مین ابیض مشرب بحمرۃ آپکی جسم مبارک کی رنگت کی بیان مین
وارد ہوا ہی اور ابیض مشرب بحمرۃ اسے ہی کہتی ہین جو سرخ و سپید ہو یعنی سپیدی مین سرخی
دہکتی ہو اور نیز مدارج النبوۃ مین ہی نسائی شریف مین ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ ایک روز
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی صحابہ مین تشریف رکھتی تھی ایک بدوی نے آکے پوچھا ابن عبد المطلب
کہان ہین عبد المطلب کے بیٹے یعنی جو اللہ عز وجل کی رسول ہین صحابہ نے کہا ہذا الامغر المرتفق یہ سرخ
و سفید ہین جو تکیہ لگائے ہوئے بیٹھی ہین قاموس مین ہی امغر وہ شخص ہے کہ جسکی چہری کی سپیدی مین
سرخی دہکتی ہو اور سیدنا عیسی علیہ السلام کا رنگ مبارک بہت ہی سرخ تھا شعر رگسار و ہای اجار

تھا سپید ہی اور کچھ سرخی کی سات ؛ انکی چہری کی چمک کچھ اور تھی اور رنگت مین ملک کچھ اندیشہ
بیان حسن احمدی غزل الغزلات باب ۳ دیکھ ای میری جانی تو شکیل ہی دیکھ تو خوبصورت ہی
اس در مثل مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حسن کا بیان ہی اور درحقیقت حسن ظاہری بھی
انکا تمام عالم کی حسینون سے بڑہا ہوا تھا اسلیئے کہ سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ بہی آپکی حسن کی بیان مین
روایت ہی لم ار قبلہ ولا بعدہ مثلہ نہین دیکھا مینی پہلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
اور نہ بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آپکا مثل اور نظیر یعنی حسن و خوبصورتی مین
اور براء بن عازب رضی اللہ عنہ حسن احمدی کی بیان مین روایت ہی ما رایت من ذی لمۃ
فی حلۃ حمراء احسن من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان الشمس تجری فی وجہہ نہین دیکھا مینی
کسیکو سرخ جوڑی والی کو جسکی کانون کی لوتک بال ہون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
زیادہ خوشنما گویا کہ سورج آپکی چہری مبارک مین پہرتا تھا اور جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ آپکے
حسن کے بیان مین فرماتی ہین رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی لیلۃ اضحیان وعلیہ حلۃ حمراء
فجعلت انظر الیہ والی القمر فلہو عندی احسن من القمر چاندنی رات مین سرخ جوڑا پہنی ہوئی
مین نی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا پس تہا مین کہ دیکھتا تہا مین آپکو اور چاند کو پس تہی
آپ میری نزدیک چاند سی زیادہ خوشنما ہی اور اس حدیث کا اس رباعی مین ترجمہ کیا ہے
رباعی در حلہ سرخ دیدم اورا شب ماہ ؛ در ماہ و در و چونیک کردیم نگاہ ؛ حسن رخ آن یار بخشیم واللہ
احسن ز قمر بود خدا ہست آگاہ ؛ اور حضرت عایشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا نی آپکی حسن بیان مین فرمایا
کہا ہی کہ زنان مصر کی حضرت یوسف صدیق علیہ السلام دیکھکر اپنی ہاتہ کاٹ لیی تہی اگر ہمارا
حبیب کو کہین دیکھ پائین تو اپنی دلونکی ٹکڑی ٹکڑی کر دین قسم ای زلیخا چہری یوسف کو نسبت
اپنی یوسف کی ندی اسپہ سر کٹی ہین اسیر انگلیان ؛ بیان قامت مبارک
غزل الغزلات باب ۵ ورس ۱۰ اوس ہزار آدمیونکی درمیان وہ جھنڈی کی مانند ہزار دہ ہی
ورس ۱۵ اوسکی قامت لبنان کی سی ہی وہ خوبی مین رشک سرو ہی باب ۶ ورس ۲

یہ تیسری قامت تاڑ کی مثال ہی پیش حضرت مسیح علیہ السلام کی قد مبارک کی بیان مین حدیث
شریف مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کلمہ ربعہ آیا ہی اور ربعہ
میانہ قد کو بولتی ہین اور سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ نی قد مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
فوق الربعہ بیان فرمایا ہی یعنی آپکا قد مبارک میانہ قد سی کچھ بلند تھا پس آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم اور مسیح علیہ السلام کی قد مین فرق ہوا مگر چونکہ یہ فرق قلیل تھا اور شاید مخاطبین
مشتبہ ہوتا اس لئی اس سی سکوت فرما کر ایک اور معجزہ قامت مبارک کا بیان کیا اور وہ آپکی ہی
قامت شریف کی ساتھ خاص ہے اور مسیح علیہ السلام کی قامت مبارک مین نہین پایا گیا ہے
اور فرمایا وہ دس ہزار آدمیونکی درمیان جھنڈی کی مانند کھڑا ہوتا ہی یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی قامت زیبا کا یہ اعجاز ہوگا کہ اگر ہزاروں آدمیونکی درمیان آپ ہونگی تو اون سبھی
آپکا ہی قد مبارک اونچا رہیگا اور بلند نظر آویگا اور درحقیقت آپکی قامت مبارک کا یہی حال تھا
کہ کوئی آپ سی بلند نہین ہو سکتا تھا اس لئی کہ سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سی روایت
لیس بالذاہب طولا وفوق الربعۃ اذا جاء مع القوم غمرہم ترجمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
بہت لانبی نہ تھی مگر میانہ قد سی آپکا قد مبارک بلند تھا اور آپ جب قوم مین تشریف رکھتی تو انکو
ڈھانپ لیتی یعنی آپ انسی بلند نظر آتی اور وہ پست اور کوتاہ دکھلائی دیتی اور ایسی ہی ام المومنین
سیدتنا عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نی بیان کیا ہی کہ اگر آپ تنہا ہوتی میانہ قد نظر آتی
اور قوم مین منسوب بطول ہوتی اور اگر دو آدمیونکی درمیان ہوتی تو دونوں سی بلند نظر آتی
اور مجلس مین دونوں شانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اونکی شانونسی بلند اور ابھری
ہوئی رہتی تھی اور ساتوین باب کا جملہ تیسری قامت تاڑ کی مثال ہی یہی اسی مضمون کو ادا کرتا ہے
یعنی جیسی کوئی درخت تاڑ کی برابری نہین کر سکتا ہی ایسی ہی کسی اور کی قد مبارک محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی برابری نہین کر سکیگا بیان عظم جسم مبارک اور جملہ اوسکی قامت
البنان کی سی ہی عظم اور رفعت ہی اور قامت جسم مبارک کو بیان فرمایا ہی لبنان ملک شام مین

بسبب درازی اور بڑائی کی ساتھ تشبیہ دیتی ہی معلوم ہوا کہ آپ قوی الجثہ اور عظیم الجثہ ہونگی اور درحقیقت آپ عظیم الجثہ تھی چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہوا ہی بیان راستی قامت مبارک اور میانہ پن کا چھبیسوان باب کا یہ تیرہ ووصف مین شک سرو دیتی آپکی قامت مبارک کی راستی کو بیان فرماتا ہی اور آپکا قد مبارک ہمیشہ سیدہا رہا بڑہاپی مین بہی آپ باعتبار راستی قامت مبارک کی جو انکی

شعر بہ حمل علی قد شریف | وہ میانہ معتدل موزون لطیف | وان درازی بہی نہ کوتاہی کچھ ان
تھا خدا تعالی بجا اعتدال | قامت رعنا کا یہ اعجاز تھا | ہم جلیسون سے وہ قد ممتاز تھا
جس جگہ ہوتی تہی شاہ امم | جلوہ فرما مسند ارشاد پر | محفل غرت مین اعلی آپ تہی
ہم نشینون سی دوبالا آپ تہی رباعی | آن سرو کہ سر کشیدہ بود از گلشن راز | بود دست میانہ قد نہ کوتاہ نہ دراز
باشیم ہوای قامتش ای قمری | داریم بخاک قدمش روی نیاز

بیان سر مبارک

ستائیسوان باب بیان مین ہی آپکا سر تشبیہ کرمل کی مثل ہی قاموس مین ہی کرمل ایک قلعہ ہی دریای شام کی کنارے اور اس تشبیہ سی عظمت اور بزرگی سر مبارک کی ثابت ہوتی ہی اور درحقیقت آپ عظیم الہامہ تہی یعنی آپکا سر مبارک بڑا اور بزرگ تھا اور حلیہ ابن ابی ہالہ وصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین یہ لفظ وارد ہوا ہی اور پوری حدیث یہ ہی عن الحسن بن علی رضی اللہ عنہما قال سألت خالی ہند بن ابی ہالة وکان وصافا عن حلیة النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانا اشتہی ان یصف لی منہا شیئا اتعلق بہ فقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخما مفخما یتلألأ وجہہ تلألؤ القمر لیلة البدر اطول من المربوع واقصر من المشذب عظیم الہامة رجل الشعر ان انفرقت عقیقتہ فرقہا والا فلا یجاوز شعرہ شحمة اذنیہ اذا ہو وفرہ ازہر اللون واسع الجبین ازج الحواجب سوابغ فی غیر قرن بینہما عرق یدرہ الغضب اقنی العرنین لہ نور یعلوہ یحسبہ من لم یتاملہ اشم کث اللحیة سہل الخدین ضلیع الفم مفلج الاسنان دقیق المسربة کان عنقہ جید دمیة فی صفاء الفضة معتدل الخلق بادن متماسک سواء البطن والصدر عریض الصدر بعید ما بین المنکبین ضخم الکرادیس انور المتجرد موصول ما بین اللبة والسرة بشعر یجری کالخط عاری الثدیین والبطن مما سوی ذلک اشعر الذراعین والمنکبین

واعالى الصدر طويل الزندين رحب الراحة شثن الكفين والقدمين سائل الاطراف او قال شائل الاطراف خمصان الاخمصين مسيح القدمين ينبو عنهما الماء اذا زال زال قلعا يخطو تكفيا ويمشي هونا ذريع المشية اذا مشى كانما ينحط من صبب واذا التفت التفت جميعا خافض الطرف نظره الى الارض اكثر من نظره الى السماء جل نظره الملاحظة يسوق اصحابه يبدر من لقي بالسلام روايت كى امام باصفائے نے

حسن سبط رسول مجتبانے
کہ ہند بن ابی ہالہ میرا خال
رسول اللہ کا تھا واقف حال
کیا میں سوال اوس باخبر سے
خبر دی حلیۂ خیر البشر سے
کہ ہوں مشتاق ان باتوں کا بجد
بیان کر کچھ تو حال جد امجد
غرض میری یہ سنکر وہ اوال
کروں جو ہو سکی اسناد احوال
تہا بس ہنسکے یوں مجھسی اوسدم
رسول اللہ تہے فخیم مفخم
نگاہوں میں وہ یعنی خوش سیر تہے
دلوں میں بھی بزرگ و نامور تہے
تجلی روی انور کی تہی یہ
قمر ہو جیسا جودہویں کو
میانہ کب قد خیر الوریٰ تہا
میانہ پن سی بہی زیادہ قد جدا تہا
اگر کوتاہ کہیں تہا نہ کوتاہ
غرض کم کیفیت کی یہاں راہ
قد و بالا کا تہا اونکی یہ عالم
میانہ سی دراز و طول سی کچھ کم
بزرگی تہی سر عالی میں پیدا
نہایت حسن مع زینت ہویدا
خم و پیچ عیان بالوں میں کچھ تہی
بچہ اک تہ و لیکن بہم تہی
بکہرتی تہی جو فرق پاک پر بال
دو فرقہ اونکو کر دیتی تہی فی الحال
اگر از خود نہ بال اونکی بکہرتے تہے
تکلف سی نہ ہرگز فرق کرتے
بحال وفرہ بکہر بال اونکے
گذرتی نرمہائی گوش سی تہے
درخشانی کا عالم رنگ میں تہا
کشادہ تہی جبین عالم آرا
مقوس دونوں ابرو مقدس
مقدس دونو ابرو مقوس
باندازِ مناسب طاق ابرو
نہ تہی پیوستگی آپسمیں اونکو
عجب خمدار و باریک و مطول
بجز بی طاق تہانی ہوا لی
میان ابروان اک رگ ہویدا
بہت ہوتی غضب کے وقت پیدا
کہوں کیا جبہۂ عینی کا عالم
کہ تہی انوار کی شعلے جس سی توام
معلّی بینی خیر البشر تہی
باندازِ بلندی جلوہ گر تہی
جو کوئی ذی تامل دیکہتا تہا
بلندی کا گمان ہوتا تہا پیدا
ملایم آپکی رخسار تہے ینکو
بہلا تشبیہ دوں میں کس سی اونکو
بزیبائی کشادہ وہ دہن تہا
کشادہ وہ دہن اور تہا

لبون و دانتون کو کیا حسن بیان
اوپر سینے سے تھا تا ناف کے خط
سے عیان یعنی وہ گردن تھی ایسی
بوضع خود مناسب اور زیبا
شکم سینہ صفائی مین برابر
سر ہر استخوان مین تھی بزرگی
گلوئے پاک سے تا ناف والا
معرا مو سے تھا صاف بے مو
وہ اونکے صدر عالی کی بلندی
کشادہ تھی کف دست مصفا
کشیدہ تھین وہ انگشتان والا
کہ حاصل انگلیونکو تھی بزرگی
کف پا مین گہرائی تھی یہ خوبی
کہ تھی پای مبارک نرم و املس
زمین پر جب خرامان آپ چلتے
بڑی راہ جاتی سرور دین
تہا اور قدم تھی عیان یہ صفا معنی
لشکر تھی تھی ... جایا
زمین اکثر مشرف تھی نظر سے
نمایان تھا لحاظ اونکی بصر مین
تو یہ ارشاد فرماتی تھی حضرت

سپید و صاف ایسی تھی کشادہ
وہ گردن شایان مثل لج
بشکل نقرہ با نور و ضیا تھی
بجلی تھی تناور خیر عالم
کہ سینہ عریض تھی بہن خوشتر
بدن جو کچہ کہ کہلا پوشاک سے تہا
خط مو تھا کہ جا باریک زیبا
کلائی دو نو نشانی اور بازو
خط مو سے رکہی تھی ارجمندی
بزرگی اوس کف پا مین عیان تھی
لقب ہے سائل الاطراف جنکا
یہان جو سائل و شایل کو لایا
کہ رہتی تھی زمین سے جو وہ اونچی
جدا رہتی زمین سے یون کف پا
قدم کو اپنے بر کندہ اوٹھاتے
ہوا یہ حال ہے وارد جنابکا
بلندی سے ہے گویا میل پستی
بہت نیچے تھی انکہونکو جہکاتے
فلک سا کم بہرہ ور ہوتا بصر سے
بیان کرتا ہے راوی بعد اسکے
چلو تم مجہسے آگے کرکے یہ تنبیہ

دقیق المسربہ یعنی خط مو
تہا اعضا کی شکل و صورت سے ظاہر
تہون کیا عضو عضو اونکے بیان کر
تمامی عضو تن مربوط با ہم
فراخی دونون شانونمین عیان تھی
درخشندہ وہ نور پاک سے تہا
سوا اسکے شکم سینہ برابر
برہنہ تن تھی بے زیبا کنندہ
طویل اونکے دونون دست والا
نمایان تھا انکے قدمون مین بزرگی
تہا یا شایل الاطراف کافی
ہوا تہا شک مگر راوی کو پیدا
ہوا وارد یہ وصف پائے اقدس
کہ پانی اونکے نیچے سے گذرتا
اونہین ہوتا خیال میل پستی
کہ جس دم آپ جاتے تند رفتار
اونہین جب دیکھتا منظور ہوتا
نظر یعنی جسکو باطن لگاتے
تامل سے جو تہا کیا سی نظر سے
کہ جب سنا تہہ آپ اپنے اصحاب کو
عجب خلاق تھی خیر الورا کے

کہ ہون مخدوم بھی خادم آپکے　　سنو اے ہر عادت مصطفیٰ کی　　کہ ہوتا جو کہیں اور نبی طاقی

جناب پاک کرو اوسکو خوشگام　　بتقدیم سلام دین اسلام　　رباعی ان سر کہ ہے محمد خوش اسلوب

گوئی کہ سپہر عالم خوبی بود　　المختصر آن دلبر شیرین حرکات　　سر تا بقدم جلوۂ محبوبی او دید

بیان ہوئی سر مبارک باب ۴ ورس تیرا بال بکریوں آپکے کلی کی مانند ہی جو کوہ جلیعاد پر بیٹھی ہون باب ۵ ورس ۱ اوسکی زلفین پیچ در پیچ ہین اور کووی کی سی کالی ہین باب ۷ ورس ۵ تیری سر کا بال ارغوانی مانند ہو بادشاہ تیری کاکلون سی اٹکا ہی ان جلوون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سر مبارک کے بالون کا بیان ہے بیان کمیت موی شریف باب ۴ ورس ۱ تیرا بال بکریون کے گلی کی مانند ہے جو کوہ جلیعاد پر بیٹھی ہون اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موی مبارک کو بکریون کی گلی کے بالوں کی ساتھہ تشبیہ دی یعنی کثرت وقلت مین اور اس تشبیہ سے کثرت موی مبارک کا پتا ملا اور در حقیقت محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سر پر بال بہت زیادہ تھے چنانچہ بخاری شریف کی کتاب الغسل مین یہہ حدیث مروی ہے اور اس سے کثرت موی مبارک کا حال معلوم ہوتا ہے باب من افاض علی راسہ ثلثا عن ابی جعفر قال لی جابر اتانی ابن عمک یعرض بالحسن محمد بن الحنفیۃ قال کیف الغسل من الجنابۃ فقلت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاخذ ثلث اکف فیفیضہا علی راسہ ثم یفیض علی سائر جسدہ قال الحسن انی رجل کثیر الشعر فقلت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر منک شعرا روایت ہی ابو جعفر سے کہا اوسنی کہا مجہہ سے جابر نے آیا میری پاس تمہاری چچا کا بیٹا تعریض کرتے تھی ساتھہ حسن محمد بن الحنفیہ کے کہا اوسنے کیونکر ہی غسل جنابت سے پس کہا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم لیتی تھی تین لپ پانی پس ڈالتی تھی اوسکو اپنی سر پر پہر بہاتی تھی اوپر تمام بدن کے پس کہا حسن نے تحقیق مین ایک مرد ہون بہت بالون والا کہا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجہسی زیادہ بالون والے تھے بیان کیفیت سیاہی و رنگ کی موی شریف باب ۵ ورس ۱ اوسکی زلفین پیچ در پیچ ہین اس ورس مین آپکی زلفون کو پیچدار بیان کیا اور اس سے معلوم ہوا کہ آپکی بال مبارک نہ سیدھی تھی نہ بہت سخت تھے

[illegible] ہوئے ہونگے اور داڑھی میں کچھ تو سفید رہیں ہونگے اور واقعی آپکی سر مبارک کے بال
ایسے ہی تھے اسیطرح حدیث مذکور ابن ابی ہالہ میں [illegible] اشعر آیا ہے اور بعض روایتوں میں
جعد رجل آیا ہے اور مطلب ان دونوں روایتوں کا واحد ہے یعنی آپکی بال گھونگر والے تو تھے
لیکن نہ بہت زیادہ بلکہ اسی قدر تھی کہ جس سے زلفوں میں پیچ پڑ جاتے اور مسیح علیہ السلام کے
سر مبارک کے بال سیدھے تھے یعنی بالکل سیدھے ہی تھے اور داڑھی زولیدہ بیں نہ تھا
اور گھونگر والے نہ تھے چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے بیان زلف رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم باب ۵ درس اونکی زلفیں پیچ در پیچ ہیں اس درس سے معلوم ہوا
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چہرہ مبارک پر زلف پڑی ہوئی ہونگے اور رات و دن
ایک جگہ جمع ہونگے اور واقعی آپکی زلفیں چھوٹی رہتی تھیں اور جس دن ملاقات عاشق زار
کعبہ شریف سے ہوئی اوس دن چار زلفیں آپکی چھوٹی ہوئی تھیں اور کانوں کی لو اور گردن
اور شانوں تک بال جناب نے چھوڑے ہیں اور بمقابلہ غیر اقوام کے کہ وہ اس طریقہ
بال نہیں رکھتی ہیں تو صورتوں پر اطلاق زلف صحیح اور درست ہے بیان رنگت
موئے شریف عالم طفولیت و شباب باب ۵ درس اونکی زلفیں پیچ در پیچ ہیں اور کوے
کی سی کالی ہیں اس جملہ کی جزو اخیر سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طفولیت
و شباب میں رنگت سر کی بالوں کی مثل کالی بھنڈ کوے کی سیاہ ہوگی اور واقعی
آپکی سر کے بالوں مبارک کی یہی رنگت تھی اور مفسرین کے نزدیک والضحی واللیل
آیا ہے میں ضحی چہرہ مبارک ہے اور لیل سیاہ زلف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی ہے اور ساتویں باب کا یہہ جملہ بادشاہ تیری کاکلوں نے الگ ہے اسی قسم ادا کی
خبر دی رہا ہے اور اسجگہ بادشاہ سے بادشاہ حقیقی مالک الملک اللہ جل جلالہ مراد ہے
اور انکا گویا کہ ہم معنی قسم کہا تیکی ہے اور مسیح علیہ السلام کے بال لڑکپن سے جیسے
اور سرخ ہونگی کہ اوس ملک والوں کے ایسے ہی بال ہوتے ہیں چنانچہ [illegible]

ساتھہ پس پانچوین باب مین بہی وہی تشبیہ مراد ہوگی اسلئی کہ ایک شی کا دونون جگہہ بیان ہے یعنی آپکی آنکھون مبارک کو کبوتر کی آنکھون کی ساتھہ تشبیہ ہوگی نہ نفس کبوترکے ساتھہ اور مضاف محذوف ہوگا اور قرینہ اسکا وہی ہی کہ چوتھی باب مین اسکی تصریح ہو چوہی پس پانچوین باب کی تقدیر ایہہ عبارت ہوگی اوسکی آنکھین اون کبوترونکی آنکھونکی مانند ہین اور پہر کبوترون کی آنکھین کئی قسم کی ہوتی ہین لیکن صورت اطلاق مین فرد کامل مراد ہوتا ہی اور پہر قرینہ تشبیہ بہی موجود ہی اسلئی کہ اس تشبیہ سی عمدگی کا بیان کرنا منظور ہی اور عمدہ آنکھین کبوترونکی موتی چور ہوتی ہین اور موتی چور اون آنکھون کو کہتی ہین کہ جنمین سرخ ڈوری ہوتی ہین پس اس سی معلوم ہوا کہ خانہ کعبہ کی محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھین موتی چور ہونگی اور اونمین سرخ ڈوری ہونگی اور درحقیقت آپکی آنکھین موتی چور تہین اور اونمین سرخ ڈوری تہی اسلئی کہ آپکی آنکھونکی وصف مین اکثر روایات مین اشکل آیا ہے اور بعض روایات مین اشہل آیا ہی اور اشکل ایسی آنکھہ کو کہتی ہین کہ جسکی سپیدی مین سرخ ڈوری ہون اور اشہل اوس آنکھہ کو کہتی ہین کہ جسکی سیاہی مین سرخ ڈوری ہون اور ایسی دونون قسم کی آنکھون کو موتی چور کہتی ہین اور بعض روایات مین جو آپکی آنکھون مبارک کی صفت مین ادعج آیا ہی اور ادعج اوس آنکھہ کو کہتی ہین کہ جسکی سیاہی بڑہی ہوئی ہو وہ اس روایت اخیر کی مخالف نہین ہی بلکہ موافق ہی اسلئی کہ سیاہی مین جہان سرخ ڈوری نہ تہی وہان سیاہی عمدہ تہی اور کبوتر کی آنکھون کی سیاہی بہی بہت ہی زیادہ ہوتی ہی اور ساتوین باب کی اس جملہ مین تیری آنکھین اون کنڈون کی مثل ہین آنکھون مبارک کو حوضون کی ساتھہ تشبیہ دینی سے معلوم ہوا کہ آپکی آنکھین بزرگ اور بڑی اور تر و تازہ ہونگی اور واقعی آپکی آنکھین مبارک بڑہی اور تر و تازہ تہین اسلئی کہ سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ

روایت ہی کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشکل العینین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی آنکہیں مبارک بڑی بڑی تہیں شعر کیا بیان ہو خوبی چشم سیاہ ؛ وہ آیت ما زاغ ہی جسکی گواہ ؛
تہی سفیدی اور سیاہی درمیان ؛ شرح : وہ ہی او چشمن شکل البصر سیاہ اور سیاہی کو عیان
تہیں ہم دونوں بحد اعتدال ؛ اشکل العینین بہی وارد ہوا یعنی چشم حضرت خیر الورے کی
اشہل العینین بہی مذکور ہی ؛ وصف میں اوسکی کہ عین حور ہی ؛ نظیر القصہ جو وصف کمال ؛
چشم خوبان جہان کا کمال ؛ وہ سبہی او سنانی حد درمیان ؛ چشم محبوب خدا میں تہی عیان ؛
اور ان سب سی زیادہ خاص ؛ چشم حضرت سی رکہتا اختصاص ؛ یعنی وہ چشم مبارک جو لیبہا
نور تہا یکسان دن میں رات میں ؛ دیکہتی ہیں لوگ جیسی وقت سحر ؛ تیرہ شب میں آپکو آتا نظر ؛
دوسرا ایک اور بہی اعجاز تہا ؛ چشم پاک صاحب اعجاز کا ؛ پیش منظر آپ جیسا دیکہتی ؛
پیٹہ کی پیچہی بہی ویسا دیکہتی ؛ سائبان چشم وہ مژگان دراز ؛ سر فرازانہ حیا و ناز و امتیاز ؛
مردم چشم حیا کیو اسطی ؛ سائبان مژگان کی ہی آراستہ ؛ رباعی
رخشان چو مہر چارہ وجہ منیر ؛ در سلسلہ جعد دل خلق اسیر ؛ ملک ملکوت صید آن چشم سیاہ ؛
ابرو چو کمان کشیدہ مژگان چون تیر ؛

بیان بینی مبارک

اور بینی مبارک کی بیان اس
ساتوین باب میں ہی تیری ناک لبنان کی برج کی مثال ہی جو دمشق کی طرح نیاکم
اس جملہ میں سیدنا محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بینی مبارک کو برج کی ساتہ
تشبیہ دی اور برج درمیان سی بلند ہوتا ہی پس اس تشبیہ سی معلوم ہوا کہ محبوب
خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بینی مبارک درمیان سی بلند ہوگی اور حقیقت میں بلند
تہی اسلئی کہ ابن ابی ہالہ وصاف بینی صلی اللہ علیہ وسلم نی آنکو اقنی العرنین بیان
اور اقنی العرنین اوس شخص کو کہتی ہیں جسکی ناک درمیان سی بلند ہو اور پاکیزگی
مانند الف کشیدہ بود آن بینی ؛ در نور وضیا شمع بود گر بینی ؛ بودا بر آن بلندی از نور پدید
دانیست بلند از نور رشک بینی ؛ شعر ؛ بینی وہ ممتاز پر نور و بلند ؛ باکمال خوشنمائی ارجمند ؛

پیکتا جو بی تامل آن کرہ۔ اوسکو وہ بینی بلندائی نظر + پی نہایت پرتہی یعنی مانند + اعتدال حال ہی تھی ارجمند + وہ جو ظاہر ہی بلندی دور سے + مشتمل تھی ارتفاع نور بینی +

بیان رخسارہ محبوب الٰہی صلی اللہ علیہ وسلم

اس بیان مین چوتھی باب کی ورس (۱۳) مین ہی۔ تیری رخسارہ تیری اجاور کی جیسی آدہی انار کی مانند ہین۔ اور پانچوین باب کی ورس (۱۳) مین ہی اوسکی رخسارے پھولون کی چمن اور بلسان کی اوبہرتی ہوئی کیاری کی مانند ہین۔ پس چوتھی باب مین رخسار مبارک کو انار کی ٹکڑی کے ساتھہ تشبیہہ دی ہی اور حدیث ابن ابی ہالہ وصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین چاند کی ساتھہ تشبیہہ دی ہی اور دونون تشبیہون سی مقصود واحد کہ جو رخسارون مبارک کا تر وتازہ اور سرخ ونورانی ہونا ہی اور وہ حدیث یہ ہے یتلألؤ وجہہ تلألؤ القمر لیلۃ البدر۔ آپکا چہرہ مبارک روشن اور تابان تہا مثل چودہوین رات کی چاند کی اور ہدیۃ الاسلام مین آپکی نسبت لکہا ہی رخسار سرخ تہی اور پانچوین باب مین رخسارہ مبارک کو کیاری کی ساتھہ تشبیہہ دینی سی معلوم ہوا کہ رخسار مبارک پہلی ہونگی بلکہ ابہری ہوئی ہونگے اور حقیقت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رخسار مبارک ایسی ہی تہی اسلئے کہ حدیث ابن ابی ہالہ مین سرور عالم کی نسبت سہل الخدین واقع ہوا اور سہل الخدین اوسکو کہتی ہین جسکی رخسارہ ہو پہلی نہون اور پست ہوئی بہی نہون

بیان لب مبارک محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم

اس بیان مین پانچوین باب مین ہی ورس (۱۳) اوسکی لب سوسن ہین جنسے بہتا ہوا مر ٹپکتا ہی چوتہی باب مین ہی ورس تیری لب ایسے ہین جیسے قرمزی ڈوری ہین۔ پس پانچوین باب مین لبون مبارک کو سوسن کی ساتھہ تشبیہہ دی اور سوسن کے دو قسم ہین۔ آزاد اور ابرسار آزاد سپید ہوتا ہی اور ابرسار آسمانی رنگ اور چوتھی باب مین لبون مبارک کو قرمزی ڈوری کے ساتھہ تشبیہہ دی اور قرمز سے

سے سرخی نیم رنگی تہی لبین ان دونون لبون مین سرخی سفیدی ملی تہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
کی لب مبارک باریک و نرم و ملایم ہونگی اور [illegible] ایسی ہی اور سرخ ہونگی اور تشبیہ
سوسن ابر بہار کی مناسب ہی ہاں اسلئی کہ محبوبان عالم کی لبون کی یہی رنگ ہوتا ہی ۔
خصوصاً اہل عرب کی تو اکثر ایسی ہی لب ہوتی ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی لبون مبارک مین یہہ سب اوصاف ہونگی اسلئی کہ مدارج النبوت مین بحوالہ
اوسط بلفظ طبرانی نقل کیا ہی کہ لب اور دہن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
تمام بشر سی افضل تہی اور یہہ ایسا جامع ہی کہ اوصاف مذکورہ کو معنی اپنی
شامل ہی بیان دہن مبارک محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اوسکا
ذکر بہی چوتہی باب مین ہی تیرا موتہہ خوب تہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت
ضلیع الفم وارد ہوا ہی چنانچہ حلیہ ابن ابی ہالہ وصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین
یہہ لفظ وارد ہی اور ضلیع الفم ایسی کہتی ہین جس شخص کا مونہہ کشادہ ہو پس آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا گو دہن مبارک کشادہ تہا مگر یہہ کشادگی خوبی اور عمدگی کی تہی
اسلئی کہ بحوالہ مدارج النبوت منقول ہو چکا ہی کہ طبرانی نی اوسط مین روایت
کی ہی کہ لب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور دہن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی تمام بشر سی عمدہ تہی **رباعی** درج دہنش کردہ دلم شاد سو لخ * تا توان تفتیش کرد تنگی
شاخ * در احادیث فشاند بسیار * شیرین دہن نگار با خوش [illegible] * سقف
تہا کشادہ وہ دہان با صفا * اوسکی واصف نی ضلیع الفم کہا * وہ دہن تہا گفتگو کی خوبی کی ساخت
حسن و زیبائی و اسلوب کی شان * وہ دہان دلربا صلی علی * خوشنما تہا خوشنما تہا خوشنما *

بیان خانہ کعبہ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی دانتون مبارک کا

اور یہی دندان مبارک کی صفت مین چوتہی باب مین فرمایا ہی ۔ تیرا دانت بہتر
کلی کی مانند ہین جنکی بال کتری گئی اور جو نہایت نکلتی ہین اونمین ہر ایک

پچھی تھی اور اونکین سی ایک بھی ناتجربہ نہین ہی اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی دندان مبارک کو بھیڑیون کی دانتون کی ساتھ تشبیہ دی
اور مابہ التشبیہ سپیدی اور چمک ہی اور درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
دندان مبارک سپید اور چمک دار تھی۔ اسلئے کہ حدیث ابن ابی ہالہ مین آپکی دندان
مبارک کی صفت مین کلمہ اشنب وارد ہوا اور اشنب دانتون کی رونق اور تر و تازگی
کو کہتے ہین اور ہر دانت سی مدلول دانت تھی سال عمر مراد لیکر بیان عمر رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا اور قریبا یا جنکی بال کتری گئی یعنی اگر عمر رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو ای شخص تو دریافت کرنا چاہی تو ہر دانت کو ایسی بھیڑ فرض کرے جسکی بعد
پیدا ہونیکی بال کتری گئی ہون اور جب بھیڑ کا بچہ پیدا ہوتا ہی تو ایک سال گذرنیکے
بعد اوسکی بال کترتی ہین چنانچہ گڈریون سی یہہ امر تحقیق کیا گیا ہی اور دانت
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بتیس ۳۲ تھی تو بتیس برس یہہ ہو گئی اور پھر ہر ایک ایسی بھیڑ
کی واسطے دو حمل بھیڑ کی مدت جو برس روز ہی ثابت کر تو بتیس ۳۲ برس اور ہوئی
اور بتیس ۳۲ کو بتیس ۳۲ کی ساتھ ملانی سی چونسٹھہ برس ہوتی ہین اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی عمر بعض روایات کی موافق پینسٹھہ برس کی ہوتی ہی اور پینسٹھہ قمری
کو اگر شمسی بناو تو وہی چونسٹھہ کی قریب ہونگی اور کسور کو ایسی مواضع مین
نہین لیا کرتی ہین واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم **بیان خانہ کعبہ محبوب**
صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن مبارک کا اور گردن مبارک کے
بیان مین ساتوین باب مین ہی کہ تیری گردن ہاتھی دانت کی برج کی مانند ہی اور
چوتھی باب مین ہی تیری گردن ایسی جیسے کہ داود کا برج جو سلاح خانی کی لیی
تھا جسپر ہزار سپرین لٹکائی گئین ہین وی سبکی سب پہلوانون کی سپرین ہین
اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن مبارک کو ہاتھی دانت کی برج

کی برنج کی ساتھ تشبیہ دی ہی اور حدیث شریف مین گردن مبارک کو ہاتھی دانت کی
بت کی گردن کی ساتھ تشبیہ دی اور وہ حدیث ابن ابی ہالہ کی اور الفاظ اوسکی
یہ ہین کان عنقہ جید دمیۃ فی صفاء الفضۃ رسول اللہ صلی اللہ وسلم کی گردن
مبارک چاندی کی شکل صفائی مین تہی اور خوبی مین ہاتھی دانت کی بت کی گردن
کی مانند تہی اور چونکہ آپکی گردن مبارک بہاری تہی اسوجہ سی اوسی برج کی ساتھ
تشبیہ دی ۔ رباعی آن گردن روشن چو سراج و ہاج ٭ از گردن کہان چین بردہ خراج
زیبا و لطیف در صفا النقرۃ خام ٭ چو گردن آن بت کہ تراشند ز عاج ٭
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تام الاذنین تہی یعنی پورے کانون والے
تہی اور آپ کی گوش مبارک چہوٹے نہ تہی بلکہ بڑے اور جوڑے تہے
مگر خوبی اور تمدگی کی ساتھ اور یہ لفظ مدارج النبوۃ مین جامع کبیر سے
آپکی کانون مبارک کی صفت مین نقل کیا ہے لیکن اسلئے اونکو سیپیون کی ساتھ
تشبیہ دی اور وہ دو ہزار کا کام دیتی تہی اور یہان بیٹہی ہوئی آسمان کے
اطیط کی آواز سنتے تہے ۔ بیان محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے ہاتہون مبارک کا ۔ اور اس بیان مین پانچوین باب مین ہی ورس ۲۱
اوسکے ہاتھ ایسے ہین جیسے سونیکی کڑیان جنمین ترسیس سے جواہر جڑے گئی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتہون مبارک پر بال تہے چنانچہ حدیث ابن
ابی ہالہ و صاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین آپکی نسبت وارد ہوا ہے اشعر
الذراعین والمنکبین یعنی آپکی ہاتہون اور مونڈہون مبارک پر بال تہے پس اونکو
جواہر کے ساتھ تشبیہ دی اور چونکہ آپ عبل العضدین والذراعین یعنی
بڑے قوی بازو اور ہاتہون والے تہی اسلئے اونکو سونیکی کڑی بیان کیا ۔
بیان صحیفہ مبارک کا ۔ صحیفہ مبارک کی بیان مین پانچوین باب مین ہی ورس ۱۴ اوسکا

وہ چھاتیان دو آہو بچون کے مانند ہین جو ایک ساتھ پیدا ہوئے اور جو سوسنون کے درمیان چرتے ہین اور ساتوین باب مین بھی ورس ۳ تیری دو چھاتیان دو آہو بچون کے مانند ہین جو ایک ساتھ پیدا ہوئے تھی اور تیرے ساتوین باب کے ورس ۸ تیری چھاتیان انگورون کی گچھون کی مانند ہین سوسن ابرسا رسی یہان بہی غرض ہے اور سوسن یا بر سار مین چرنی کی یہہ معنی ہین کہ دونون پستانون کی گرد اگرد بال ہون چنانچہ تھی اسلئے کہ حدیث ابن ابی ہالہ وصاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین آپکی نسبت اشعر الذراعین والمنکبین واعالی الصدر وارد ہوا ہے اور ترجمہ ان کلمونکا یہہ ہے کہ آپکے دونون بازوون پر اور مونڈھون پر اور سینہ مبارک کی اوپر کے جانب بال تھے اور چونکہ حرکت لطیفہ قلبی اور حرکت لطیفہ روحی دونون پستانون کے قریب ہین اسلئے اونکو آہو برون کی ساتھ تشبیہ دی اور اسلئے کہ سینہ مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طفلان امت مرحومہ شیرہ شریعت الٰہی پیتے ہین اسلئے اونکو انگور کے گچھے سے بیان کیا اور شق صدر کے بعد حکمت اور ایمان سے بہر جانیکی بہی خبر ہے اسلئے کہ انگور سے شراب بنتی ہے اور جس قسم کا انگور ہوگا اوسی قسم کی شراب ہوگی یعنے اگر انگور دنیا ہے تو بیہوشی عالم آخرت سے اوس سے حاصل ہوگی اور جو انگور اوس عالم کا ہے تو بیہوشی اس عالم سی حاصل ہوگی اور یہان انگور اوسی عالم کا مراد ہے اور اس سے وہی شراب ایمان وحکمت بنیگی اور اوسی سے کنایہ ہوگا واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم بیان شکم مبارک محبوب خانہ کعبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور شکم مبارک کی وصف پانچوین باب مین وارد ہوا ورس ۱۴ اسکا پیٹ ہاتھی دانت کا سا کام ہی جسپر نیلم کی گل بنی ہون اور ساتوین باب کی ورس ۲ تیری ناف

گول پیالہ ہی جسمین ملائی ہوئی مے کی کمی نہین ہی تیرا پیٹ گیہون کی ایک ڈھیری ہی
جسکے آس پاس سوسن لگی ہین ان جملون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شکم
مبارک کا بیان ہی — **بیان نرمی شکم مبارک** باب ۷ ورس ۲ تیرا پیٹ گیہون
کی ایک ڈھیری ہی آپکا شکم مبارک نہایت نرم تھا چنانچہ مدارج النبوۃ مین
ہی کہ ابن ابی الدنیا بیان کیا ہی کہ مینے شکم مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو دیکھا گویا کہ کاغذ تہ پر تہ رکھی ہوئی اور اسی نرمی کو یہ ورس بیان
فرماتا ہی — **بیان سفیدی شکم مبارک** — باب (۵) ورس ۱۴ اوسکا پیٹ
ہاتھی دانت کا سا کام ہی آپکا شکم مبارک سفید اور گورا تھا اور بال اوسپر
نہ تھی چنانچہ حدیث ابن ابی ہالہ مین ہی عاری الثدیین والبطن — دونون پستان
اور شکم بال سے خالی تھی اور اسی گورا پن کا ورس مسطورہ مین بیان ہی — **بیان
ناف مبارک** — باب (۷) ورس ۲ تیری ناف گول پیالہ ہی جسمین ملائی
ہوئی مے کی کمی نہین — آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ناف مبارک ابھری ہوئی
نہ تھی جیسی بعض اشخاص کی خاص کر لڑکپن مین ہوتی ہی بلکہ گہری تھی اور
اسی گہرا پن ناف مبارک کا اس ورس مین بیان ہی — **بیان لطیفہ
سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم** — جملہ مذکورہ مین تیری
ناف گول پیالہ ہی جسمین ملائی ہوئی مے کی کمی نہین لطیفہ سر کا بیان ہی
اور مے سے شراب محبت الٰہی مراد ہی — **بیان [illegible] مبارک** باب (۵) ورس (۱۴)
اوسکا پیٹ ہاتھی دانت کا سا کام ہی جسپر نیلم کی ... تھی ہون — آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے ناف سے گلو کی مبارک تک نہایت باریک ایک خط باریک
بالون کا تھا چنانچہ ابن ابی ہالہ کی حدیث مذکور مین ہی موصول ما بین اللبۃ والسرۃ
بشعر یجری کالخط ملا ہوا تھا گلے سے ناف تک سیاہ خط بالون کی اور اسکا

اس جملہ مین بیان ہی اور اسیکو ہندی مین بیلی کہتی ہین ۔ رباعی

تا ناف بر آن سینۂ صاف و زیبا بہ بود * ہست خط دقیق از مو پیدا
بر تختۂ سیم بودہ نقش الفی * یعنی کہ حسن احمد آمد یکتا

بیان شق صدر ۔ اور جس جگہ یہ خط نیلی تہا اوس جگہ نشان شق صدر کا بہی تہا اور اس ورس مین اور نیز جملہ تیری ناف گول پیالہ ہی جسمین ملائی بہری ہی کی کمی نہین اسطرف اشارہ ہی **بیان موی مبارک اعالی صدر** تیرا سینہ گیہون کی ایک ڈہیری ہی جسکے آس پاس سوسن لگی ہین ۔ اس ورس مین موی مبارک اعالی صدر کو سوسن کی ساتہ تشبیہہ دی ہی اور یہہ مو مبارک مثل سوسن کی گرد اگرد شکم مبارک کی تہی چنانچہ ابن ابی ہالہ کی حدیث مین وارد ہی ۔

بیان کولون مبارک کا ۔ اور آپکی کولون مبارک کا بیان باب ۷ مین ہی ورس (۱) تیری دونون کولہی گولائی جو ہیرون کی لڑی کی مانند ہی جیسا کسی اوستاد کاریگر نی بنایا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جسم مبارک کی وصف مین بادن متماسک احادیث مین وارد ہوا ہی اور بادن پر گوشت کو کہتی ہین اور متماسک اوسی کہتی ہین جسکا بدن گٹہا ہوا ہو اور ڈہیلا نہو اور ایسی بدن مین کولی ضرور گول ہوتی ہین

بیان ساق پای مبارک آپکی پیرون اور پنڈلیونکا بیان باب ۵ مین ہی ورس ۱۵ اوسکی پیر سنگ مرمر کی ستون جو سونیکی پایہ پر کہڑی کی جاوین اس ورس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلیون مبارک کو سنگ مرمر کی ستونونکی ساتہ تشبیہہ دی ہی اور حدیث شریف مین شحم النخل کی ساتہ تشبیہہ دی ہی اور تشبیہہ خوبی سپیدی مین ہم سنگ برابر ہین پس تشبیہہ بہی برابر ہوگی اور مطابقت ایسی واقع ہوگی جیسی کہ تہا بلکہ اور مقصود دونون تشبیہون سی پنڈلیونکی سپیدی اور خوبی بیان کرنا ہی اور وہ حاصل ہی اور حدیث مذکور کی سند یہہ ہی کہ مدارج النبوت مین ہی اور حدیث مین آیا ہی و نظرت الی ساقہ کانہا جمارۃ یعنی راوی کہتا ہی کہ مین نی پنڈلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکہا پس گویا کہ وہ شحم النخل کی مشابہ تہی یعنی صفائی اور تر و تازگی مین اور شحم النخل کہجور کی جڑ کی گودا کو کہتی ہین اور وہ سفید نہایت تر و تازہ ہوتا ہی اور شیرین ہوتا ہی اور اہل عرب اوسکو کہاتی ہین ۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قدم مبارک کو ...

بیان کیا اور اس بیان سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی قدم مبارک عمدہ اور ضخیم یعنی بھاری ہونے کے اور واقعی قدم مبارک
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسی ہی تھی اسلئے کہ عبد اللہ ابن بریدہ
سے روایت ہے کہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ احسن البشر قدما یعنی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قدم مبارک تمام آدمیوں سے عمدہ تھی
اس روایت سے عمدگی اقدام مبارک کا ثبوت ہو گیا اور سند بھاری
ہونے قدم مبارک کی یہہ ہے کہ حدیث ابن ابی ہالہ وصاف سے صلی اللہ علیہ
وسلم میں آپ کی نسبت شثن القدمین آیا ہے اور شثن القدمین اوس شخص کو
کہتے ہیں جسکی قدم ضخیم اور بھاری اور پر گوشت ہوں اور بعد بیان حلیہ
مبارک کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلق اور شیرین
لبی کا بیان فرمایا بیان خلق محمدی پانچویں باب ہے اوس کا موتہہ شیرینی
ہے اور شیرینی کی دو قسمیں ہیں اور دونوں قسم کی شیرینی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک میں موجود تھی شیرین زبان
تو آپ تھی ہی اور جمیع اقوام عالم کے اس شیرین زبانی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے ساتھہ شیرین زبان ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ خلیق اور
چشمہ شیرین تھی اور بحسب مصداق شعر مشہور کہ ہر کجا چشمہ بود شیرین
مردم و مرغ و مور گرد آیند آپکی شیرین زبان ہونیکی وجہ سے تمام مخلوقات
الہی آپکی گرد ہوئی اور یہہ قول انکا اگرچہ سراسر باطل ہے چنانچہ لطائف
اسکا علاوہ دلائل آخر رسالت صادقہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
اس رسالہ سے بھی خوب ظاہر ہے مگر شیرین زبانی کا اقرار ہے اور
ایسی لوگوں نے یہہ بھی غنیمت ہے یہہ شیرینی باطنی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا ہے یعنی خوش خلقی کا بیان ہوا اور شیرینی ظاہری آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم کا یہہ بیان ہے کہ لب مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کا بطور اعجاز اگر کسی کہاری کوہی میں پڑ جاتا تہا تو وہ کواں چشمہ شیرین ہو جاتا
ہوتا چنانچہ انس رضی اللہ عنہ سے جو آپکی خادم تہی روایت ہے کہ ہمارے گہر
میں ایک کہاری کواں تہا ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا آب
دہن اس میں بطور اعجاز ڈالا پس وہ شیرین ہو گیا اور پہر مدینہ منورہ میں اوس سے زیادہ
کوئی کواں شیرین نہ تہا اور بعد بیان خلق و خلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے نام مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان کیا اسلئے کہ اصل نسخہ عبرانی
غزل الغزلات شش پنجم اس جملہ کی آپکا نام بصیغہ جمع محمدیم بیان کیا ہی اور
اوس بولی میں جمع یا اور میم کے ساتھہ آتی ہے واحد کو تفخیماً جمع بولا کرتے
ہیں اور اس ترجمہ میں عشق انگیز کے ساتھہ ترجمہ کیا ہے اور جو تہہ باب میں
جملہ تجہہ میں کوئی عیب نہیں کے ساتھہ ترجمہ کیا ہے اور کو ترجمہ کرنا ناموں
کا اصل سے بڑے خرابی کی بات ہے لیکن پہر بہی یہہ ترجمہ اقرب
الی الصواب ہے نام مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر ترجمہ نہ کیا جاتا ہے کہ اردو
زبان ترجمہ محمدی کا یہی ہے پس جو ترجمہ کو دیکہیگا وہ سمجہہ لیگا کہ نام مبارک خانہ
کعبہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا محمد ہوگا اور چوتہی باب کی اس چہٹی
ورس میں جب کہ دن ڈہلی اور سایہ بہری میں مُر کی پہاڑ اور لبان کے ٹیلے
کو جاؤنگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے مقدمہ پیدایش
اور زمان ولادت کا بیان فرمایا ہے اسلئے کہ مُر کی مشہور ہی ہے اور
لبان یعنی عمان اور یمن سے کے پہاڑ دن میں پیدا ہوتا ہے اور باعتبار رسم
دنیا کے جس کا فرد افرادی قیامت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی پیدایش بعد دن ڈہلنے اور سایہ بڑہنے کے ہوئی ہے اور انجیل

مثل کی میں دین باب میں بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی منقول
ہے اور اس میں سیدنا مسیح علیہ السلام نے پیدائش آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی ایک گزشتہ دن سے بیان کی ہے اور وہ بشارت مع اپنی تشریح
کے اس رسالے میں بھی منقول ہوگی اور ساتویں باب کے اس
درس میں ہے مسیح نے کہا میں اس تار پر چڑھوں گا اور اوسکی شاخوں
کو تھام رکھونگا فی الحال تیری دونوں چھاتیاں انگوروں کی گچھوں
کی مانند ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو زمانہ شباب سے ایک قصہ
کا بیان ہے اور وہ یہ ہے کہ قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آپکی
عالم جوانی میں کعبہ شریف کی پھر از سر نو تعمیر ہوئی اور واسطے مشابہت اپنے
جد امجد اسماعیل علیہ السلام کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پتھر
کعبہ شریف کا اپنے دوش مبارک پر اوٹھائے پس وہ تار رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم ہیں اور بیان اسکا گذر گیا ہے اور پتھروں کعبہ شریف
کا دوش مبارک پر اوٹھانا کعبہ شریف کا اس تار مبارک پر چڑھنا ہے اور دونو
ہاتھوں مبارک سے چونکہ پتھروں کو تھاما اور وہی شاخیں تار مبارک کی
تھیں پس گویا کعبہ شریف نے ہی شاخوں مبارک کو تھام رکھا اور جملہ
فی الحال تیری دونوں چھاتیاں انگوروں کی گچھوں کی مانند ہیں اس امر کو
بیان کرتی ہے کہ اسی وقت سے عالم غیب سے القا ہونا شروع ہوگا
اور سینہ مبارک شریعت الہی سے پر ہونے لگے گا اور ایسا ہی ہوا
اسلیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ پتھر اوٹھانے کے وقت
ازار مبارک کھول کے دوش مبارک پر ڈالی تاکہ پتھر سے کچھ بدن مبارک
کی تکلیف نہ پہنچے پس آپ بیہوش ہو گر پڑے اور جب آپ کو

مقوقس آیا آپ نے انکو طلب کی اور فرمایا کہ مجھے حکم ہوا ہے کہ یہ منع ہوا
کرون شیشہ مدارج النبوت مین نقل کیا ہے کہ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ اونہون نے کہا کہ مین مقوقس یعنی شاہ اسکندریہ
کے پاس گیا اور مقوقس نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی رسول ہین اگر وہ تشریف
لاوین قبط و نصاریٰ ہین تو وہ اونکا اتباع کرین پس مغیرہ رضی اللہ عنہ نے کہا
کہ لیکے رہین اسکندریہ مین شہر اور تمام کنیسون مین وہان سے کے
گیا اور لیکے اوصاف قبط اور نصاریٰ سے پوچھی اور اسکندریہ
مین ایک پادری تہا اور وہ اونکا بزرگ تہا اور وہ لپنے بچونکو اوسکے
پاس دعا کی واسطے لاتی تہی اور وہ اونکے واسطے دعا کرتا تہا پس مین نے
اوس سے کہا آیا کوئی اور نبی بہی مبعوث ہوگا اوسنے کہا ہان وہ آخر
انبیا ہین درمیان عیسی بن مریم علیہما السلام اور اونکے اور کوئی نبی نہین
ہے ہمکو بلاشک عیسی بن مریم علیہما السلام نے اونکے اتباع کا حکم
کیا ہے وہ نبی عربی امی ہین نام اونکا احمد ہے میانہ قد کوتاہ نہ دراز
دونون آنکی آنکھون مین سرخی ہی نہ سپید و نہ سرخ بلکہ سرخ سپید
اونکی بال بہت ہونگی موٹی کپڑی پہرینگے اور کہانا جو ملجایا کرے گا کہا
لیا کرین گے تلوار حمایل کرینگی آنکی اصحاب ایسی ہون گے کہ اپنی جانونکو
آپ پر فدا کرینگے دوست رکہینگے آنکو لپنے باپ اور بیٹون سے مبعوث
ہون گے ایک زمین مین جہان درخت سلم ہے اور ہجرت کرینگی ایک
حرم سے طرف دوسری حرم کی اور ہجرت کرینگے زمین بشور خرمازار
کی طرف اور پہرینگی ازار نصف ساق تک اور دہوئینگی اطراف اعضا کو
اور مخصوص ہونگی ساتہ ایسی صفات کے کہ پہلی نبیون مین وہ صفات

یعنی ہر نبی اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوا ہے اور وہ مبعوث ہونگے تمام عالم
کی طرف اور اونکے لیے تمام زمین مسجد کی حکم مین ہوگی اور طہور بہی ہوگی
یعنے خاک سے تیمم کرنا قائم مقام وضو کے ہوگا جس جگہہ وقت نماز
آجاتا تیمم کرینگے اور نماز ادا کرینگے انتہی اس روایت کی تصدیق رسالہ
نہا سے ہوگئی ہے اور سراپا نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق ابہی
مزیل الغلطات کی تینون بابون سے ہوگئی تہی للہ الحمد بیان مہر نبوت ××
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شانہ مبارک پر مہر نبوت تہی اور اوسکی اس
مہر نبوت کا بہی جند جگہہ بیان آیا ہے پہلی صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام مین
ہے صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۹ درس ۶ ہمارے لیئے ایک لڑکا تولد ہوا کہ حکمرانی
کا نشان اوسکی کاندہی پر بہی ہوگا اوسکی نام ہونگے عجیب اور مشیر
اور مشورہ عظمی کا بادشاہ اور الہ قوی مسلط اور سرمدی باپ اور سلامتی
کا بادشاہ اوسکی حکمرانی اور سلامتی کی افزائش کی کچہ انتہا نہ ہوگی وہ داود
کے تخت سلطنت پر آج سے لیکے ابد تک عدل و انصاف سے نظم و نسق
کریگا نشان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلی جتنے نبی گذرے ہین
اونکی داہنی ہتہیلی پر نشان نبوت ہوتا تہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی مہر نبوت شانہ مبارک پر ہوئی اور یہہ مہر نبوت پیدائشی ہی تہی
لڑکپن مین بہی ویسی ہی تہی جیسی کہ بڑہاپے اور جوانی مین تہی پس
آپکی ہی یہہ بشارت ہی اور آپکی ہی مہر نبوت کا بیان ہے اور آپکی ہی
اسما ہی شریفہ سے عجیب اور مشیر مین اور آپ کو ہی حکم مشورہ ہوا ہے
اور آپ ہی مشورہ عظمی کے بادشاہ ہین اور رسالت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی جیسی کہ بنی اسماعیل کے واسطے تہی ویسی ہی بنی اسرائیل

کی واسطے تھی اور آپ ہی بڑی حاکم ہیں اور آپ ہی سب کے باپ ہیں تمام
مخلوق آپ کے نور سے پیدا ہوئی ہے اور آپکی ازواج مطہرات
امہات المومنین ہیں اور حکمرانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ
انتہا نہیں ہے آپ سب پر حاکم ہوئے اور آپ پر آپکے بعد یا قبل کوئی
رسل و انبیا سے حاکم نہیں ہے اور جیسے حضرت داؤد علی نبینا و علیہ السلام
نبی اللہ و خلیفۃ اللہ فی ارضہ تھے ایسے ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
بھی رسول اللہ و خلیفۃ اللہ فی ارضہ ہیں اور سیدنا مسیح علیہ السلام کے
نہ شانہ مبارک پر مہر نبوت تھی اور نہ آپکی نام عجیب و مشیر تھے اور نہ آپ
بادشاہ ہوئے اور نہ اپنی حکومت کی اور نہ آپ پر نبوت ختم ہوئی پس
یہہ بشارت حضرت مسیح علیہ السلام کے ہرگز نہیں ہو سکتی بلکہ یقیناً سیدنا
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت ہے اور آپکی مہر نبوت کا
بیان ہے وہو المطلوب ۔ دوسرے کے اظہار
الحق میں نقل کیا ہے کہ فاضل حیدر علی قریشی نے اپنی
تالیف اردو مسمی بخلاصہ سیف المسلمین میں کہا ہے
پادری اسکان ارشنے صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام کا
۱۶۶۶ سنہ عیسوی میں ارمنی زبان میں ترجمہ کیا ہے اور بیالیسویں باب
میں کتاب مذکور کی اس ترجمہ میں ذکر مہر نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کا اس فقرہ میں موجود ہے سبحوا اللہ تسبیحاً جدیداً واثر
سلطنتہ علی ظہرہ واسمہ احمد انتہی اور میری رائی میں یہہ جملہ باب مذکور کے
دسویں درس میں ہوگا اسلئے کہ درس مذکور کی شروع میں ترجمہ جملہ

ایک نیا کیت کا ذکر ہی غزل الغزلات مین بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی مہر نبوت کا بیان فرمایا ہی اسلئیے کہ ساتوین باب مین فرماتے
ہین میری بوا میری زوجہ سے مقفل کیا ہوا ایک باغچہ ہے اور مہر
کیا ہوا ایک سوتا ہی اور پہر ایک چشمہ ہے مہر کیا ہوا اب آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم کو ہی اور آپکی چونکہ بدن مبارک سے خوشبوئی تہی اور یہہ
مہر نبوت لگی ہوئی ہی جو قائم مقام قفل نبوت کی تہی اسلئے اس مضمون کو باین الفاظ
ادا کیا مقفل کیا ہوا ایک باغچہ ہی اور چونکہ آپکی انگلیون مبارک سے دریا
اعجاز چشمی جاری ہوجاتی تہی اور یہہ مہر الہی قائم مقام قفل ہی اسلئے
اس مضمون کو باین الفاظ ادا فرمایا مہر کیا ہوا ایک سوتہ ہی اور مہر کیا ہوا
ایک چشمہ ہی اور واسطے چیستان نبائی کی ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو صاف خطاب فرمایا اور کہا اے محبوب سرخ و سفید ہے اور پہر دوسرے
دفعہ بطور مونث تعبیر کیا ہی اور فرمایا تیری پاؤن کا بیان یعنی ہونے کا اشارہ دی کیا جو معشوقہ ہم
اور پہر کبہی بوا فرمایا کبہی بہن فرمایا کبہی زوجہ فرمایا حقیقی معنی کوئی بہی یہان
مراد نہین ہوسکتی اور بطور مجاز بوجہ من الوجوہ واسطے نبانے چیستان
کی جو چاہا فرمایا اور جملہ حکمرانی کا نشان اوسکے کاندہے پر ہے اور اثر سلطنتہ
علی ظہرہ یعنی نشانی حکمرانی کی اسکی پشت پر ہے اور پہر مہر ایک چشمہ سبہہ
یہہ تینون اس امر کا نشان دیتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
درمیان دونون شانون مبارک کی مہر نبوت ہوگی اور اس مہر کو پشت پر
بہی کہہ سکتے ہین اور شانہ بہی کہہ سکتے ہین اور چونکہ جسم مبارک کا جو سوائی
سر مبارک کی تہا ختم یہان اگر ہوا تو مہر ایک چشمہ بہی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی جسم مبارک کو بیان فرما سکتے ہین اور مہر سے مہر نبوت مراد

لی سکتی ہین واللہ اعلم اور چوتھی مکاشفات یوحنا کی اونیسوین باب مین بہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت کا بیان فرمایا ہے مکاشفات یوحنا باب ۱۹ ادرس ۱۔ اون چیزون کے بعد مین نے آسمان پر بہت لوگون کی بڑی آواز یہہ کہتے ہوے سنی ہللویاہ نجات اور جلال اور عزت اور قدرت خداوند ہماری خدا کے ہین ۲ کیونکہ اوسکی عدالتین راست اور برحق ہین اسلیئے کہ اوسنے بڑی کسبی کی جسنے اپنی زنا کاری سے زمین کو خراب کیا عدالت کی اور اپنے بندون کی لوہو ون کا بدلا اوسکے ہاتہہ سے لیا ۳ پہر دوسری بار اوہنون نے کہا ہللویاہ اور اوسکا دہوان ابدالاباد تک اوٹہتا رہا ۴ اور وی چوبیس بزرگ اور چار جاندار اوندہے موہنہ گرے اور خدا کو جو تخت پر بیٹہا ہی سجدہ کیا اور کہا آمین ہللویاہ ۵ اور تخت سے ایک آواز یہہ کہتی ہوئی نکلی تم سب جو اوسکے بندے ہو اور جو اوس سے ڈرتی ہو کیا چہوٹے کیا بڑے ہمارے خدا کی ستائش کرو ۶۔ اور مین نے ایک بڑی بہیڑ کی آواز اور بہت پانیونکی سی اور آواز اور بڑی گرج کی سی آواز یہہ کہتی ہوئی سنی کہ ہللویاہ خداوند قادر مطلق بادشاہت کرتا ہی ۷ ادر ہم خوشی و خورمی کرین اور اوسکو عزت دیوین اسلیئے کہ برہ کا بیاہ آپہونچا اور اوسکی دلہن نے اپنے تئین آراستہ کیا ہی ۸ اور اوسے یہہ دیا گیا کہ وہ صاف اور شفاف اور مہین کتانی کپڑا پہنے کہ مہین کتانی کپڑا مقدس لوگون کی راستیان ہین ۹۔ اور اوسنے مجہسے کہا لکہہ مبارک وی جو برہ کے جشن مین بلائی گئی ہین اور وہ مجہہ سے کہتا ہے یہہ خدا کی باتین برحق ہین ۱۰ اور مین اوسکے پانون پر اوسی سجدہ کرنیکو گرا اور اوسنے مجہہ سے کہا خبردار ایسا نکر کہ مین تیرا اور تیری بہائیونکا جن پاس یسوع کی گواہی ہی ہمخدمت ہون خدا کو سجدہ کر کیونکہ جو گواہی یسوع پر ہے نبوت کی

اور پہر مینے آسمان کو کہلا ہوا دیکہا اور دیکہو ایک نقرئی گہوڑا اور
اوسکا سوار امانت دار اور سچا کہلاتا ہے اور وہ راستی سے عدالت کرتا اور
لڑتا ہے ١٢ ۔ اوسکی آنکہین آگ کے شعلہ کے مانند اور اوسکے سر پر بہت سے
تاج اور اوسکا ایک نام لکہا ہوا جسے اوسکے سوا کسی نے نہ جانا ١٣ ۔ اور خون مین
ڈوبا ہوا لباس پہنی ہوئی تہا اور اوس کا نام کلام خدا ہے ١٤ ۔ اور وہ فوجین
جو آسمان مین ہین صاف اور سفید اور کتانی لباس پہنے ہوئے نقرئی گہوڑون
پر اوسکے پیچہے ہولین اور اوسکے موُنہہ سے ایک تیز تلوار نکلتی ہے کہ وہ اوس سے
قومون کو مارے اور وہ لوہے کے عصا سے اون پر حکمرانی کریگا اور وہ خود قادر
مطلق خدا کے قہر و غضب کے مے کا کولہو روندتا ہے اور اوسکے لباس اور اوسکی
ران پر یہہ نام لکہا ہے بادشاہونکا بادشاہ اور خداوندون کا خداوند انتہی
اس بشارت سے اس جگہہ مقصود اس جملہ اوسکے لباس اور اوسکی ران پر یہہ
نام لکہا ہے بادشاہونکا بادشاہ اور خداوندونکا خداوند سے ہے اسلئے
کہ اسی جملہ مین مہر نبوت کا بیان ہے اور لباس سے موضع لباس مراد ہے
یعنی جسم مبارک اور مہر نبوت مین بعض روایات کے موافق یہہ لکہا تہا توجہ
حیث کنت فانک منصور ترجمہ توجہ کر جسطرف چاہے تو پس بیشک تو فتح دیا
گیا ہی اور یہہ الفاظ گویا کہ ہم معنے جملہ بادشاہونکا بادشاہ اور خداوندونکی خداوند
کی ہین اور اگر نہو تاہم وہ نشان مہر نبوت قائم مقام لکہنے کے ہی تہا اور ران
پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کچہہ نہ لکہا تہا غالباً ترجمہ مین غلطی ہوئی اور کسی
زبان مین ایسا لفظ مرادف ہوگا جس کی ران اور شانہ دونون معنی ہون اور ترجمہ
اس جگہہ پر شانہ کے ساتہہ ترجمہ چاہیے تہا لیکن ران کے ساتہہ غلطی سے
کردیا اور صدیق یار غار خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کی ران پر البتہ مہر نشان

تلافت تہا اور روضۃ الاحباب مین اسکا ذکر کیا ہے اور یہہ بہی بیان کیا ہے کہ قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک راہب نی صدیق رضی اللہ عنہ کے اس تل کو دیکہہ کے بشارت دی تہی کہ تم نبی آخر الزمان کے خلیفہ ہو گی پس اگر یہہ وہ سہی تل کا بیان ہی تاہم کچہ عبارت درمیان سے ساقط ہوئی ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم اور شرح اس بشارت کی یہہ ہے کہ تیر طمک بہی بابل تہا چنانچہ اور بابون مین اس کتاب کی اسکی تصریح موجود ہے اور اوسکی عدالت کی گئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقت مین وہ مفتوح ہوا اور انبیاء الہی کے خون کا بدلا اوس سے لیا گیا اور نقرئی گہوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دلدل نقرئی کو فرمایا ہے اور امین اور صادق آپکی القاب شریفہ سے ہین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکہین مبارک سرخ تہین یعنی اونمین سرخ ڈورے تہے اور آپ ہی نی بذات خود قتال فرمایا ہے اور آپ کے سر پر بہت سے تاج تہی اسلیے کہ آپکی امت مرحوم مین ہزارون صاحب تاج ہوتے وہ آپکی ہی طفیل سے ہین اور وہ گویا کہ آپکی ہی سر مبارک پر تاج ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوہ احد مین سر مبارک سے خون جاری ہو گیا اور تمام لباس آپ کا خون سے تر ہو گیا تہا اور غزوہ بدر مین ہزارون فرشتے گہوڑون پر سوار ہو کر لڑائی کفار کے واسطے میدان مین حاضر تہے اور اسکے پیچہے تہی اور فرشتونکا لباس اسوقت مین سفید ہی تہا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک کلام خدا ہے یعنی نور احمدی فقط بحکم الہی از کلمہ کن پیدا ہوا اور تمام مخلوق نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے پیدا ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوشیروانون کو

اپنے موحد کی تیر نیلوار سے یعنی دعا سے ہلاک کیا اور مارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوب ہی لشکر بازی کی اور اون پر حکمرانی فرمائی اور بارگاہ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک عصا تہا اور وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفا کے پاس چلا آتا تہا جب وہ کہویا گیا یعنی فرش سے خلافت نکل گئی یعنی سلطنت بنی عباس رضی اللہ عنہ غارت ہوگئی اور ترکاون پر غالب ہوگئی رباعی ای خاتم انبیاء و فخر آدم ؛ مقصود تو بودہ ز خلق عالم ؛ از مہر نبوتیکہ داری بر پشت ؛ منشور رسالت تو دارد خاتم۔ بیان ہر عضو جسم مبارک غزل الغزلات کی ساتوین باب مین ہے اور تیری تہنون کا رایحہ سیب سا ہو وے۔ اس جملہ مین فرمایا اور بشارت دی کہ آپکے تہنون سے بہی خوشبو آیا کریگی یعنی تمام جسم مبارک سے خوشبو آیا کریگی اسلئے کہ جب تہنون سے بہی آئی تو پہر اور جسم سے خوشبو نہ آئیگی کیا معنے اور واقعی آپکی تمام جسم مبارک سے خوشبو آیا کرتی تہی چنانچہ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اگر کہین تشریف لیجاتے ہوتے اور پیچہے پیچہے کوئی آپکا عاشق صادق مکان پر حاضر ہوتو بسبب خوشبوی جسم مبارک کے چلا جاتا تہا اور آپکی قدمبوسی حاصل کرتا تہا اور آپکی پسینے مبارک سے بہی خوشبو آیا کرتی تہی انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص چاہتا تہا کہ اپنے لڑکیکو رخصت کرکے سسرالکے شوہر کے گہر پہنچادے اور اوسکے پاس اوسکی خوشبو لگانیکو کچہ نہ تہا پس خدمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوا تاکہ آپ اوسے کچہ نقد عطا فرماوین تاکہ اوس سے خوشبو خریدے اور آپکے پاس اوس وقت نقد کچہ موجود نہ تہا پس آپ نے عطر کی شیشی طلب فرمائی اور چند قطرے پسینے مبارک کے اوسمین ڈالدیے اور فرمایا کہ اسمین خوشبو سمجہ اور

اپنے لڑکے سے کہہ کہ اسی خوشبو کی جگہہ استعمال کرے پس جب وہ لڑکے
اوسے ملتی تھی تمام مدینہ مین خوشبو پھیل جاتی تھی اور مدینہ والے اسی سونگھتے
تھے اور اوس گھر کا نام بیت المطیبین تھا یعنے گھر خوشبو والونکا اور اسی خوشبو
کی وجہہ سے غزل الغزلات مین ایکو باغیچہ کہا ہی تو بین فصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نامون مبارک
مین انمین میان نام مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم سنداول اظہار الحق مین ہے پس یہ مقدمہ ترجمہ
کلام اللہ تیسیر یعنی انجیل برنابا سے یہ بشارت نقل کی اور یہہ بشارت حضرت مسیح علیہ السلام نے
برنابا سے دی ہے اور عبارت اوسکی یہہ ہے ای برنابا جان لے کہ گناہ اگرچہ
چھوٹا ہو اور صغیرہ ہو مگر اللہ اوسپر بھی سزا دیتا ہے کہ وہ گناہ سے راضی نہین
ہے اور چونکہ میری مان اور میری شاگردون نے دنیا کی سبب سے خطا کی
اللہ اون سے غصہ ہوا اور بمقتضاے عدل و انصاف کے یہہ ارادہ کیا
کہ اس عقیدہ ناپسندیدہ کی کچھ سزا دنیاہی تاکہ عذاب دوزخ سے اونکو نجات
ہو اور وہان تکلیف مین نہ پڑین اور بلا شبہ اگرچہ مین تو یقیناً بری تھا مگر
بعض لوگون نے چونکہ مجھکو کہا کہ مین اللہ ہون یا اللہ کا بیٹا اللہ نے اس قول کو
برا جانا اور مقتضای اوسکے عدل کا یہہ ہوا کہ قیامت کے دن شیاطین میرے
اوپر نہ ہنسین اور میرا ٹھٹھا نکرین پس بمقتضای اپنی رحمت کے اوسنے مستحسن
سمجھا کہ یہہ ہنسی دنیا مین ہے یہودا کی موت سے ہوئی کہ گمان کرے ہر شخص
مین سولی دیا گیا ہون مگر یہہ ذلت اور ٹھٹھا باقی رہیگا تا آنکہ محمد رسول اللہ کی
ہو آنے اونکی سب لوگون کو اس غلطی سے آگاہی ہوگی اور یہہ شبہ لوگون
کے دلون سے اوٹھ جائیگا انتہی اور اس مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام
مبارک محمد رسول اللہ موجود ہے وہو المطلوب اور یہہ بہت بڑی بشارت
اگرچہ نصرانی اس پر یہہ اعتراض کرتے ہین کہ ہمارے پادریان سلف نے

اس انجیل کو رد کیا ہے پادری ہیں کہتا ہوں کہ تمہارے پادریون کو رد وقبول کا کیا اعتبار ہے اور یہ بات جو بیان ہوئی اسکا انیا مولینا کا اونسے زیادہ معتبر نہیں اور یہہ انجیل اناجیل قدیمہ سے ہے اور دوسرے اور تیسرے قرن کی کتابون مین اسکا ذکر موجود ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ یہہ کتاب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدایش سے دوسو برس پہلی لکھی گئی ہے اور ہنیز الہام کی دوسو برس پہلی کون ایسی خبر صحیح دی سکتا ہے پس ضرور یہہ مسیح علیہ السلام کا ہی قول ہے اور اگر یہہ دعوی کرین کہ اہل اسلام نے اس کتاب مین تحریف کر دی پس جواب اسکا یہہ ہے کہ یہہ شبہہ مجنونانہ ہے اور دیوانون کی سی بات ہے اسلیے کہ مسلمانون نے ان اناجیل اربعہ کی طرف توجہ کی ہی نہین اور برنابہ کی انجیل ہے جو اس پادری سیل کو بمشکل ایک بڑی کتب خانہ سے دستیاب ہوئی کہان آنا ربط ہوتا اور اگر تحریف بہی ہوئی ہوتی تو یہہ بشارت اکیلے نسخون مین ملتی ساری عالم کے نسخون مین کسطرح درج ہو جاتی دوسرے یہہ کہ نصرانی کہتے ہین کہ علمای اہل کتاب جو مسلمان ہوئے اونہون نے عہدین سے بشارات محمدیہ نقل کین اور اونمین تحریف کی پس اونکے زعم کے موافق مین کہتا ہون ان علمار کبار نے عہدین کی بشارات محمدیہ مین تحریف کی اور اپنی طرف سے بنا کر لکھدین اور پہر بہی تمام عالم کے نسخون مین اونکی تحریف نے اثر نکیا اسلیے کہ تمہاری قول کے موافق بائبل مین کوئی بشارت احمدی نہین ہے پس کیسی اثر کرگئی تحریف بعض مسلمانون کے نسخون انجیل برنابہ مین جو نصرانیون کی پاس موجود ہین پس یہہ احتمال **اَوْهَنُ مِنْ نَسْجِ العَنكَبُوتِ** ہے اور نہایت ہیچ درجہ ہے تنبیہ یہہ خبر ہمنے پہلے اعجاز عیسوی مین ترجمہ مطبوعہ ۱۸۳۱ء سے نقل کی تھی اور اعجاز عیسوی اسنہ ۱۲۸۰ ہجری صلی اللہ

علیہ وسلم مین ایسے ہو لا اقطا منہ بین مشہور ہوئی اور شرحیے اور کتابین انجیل بولا
ہے بہ نسبت پہلے کے دوسری چھاپہ مین متغیر ہو جاتے ہین اور ہر شخص کی
تحریف کو مثل تبدل و زیادتی وغیرہ کو دوسرے چھاپہ مین داخل دیا جاتا ہی
ایسا کہ از دخص ہین اور پولوس نے فتوی محض آزادی کا عطا فرما دیا ہے
اور مین مقدمہ کتاب ہذا مین اس امر سے خبردار کر چکا ہون پس اگر کوئی شخص
اس بشارت کو بعض ترجمون مین جو کہ اور سنہ کی چھپی ہوئے ہین زیادہ
تو تردد اور شک مین نہ پڑے اور میرے ساتھ انصاف ملحوظ رکھے اور اس
سنہ کی نسخہ کو تلاش کرے کہ انشاء اللہ کبھی اس نقل مین سر مو تفاوت
نہ پاوے گا حاصل اگر وہ نسخہ جو عند الناظر موجود ہے چھپا ہوا سنہ مذکور
سے بعد کا ہو اسلئے کہ پادریان پروٹسٹنٹ اگر دوسرے چھاپہ مین ترجمہ
مذکورہ سے ساقط کر دین تو کچھ عجیب نہین بلکہ یہ تو ان کی مثل امر طبعی کی ہی انتہی
فائدہ واضح ہو کہ عقیدہ غیر لائقہ سے عقیدہ تثلیث فی التوحید والتوحید
فی التثلیث مراد نہین ہے اس لیے کہ اس قسم کی گناہ کو بعض الناس کی طرف
نسبت کیا ہے نہ اپنے والدہ ماجدہ صدیقہ مکرمہ معظمہ رضی اللہ عنہا کی طرف
اور نیز عقیدہ مذکورہ اوسکی معتقدین کے اعتقاد کے موافق فرض عین ہے نہ قابل اصلاح
بلکہ شاید وہ امور مراد ہون جو مرتبہ صدیقیت کے خلاف ہین مثلا سمجھتی ہو یہ گمان ہوا ہو کہ
حضرت مسیح علیہ السلام کی خلافت ظاہری ابھی ہو گی اور حواری بعد رفع مسیح علیہ السلام کے
منتظر خلافت ظاہری تہے اور سمجھتے تھے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ابھی نزول فرماوینگے اور ہم نقبا
اور وزرا ہونگے اور پطرس نے اس غلطی سے ان کو آگاہ کیا اور بشارت شانیہ سیدنا محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی ذکر کی اور بیان کیا کہ جبتک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہونگے نہین مسیح
علیہ السلام نزول نفرماوینگے اور تیسری باب مین کتاب اعمال یوحنا کی یہ قصہ مذکور ہے اور جملہ دنیا کی

اسی طرح بشیر ہے دوسری سند غزل الغزلات کے پانچوین باب مین
ہے اور وہ بالکل محمد ہی ہے تعریف کیا گیا ہے اور نام بہی آپکا محمد ہے
اور چوتہی باب مین ہے ای میری پیاری تو سراسر جمال ہی تجہہ مین کوئی عیب
نہین ہے اور یہہ بہی ترجمہ نام پاک محمد کا ہے وہو المطلوب تیسری سند
صحیفہ یسعیا علیہ السلام باب ۴۲ ورس ۴۲ دیکہو میرا بندہ اقبال مند ہوگا وہ
بالا اور ستودہ ہوگا ورس ۱۵-اسیطرح وہ بہت سی قومون پر چہڑکیگا اور
بادشاہ اوسکے آگے اپنا منہہ بند کرینگے کیونکہ وہ کچہہ دیکہینگے جو ان سے کہا
گیا تہا اور وہ کچہہ او نہون نے نہ سنا تہا دریافت کرینگے انتہی یہہ بشارت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی ہی اور عبدہ ورسولہ آپکی نسبت کلمہ مین پڑہتے ہین اور
عبد اللہ آپکا لقب ہے اور آپکی والد ماجد کا نام ہے اور اقبال مندی
آپکی ظاہر ہے اور قد مبارک آپکا میانہ تہا اور بلند تہا اور آٹہوین فصل مین یہہ
بیان گذر گیا ہے اور آپ مجموعہ تہے تمام اوصاف واخلاق وعادات وافعال
وحرکات وسکنات آپکی ستودہ ہین. ورستودہ ترجمہ محمد ہی اور محمد کا اپ کا
نام ہی اور پندرہوین ورس کا بہی مطلب ظاہر ہے اور چودہوین ورس اس
بشارت کا مطلب خبط کرنے کو بڑہا دیا ہے نہ عَلَیْهِمْ مَا یَسْتَحِقُّوْنَ
چوتہی سند صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۴۹ س خدا نے مجہے دور سے بلایا جبکہ
ہنوز اپنے ماکی پیٹ مین تہا اور اوسنے میرا نام مذکور کیا اور میرے دہن کو تیغ
تیز کی مانند کیا اور اپنے ہاتہ کی سایہ تلے مجہے چہپایا اور مجہے خدنگ درخشان بنایا
اور اپنے ترکش مین مجہے پنہان رکہا اور کہا تو میرا بندہ ہے مین تیرے سبب محمود ہونگا
اور بعضی نسخون مین ہی خدا کے نزدیک محمد ہوا انتہی بشش حضرت یسعیا
علیہ السلام یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے ارشاد فرما رہے ہین ہر دو سے بلا اسکی [illegible]

یہ معنی ہین کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زمین شام مین پیدا نہوین بلکہ اور زمین مین جو اوسکے مثل ہو اور اوس سے اور ہو پیدا ہوین اور پھر بلا لیے جاوین اور زمین شام مین تشریف لاوین چنانچہ معراج کی رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلائے ہوئے مسجد اقصے مین تشریف لائے اور وہان انبیا و رسل علی نبینا و علیہ السلام کے امام ہوئے شعر دران مسجد امام انبیا شد صف پیشینیان را پیشوا شد یہ بھی فضیلت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان مین ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سے کہ اپنی مان کی پیٹ مین تھے تبھی سے آپکا نام مذکور ہوا کا ہون وغیرہ نے اشارات قرب ولادت احمد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دینی شروع کر دین نوشیروان نے خواب دیکھے بتون نے بھی آوازین دینی شروع کر دی کہ محمد رسول اللہ کی ولادت قریب ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسپر بد دعا کی وہ ہلاک ہوا اور آپ بڑے فصیح و بلیغ بھی تھے باوجود آپکے امی ہونے کے پھر بھی آپ فصیح و بلیغ تھے اور حمد اپنے ہاتھ کے سائے تلے چھپا رکھا اس امر کو بیان کرتی تھی کہ آپ انبیاء علیہم السلام کے بعد پیدا ہون تاکہ آپ کی شریعت کا کوئی ناسخ نہو اور آپ سب شرائع کے ناسخ ہون اور آپ تیر درخشان بھی تھے آپنے ہزارون اپنے دشمنون کو ہلاک کیا اور تیر درخشان کے مثل اونکے بدنو کو پھاڑ ڈالا اور عبد اللہ آپکا لقب ہوا اور محمد آپکا نام ہے اور محمود بھی آپکا لقب ہے **پانچوین سند** صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۵۵ مین تم سے ابدی عہد باندھونگا اور داؤد کی یقینی رحمتین تم پر کرونگا دیکھو مین اوسی لوگونپر گواہ بناونگا اور خلق کا فرمانروا خدا ایک گروہ کو جسے تو نہین جانتا بلاویگا اور وہ قومین جو تجھے نہین جانتی تیری پیچھے دوڑینگی کیونکہ اوسنے تجھے ستودہ کیا ہے

یعنی اس بشارت مین امت محمدیہ سے اللہ پاک مخاطب کرکے فرماتا ہے اور
اس امت مرحومہ سے اپنی نعمت باندازہ کثرت اتباع اونکو دیگی اور اونسے عہد
ہوا کہ بعذاب جنس مسخ نہوگا اور داؤد علیہ السلام کو جیسے نبوت وخلافت
عنایت ہوئی تھی ویسے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی رسالت وخلافت عطا
ہوئی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میدان محشر مین اپنی امت پر گواہ ہونگے
اور آپکی امت اور نبیون کی امتون پر گواہ ہوگی کہ انہون نے اللہ کے احکام اپنی اپنی
امتون کو پہنچائے ہین اور اسمین خیانت نہین کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی ہزارون امتی مشرق سے مغرب تک ہین کہ وہ آپکے پیچھے دوڑتی ہین اور آپ
اونکو مثل عرب کے نہ جانتے تھے اور آپکا نام محمد ہے اور مشہود محمود کا جو ترجمہ
وہو المطلوب بیان نام مبارک احمد سند اول اظہار الحق مین ہے کہ خلاصہ
بین جو اردو زبان مین مولوی حیدر علی صاحب کی تصنیفات سے ہی نقل کیا ہے
کہ پادری اوسکان ارمینی نے صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام کا سنہ ۱۶۶۶ جو چھپا سنہ
عیسوی مین ارمنی زبان مین ترجمہ کیا ہے اور بیالیسوین باب مین کتاب مذکور کے
یہ فقرہ ہے حمد وا اثر سلطنتہ علی ظہرہ واسمہ احمد یعنی نشان انکی حکومت وقوت کا
اونکی پشت پر ہوگا اور نام اونکا احمد ہوگا دوسری سند بشارت فارقلیط
اظہار الحق مین ہے ترجمہ عربیہ مطبوعہ سنہ ۱۸۲۱ و سنہ ۱۸۳۱ و سنہ ۱۸۴۴ مطبع لندن۔
ترجمہ اردو ترجمہ عربی مذکور چودہوین باب مین ۔ انجیل یوحنا سے اگر تم مجھسے
محبت رکھتے ہو تو میری وصیتون پر حفاظت رکھو اور مین طلب کرونگا باپ سے
پس عطا کریگا وہ تمکو فارقلیط دوسرا تاکہ رہے ابد تک تمہارے ساتھ رہے
روح حق وہ کہ نہین طاقت رکھتا ہے جہان کہ قبول کرے اوسکو اسواسطے
کہ نہین دیکھتا ہے اوسکو اور نہین پہچانتا ہے اوسکو اور تم پہچانتے ہو

کرو مقیم ہے تمہارے نزدیک اور وہ ثابت ہے تم مین (۱۶) اور فارقلیط
وہ روح قدس ہے جسکو باپ میرے نام سے بھیجے گا اور وہ سکھلا دے گا تمکو
ہر شے اور وہ یاد دلاوے گا تمکو جو مینے تمکو کہا ہے اور اب مینے تمکو اوسکے
ہونے سے پہلی کہدیا ہی تاکہ جب وہ ہو وے تو تم ایمان لاؤ اور پندرہوین
باب مین انجیل یوحنا سے اسطرح ہی (۲۶) پس لیکن جب آویگا فارقلیط وہ
کہ بھیجونگا مین اوسکو تمہاری طرف باپ سے روح حق وہ کہ باپ سے نکلتی ہے گواہی
دیگا وہ میری واسطے اور تم گواہی دوگے اسواسطے کہ تم میری ساتھ ابتدا سے ہو
اور سولہوین باب مین انجیل یوحنا سے ہی لیکن مین کہتا ہون تمکو سچ کہ میرا جانا
ہی تمہاری واسطے بہتر ہے اسواسطے کہ اگر مین نجاؤن تو فارقلیط تمہاری پاس
نہ آویگا پس اگر گیا مین تو بھیجونگا مین اوسکو تمہاری طرف پس جب آویگا وہ سرزنش
کریگا دنیا کو اور اوپر بھلائی کے اور اوپر حکم کے لیکن اوپر خطا کے پس اسواسطے کہ وہ
میرے اوپر ایمان نہین لائے اور لیکن اوپر بھلائی کے پس اسواسطے کہ
مین جانیوالا ہون طرف باپ کی اور تم مجھے پھر نہ دیکھوگے اور اوپر حکم کے پس اسواسطے کہ سردار اس
عالم پر حکم کیا گیا ہی اور تحقیق میری بہت سی کلام ہے کہ کہتا مین اوسکو تم سے لیکن تم اوسکے
اوٹھانیکی اب طاقت نہین رکھتے ہو (۱۳) پس جب آویگا روح حق وہ پس رہنما ہوگا
تمکو جمیع حق اسواسطے کہ نہین بولتا اپنی طرف سے بلکہ کلام کرتا ہی ساتھ ہر ایک اوس شئی کی کہ سنتا
اور خبر دیگا ساتھ اوس شئی کی کہ قریب ہی کہ آویگی (۱۴) اور وہ میری بزرگی کریگا اسواسطے
کہ وہ لیگا اوس شئی کو کہ میری واسطے ہی (۱۵) کل وہ شئی کہ واسطے باپ کے پس وہ میرے واسطے
ہے پس اسواسطے کہا مینے کہ وہ میری چیزون سے پاوے گا اور تمکو خبر دیگا
ترجمہ اردو مطبوعہ ۱۸۳۹ع مرزاپور انجیل یوحنا باب (۱۴) اگر تم
مجھے پیار کرتے ہو تو میرے حکمون پر بھی عمل کرو (۱۶) اور مین نبی باپ سے درخواست

کرونگا اور وہ تمہیں دوسرا تسلی دینیوالا بخشیگا کہ ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے (۱۷)
یعنی روح حق جسے دنیا حاصل نہیں کر سکتی ہے کیونکہ اوسے نہ دیکھتی ہے نہ اوسے جانتی ہے لیکن
تم اوسے جانتے ہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ رہتی ہے اور تم میں ہوویگی (۱۸) میں تمہیں
یتیم نہ چھوڑونگا میں تمہارے پاس آونگا ورس ۲۵) میں نے یہ باتیں تمہارے ساتھ
ہوتے ہوئے تم سے کہیں لیکن وہ تسلی دینیوالا جو روح قدس ہے جسے باپ میرے نام سے
بھیجیگا وہ تمہیں سب چیزیں سکھلا دیگا اور سب باتیں جو کچھ میں نے تمہیں کہی ہیں
یاد دلاویگا ورس ۲۹) اور اب میں نے تمہیں اوسکے واقع ہونے سے پیشتر کہدیا تاکہ
جب وہ وقوع میں آوے تو تم ایمان لاؤ (۳۰) بعد اسکے میں تم سے بہت کلام
نکرونگا اسلیئے کہ اس جہان کا سردار آتا ہے اور مجھہ میں اوسکی کوئی چیز نہیں ایضاً
باب ۱۵ ورس ۲۶) لیکن جب کہ وہ تسلی دینیوالا جسے میں تمہارے
لیے باپ کیطرف سے بھیجونگا یعنی روح حق جو باپ سے نکلتی ہے آوے تو وہ میرے لیئے
گواہی دیگا اور تم بھی گواہی دوگے کیونکہ تم شروع سے میرے ساتھ ہو — ایضاً
باب ۱۶ ورس ۷) لیکن میں تمہیں سچ کہتا ہوں کہ تمہارے لیئے میرا
جانا فایدہ ہے کیونکہ میں اگر نہ جاؤں تو تسلی دینیوالا تم پاس نہ آویگا پر اگر
میں جاؤں تو میں اوسے تم پاس بھیجدونگا وہ آنکر دنیا کو گناہ سے اور راستی سے
اور عدالت سے تقصیروار ٹھیرائیگا (۹) گناہ سے اسلیئے کہ وہ مجھپر ایمان نہیں لائے
اور راستی سے اس لیئے کہ میں اپنے باپ پاس جاتا ہوں اور تم مجھے پھر نہ دیکھوگے
عدالت سے اسلیئے کہ اس جہان کے سردار پر حکم کیا گیا ہے ورس ۱۲) میری
اور بہت سی باتیں ہیں کہ میں تمہیں کہوں پر اب تم اونکی برداشت نہیں کر سکتے
(۱۳) لیکن جب وہ یعنی روح حق آوے تو وہ تمہیں ساری سچائی کی راہ بتاویگی
اسلیئے کہ وہ اپنی نہ کہیگی بلکہ جو کچھ وہ سنیگی سو کہیگی اور تمہیں آئندہ کی خبریں دیگی

(۱۴) وہ میری بزرگی کریگی اسلئے کہ وہ میری چیزون سے پاویگی اور تمھین دکھاویگی (۱۵) سب چیزین جو باپ کی ہین میری ہین اسلئے مین نے کہا کہ وہ میری چیزون سے پاویگی اور تمھین دکھاویگی تھوڑی دیر اور تم مجھے نہ دیکھوگے اور پھر تھوڑی دیر اور مجھے دیکھوگے کیونکہ مین باپ کو پاس جاتا ہون سحق یہ مسلم فریقین ہی کہ مسیح علیہ السلام کی بولی عبرانی تھی اور یونانی نہ تھی اور فارقلیط کی جگہہ یونانی ترجمون مین ایک لفظ پیریکلیطاس ہی اور اس لفظ کی معنی تسلی دہندہ کی ہین چنانچہ اردو ترجمہ والون نے تسلی دہنیوالی کو ساتھہ ترجمہ کیا ہی مگر یہہ ترجمہ فارقلیط کا صحیح نہین ہی بلکہ صحیح ترجمہ پیریکلوطوس ہی جو ٹھیک بمعنی احمد ہی اور یہہ دعوی کہ فارقلیط کا صحیح ترجمہ احمد ہی عبرانی زبان کی لغت دیکھنے سے ثابت ہو سکتا ہی پس یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بنام احمد ہوئی وہو المطلوب پادریان نصاری بسبب تعصب وتقلید آبائی کے اس بشارت سے آنکھہ چھپاتے ہین اور چشم پوشی کرتے ہین اور جو اہلی بہکانے عوام کو کہتے ہین کہ یہہ بشارت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہین ہی بلکہ روح القدس کے نازل ہونیکی خبر ہی اور انکی اس تعریف کو سوای کلمہ فارقلیط ترجمہ نام مبارک احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور الفاظ بھی رد کرتے ہین (۱) یہہ ہی کہ تمھید کی اوس جگہہ ضرورت ہوتی ہی کہ مامور کو طاقت انکار کرنیکی مامور بہ سے ہو اور جب مامور کو مامور بہ سے انکار کرنیکی طاقت ہی نہو تو ایسی جگہہ تمھید بیجا اور خلاف قاعدہ ہی اور اس جگہہ پہلے اس بشارت مین تمھید کی اور فرمایا اگر تم مجھے محبت رکھتے ہو تو میری حکمون پر عمل کرو پس آگے ایسے حاکم کا بیان ہونا ضرور چاہیی کہ حواریین کو اوس سے انکار کی طاقت ہو اور وہ حکم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ خاص ہی نہ روح القدس کی قبول کرنے کا اسلئے کہ روح القدس سے انکار نہین ہو سکتا ہی اسواسطے کہ وہ تو مثل جان کے

تمام شہر مین تہی باقی تہی اور حواریین کو اونکی بولی وعبارت مین بہی بیلادی تہی اور وہ سیکڑون طرح کی بولیان بولنی لگتی تہی (۳) یہہ کہ اس بشارت مین یہہ جملہ ہی کہ مین باپ سی درخواست کرونگا اور روح القدس تمہاری عقیدہ کی موافق خدا کا تیسرا جزو تہی اور شخص خدا ہی اور جب یہہ بات ہی تو پہر درخواست کی خدا سی کیا معنی ہونگے (۴) یہہ کہ اس بشارت مین یہہ جملہ بہی ہی تاکہ وہ ہمیشہ تمہاری ساتہہ رہی اور اس جملہ سی معلوم ہوتا ہی کہ روح القدس اسوقت حواریین کی ساتہہ نہ تہی اور یہہ تمہاری اس عقیدہ کی کہ روح القدس اور خدا اور مسیح تینون متحد ہین مخالف ہی اور اگر بالفرض تینون کا اتحاد نہین ہی بلکہ روح القدس اور خدا ہی متحد ہین تو اس وقت بہی نعوذ باللہ من ہذا القول خدا کی معدومیت لازم آئی اور نیز اگر روح القدس بالفرض نازل بہی ہوئی ہو تو فقط ایک دو مرتبہ نازل ہوئی اور اوسپر کلمہ ہمیشہ کیسی صادق آسکتا ہی اور وہ کوئی کلام نہین لائی تہی کہ اوسکا ہمیشہ رہنا گویا کہ روح القدس کا ہمیشہ رہنا ہی (۴) پہر اس بشارت مین تعریف فارقلیط مین فرمایا کہ وہ تمہین سب چیزین سکہلا دیگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی تعریف ہی نہ روح القدس کی اسلئے کہ اونہون کچہہ نہین سکہلایا ہی (۵) یہہ کہ اس بشارت مین فارقلیط کی ساتہہ ایمان لانیکا حکم فرمایا ہی اور یہہ حکم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتہہ مخصوص ہی اسلئے کہ روح القدس سی تو انکار کی طاقت نہین تہی وہان ایمان لانیکی حکم سی کیا علاقہ اور نیز لفظ ایمان صاف دلالت کرتا ہی کہ یہہ پیغمبر اللہ کی رسول کی ہی جسپر ایمان لانا فرض ہی (۶) یہہ کہ اس بشارت مین ہی مین تمسی سچ سچ کہتا ہون کہ تمہاری لئی میرا جانا ہی بہتر ہی کیونکہ اگر مین نجاؤن تو تسلی دینیوالا تمہاری پاس نہ آویگا اور اس جملہ سی معلوم ہوتا ہی کہ جسکی یہہ خبر ہی وہ حضرت مسیح علیہ السلام کی زمانہ مین حواریین مین قایم قیامت

بہ نہیں ہوسکتا ہے اور روح القدس مسیح علیہ السلام کی ساتھہ تھی اور اونپر نازل ہوئی تھی اور حواریین پر بھی نازل ہوئی تھی پس یہہ اوسکی خبر نہیں ہوسکتی بلکہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر ہے اسلئے کہ ایسے دو رسولوں صاحب شریعت کا ایک زمانہ میں ہونا ناجایز ہے (۷) یہہ کہ اس بشارت میں سے ہے کہ وہ دنیا کو اسوجہہ سے سزاوار ٹھہرائیگا کہ وہ مجھپر ایمان نہیں لائے اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وصف ہے اسلئے کہ آپنے ہی حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان نہ لائینکے وجہہ سے دنیا کو گنہگار ٹھہرایا ہے نہ روح القدس نے (۸) یہہ کہ اس بشارت میں ہی میری اور بہت سی باتیں ہیں پر اب تم اونکی برداشت نہیں کرسکتے ہو لیکن جب وہ روح حق آویگا وہ تمہیں ساری سچائی کی راہ بتاویگا اسلئے کہ وہ اپنی نہ کہیگا بلکہ جو کچھہ وہ سنیگا سو کہیگا اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شخص جسکی یہہ بشارت ہے کچھہ احکام شریعت مسیحی میں زیادہ کریگا اور بعض احکام میں زیادتی کمی آویگی اور یہہ بات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہی صادق ہے اسلئے کہ بہت سے احکام میں شریعت عیسوی سے شریعت احمدی میں کمی زیادتی ہوئی اور بہت سے احکام زیادہ ہوئے نہ روح القدس پر اسلئے کہ روح القدس نے کوئی حکم شریعت عیسوی میں نہیں بڑھایا اور اگر تحلیل اکثر محرمات کی اور تعلیم عقیدہ تثلیث کی اوسکی طرف نسبت کریگی تو وہ روح روح قدس نرہیگی اور نیز روح قدس تمہارے نزدیک متحد تھا ابہی میں سننے کی کیا معنی البتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھہ سنتے تھے سو فرماتی تھی و ما ینطق عن الھوے ان ھو الا وحی یوحی آپکی شان میں نازل ہے (۹) یہہ کہ اس بشارت میں ہی کہ وہ تمہیں آیندہ کی خبریں دیگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف ہے کہ اتنی آیندہ کی خبریں ہزاروں دین اور بال برابر آپکی فرمانیکے خلاف واقع نہیں ہوا

اور روح القدس نبوت کی خبر دیتی تہی (۱۰) یہہ کہ اس بشارت مین ہی کہ وہ میری بزرگی کریگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام صفت ہی اسواسطے کہ آپنی بزرگی حضرت عیسی علیہ السلام کی ایسی کی کہ دعوی خدائی او جہوٹ سے آپکو بری کیا اور مرتبہ رسالت کہ آپکی تہی ثابت فرمایا یہود و نصاری افراط و تفریط مین تہی اور در حقیقت تعلیم حقہ کوئی نہین کرتا تہا (۱۱) یہہ کہ اس بشارت مین ہی کہ وہ میری چیزون سے پاویگا اور یہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وصف ہی کہ آپ اور سیدنا مسیح علیہ السلام اصل رسالت الہی مین برابر ہین اور روح القدس نی کونسی چیز حضرت مسیح علیہ السلام کی پائی اور وہ اور عیسی علیہ السلام تو آپکی نزدیک ایک سے ہین پہر تامل کیا معنی یہہ کیا وہ لیلین سوا اسکے کہ فارقلیط نام مبارک احمد کا ترجمہ ہی اس بات کا ہین کہ یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور روح القدس کی نزول کی خبر نہین ہی جو شاید حوارین برابر ہی ہوا اور اس بشارت پہ پادری پانچ خدشے کرتی ہین (۱) یہہ ہی کہ فارقلیط کو اس بشارت مین روح القدس اور روح الحق کی ساتہہ تفسیر کی ہی اور یہہ دونون عبارتین اقنوم ثالث سی یعنی خدا کی تیسری ذات سی معاذ اللہ من ہذا القول نہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی (۲) یہہ ہی کہ اس بشارت مین حوارین سے خطاب کرکے فرمایا کہ فارقلیط روح الحق تم پاس آویگا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حوارین کی پاس کہان آئی آپ تو اونکی انتقال سے صدہا برس کے بعد پیدا ہوئی (۳) یہہ کہ اس بشارت مین فارقلیط کی وصف مین فرمایا ہے جسے دنیا حاصل نہین کرسکتی ہی کیونکہ نہ اوسی دیکہتی ہے نہ اوسی جانتی ہی اور یہہ وصف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نہین ہی اسلئے کہ اونکو دنیا نی دیکہا ہی اور پہچانا (۴) یہہ ہی کہ اس بشارت مین فارقلیط کی وصف مین فرمایا ہے کیونکہ وہ تمہارے ساتہہ رہتی ہے اور یہہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف نہین ہی اسلئے

کہ آپ حواریین کی ساتھہ کہان رہی (۵) یہہ کہ کتاب اعمال حواریین کی پہلی باب مین یہہ عبارت ہی باب ۱ - ورس ۴ اور اونکی ساتھہ اکٹھا ہوکی حکم دیا کہ تم یروشلم سے باہر نجائیو بلکہ باپ کی اوس وعدہ کا جسکا ذکر تم سے ہو چکا ہے راہ دیکھو (ورس ۵) کیونکہ یوحنا کی پانی سی بپتسمہ دیا ہی لیکن تم تھوڑی دنون کے بعد روح قدس سی بپتسمہ پاؤگی اور یہہ عبارت اس بات پر دلالت کرتی ہی کہ فارقلیط سی وہ روح القدس مراد ہی جو یوم الدار معاذ اللہ من القول نازل ہوئی تھی نہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسواسطے کہ سو عذاب سے بہی وہی مراد ہی یہہ پانچ اعتراض نصرانیون کی تہی اور پہلے اعتراض کا جواب یہہ ہی کہ پادری فنڈر صاحب میزان الحق فی مفتاح الاسرار کی دوسری باب کی پہلی فصل مین کہا ہی کہ لفظ روح اللہ اور روح فم اللہ اور روح القدس توریت ذکر مین بمعنی واحد مستعمل ہوتی ہین انتہی پس اس جگہہ اونہی دعوی کیا کہ لفظ روح اللہ اور روح القدس بمعنی واحد عہدین مین آتی ہین اور حل الاشکال مین اونہی کہا ہے جس شخص کو توریت وانجیل کا کچھہ شعور ہے وہ جانتا ہی کہ روح القدس اور روح الحق اور روح فم اللہ وغیرہ بمعنی روح اللہ ہین اسلئیے اسکا اثبات ضروری نہ جانا پر اوسکی دعوی کی موافق معلوم ہوا کہ یہہ سب الفاظ بمعنی واحد مستعمل ہوتی ہین پس ہم قطع نظر اس سی کہ یہہ اسکا دعوی بہ نفی نفسہ صحیح ہی یا نہین اس امر کو تسلیم کرتی ہین مگر اسکی منکر ہین کہ یہہ سب الفاظ سب جگہہ بمعنی اقنوم ثالثہ ہی آتی ہین اور اسیکی قول کی موافق ہم بہی کہتی ہین کہ جسکو کچھہ شعور عہدین کا ہے وہ جانتا ہے کہ یہہ الفاظ اور معنون مین بہی مستعمل ہوتی ہین صحیفہ حزقیال باب ۳۷ ورس ۱۴ خداوند یہوواہ اون ہڈیون کو یون فرمایا ہے دیکہو مین تمہاری اندر روح داخل کرونگا اور یہان روح بمعنی نفس ناطقہ ہی نہ بمعنی تیسری اقنوم کی جو انکی زعم کی موافق عین خدا ہی معاذ اللہ اور یوحنا کی چوتھی باب مین پہلی رسالہ کی ہی ای پیارو تم ہر ایک روح کو یقین نکرو بلکہ روحونکو آزماؤ کہ وہی خدا کی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کی تین وجہیں [illegible]

[illegible] روح القدس اور روح الحق بمعنی الواعظ الحق [illegible]

اور روح الحق یوحنا کی پہلی رسالہ میں انہیں معنوں میں ہی اور دوسری شبہ کا جواب

یہ ہی کہ [illegible] شبہ کا یہ ہی کہ جو خطاب کی وقت حاضر ہوں وہی اس خطاب

اور کلام کی ساتھ مخاطب ہوتی ہیں اور یہ صحیح نہیں ہے بلکہ بسا اوقات جو خطاب

کی وقت حاضر ہوتی ہیں وہ خطاب سی مراد نہیں ہوتی ہیں دیکھو متی کی انجیل کی

چھبیسویں باب کی [illegible] ۶۴ آیت میں ہی بلکہ میں تم سی کہتا ہوں کہ اسکے بعد تم

ابن آدم کو قادر مطلق کی داہنی طرف اور آسمان کی بادلوں پر آتی ہوئی دیکھو گی

اور یہ سب مخاطبین مر گئی اور اٹھارہ سو برس سے اوپر ہو گزرے اور کسی

نی [illegible] بادلوں پر آتی ہوئی نہیں دیکھا پس اس جگہ [illegible] وہ لوگ ہیں جو حضرت

مسیح علیہ السلام کی نزول کی وقت میں [illegible]

کی وقت میں ہوں گی چنانچہ [illegible]

[illegible] اور تیسری شبہ کا جواب یہ ہی کہ [illegible]

[illegible]

[illegible] باب میں [illegible] تمثیلوں میں بات

کرتا ہوں کیونکہ وہ دیکھتی ہوئی نہیں دیکھتی اور سنتی ہوئی نہیں سنتی اور سمجھتی

نہیں سمجھتی ہیں اور اس لفظ کی اگرچہ یہ معنی مجازی ہیں پر حقیقت عرفیہ کی قائم مقام

ہوگئی ہین اور سیدنا مسیح علیہ السلام کی کلام مین اور بہت جگہہ یہہ دونون لفظان معنون
مین آئی ہین انجیل مذکور کی گیارہوین باب مین ہی میری باپ سی سب کچھہ مجھی سونپا گیا
اور کوئی بیٹی کو نہین جانتا مگر باپ اور کوئی باپ کو نہین جانتا مگر بیٹا اور جس پر بیٹا
ظاہر کیا چاہی اور یوحنا کی انجیل کی سترہوین باب مین ہی ای عادل باپ دنیا نی تجھی
نہین جانا مگر مینی ہی تجھی جانا ہی اور انہون نی جانا ہی کہ تو نی مجھی بھیجا ہی اور
ایسی ہی اور بہت سی مقامون مین اسی معنی مین یہہ دونون لفظ آئی ہین اور چوتھی
مسئلہ کا جواب یہہ ہی کہ ترجمہ عربی مطبوعہ ۱۶۷۱ اور ۱۸۲۵ مین یہہ فقرہ اسطرح ہی
لانہ مستقر معکم ویکون فیکم اور فارسی کی ترجمہ جو ۱۸۱۶ اور ۱۸۲۸ اور ۱۸۴۱ اور
ایسی ہی اردو کی ترجمہ جو ۱۸۱۴ اور ۱۸۳۹ مین چھپی ہین وہ سب ان دونون ترجمون
عربی کی موافق ہین اور ترجمہ عربی مین جو ۱۸۱۶ مین چھپا ہی یہہ فقرہ اسطرح ہی
ماکث معکم ویکون فیکم مراد ثبوت سی ثبوت بزمانہ استقبال ہی تاکہ سب
ترجمی موافق ہوجاوین اور باقی رہا فقرہ تم مین رہتی ہی اور مقیم عندکم پس اس فقرہ
مین ہی قیام استقبالی اور وہ رہنا مراد ہی جو زمانہ آیندہ مین ہوگا لیکن بسبب
شدت یقین کی اسی حال کی ساتھہ تعبیر کیا ہی ورنہ سب کلام متناقض ہوجاویگی اسواسطی
کہ اور سب کلمات بمعنی استقبال ہین اور وہ کلمات یہہ ہین مین اپنی باپ سے
درخواست کرونگا اور وہ تمہین دوسرا تسلی دینیوالا بخشیگا کہ ہمیشہ تمہاری ساتھہ رہے
اور لیکن وہ تسلی دینیوالا جسے باپ میری نام سی بھیجیگا وہ تمہین سب چیزین سکھلاویگا
اور سب باتین جو کچھہ مینے تمہین کہی ہین یاد دلاویگا بعد اسکے مین کلام نکرونگا اسلیئے
کہ اس جہان کا سردار آتا ہی اور مینے اوسکے واقع ہونی سی پیشتر کہا تاکہ جب وہ وقوع
مین آوی تو تم ایمان لاؤ پس یہہ سب جملی صریحۃ بمعنی استقبال ہین پس ان دونون
لفظون کو بہی بمعنی استقبال سمجھنا چاہئی اور یقین کرلینا چاہئی کہ بسبب شدت یقین کے

بصورت حال تعبیر کیا ہی اور شدت یقین کی وجہ سے حال کو کیا حال بوجہو استقبال کو ماضی
کی ساتہ تعبیر کرتی ہین دیکہو صحیفہ حزقیال علیہ السلام باب (۹) کہ اس باب مین یاجوج
ماجوج کی خبر دیکر اوسکا موقوع تباہی بنی اسرائیل کی پہاڑ بیان کرکی فرمایا ہی دیکہو وہ
پہونچا اور وقوع مین آیا خداوند یہوواہ یون کہتا ہی یہہ وہی دن ہی جسکی بابت مینی
کہا اور ترجمہ فارسی مطبوعہ ۱۸۳۸ء مین یہہ جملہ اسطرح ہی اینک رسید و بوقوع پیوست
اور انجیل یوحنا مین مستقبل کو بصیغہ حال بیان کیا ہی باب (۵) درس (۲۵)
مین تم سی سچ سچ کہتا ہون کہ وہ گہڑی آتی ہی اور اب ہی کہ جس دن مین مردی خدا کے
بیٹے کی آواز سنینگے اور اوسی سنکے جاگین گی پس جیسے اون دونون جگہہ مین شدت یقین
کی وجہ سی مستقبل کو ماضی اور حال کی ساتہ تعبیر کیا ہی ایسی ہی فیما نحن فیہ مین شدت
یقین کیوجہ سے مستقبل کو بصیغہ حال تعبیر کیا اور ما نحن فیہ مین تو محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو پیدا ہوئی تیرہ سو برس سے زیادہ گذر گئے اور ان دونون فقروں کا مصداق
ابہی نہین ہوا اور اخیر فقرہ تو محرف ہی اسلئے کہ مردی بحکم خداوند محیی و ممیت زندہ
ہون گی نہ بحکم مسیح علیہ السلام اور جو خود اپنی زندگی پر قادر نہو تو وہ دوسری کو کسطرح
حیات بخش سکتا ہی خصوصاً جب کہ وہ مردہ ہی ہوا اور مسیح علیہ السلام تو اموات مین
شامل ہونگی پہر کسطرح وہ اورونکو زندہ کرینگے اور پانچوین شبہ کا جواب یہہ ہے
کہ ہم کب تسلیم کرتے ہین کہ موعود سے یوحنا کی انجیل مین وہ روح مراد ہی جو تمہارے
قول کے موافق یوم الدار نازل ہوئی بلکہ اوس سے بہی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم ہی مراد ہین اور یروشلم سی بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک باہر نکالینگے
یہہ معنی ہین کہ وہی اوسوقت تک اپنا قبلہ سمجہو اور اس سے وابستہ رہو اور بعد بعثت
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبلہ دائمی جمیع عالم کا کعبہ شریف ہوگا — ذکر
لقب شریف مصطفی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم — صحیفہ یسعیاہ کے

اور تم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب مین سچی ہو تو تم اپنی گواہ لاؤ اور وہ گواہی
یہہ ہو کہ تم اپنی بزرگون کو جمع کرو اور ادہر سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معہ اپنی
عترت جگر بندون کی تشریف لاوین اور تم دعوی کرو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبی برحق
نہین ہین اور اپنی دعوی کی صدق کی یہہ دلیل لاؤ کہ دعا کرو کہ الہی جو ہم مین جھوٹا ہو وہ
ہلاک ہو چنانچہ نصاری نجران سی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہہ مباہلہ قرار پایا
اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقت موعود پر معہ سیدنا فاطمہ رضی اللہ عنہا اور امام حسنین
رضی اللہ عنہما اور سیدنا علی ابن طالب کرم اللہ وجہہ مقام مقرر پر تشریف لائے
اور ادہر سی نصاری نجران بہی آئی پس ایک شخص نے جو انکا بڑا تہا یہہ بات کہی
کہ جس قوم نے اپنی نبی سے مباہلہ کیا ہے وہ ہلاک ہو گئی ہی تم مباہلہ نکرو ورنہ ہلاک
ہو جاوگے اور مجہی وہ صورتین نظر آتی ہین کہ اگر پہاڑ کو کہین کہ زمین پر سے ٹلجاے
تو ٹلجائی قسمت انکی اچہی تہی اور آپ رحمت للعالمین تہی مباہلہ سے باز آئی ورنہ سب
ہلاک ہوجاتی اور جزیہ قبول کرکے چلی گئی اور اسیوجہ سے کہ باعث اسکی کہ آپ رحمت للعالمین
ہین یہہ مباہلہ ہونیوالا نہ تہا اسکا انجام نہ بیان فرمایا فقط اتنا ہی کر دی اپنی گواہونکو
لاوین تاکہ وہی سچی ثابت ہووین یہہ ہماری نزدیک آمن حملہ کی معنی ہین اگر آپ کے
نزدیک اسکے کوئی اور معنی ہون تو بیان فرمائی۔ **دوسرا شاہد** یہہ ہی کہ دسوین درس
مین ہی تو تم میری گواہ ہوا اور میرا بندہ ہی جسی مینی برگزیدہ کیا ہی تاکہ تم جانو اور مجہہ پر
ایمان لاؤ شہد گواہ ہے دو قسم پر ہی ایک وہ جو مدعی کی مفید مطلب ہو اور دوسری وہ
جو مدعا علیہ کی مفید ہو پس اس درس کی معنی ہماری نزدیک یہہ ہین کہ محمد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری رسول ہین اور تم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صدق
رسالت کی گواہ ہوا اور تمہاری ذمہ یہہ ہی کہ بیان کرو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم کی بشارتین جو اگلی صحیفون مین موجود ہین اور ہم انکو اپنی بیٹون کی مانند پہچانتی ہین

اور میرا بندہ یعنی عبداللہ ابن عبداللہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم گواہ ہین اور آپ ہی
ذمہ صدق رسالت مسیح علیہ السلام کی گواہی تہی لیس جیسے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے گواہی جو آپکی ذمہ تہی پوری پوری ادا کی تم ہی اوس گواہی کو جو تمہارے ذمہ ہے
ادا کرو اور برگزیدہ ترجمہ مصطفےٰ ہی اور مصطفےٰ لقب خاص محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا
ہے **تیسرا شاہد** بارہوین ورس مین ہی جسے بیان کیا یہ زمانہ بعثت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان ہی یعنی آپ اوس زمانہ مین مبعوث ہونگی کہ یہودی پہلے سے
جسے تو یہ تصوح کر چکی کیون اور آپ معصوم اور محفوظ الہی ہونگی **چوتہا شاہد**
تیرہوین ورس مین تمہید ہے اور پہر بیان تعین اس زمانہ عام کا ہی اسلئے
کہ وہ زمانہ ہی عام تہا اور درمیان مین بعثت مسیح علیہ السلام حائل تہی اس سبب
تخصیص بعد تخصیص فرمائی اور خرابی بابل کا ذکر فرمایا اور بابل زمانہ عمر بن الخطاب
رضی اللہ عنہ مین خراب ہوا **پانچوان شاہد**..... تیسوین ورس مین ہی
مین بیابان مین ایک راہ اور صحرا مین ندیان بناونگا۔ اس ورس مین مقام
پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر فرمایا ہے اور بیابان سے بیابان فاران
مراد ہی جس کا چند مرتبہ ذکر ہو چکا ہی اور وہ بیابان عرب سی وہ جگہہ ہی جہان اب مکہ
معظمہ آباد ہے اسلئے کہ اسماعیل علیہ السلام کی نسبت لکہا ہی اور وہ فاران کی بیابان
مین رہا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ مین سے پیدا ہوئی اور جبل
حراء پر بیابان فاران مین ہی آپ کو رسالت عطا ہوئی شہر مین آپکو رسالت
عطا نہین ہوئی اور راہ سی سبیل اللہ شریعت الہی مراد ہی اور یہی شریعت باعتبار
رسالت وختم نبوت وکثرت معجزات وسرعت انتقال وشوکت ودبدبہ ایک نئی شئی ہی اور
اس اعتبار سے ہی کہ پہلی سراغ بنی اسرائیل کے انبیاء مین نہین اور یہہ بنی اسماعیل مین ہوئی
یہ شریعت ایک نئی شئی تہی اور ندیون سی آب حیات باطنی کی ندیان مراد ہین اور ہ

کان جو حق بین سنین گے نرمت جانا اوکا دل بھی معرفت سمجھی گا اور گلنتی کی زبان صاف بولیں مین مستعمل کی (۵) پاجی آدمی پھر صاحب مروت نہ کہلا ئیگا اور بخیل کو کوئی سخی نہ کہیگا (۶) کیونکہ پاجی آدمی جنبہ پلیدی کی باتین کریگا او ر اوسکا دل بدی کے منصوبے باندھا کریگا تا پلیدی کرے اور خداوند کی برخلاف دروغگوئی کرے اور پیاسی سے پینے کی چیز کو باز رکھے (۷) اور بخیل کی ہتیار زبون ہی وہ بدی کے منصوبے باندھا کرتا ہے تا کہ جھوٹی باتون سے مسکین کو اور محتاج کو جس وقت وہ حق بیان کرتا ہو ہلاک کرے (۸) لیکن صاحب مروت سخاوت کی منصوبے باندھتا ہے اور وہ سخاوت کی کامون مین ثابت قدم رہیگا ......بش درس اول دیکھو ایک بادشاہ راستی سے سلطنت کریگا اور شاہزادی عدالت سے حکم رانی کرینگے یہہ مسلم عند الفریقین اہل اسلام و نصاری ہے کہ اس جگہہ بادشاہ سی وہ خلیفۃ اللہ فی الارض مراد ہے جو صاحب نبوت و رسالت ہوا اور صاحب حکومت بھی ہوگا اختلاف تشخیص مین اس خلیفہ الہی کی ہی نصاری کے نزدیک وہ خلیفہ الہی سیدنا روح اللہ مسیح علیہ السلام ہین مگر آپ پر اطلاق خلیفۃ اللہ اور بادشاہ کا کسی طرح سے باعتبار زمانہ ماضی صحیح نہین ہے اسلئے کہ سلطنت ظاہری آپکی نہین ہوئی اور نہ آپ شرادخرا کی لئی تمہارے نزدیک آئی تھے پس اسوجہ سے یہہ آپکی بشارت نہین ہوسکتی بلکہ یہہ بشارت کسی اور نبی کی ہے اور اوسکا صاحب حکومت اور صاحب شرادخرا ہی ہونا ضرور ہی اور وہ نبی باقرار پادریان نصاری سیدنا مسیح علیہ السلام سے پہلے نہین ہوا اور بعد سیدنا مسیح علیہ السلام کی کوئی نبی اور رسول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوا نہین ہے اور مقدمہ کتاب ہذا کی دوسری فصل مین یہہ دعوی میرا ثابت ہوچکا ہے پس اسوجہ سے یہہ بشارت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی ہے

اور آپ صاحب سلطنت ظاہری اور باطنی ہی سلطنت ظاہری تو آپکو حاصل تھی ہی اور باطنی اسوجہ سے کہ آپ صاحب جزا و سزا تھی قولہ اور شاہزادی الخ حضرت مسیح علیہ السلام نے نکاح ہی نہین کیا پھر صاحبزادی آپکی کہان ہوئی اور یہان اللہ عز وجل نے صاحبزادی آپکو عطا نہین کی پس اسوجہ سے یہہ بشارت مسیح علیہ السلام کی نہین ہو سکتی اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے اور عرب مین سادات ہی آجتک صاحب حکومت ہین اور سیدنا امام مہدی علیہ السلام تو آپکی سیرت و نام مین ہی موافق ہونگے اور وہ بھی صاحب اولاد ہونگے پس اسواسطے یہہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جد امجد حضرت امام حسن اور حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہما کی بشارت ہی اور مسیح علیہ السلام کی بشارت نہین ہے ورس (۴) یہان ایک شخص الخ یہہ صحاح ورس ہے ا لیعشیر یہ بشارت ہذا ہے اور یہہ ظاہر ہے پس ضروری کہ یہہ ورس اوسکی تعریف و توصیف ہی جسکا تمام ورسون مین بیان ہے اور جس پر یہہ تمام ورس صادق ہین اور پہلے ورس کی دوسرے فقرے کا جیسے ابھی شرح بیان کی گئی ہے ذات مسیح علیہ السلام پر کسیطرح صدق ممکن نہین ہے جیساکہ ابھی بیان ہو لیا اور اس ورس کی بھی تمام جملے سیدنا عیسے علیہ السلام پر صادق نہین آسکتی ہین اسلئے کہ اون سرزمین کو جسمین دودھ اور شہد کی ندیین بہتی ہون بہتی ہون اور برابر انبیاء کرام علیہم السلام ہی وہان بعوث ہوتی رہی ہون اور جابجا پانی کے چشمے وہان آنکھون سے تھے ہوئے نظر آتی ہون زمین خشک نہین فرما سکتے ہین البتہ ایسی سرزمین کو جس مین دودھ عمدہ جانور جسے بھینس کہتے ہین پیدا بھی نہوتا ہو اور نبوت بھی وہان سے صدہا برس سے منقطع ہو اور بی آبی بھی وہان کی مشہور و معروف ہو کہ بعض برسون مین ایک پیالہ پانی ایک ایک اشرفی کو بکتا ہو اور وہان کی رہنے والی شدت پیاس سے

مین آخری تمنا یہ کرتے ہون کہ ایک دفعہ ہی ضرورت سے موت سے بچین
انہین ایسی مدہی ہو کرتے ہیں۔ انکو ان تک پانی ہو پہنچا دیوے اور زمین اسکے
خشک کو پانی سے بہراون اور اس تمنا مین پہرتی ہون شعر یا لیتنی قبل منیتی یوما
افوز بمنیتی یا نہر تلاطم تجتی وانظل املا قربتی یا زمین خشک قرار سکتے ہین
اور پہلی صفت زمین شام کی ہے وہان سیدنا مسیح علیہ السلام پیدا ہوئے
اور دوسری تعریف صحرائے عرب کی ہی اور وہان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
مبعوث ہوئے اور علاوہ اسکے **قولہ** پانی کی ندیون کے مانند آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ خاص کی خبر دی ہی اور وہ معجزہ یہہ ہے کہ آپکے اصابع
مبارک کی درمیان سے بطور اعجاز پانی کے چشمے جاری ہو جاتے تہے اور بیان
معجزات مین اسکا بہی بیان آویگا۔ ورس (۲۴) اونکی آنکہین جو دیکہتی ہین
نہ دہندلائین گے الخ ان دونون ورسون مین ہدایت احمدی صلی اللہ
علیہ وسلم کا بیان ہے یعنے جسمین استعداد قبول ہوگی اگرچہ وہ فی الحال
بینے لحاظ اور معرفت الٰہی سے بی بہرہ ہو مگر بطفیل ہادی عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم وہ ہدایت پاویگا اور صاف بولنے لگیگا اور ساتہہ آواز لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ کی پہچانی لگا اور ایسا ہی ہوا قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے ملک عرب کی ایسی تباہ حالت تہی کہ بیان سے باہر ہے خانہ
خدا کی گرد تین سو ساٹہہ بت رکہی ہوئے تہے اور غلغلہ شرک و بت پرستی شرک کا
ایسا بلند تہا کہ اس زمانہ مین دور مین کہین بہی کلمہ توحید لا الہ الا اللہ کی آواز
نہین سنائی دیتی تہی اور بعد بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جیسے وہ مقام
معرفت اور صاحب توحید ہوگئی اظہر من الشمس و ابین من الامس ہے
ورس (۵) بامعنی آدمی پہر صاحب مروت نہ کہلائیگا الخ یہہ ایسا امت

کی فرعون ابوجہل کی مذمت ہی اور بعض مفسرین کی نزدیک سورہ ماعون مین
یمنعون الماعون ایسکی مذمت مین نازل ہی اور ماعون کی تفسیر مین مفسرین نے
یانی اگ نمک بیان کیا ہی ورس (۷) بخیل کی ہتیار زبون ہین - الخ - اس
ورس مین بہی ایسی فرعون اس امت کی مذمت ہی ورس (۸) لیکن صاحب
مروت الخ یہہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے اور مروت آپکی مشہور و معروف
ہے اور سخاوت بہی اونکی مشہور ہے امت محمدیہ پر اپنی جان ہی قربان کردی اور
سامنی تلوار مسلمانون مین نہ چلنے دی ذکر اسم شریف وحید رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک وحید بہی ہے اور استشفار قاضی عیاض مین
نقل کیا ہے کہ ابن شیرین سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا
توریت مین وحید لقب ہے سند اول بشارت وحید زبور
۳۵ ورس (۱۷) ای خداوند تو کب تک دیکہا کریگا اونکی خرابیون سے
میری جان کو چہوڑا میری وحید کو شیر بچون سے (۱۸) مین بڑی جماعت
مین تیرا شکر ادا کرونگا مین لوگون کی کثرت کی درمیان تیری ستایش کرونگا
شن سیدنا داود علیہ السلام بالاتفاق ان درسون مین کسی نبی کی بشارت
دیتی ہین اور بسبب شدت محبت کی اونکی نسبت کلمہ میری جان اطلاق فرماتے
ہین لیکن نصرانی کہتی ہین کہ یہہ ورس سیدنا عیسے علیہ السلام کی بشارت ہین
اور ہماری نزدیک یہہ ورس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مبشر ہین اور ہماری
دلیل یہہ ہے کہ دعا داود علیہ السلام قبول ہونی چاہئے اور نصاری کی نزدیک
سیدنا عیسے علیہ السلام مصلوب ہوئی مین بچایا نہ گیا اور محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بالاتفاق ہمارے اور تمہارے نزدیک کفار کی ہاتہون سے
محفوظ رہی اور بخیر و عافیت مدینہ منورہ مین مدفون ہوئی لیکن اسلئے

یہہ آپکی ہی بشارت ہونی چاہئی اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی صفات مین یکتا تہے کوئی مخلوق مین سے آپکا نظیر نہین ہے اور آپ اپنی مان باپ کی ہی اکلوتے بیٹے تہے اور سیدنا مسیح علیہ السلام کی تمہاری قول کے موافق شاید اور بہائی بہی تہے جیسا کہ ان انجیلون مین کہین مذکور ہی

دوسری سند بشارت خلفائیہ زبور ورس (۲۰) میری جان کو تلوار سے بچا میری وحیدہ کو کتی کے ہاتہہ سے (۲۲) مین اپنی بہائیون مین تیرا نام بیان کرونگا اور مجمع مین تیرا ثنا خوان ہونگا **شرح** اس بشارت کی خاتمہ کتاب ہذا مین منقول ہوگی مگر اکثر اس مین خلافت خلفاے حقانیہ کا بیان ہے اور اس بشارت مین بہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک وحید ذکر فرمایا ہے اور رہے ہوئے اگرچہ زیادہ ہے مگر اسکے بیان کی تصحیح اسماے کی موافق یہہ زیادتی تسلیم تسلیہی

دسوین فصل اس بیان مین کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برسالت عامہ مبعوث ہونگی اور آپکی رسالت کسی ملک اور کسی قوم اور کسی زمانہ کے ساتہہ خاص نہو نگے

سند اول بشارت مثلیہ باب (۱۸) ورس (۱۸) مین اونکی لئے اونکی بہائیون مین سے تجہہ سا ایک نبی برپا کرونگا یہہ کلام بنی اسرائیل کی ساتہہ ہے اور تمہاری لئے اسمین ارشاد ہی اور بشارت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے اور تخصیص بنی اسرائیل کے نفی اور بشارات سے ثابت ہے اور کوئی اسکا مدعی بہی نہین ہے

دوسری سند بشارت فارقلیطیہ انجیل یوحنا باب (۱۴) ورس (۱۶) اور مین اپنی باپ سے درخواست کرونگا اور وہ تمہین دوسرا تسلی دینے والا بخشیگا کہ ہمیشہ تمہاری ساتہہ رہے یہہ بہی بشارت رسالت احمدی ہے اور مخاطب امت عیسوی ہی اور پہلی بشارت مین امت موسوی مخاطب ہے اور اسمین ارشاد ہے کہ وہ تمہین

دوسرا التسلی دنیوالا بخشیگا اور اس سے مدعی ثابت ہے اور وہ یہی ہے کہ محمد رسول
ج اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت عرب کے ساتھ خاص نہو گی **تیسری سند
بشارت طلوعیہ کتاب استثنا باب (۳۳)** خداوند سینا سی آیا اور
سعیر سے طلوع ہوا اور فاران کی ہی پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا شرح بشارت
ہذا مین مذکور ہو چکا کہ اس بشارت مین حضرت موسے اور حضرت عیسی اور حضرت
محمد رسول اللہ صلوات اللہ علیہم اجمعین کی رسالت کا ذکر ہے اور اس جملہ
مین کہ خداوند سینا سی آیا حضرت موسی علیہ السلام نی اپنی رسالت کا ذکر فرمایا کہ
طور سینا پر رسالۃ انکو عطا ہوئی اور دوسری اس جملہ مین کہ سعیر سے طلوع
ہوا رسالت سیدنا عیسے علیہ السلام کا ذکر ہے کہ آپکو سعیر مین رسالت ملی او
اس تیسری جملہ مین اور فاران کی ہی پہاڑ سے وہ جلوہ گر ہوا بشارت رسالت
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی مگر جلوہ گر ہونا عموم رسالۃ احمدی
صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر دی رہا ہے **چوتھی سند بشارت فارقلیط
کی باب (۱۴)** کی ورس اخیر مین ہے اس جہان کا سردار آتا ہے اور اس
بہی عموم رسالت ثابت ہی **پانچوین سند بشارت خلفائیہ کا
ستائیسوان ورس ہی** - سارے جہان کو سراسر یاد آویگا اور وے
خداوند کیطرف رجوع لاوینگے اور یہہ جملہ قطع نظر عموم رسالۃ سے تسلیم عموم
کی خبر دیتا ہے **چھٹی سند بشارت بطرسیہ کتاب اعمال باب**
۳ ورس (۲۵) تم نبیون کے اولاد ہو اور اوس عہد کے ہو جو
خدا نے باپ دادون سے باندہا ہے جب ابراہام سے کہا کہ تیری اولاد سے
دنیا کے سارے گہرانے برکت پاوینگے اور اس ورس سے علاوہ عموم رسالہ
احمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلیم عموم کی ثابت ہے -

گیا ہو تین فصل اسمعیل مین یقین کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہونگی
اور نبوت آپ پر ختم ہو جاویگی **سند اول بشارت حجر زاویہ قصر نبوت**
زبور (۱۱۸) ۲۲ وہ پتھر جسے معمارون نے رد کیا وہی کونی کا سرا ہو گیا (۲۳) یہ
خداوند سے ہوا جو ہمارے نظرون مین عجیب ہی ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
نبوکدنضر کی خواب مین حجر کے ساتھہ مین تعبیر کیا ہے اور شرح اس بشارت کی پہلی ہو
ہو چکی ہی البتہ اس بشارت کی غرض جو ہے جاننا چاہیئے **پس معلوم ہو** کہ یہہ
بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اسلئے کہ تعجب کی بات یہی ہے کہ آپ حضرت
ہاجرہ علیہا السلام کی اولاد ہو اور سارہ علیہا السلام کی اولاد کی ہو تو نہین کچھ عجیب نہین
تہا اور پہر وہ مسیح قصر نبوت بہی نہین ہین اور دوسرے **فصل** مقدمہ کتاب
مین بیان اسکا ہو چکا اور پہر خود سیدنا مسیح علیہ السلام نے حق بہتر یہ ادا
کیا اور فرمایا کہ یہہ بشارت میری نہین ہے بلکہ ایک اور نبی اسماعیلی قبیلہ
کے سے ہے اور وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور دلیل اسکی یہہ ہے
کہ انجیل متی کی اکیسوین باب مین ہے پہر وہ اونہین تمثیلون مین کہنے لگا
کہ ایک شخص نے انگور لگایا اور اوسکے چارون طرف گہیرا اور کولہو کی جگہہ کہود دی اور
برج بنایا اور اوسے باغبانون کی سپرد کر کے پردیس گیا (۳۴) پہر موسم مین اوسنے
ایک نوکر کو باغبانون پاس بہیجا تاکہ وہ باغبانون سے انگورون کے باغ مین
سے کچھہ لے (۳۵) اونہون نے اوسے پکڑ کے مارا اور خالی ہاتہ بہیجا (۳۶) اوسنے
دوبارہ ایک نوکر کو اون پاس بہیجا اونہون نے اوس پر بہی پتہر پہینکے اور
سر توڑا اور اوسے بے حرمت کر کے بہیجا پہر اوسنے ایک اور نوکر کو بہیجا اونہون نے
اوسے قتل کیا پہر اور بہتیرونکو بہیجا اون مین سے بعضون کو پیٹا اور بعضونکو
مار ڈالا (۶) اب اوسکا بیٹا ہے جو اوسکا پیارا تہا آخر کو اوسنے اوسے

ہی یہہ کہکے بہیجا کہ وی میرے بیٹے سے دبینگے (۷) لیکن ان باغبانون نے
آپسمین کہا یہی وارث ہے آؤ اوسے مار ڈالین تو میراث ہماری ہوجاویگی
(۸) اور اونہون نے اوسے پکڑکے قتل کیا اور انگور کی باغ کی باہر پہینک دیا
پس باغ کا مالک کیا کریگا وہ آویگا اور اون باغبانونکو ہلاک کرکے انگورکا باغ
اورونکی سپرد کریگا (۱۰) کیا تمنی یہہ نوشتہ نہین پڑہا کہ وہ پتہر جسے معمارون نی رد کیا
وہی کونیکا سرا ہوگیا (۱۱) یہہ خداوند کیطرف سے ہوا اور ہماری نظرونمین عجیب ہی ش
انگور کی باغ سی بوستان شریعت الہی مراد ہی اور لگانیوالا اللہ عزوجل جلشانہ
ہے اور چارون طرف اوسکو گہیرا یعنے حدود شریعت الہی مقرر کین اور یہ
مضمون حدیث شریف مین بہی وارد ہوا ہے اور برج سی قبلہ الہی مراد ہے
اور بنی اسرائیل نی انبیاء کرام علیہم السلام کی ساتہہ جو جو کیا ظاہر ہے بعضونکو زخمی
اور مجروح کیا اور بعضون کو شہید کیا اور نوکران الہی انبیاء کرام علیہم السلام
ہین کہ اونکا اجر اللہ عزوجل کی بیان ہے اور سیدنا عیسی بن مریم علیہما الصلوٰۃ
والسلام کو اس جگہہ بیٹا بولا ہے اور یقیناً یہان تحریف ہوئی ہی اصل مین
کوئی اور لفظ ہوگا اور اس انجیل مین تو بیٹا جسکو چاہا لکہا ہے اور انکی موافق اوسکے
خدا کا بیٹا ہونا حقیقۃً یا مجازاً با فرضا لازم نہین آتا ہی اور انہی زعم
کی موافق بنی اسرائیل نے انکو بہی شہید کیا گو اللہ عزوجل نے انکو آسمان پہ
اوٹہا لیا اور اونکا ساتہی یہودا سولی دیا گیا اور زمانہ بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم مین اللہ عزوجل نے نظر عنایت سے دنیا کو دیکہا اور گویا کہ دنیا مین
آیا اور بنی اسرائیل سی باغبانی گلستان شریعت و طریقت چہین کر بنی اسمٰعیل
سپرد کیا اور اسکی سند مین وہی بشارت نقل کی اور اس سے معلوم کروایا کہ یہہ
بشارت میری نہین ہی بلکہ اور رسول کی ہی جو بنی اسرائیل مین پیدا نہوگا ++

تو وہ خاتم النبیین ہونیکی بشارت ہی اور وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوا
اور کوئی نہی — تیسری بشارت متی باب (۲۱) آیت ۴۲ اور یسوع نے انکو کہا
کیا تم نے نوشتون میں کبھی نہیں پڑھا کہ جس پتھر کو معمارون نے بنیاد کی لئی ایک پتھر رکھا تھا ایک آیت ہا یا ہوا
پتھر کونے کی سر کا پتھر ہوا — جو الا دسیر جو ایمان لا دیگا آباد ہوگا یعنی سرسبز
ہوگا یہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی بنیا کعبہ شریف کو فرمایا ہے اور کلام
میں ہی البنیہ کعبتہ الکعبہ ترجمہ بنیہ غنیہ کی وزن پر کعبہ کا نام ہی اور بنیہ کا
اردو میں ترجمہ بنیاد ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قصر نبوت کو چیلی کیا پتھر
بنے ہوئے اوسکی حافظ ہین اور آپکی بعد کوئی اور نبی نہیں ہے اور آپنی اپنی ذات
مبارک کو قصر نبوت کی کونی کی اینٹ بیان کیا ہی چنانچہ بخاری شریف میں ہے
باب خاتم النبیین عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان مثلی ومثل
الانبیاء من قبلی کمثل رجل بنی بنیانا فاحسنہ واجملہ الا موضع لبنۃ من زاویۃ فجعل
الناس یطوفون ویعجبون منہ ویقولون ہلا وضعت ہذہ اللبنۃ فانا اللبنۃ وانا
خاتم النبیین ترجمہ ابی ہریرہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
فرمایا ہی کہ میری اور اوّلین انبیاء علیہم السلام کی جو مجھسے پہلی گذری مین مثال ایسی
ہی جیسے کہ ایک شخص نے ایک مکان نہایت عمدہ اور خوبصورت بنایا مگر کونی پر کی اینٹ
نہ لگائی پس آدمی اسکے گرد پھرتی تھے اور اس سے تعجب کرتی تھے اور کہتی تھی کہ یہ اینٹ
کیون نہیں لگائی گئی ہی پس مین وہ اینٹ ہون اور مین خاتم النبیین ہون —
چوتھی بشارت مصطفائیہ مین ہی وہ عدالت کو جاری کرانیوالا
دائم رہے عدالت شریعت ہی اور دائم رہنے کی یہی معنی ہین کہ آپ خاتم النبیین
ہوین اور آپکی بعد کوئی اور نبی نہو وہو المقصود باسٹھوین فصل اس
بیان مین کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بذات پاک خود کفار سے

قتال فرماوینگی اور انکو راہ پر لاوینگی اور اس دعوی کی چند سند ہین —
سند اول بشارت مصطفائیہ — ورس (۱۳) خداوند ایک بہادر
کی مانند نکلیگا وہ جنگی مرد کی مانند اپنی غیرت کو اوسکائیگا وہ چلائیگا ہان وہ
جنگ کی لئی لائیگا وہ اپنی دشمنون پر بہادری کریگا ورس (۲۴) کسنی یعقوب
کو حوالہ کیا کہ غنیمت ہووین اور لٹیرونکی ہاتھہ مین پڑی کیا خداوند نی نہین جسکی
مخالف ہوکی اونہون نی گناہ کیا کیونکہ اونہون نی نہ چاہا کہ اوسکی راہون پر
چلین اور وی اسکی شریعت کی شنوا نہین ہوئی (۲۵) اسلئی اوس نے
اپنی قہر کا شعلہ اور جنگ کا غضب اوس پر ڈالا سو اوسکی گردا گرد آگ لگی پر وہ
اوسی دریافت نہین کرتا وہ اس سی جل جاتا پر وہ اوسی خاطر مین نہ لاتا انتہی
یہہ بشارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہر ہی اور میری مدعی کا ثبوت
ان ورسونسی ظاہر ہی **دوسری سند بشارت [illegible]** ورس
(۱۳) سو خداوند کا کلام اونسی یہہ ہوگا حکم پر حکم حکم پر حکم قانون پر
قانون قانون پر قانون ہوتا جاتا تہوڑا یہان تہوڑا وہان کہ وی جا کی
جاوین اور پچہاڑی گرین اور شکست کہاوین اور دام مین پہنسین اور گرفتار
ہووین انتہی اس بشارت کی شرح مین گذر گیا ہے کہ اس ورس مین کلام الہی
شریف کی ٹکڑی ٹکڑی نازل ہونیکی فایدہ کا بہ نسبت کفار کی بیان ہی یعنی کفار
اس تہوڑی تہوڑی نازل ہونیکی وجہ گرفتار ہوجاوینگی اور ماری پڑینگی
اسلئے کہ شروع اسلام مین آیۃ کریمہ (وقاتلوا المشرکین کافۃ) نازل ہوتی
تو بظاہر اسباب دنیوی جو اس شریعت مین مرعی ہین کفار پر فتح پانیکی صورت
نہین نظر آتی تہی ہان جب شروع اسلام اور ضعف اسلام مین انکی دفع
ولی ہوین فرمایا اور بعد قوت وشوکت اسلام وقاتلوا المشرکین نازل ہوا

کتابی شک تیں ہوگئی اور ماتی گئی ہو شراب ہوگئی اور یہ امر جیہ کتاب اشعیا کی ہورے
تو تو بھی دل میں بھی صاف ہوا اور دان و بیون آئی ہیں میرا یسوع ثابت ہو گیا تیسری

سند بشارت تیسری زبور (۴۵)

تم مین کوئی ایسا نہین جو چہت پر چڑھ کر ایک بڑا سا پتھر لیکر اوپر سے سر مبارک پر مار
لعنت اللہ علیہ حجاش نی کہا مین اس کام کو پورا کرونگا بنی سلام نی ہر چند منع کیا اور کہا تمہارا کام
پورا نہوگا اور خبر آسمان سے پہنچیگی اور باعث نقض عہد ہوگا آنکہ شعر + اذا جاء القضا ضاق الفضاء
یحجب الابصار اذا جاء القضا اور یہ مردود عمرو بن حجاش چہت پر چڑھ کر چاہتا تھا کہ
اپنا کام کرے جبرئیل امین ذاکر خبر دی آپ ایسی طور سے اوٹھ کر ہو گئے کہ کوئی قضای حاجت
کو جاتی اور آپکی صحابہ بیٹھے بعد تھوڑی دیر جب آپکے آتی مین دیر دیکھی اوٹھ کر آپکی راہ پر
آئی آپ نی یہ ماجرا بیان کیا اور بعض مفسرین نی کہا ہے کہ آیہ کریمہ یا ایہا الذین آمنوا
اذکروا نعمت اللہ علیکم اذ ہم قوم ان یبسطوا الیکم ایدیہم فکف ایدیہم
عنکم واتقوا اللہ وعلی اللہ فلیتوکل المومنون اسی مقدمہ مین نازل ہوئی ہے پس آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نی مدینہ منورہ سی محمد بن سلمہ کو بنی نضیر مین بھیجا کہ تم ہماری دیار
سی نکل جاؤ کہ تمنی عہد شکنی کی دس روز کی تمہین مہلت ہے اور جو کوئی دس روز
کے بعد یہان رہیگا وہ گردن مارا جائیگا پس یہود کا ارادہ جلا وطنی ہوا جنگل سے
اپنی اونٹ انہون نی منگوا لیے اور اونٹ کرایہ کی تا کہ جلا وطن ہو جائین ناگاہ
عبد اللہ ابن ابی نی ایک شخص انکی پاس بہیجا کہ تم اپنی وطن کو نہ چھوڑو اور بر قلعہ بحال

اپنی قلعون مین رہوئین دو ہزار آدمیون سے تمہاری مدد کرنگا اوناسون اور یہود بنی قریظہ
اور بنی غطفان تمہاری ہم قسم بھی تمہاری مددگار رہونگی پس یہود قول اس منافق سی مغرور
ہوگئی اور جواب مین خدمت نبوی مین کہلا بہیجا کہ ہم وطن نہین چھوڑسکتی جو چاہو سو
تم کرو پس جب یہہ خبر آپکی خدمت مین پہونچی آپ نی بلند آواز سے تکبیر کہی اور آپکی صحابہ
نی بھی آپکی موافقت سے تکبیر کہی اور باشارہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہ تیاری اسباب
غزا مشغول ہوی پس ابن ام مکتوم کو مدینہ منورہ مین خلیفہ کیا اور علی بن ابیطالب رضی
اللہ عنہ کو نشان بردار کیا اور مدینہ منورہ سے نہضت فرماکر قریب منازل بنی نضیر
کی نماز عصر ادا کی اور یہود بنی نضیر مدینہ منورہ کی پاس ہی رہتی تہی پس یہود فوج اسلام
دیکہکر دروازی قلعون کی بند کر لیے اور تیر اور پتہر سے لڑنا شروع کیا اور نماز عشا تک مقابلہ
کرتی رہی اور بعد نماز عشا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع چند صحابہ کے مدینہ منورہ مین
تشریف لای اور تمام صحابہ کرام حصار مین نماز صبح تک مشغول رہے اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم پندرہ روز تک انکا محاصرہ کیی رہے اور عبد اللہ بن ابی اور قبیلی کچہ فریادرسی
لوگی نکرسکی پس آپ نی ابو لیلا مازنی اور عبد اللہ ابن اسلام کو حکم دیا کہ کہجورین بنی نضیر
کی کاٹ ڈالین اور ایک روایت مین آیا ہی کہ جلا دین پس ابو لیلا عمدہ انواع کہجور
کاٹتے تہے اور کہتی تہے کہ بنی نضیر پر انکا کاٹنا زیادہ گران ہی اور عبد اللہ ابن اسلام
اردی انواع کہجور کاٹتی تہی اور کہتے تہے کہ مجہے معلوم ہی کہ عنقریب تملکات یہود ملک
مسلمین ہونگی پس عمدہ انواع کو اہل اسلام کے لیے چہوڑتا ہون اور بخاری اور مسلم
مین ابن عمر سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نخل بنی نضیر کو آگ
لگوادی تہی اور اسی مین سے ہے شعر مشہور حسان بن ثابت کا ہان علی سراۃ بنی لوی
حریق بالبویرۃ مستطیر ✝ اور بویرہ وسجگیہ کا نام ہے جہان نخل بنی نضیر تہی القصہ حق تعالی
نی انکی قلوب مین رعب ڈالا اور انہون نے عرض کیا کہ ہم تمہاری شہر سی نکلی جاتی ہین

اپ نے فرمایا کہ تمہاری عرض قبول نہین مگر یہان سے نکلو کر تمام متاع یہان چھوڑو اور
جو مال تمہارے اونٹ اوٹھا سکین وہ لیجاؤ اور باقی یہین چھوڑ دو پس بضرورت و باضطرار
راضی ہوئے اور اپنی مکانون کے خراب کرنے لگے اور آیہ کریمہ هو الذی اخرج الذین
کفروا من اہل الکتاب من دیارہم لاول الحشر ما ظننتم ان یخرجوا وظنوا انہم مانعتہم حصونہم
من اللہ فاتیہم اللہ من حیث لم یحتسبوا وقذف فی قلوبہم الرعب یخربون
بیوتہم بایدیہم وایدی المؤمنین فاعتبروا یا اولی الابصار ولولا ان کتب اللہ
علیہم الجلاء لعذبہم فی الدنیا ولہم فی الاخرۃ عذاب النار اسی باب مین نازل ہے جنہو
اونٹون پہ اسباب لاد کر مدینہ منورہ سے نکل کر بعض شام کیطرف اور بعض خیبر اور
نواحی خیبر کیطرف نکل گئے اور باقی اموال و اسباب و باغ و منقولات و غیر منقولات بغیر لڑائی
اور قتال کے ملک مسلمانون کے ہوئی اور اکثر مہاجرین پر بعد رضا انصار رضی اللہ عنہم تقسیم ہوئی
اور ترجمہ اس آیہ کریمہ پر شاہ عبد القادر صاحب نے لکھا ہے جب یہ قوم
ملک شام سے نصاری کی غلبہ مین بسا گئی تھی تو انکی بڑون نے کہا تھا تمہین یہان
سے ویران ہو کر پھر جانا ہوگا شام مین مدینہ سے اوجڑ کر خیبر مین رہے پھر وہان سے
اوجڑ کر شام کو گئے یہ بیان اس غزوہ کا ہے اور شاید مکتوب صحف پیشین ہے یعنی
اس آیت مین مراد ہو اور عقیدہ شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ بھی اس اشارہ کا موید ہے

بیان غزوہ خیبر بشارت سلامیہ کتاب پیدایش باب ۴۹ ورس ۱ یہودا سے ریاست

کا عصا جدا گانہ ہوگا اور نہ حاکم اسکے پانون کی درمیان سے جاتا رہیگا جب تک
کہ سیلا نہ آوے اور قومین اوسکے پاس اکٹھی ہونگی وہ اپنا گدہا انگور سے درخت
سے اور اپنی گدہی کا بچہ خاصہ انگور کی درخت سے باندہیگا اپنا لباس مے مین
اور اپنی پوشاک انگور کی لہو مین دہو دیگا اوسکی آنکھین مے سے لال ہونگی

اور اوسکے ذات دو دہ ست سفید ہوئگی تش نبوت زمانہ بعثت نبوی صلی
اللہ علیہ وسلم مین بیان اس بشارت کا گذر گیا اور وہ یہی ہے کہ سیلا لقب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اسلی کہ ترجمہ اوسکا جو حق ہے الا انکی بعض مترجمون نے
کیا ہے آپکے اوصاف سی ہی اور عصای ریاست اور یہ ریاست یہود سی آپکی زمانہ مین
ہی خاصکر اوس روز کہ آپ نے خیبر مین فتح پائی اور آپ وہان تشریف لائی جدی
ہوگئی اسلئے کہ آپکی زمانہ سے پہلی عرب مین آزاد رہتے تھی اور حصون اور قلعون مین
چین امن سی تھی اور اپنی حکومت رکہتے تھی اور قبل فتح خیبر سے خیبر مین حکومت کہتے
تھی یہانتک کہ بعض بنی نضیری جلا وطن ہو کر خیبر مین ہی آئی تھی مگر بعد تسریت
آوری آپکی خیبر پر اور فتح خیبر کے اونکی حکومت یہود اٹہ گئی اور عصای ریاست یہود
سی چہین لیا گیا اور باعتبار شریعت کی بہی یہود سے خلافت موقوف ہوئی یعنی خلیفہ
ہونا یہود سے اگرچہ مسلمان ہی کیون نہ ہونا جائز ہوا اور قریش مین خلافت آگئی خلاصہ
یہ ہے کہ خلافت منوث خلافت ملکی و سلطنت استقراری صورت سی یہود سی آپکی زمانہ
بعثت مین چہین گئی اور ریاست کا عصای اون سے لیلیا گیا اور وہ قریش کو دیدیا
گیا اور اسواسطے بیان زوال ہر دو حکومت و خلافت کی اس امر کو دو فقرون مین
بیان کیا اور پہلی فقرہ مین خلافت حقہ اور دوسری سی حکومت مراد رکہی نہ ہیا اسلام
مین ہو یا غیر اسلام مین قولہ اور قومین اوسکی پاس اکہٹی ہونگی تش یعنی آپکی بعثت تمام
اقوام کو ہوگی بنی اسماعیل اور بنی اسرائیل کے ساتھ کچہ خاص نہ ہوگی قولہ وہ اپنا گدہا
انگور کی درخت سی النح تش مدارج النبوت مین ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
جب خیبر کو فتح کیا ایک حمار سیاہ وہان دیکہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ
اوسنے کلام کیا آپ نے اوس سی فرمایا تیرا کیا نام ہے کہا یزید ابن شہاب اللہ نے نکالا
ہے میری دادی کی نسل سی ساٹہ حمار یہ اکہ مین کہ اونپر سوای نبی کی سوار نہین

نہین ہوا ہے اور مجکو امید ہے کہ آپ پیر تو ویسے ہوا ہوئی اور میری وادی الیغس سے
سوای میری باقی نہین رہا اور انبیاء سے سوای آپکی باقی نہین رہا اور اب نبی نے اسکا
نام یعفور رکہا اور انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسپیر سوار ہوتی تہی اور جب آپ اس کو
کسی آدمی کے بلانے بہیجتی تہی تو وہ اسکے دروازہ پر سر مارتا تہا
وہ شخص جب باہر آتا یعفور اشارہ کرتا اور وہ شخص سمجہ کر خدمت نبوی مین حاضر
ہوتا اور بعد وفات انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آپکی غم سے ایک کنوین
مین گر کر مر گیا اور وہ کنوان اوسکی قبر ہوا اس بیان سے وہی حمار کا ہی اور شراب
اس فتح خیبر مین گرا دی گئی ہے اور آپکے زمانہ مین شراب حرام ہوگئی
اور گوشت حمار اہلی بہی فتح خیبر مین ہی حرام ہوا اس گدہے کا
درخت انگور سے باندہنا شاید کنایہ حرمت شراب سے ہو قولہ وہ
اپنی پوشاک مے مین اور اپنا لباس آب انگور مین دہو لیگا یعنے آپ
غرق نشہ شراب محبت الٰہی ہونگے حاصل یہ ہے کہ اگرچہ یہ شراب آپکے
زمانہ مین حرام ہو جاویگی مگر شراب محبت الٰہی مین ہمیشہ غرق رہین گے اور اسکی
آپکی زمانہ مین ترقی ہوگی قولہ اسکی آنکہین مے سے لال اور اسکے دانت
دودہ سے سفید ہونگی آپکی آنکہین سرخ تہین اور دندان مبارک دودہ کی مانند
تہے چنانچہ حلیہ مین بیان ہوچکا ہے اور یہہ فتح خیبر حضرت علی شیر
خدا الملقب بہ ہارون رضی اللہ عنہ کے نام زد ہے کہ آخر قلعہ خیبر آپکی
ہاتہ فتح ہوا دوسری فصل دلائل رسالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان مین اور اس فصل مین
ذکر ارہاصات نبوت خاتم الانبیاء علیہ السلام اور معجزات آپکے بہی ہین نقل کیجاتی ہین پہلے تو اول
ارہاصات سے بیان کرتے ہین پہلا ارہاص اصحاب فیل کا قصہ ہے اور یہ قصہ اس زمانہ مین ہوا ہے کہ آپ اس
عالم مین تشریف لا کر برج حمل اپنی والدہ ماجدہ کے شکم سے طلوع ہو کر تمام عالم کو منور فرمانے والے تہے

یعنے جس زمانہ مین کہ آپ سادر تیم صدف شکم بی بی آمنہ مین پرورش پا رہا تہا یہ
قصہ ہوا اون لوگونکا ارادہ یہی تہا کہ خانہ کعبہ کو منہدم کرین اور بی انتہا لشکر لیکر
وہ لوگ آئی تہی پس جب وہ حرم کی قریب پہونچی خداوندکریم نے غیب سے سبز سبز جانور
بہیجی اور اونکی چونچون اور منقارون مین کنکریان تہین پس وہ تمام لشکر پر چہائی ہوئی
کنکریون کا برسانا شروع کیا اور ہر جانور کی پاس تین تین کنکرین
اور وہ منہ تہین جسکی سر کنکری لگتی تہی پار ہو جاتی تہی اور وہ شخص ہلاک ہو جاتا تہا غرض کہ اسیطرح سے
وہ تمام لشکر ہلاک ہوگیا اور گویہ تائید غیبی خانہ کعبہ کے لئے تہی مگر محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم محبوب کعبہ شریف کی قوت کی بہی دلیل ہے اگر خفیہ کعبہ شریف کو تسلیم
کروا اور فقط اس خرق عادت کو تائید کعبہ اللہ پر ہی منحصر رکہیں تب بہی ہمارا مطلوب
فوت نہین ہوتا اور وہ حقیقت رسالہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خفیہ خاتم
کعبہ و قرآن شریف نہی ہے غرضکہ بہر حال اس رباعی عظیم الشان کا بیان مکاشفات یوحنا
کی سولہوین باب مین ہی اور آسمان سے آدمیون پر من من بہر کی اولی گری
اور اولی کی آفت سے آدمیون نے خدا پر کفر بکا کیونکہ اوسکی اولی کی نہایت ہی
سخت آفت تہی شروع ہی اس باب مین ذکر قرب نبید الشمس محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کا ہے اور ان اولون سے وہی کنکرین مراد ہین جو آسمان سے تہین
اور عالم غیب کی ہی چلو نور اور کنکر متن تہین اور وہ لشکر ابرہہ پر گرے تہین
اور وہ اس آفت مین کلمات کفر بکتی ہونگی گو وہ حقیقت مین مصدق کعبۃ اللہ
شریف نہین لیکن مصیبت کے وقت مین خاص کر ایسی جاہل کلمات کفر بک
اوٹہتی ہین اور اسکی تمتی کا کیا ٹہکانا کہ تمام لشکر اس مار سے تباہ ہوگیا۔ اور
بیان اوسکا پہلی ہوچکا ہی دوسرا ارہاص زلزلہ ایوان کسریٰ وغیرہ ہے اور
ثبوت اسکا بشارت نور ہر کے اس حماد اور زمین مدیان کی بیرو می کانپ گئی

یعنی ارتج التاج بطین بہ سے ہوگیا تھا اور خلاصہ اسکا یہہ ہے کہ شروع سے اس
کتاب مین پیدایش سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان سے اور اس مین
یہہ جملہ بہی ہی اور اس جملہ کی معنی یہہ ہین کہ وقت پیدایش نور خدا صلی اللہ علیہ
وسلم دارالسلطنت فارس یعنے مداین مین زلزلہ ہوا اور کنگرہ ایوان کسری کی
گری اور محل شق ہوگیا بسہ چو پیدایش درافواہ دنیا فتادہ تزلزل در ایوان کسری
فتادہ تیسرا ارہاص ظہور نور وقت پیدایش نور الہی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کی تہی جس سے آپ کی والدہ ماجدہ نے بصری شام کی محل دیکھی اور بشارت ممدوح
کے اس فقرہ مین کہ ہمارے گھر مین اسکے تجلیون نے عالم کو روشن کیا اس ارہاص کا بیان سے
یعنے وقت ولادت سید الاولین والاخرین کی ایک نور ظاہر ہوگا جس سے عالم
روشن ہو جائیگا اور بیان اسکا ابہی گذرا کہ آپکی والدہ مکرمہ نے شہر بصری
شام کی محل اس نور سے دیکھی تہی جو وقت ولادت سید الاولین والاخرین ظاہر
ہوا تہا چوتہا ارہاص بحیرہ ساوہ کا خشک ہو جانا ہے اور یہہ ارہاص بہی بشارت
مذکورہ کی اس جملہ سے کہ دریاون پر تیرا قہر تہا ثابت ہے
پانچوان ارہاص شب ولادت
شریف مین سماوہ ندی کا جاری ہونا ہے جو خشک پڑی تہی اور یہہ بہی بشارت
موصوف کی اس جملہ سے تو نے زمین کو چیر کے اسی ندیان کردیا ثابت ہی
چہٹا ارہاص مہر نبوت کا پشت خاتم انبیا پر ہونا ہے جو پیدایش کے وقت ہی
تہا یعنی ختم نبوت کی دلیل ہے اور وہ یہودی اسی خاتم نبوت کو دیکہکر بیہوش ہوا
گر پڑا تہا اور یہہ ارہاص بہت جگہہ مین اور مذکور ہے بشارت مصطفائیہ مین ہے
واثر سلطنتہ علی ظہرہ اور بیان اسکا ہو چکا ہے مکاشفات یوحنا مین ہے
باب ١٩ درس ١٦ اس کی لباس اور اسکی ران پر یہہ نام لکہا ہے خداوند
کا خداوند اور بادشاہونکا بادشاہ یعنے محمد مصطفے علیہ السلام کے بجاسے

لباس یعنی پشت پر علامت نبوت ہوگی اور انکی بار غار کی ران پر علامت ختم نبوت ہوگی غرل الغزلات مین ہے باب ۵ درس ۱۲ میری بہن میری زوجہ ایک قفل باغیچہ ہی اور بند کیا ہوا ایک سوتا ہے اور سر بہ مہر ایک چشمہ ہے بیان حلیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین یہہ ورین ہے اور آپکے معجز جسم سے طاہر ہوئی خوشبو آتیکا اور انگلیون مبارک سے پانی جاری ہوتیگا اور پشت مبارک کے مہر نبوت کا اس انداز سے بیان کیا ہے کہ آپ گویا کہ ایک چشمہ بند تہے لیکن سر بمہر یعنی خاتم النبیین ساتوان ارہاص قد مبارک کا بلند رہنا ہی اور آپ کا قد مبارک سب سے بلند رہتا تہا اور کسی شخص کا قد مبارک پر بلندی نہین پا سکتا تہا اس معجزہ کی خبر غزل الغزلات مین ہے باب ۵ درس ۱۰ - دس ہزار آدمیون کے درمیان وہ جہنڈے کے مانند کہڑا ہوتا ہے یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ قد مبارک مثل علم کے تمام آدمیون سے بطور معجزہ اونچا رہا کریگا اور یہی بات آپ کی قد مبارک کی تہی چنانچہ حضرت علی سے روایت ہے کہ آپ یون تو میانہ قد سے کچہ بلند سے ہے مگر بطور اعجاز آپکا قد مبارک تمام آدمیون کے قدون سے اونچا اور بلند رہتا تہا اور بیان اسکا حلیہ شریف مین ہوا ہے - اٹہوان ارہاص شیرین ہی ظاہری و باطنی حبیب الہی کی ہے اور باب مذکور کے اس جملہ اسکا موہنہ شیرینی ہی سے دونون قسم کی شیرینی ثابت ہے نوان ارہاص خوشبوئی جسم عنبرین ہے اور ورس مذکور کی اس کلمہ سے مقفل باغیچہ ہے یہہ ارہاص ثابت ہے یعنے ہزارہا طرح کی اس مین خوشبوئین بند ہین اور اسپر مہر لگی ہوئی ہے جو سمجہا سے قفل ہی پراد پسینہ وغیرہ وہ خوشبو کچہ نکل آتی ہے اور اصل خوشبو وہ اس عالم مین ظاہر نہین ہو سکتی ہے جہان ظاہر ہوگا

تمام کون و مکان کو معطر کردی گئی اللہ جل جلالہ مین کبھی اون کی بہرہ ور کری
اور تمہاری مشام جان کو معطر فرماوے امین ثم امین اور زبور کے اٹہوین
درس مین بہی خوشبوی جسم مطہر کا بیان آیا ہے فرماتی ہین تیرے ساری لباس
سے مر اور عود اور ریح کی خوشبو آتی ہے جن سے ہاتھی دانت محلون کی
درمیان انہون نے تجھی خوش کیا ہے اس درس مین خطاب سیدنا محمد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی اور ثبوت اسکا پہلے مذکور ہو چکا ہے اور اسی
جسم مبارک کو ہاتھی دانت کی محل کے ساتھ تعبیر فرمایا ہے اور وجہ اسکی
یہ ہے کہ اکثر اعضاء محل نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہاتھی دانت کے ساتھ
کلام الہی مین تشبیہ دی ہے گردن مبارک کی نسبت ارشاد ہوتا ہے غزل الغزلات
باب ۷ درس ۴ تیری گردن ہاتھی دانت کی برج کے مانند ہے خطاب
سید الاولین والاخرین کو ہی چنانچہ حلیہ شریف مین بیان ہو چکا ہے
وار آپ کی گردن مبارک صفائی مین مثل ہاتھی دانت کے تصویر کی گردن
کی مثل تہی اور حدیث صحیح مین تشبیہ وارد ہوی ہے اور وہ حدیث حلیہ
شریف مین منقول ہو چکی ہے شکم مبارک کی نسبت فرماتی ہین غزل الغزلات
باب ۵ درس ۱۴ اسکا پیٹ ہاتھی دانت کا سا کام ہے خطاب انحضرت
کو ہی اور چونکہ شکم مبارک صاف تہا اسلئے ہاتھی دانت کے ساتھ تشبیہ دی
ہے اور حدیث شریف مین بزنکا عکسا ساتھ تشبیہ وارد ہوی ہے ساق یعنی
پنڈلی کی نسبت ارشاد ہے اسکی پیر ایسی جیسے سنگ مرمر کے ستون ہے اس جملہ مین
اصل مین [illegible] لفظ ہے کہ جسکا ترجمہ پنڈلی ہی لیکن مترجمین نے پیر کی ساتھ
ترجمہ کیا ہے اور پیر ساق کو بہی شامل ہے اور احادیث مین کہہ رسکے جز کی
سنگ کی ساتھ تشبیہ وارد ہوی ہے اور مقصود بیان

تر و تازگی اور سپیدی ہی اور وہ دونون تشبیہون ہی حاصل ہے پس اس وجہ سی
کہ اکثر اعضای شریف کو از سر مبارک تا قدم پاک ہاتھی دانت سے
تشبیہ دی ہے کل جسم مبارک کو ہاتھی دانت کا محل قرار دیا اور بوجہ عظمت
کی واحد کو جمع بولا اور مطلب یہہ ہی کہ یہہ خوشبوی جسم مبارک سے آتی ہے جو قضا
و قدر نے جسم اطہر مین خیمہ کی ہے اور خوشبوی خارجی نہین ہے فصل ہفدہم بیچ
خوارق و معجزات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان مین معجزہ اول مباہلہ
ہے جو یہود کے ساتھہ ہوا اور وہ اس مین ہاری اور اسلام کا حق ہونا
ظاہر ہوا اور بیان اس مباہلہ کا قران شریف مین ہے سورہ بقر مین خطاب کر کی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا ہے قل ان کانت لکم الدار الاخرۃ عند اللہ خالصۃ
من دون الناس فتمنوا الموت ان کنتم صادقین ولن یتمنوہ ابدا بما قدمت
ایدیہم واللہ علیم بالظالمین ترجمہ اس ایہ کریمہ کا یہہ ہی
تو کہہ ای محمد ہمارے رسول یہود سے خطاب کر کی کہہ اگر ہو وی تمہارے
لئے پچھلا گھر اللہ کی یہان خالص سوای اور آدمیون کے پس تمنا ہی موت
کرو یعنی ایکبار دعا یہہ کرو کہ ہم تمنای موت کرتی ہین اور ہرگز تمنا ہی موت
نکرینگے کبھی بسبب اسکی جو بھیج چکی ہین انکے ہاتھون سے اور اللہ جانتا ہے ظالمون
کو یہود کہتے ہی نحن ابناء اللہ واحباءہ ہم ہین اللہ کے بیٹے اور اس کے
دوست اور جنت مین ہمین ہے جین ملوگی اور ہم مین سے
چالیس روز سے زیادہ کوئی جہنم مین نہ رہیگا اور قران شریف مین صاف انکے
کفر اور مغضوبیت اور ضالیت کا ارشاد ہوا اس پر دہیت لگی اور اتباع
نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے بہی انکار کیا اور موسی علیہ السلام کی شریعت
کو غیر منسوخ بتانے لگی اور اس زمانہ شمس الرسل کا تہا بہی روشنی ہو سوی

وق اپنا منہ زرد دینی لگی اور جو دیکھا ایسے وقت ہو چکا تھا اور روشنی نور الٰہی مین داخل
ہونی الکو رکیا پس اللہ جل جلالہ نے ایک آسان طریقے سے ان کی اس غرور
کو توڑا اور انکی دلکی بات کو ظاہر فرمایا اور ان سے ارشاد ہوا کہ تم دار آخرت کو
خاص اپنی دادا جی کی میراث بن اتحاد مذہب تو ہوا اور اسمین میراث جاری
سمجھتے ہو پس اچھا ایک دفعہ زبان سے یون تو کہو کہ ہم تو مرنا چاہتے ہین تا کہ
جہان تمہاری اس عقیدہ کا کہ پچھلا گھر ہماری ہی واسطے ہی حال معلوم ہو پس
ملا نیت کریمہ یہود کو سنائی گئی مگر کسی یہودی نے تمنای موت نکی چنانچہ اللہ تعالی
نے پہلی سی ہی یہ خبر دیدی تھی کہ وہ ہرگز تمنائے موت نکرینگے اس لئے انکو
اپنی باپ ین خوب معلوم ہین اور دوزخ ہین گرفتنکا یقین ہے پس تمنائے موت
کیونکر کرین پس یہہ مباہلہ بہت بڑا معجزہ ہی کہ ذرا سی بات مین عاجز کردیا
قید و جلاوطنی و قتل و خواری کو اختیار کیا مگر یہہ لفظ زبان سے نہ نکالا کیونکہ
نکلتے خوب جانتے تھے کہ اس صورت مین اگر ایسا کیا تو زبان نکلکر باہر
جا پڑی گی تکذیب نبی اللہ کیا چھوٹی بات ہے اور اس معجزہ عظیمہ کا بیان
صحیفۂ یسعیاہ علیہ السلام کی باب ۲۸ مین ہے فرماتی ہین تمہارا عہد جو موت سے
ہوا تو ٹیگا اور تمہاری موافقت عالم غیب سے قائم نہوگی خطاب بنی اسرائیل سے ہی اور بشارت
نبوی ہے اور زمان بعثت کی یہ علامت ارشاد فرمائی ہے کہ تم جو کہا کرتی
ہے کہ ہمارے واسطے آرام آخرت کا ہے اور ہم لقاے الٰہی سے
ہر وقت مشتاق جام موت ہین یہہ عہد تمہارا ٹوٹ جائیگا اور تم سے درخواست
کی جاتی گی کہ تم تمنائے موت کرو اور تم تمنائے موت نکرسکوگے چنانچہ
زمانہ سید الاولین والآخرین مین ایسا ہی ہوا اور بیان اس کا ابھی
ہوا۔ **دوسرا معجزہ** وہ مباہلہ ہے جو نصاری کے ساتھ ہوا اور

اور بیان اسکا یہ ہی کہ نصاری سے تمام قرآن شریف مین جابجا امور واقعی نسبت
روح اللہ حضرت مسیح علیہ السلام اور انکی والدہ صاحبہ صدیقہ مریم علیہا السلام کے ارشاد
فرمائی اور انکی الوہیت کو طرح طرح سے باطل فرما دیا اور رسالت اور قرب الوہیت و عبدیت
کی ثابت فرمایا کہین ارشاد فرمایا ان مثل عیسی عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب
ثم قال لہ کن فیکون — ترجمہ بیشک مثل عیسی کی اللہ کی نزدیک مثل آدم
کی ہی پیدا کیا اوسکو مٹی سے پھر کہا اوسکو ہو جا سو وہ ہو گیا کہین ارشاد ہوا کانا یاکلان الطعام
ترجمہ تھی وہ دونون کھانا کھاتی کہین انکی زبان مبارک سے اقرار عبدیت کی نقل فرمائی
و قال انی عبد اللہ اور اکثر مواضع مین قرآن مجید مین انکی الوہیت کی ابطال
مین دلائل عقلیہ و نقلیہ اللہ علیہم جل جلالہ نے بیان فرمائین مگر نصاری نی
ابا و اجداد اور بعقل اور سمعکی ترجمہ تقلید آبائی کی انکی طرف توجہ نکی اور عبدیت
عیسوی سی بہت ناراض ہوئی اور ختم المرسلین سی عرض کیا کہ حضرت عیسی علیہ السلام
کو جو آپ عبد اللہ فرماتی ہین اور وہ ابن اللہ ہین تو آپ انکو ستم کرتی ہین آیت کریمہ ہو حق سبحانہ خداوند
کریم نے بطور مباہلہ انکو ساکت کرنا قرار دیا اور یہ آیت کریمہ نازل فرمائی فمن حاجک
فیہ من بعد ما جاءک من العلم فقل تعالوا ندع ابناءنا و ابناءکم و نساءنا و نساءکم
و انفسنا و انفسکم ثم نبتہل فنجعل لعنت اللہ علی الکاذبین — ترجمہ جو شخص حجت کری تجھ سے
بعد اوسکی کہ آیا آپکی پاس علم سی پس کہہ آؤ بلاوین ہم اپنی عورتونکو اور تمہاری
عورتونکو اور اپنی جانونکو اور تمہاری جانونکو پس گردانین ہم لعنت اللہ کی اوپر جھوٹونکی اور رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے انہین نصاری نجران سے مباہلہ کا ارشاد فرمایا انہون
نے قبول کیا اور مباہلہ پر آمادہ ہوے اور تاریخ معینہ پر طرفین سی ختم المرسلین مع
اپنے تمام لخت جگران یعنی حضرت فاطمہ او حسنین اور ادھر سے نصاری نجران جگہ
مقررہ پر پہونچی ختم المرسلین نے اپنی صاحبزادی اور حسنین سی ارشاد فرمایا کہ

اے میری دعا کی ساتھ تم بھی آمین کہنا مگر وقت نہ آیا تھا یعنی نصرانیوں کو ایک بڑے عالم
نے تقاضائے الٰہی کو دیکھ کر کہا کہ ان لوگوں سے مباہلہ نہ کرو جس قوم نے اپنے نبی سے مباہلہ
کیا ہے وہ ہلاک ہوئی ہے اور میں وہ صورتیں دیکھتا ہوں کہ اگر یہ لوگ پہاڑ سے
اور کو ہٹنے کی دعا کریں تو پہاڑ اوکھڑ جائیں اور ٹل جاوے اور جزیہ قبول کرو چنانچہ ان پادریوں
کے کہنے سے سب نے جزیہ قبول کر کر لوٹ گئے اور مباہلہ نہ کیا قسمت اچھی تھی ورنہ تمام
نجران بلکہ خاک سیاہ ہو جاتا اور پرندے تک انکی چھتوں میں جل جائیں بس اس مباہلہ
کا ذکر بھی صحف انبیاء علیہم السلام میں ہے صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۴۳ درس ۹
انہوں میں درمیان کون ہے جو اسے بیان کرے یا ہم کو سابق پیشین گوئیاں بتا دیوے
وہ اپنے گواہوں کو لا دیں تا کہ وے سچے ثابت ہو دیں اور لوگ سنیں اور کہیں کہ
یہ سچ ہے تم میرے گواہ ہو اور میرا بندہ بھی جسے میں نے برگزیدہ کیا تاکہ تم جانو
اور مجھ پر ایمان لاؤ یہ بیان اپنی مباہلہ کا ہے اور بسبب اس کے وہ حقیقت واقع نہ ہوا
تھا انکی سزا کا ذکر نہیں فرمایا اور تمیز وہ زبان فیض ترجمان سید المرسلین
سے معلوم ہو گیا چنانچہ اوپر منقول ہوا کہ اگر وہ مباہلہ کرتے تو تمام نصاری نجران
جل جاتے اور عذاب دوزخ میں وہ اسی راستہ سے پہنچتے اور انکی شامت سے
اور جانور بھی جل جاتے اس حد تک پہنچتا کہ چڑیاں بھی مکانوں کی چھتوں میں جل جاتیں
یسعیاہ [illegible] شق القمر ہے اور اس معجزہ سے مجسم وہم جو نسبت لگائی اور وہ اور وہم تھا اس سبب
عناصر تغیر کی عالم علوی میں ہوتا جا رہا ہے اور اسی وجہ سے قیامت کا
بھی گواہ ہوا اور ارشاد ہوا اقتربت الساعة وانشق القمر ترجمہ قریب آگئی وہ گھڑی
اور شق ہو گیا چاند اور یہ معجزہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل ہجرت
[illegible] معظمہ میں باستدعای ابوجہل وغیرہ دکھلایا اور یہ استدعا [illegible]
[illegible] واسطے اسکات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تھا کہ پہلی انبیاء [illegible]

علیہم السلام سے بھی اس قسم کا معجزہ ظہور میں نہیں آیا ہے مگر رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی اشارہ انگشت شہادت سے چاند دو ٹکڑے ہوا کہ پہاڑ حرا اُن دونوں ٹکڑوں
کے درمیان نظر آنے لگا اور آپ نے فرمایا اشہدوا گواہ ہو تم اور اس معجزہ
عظیمہ کا ذکر جو علامت قرب قیامت بھی ہے انجیل میں دو جگہ ہے زبور
۴۵ میں فرماتے ہیں تیرا دہنا ہاتھ تجھکو مہیب کام سکھلاویگا خطاب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی اسلئے کہ انکا نام مبارک پہلی مذکور تھا اور آپکی ہی بشارت تھی
اور آپکی دست مبارک سے مہیب کام مثل شق القمر کے اور کوئی نہیں ہوا اور مہیب کیوں نہو گویا کہ ساعت قائم ہو گئی اور
شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی نور اللہ مرقدہ کی زبان مبارک سے بھی یہی الفاظ ظاہر ہوئی کیوں
نہو ایسے لوگ موید بروح القدس ہوتے ہیں بوستان میں فرماتے ہیں ع چو
بدرش براعت تمش بہم ۞ معجز میان قمر زد و نیم ۞ سبحان اللہ کیا لفظ بیم اور
کلمہ مہیب مترادف المعنی ہیں اور دوسری صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام کے باب ۲۴ کی
ورس ۲۳ میں ہے ورس ۲۳ اور چاند مضطرب ہوگا اور سورج شرمندہ جسوقت کہ رب
الافواج کوہ صیہون اور یروشلم پر اپنے بزرگوں کے حضور حشمت کے ساتھ سلطنت کریگا انتہی پس بشارت
الافواج کی جو یروشلم میں ہوگی اضطراب چاند اور شرمندگی سورج قرار دیگئی ہے اور
بادشاہت رب الافواج سے وہ سلطنت مراد ہے جسمیں تمام قوانین اور
احکام جانی اور مالی اور ملکی موافق حکم الہی کے ہوویں اور وہ سلطنت بجز
سلطان دو جہان فخر المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے سلطنت کی اور کسکی
ہوگی اور آپکی ہی سلطنت الہی کے زمانہ میں چاند مضطرب ہوا یعنے اپنی چال
سے متغیر ہوا اور منشق ہوا چنانچہ بیان اسکا ابھی ہوا اور سورج شرمندہ ہوا کہ
ایکمرتبہ حرکت معکوس اسکو کرنی پڑی اور حرکت ارادی کی عقیدہ کے بطلان
ہوا مسخر اور قیدی اور بیگاری نکلے اور بیان اسکا یہ ہے کہ غزوہ خیبر کی منزل

ہو سایں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی گود مین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سر مبارک
رکہی ہوئی تہی کہ یہہ آثار وحی ظاہر ہوئی اور غروب آفتاب تک زمانہ نزول وحی ختم
ہوا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نماز عصر قضا ہوگئی پس بعد افاقہ کی آپ نے
دریافت فرمایا کہ اے علی نماز پڑہی آپ نے عرض کیا نہین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے دعا کی کہ الہی علی رضی تیری اور تیرے رسول کی اطاعت
مین تہا کہ نماز قضا ہوئی پس اپنی رحمت سے واسطے ادای نماز علی رضی کے سورج
کو پہر طلوع فرما۔ پس دعای حبیب الہی صلی اللہ علیہ وسلم مقبول ہوئی اور
حضرت شمس پہر مغرب سے طلوع ہوئی کہ دہوپ اسکی زمین پر پہیلی اور حضرت
علی رضی اللہ عنہ نے نماز عصر ادا کی اور دوسری دفعہ چلتی چلتی ٹہر گئی اور وہی حرکت
ارادی کے خلاف ہرگز نہ پیدا ہوا اور بیان اسکا یہہ ہے کہ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے شب معراج کی بعد مشرکین سے کہا کہ شب کو مین زمین شام سے
عرش بریں اور لامکان تک کی سیر کر آیا ہون اور راستہ مین تمہارا قافلہ شام
سے آتا ہوا ملا تہا اور اسوقت اسمین سے ایک اونٹ بہاگ گیا تہا اور ایک
شخص اسکے پیچہی دوڑتا پہرتا تہا کفار نے کہا یہ فرماتے کہ وہ قافلہ یہان کب
پہونچیگا آپ نے فرمایا چہارشنبہ کو یعنی بدہ کے دن کفار بدہ کے دن قافلہ کے انتظار مین
تہے یہ رسول اللہ کی خبر تہی اور قافلہ کے آنے مین شام ہونے پر ہوئی اور شام قریب آئی
پس آپ نے دعا کی اور دعا سے سید الاولین سے اتنی دیر تک شمس اپنی حرکت سے باز
رہا کہ قافلہ آپہونچا یہہ درس است ناوٹن ہے جو مین نے بیان کی خاص صدر کائنات
صلی اللہ علیہ وسلم کو انکی بشارت ہوئی ہے اور اگر بادشاہت رب الافواج
قرار دیا جائے حق حضرت سید امام مہدی موعود علیہ السلام کی خلافت مراد ہو تو کچہ
عجب نہین ہے اسلئے کہ انکی خلافت سلطنت الہی ہوگی کہ تمام زمین پر شریعت

الہی کے احکام جاری ہونگی اور کل کرہ زمین میں غلغلہ اور طنطنہ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ کا بلند ہوگا جزیہ موقوف ہوجائیگا تمام زمین کو آپ عدل سے
بہر دینگی اور بیرو سلم کی ہی نواح مین آپکی فتح ہوگی اور بیرو سلم سے اور لوگ آپکی زمانہ مین
اخراج ہونگی غرضکہ ہرطرح رب الافواج کی سلطنت اس خلافت کو کہہ سکتی ہین نہ
اس صورت مین چاند کا اضطراب اور سورج کی شرمندگی چاند گہن اور سورج گہن سے
عبارت ہے جو وقت غیر معہود مین ایک ہی مہینے کی عرصہ مین جس سال مین حضرت امام سے
بیعت ہوگی ... ہونگی اور اس صورت مین اضطراب چاند یہ ہے کہ غیر وقت مین
گہن ہوا اور شرمندگی سورج بھی یہی ہے کہ غیر وقت مین منہ چھپانے لگے واللہ اعلم
وعلمہ اتم واحکم چوتھا معجزہ چشمہ شمس ورد شمس ہے اور بیان اسکا ابھی ہوا پانچواں
معجزہ معجزات عظیمہ سے پانی کا انگلیوں مبارک سے جاری ہونا ہے جو مثل
چشموں کے چند دفعہ بطور اعجاز جاری ہوا اور ہزاروں مخلوق ذوالخیر والجلال
نے اس سے دلکو تازہ کیا اور از سرنو زندگی پائی اور یہہ معجزہ احمدی چونکہ کرات و مرات
مقامات مختلفہ اور ازمنہ متعددہ میں جماعات کثیرہ کے سامنے واقع ہوا اور ایک
جماعت سے روایت ہے اس سبب قریب متواتر کے ہے غزوہ تبوک مین جسکو بسبب
شدت تکالیف غزوہ العسرہ بھی بولتے ہین یہہ معجزہ اصابع ساقی حوض کوثر سے
ظاہر ہوا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب صحابہ کو اس غزوہ مین پیاس
کی تکلیف بہت ہوئی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم
پیاس سے مرتے ہین اور اونٹ بھی ہمارے پیاس کے مارے جان بلب ہین سے
یا ہمہ تشنہ لبانیم توئی آب حیات لطف رحم فرما کہ زحد میگذرد تشنہ لبی آپ نے
فریادرسی کی اور فرمایا کہ اگر تم پاس کچھ پانی ہو تو میرے پاس لاؤ تاکہ نظر بدلنگی اور بعض
گمان اور مصری سامنہ ہونی اچھی نہ کرنے لگی پس ایک شخص ایک پرانی مشکسان

تھوڑا سا پانی پیالی میں سے آیا پس آپ نے ہتھیلی مبارک اوس پانی پر رکھی انس
رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ انگلیوں مبارک رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے چشمے جاری ہو گئے پس ہم نے بھی پیا اور اونٹوں اور جانوروں
کو بھی پلایا اور باقی مشکوں میں بھر لیا اور نیز انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ بالتحقیق میں نے دیکھا ہے کہ ایک روز نماز عصر کا وقت آیا اور لوگوں کو پانی
نہ ملا اور آپ کو وضو کے لیے پانی لائے آپ نے اپنا ہاتھ مبارک اوس میں رکھا اور حکم
کیا کہ وضو کریں پس میں نے دیکھا کہ پانی آپکی انگلیوں مبارک کے بیچ میں سے مثل
چشموں کے نکلتا تھا اور ایک روایت میں ہے کہ اطراف انگلیوں سے پانی
نکلتا تھا پس سب قوم نے وضو کر لیا اور کوئی باقی نہ رہا انس رضی اللہ عنہ سے
اس حدیث کی روایت کی تو کسی نے سوال کیا کہ تم کس قدر آدمی تھے کہا تین سو آد
می تھے اور انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز آپ قبا میں تشریف
لائے اور ایک شخص ایک چھوٹا سا پیالہ لیکر آیا آپ نے اوس میں پنجہ مبارک رکھنا چاہا
مگر پیالہ کی چھوٹی ہونے کی وجہ سے پیالہ میں نہ آسکا پس آپ نے چار انگلیاں مبارک
اوسمیں رکھیں پس آپکی انگلیوں مبارک سے پانی جاری ہوا اور صحیحین میں جابر
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حدیبیہ کے دن ہم پیاسے ہو کر رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے پاس جمع ہوئے اور آپکے پاس کچھ تھوڑا سا پانی تھا پس آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم
میرے پاس کس لیے جمع ہوئے ہو عرض کیا یا رسول اللہ پانی نہ وضو کو ہے اور نہ پینے
کو مگر یہہ جو آپ کے پاس ہے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا پنجہ مبارک اسمیں
رکھا پس آپکی انگلیوں میں سے پانی مانند چشموں کے جوش مارنے لگا پس ہم نے
پیا اور وضو کیا جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ تم کتنے آدمی تھے کہا اگر لاکھ ہوتے
تب بھی کافی ہوتا ہم پندرہ سو آدمی تھے اور جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

کہ غزوہ بواط میں چند قطرے ایک مشک میں پانی ملا پس آپ نے اوسکو ایک پیالہ
میں نچوڑ کر اپنی انگلیاں مبارک پہیلا کر اوسمین رکہیں پس آپکی انگلیوں مبارک کے
درمیان سے پانی جوش مارنے لگا پس آپ نے حکم کیا کہ پانی پیو پس لوگوں نے پیا اور
سیراب ہوے اور اس معجزہ عظیمہ کا ذکر غزل الغزلات میں ہے باب ۴ ورس ۱۲ میری
بوا ہمشیرہ میری زوجہ ایک مقفل باغیچہ ہے بند کیا ہوا ایک سوتا ہے اور سربمہر ایک چشمہ
ہے باعتبار رسالت خطاب خاتم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے اور آپ مقفل
باغیچہ ہیں کہ مہر نبوت آپ کی تہی اور خوشبو مثل جسم مبارک سے آپکی آتی تہین اور آپ
بند کیے ہوے سوتے اور سربمہر چشمہ تہے کہ آپکے جسم مبارک سے پانی کے چشمے بطریق انگلیوں
مبارک کی مقامات مختلفہ مین جاری ہوے اور بیان اسکا ہو چکا ہے چہٹا معجزہ
پہاڑون کا ہلنا ہے اور یہ معجزہ چند مرتبہ واقع ہوا ہے احد اور ثبیر اور غیرہ پر واقع
ہوا اور بشارت توریت کی ورس ۱۷ کی اس حالہ سے پہاڑون نے تجہے دیکہا اور کانپ گئے
یہ زلزلہ ثابت ہے ساتواں معجزہ فخیمہ معراج شریف ہے جو قبل آپکی اس حیثیت سے
تمام رسل وانبیاء علی نبینا وعلیہم السلام میں کوئی اس قدر ومنزلت کی ساتھ
مشرف نہیں ہوا اور نہ بعد آپکے تہا اور معراج سید المرسلین اس جسم کی ساتہ ہوی اور آپ نے
تمام آسمانون اور عرش بریں اور دوزخ وجنت کی سیر کی اور قرب مالک ذوالجلال
کا آپکو اس قدر ہوا کہ کسیکو نہیں ہوا تہا یہانتک کہ دیدار الہی میں ہے اگر بفرض
کسیکو کلام رہا تو رہا ورنہ کل مدارج قرب طے ہو چکی اور دیدار ہے اکثر علماء کے
نزدیک ہوا اور یہ قصہ معراج احمدی صلی اللہ علیہ وسلم یقینی اور متواتر ہے
قرآن شریف میں بہی مذکور ہے اور احادیث کثیرہ میں مروی ہے اور اس معجزہ
عظیمہ کا ذکر ستائیسوین زبور میں ہے اور اس زبور کا نام بشارت معراجیہ ہوا
زبور ۴۷ ورس ۴ وہ ہمارے لئے میراث کو یا یعقوب کا فخر جسے وہ چاہتا ہے ۵ خدا

خوشی سے للکارتے ہوتے اور چڑھا ہاں خداوند نرسنگے کی آواز کی ساتھ
گیت گاؤ کے خدا کی ستایش کرو ہمارے بادشاہ کی ستایش کے
گیت گاؤ کہ خدا سارے جہان کا بادشاہ ہے سمجھ سمجھ کے اوسکی
ستایش کے گیت گاؤ وہ خدا قوموں پر بادشاہت کرتا ہے خدا اپنی
مقدس تخت پر بیٹھا ہے قوموں کے امرا ابراہام کے خدا کے لوگوں کی
ساتھ ملکی جمع ہوتے ہیں کیونکہ جہان کی سپرین خدا کے ہیں وہ نہایت
بلند ہیں ش نصرانیوں میں اور ہم میں اس بات کا اتفاق ہے کہ داود
علیہ السلام اس باب میں کسی کی بشارت دیتے ہیں اور اوسکی اطاعت
کا حکم فرماتے ہیں مابہ النزاع یہہ بات ہے کہ آیا یہ بشارت خاتم النبیین
صاحب قاب قوسین اور ادنی کی ہے اور یا حضرت مسیح علیہ السلام
کی ہے جن کے شان میں بل رفعہ اللہ فرقان حمید میں وارد ہوا اور جو ہم
متوہمین کو دور کیا ہے ہم اول کا اعتقاد رکھتے ہیں اور نصرانی دوسری
بات کا زبان سے اقرار کرتی ہیں ہمارے پاس تو اپنے دعوی کے
ثبوت میں اس مسلک سے اتنی حجتیں ہیں حجت اول ورشن سے
خدا خوشی سے للکارتے ہوتے اور چڑھا اس ورس میں خدا
کی طرف چڑھنے کو نسبت کیا جو خوشی کے ساتھ ہوا اور خدا ای جلشانہ
چڑھنے اور اوترنے سے بری ہی پس خدا اپنے معنی حقیقی پر نہ ہا بلکہ
اور معنی پر محمول ہوا اور محمل اسکا ہمارے نزدیک بمعنی صاحب کے ہے
اور کوئی عمدہ نظر نہیں آتا ہے اسلئے کہ خدا بمعنے صاحب آتا ہے
اور صاحب لقب سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی
کلام پاک میں فرمایا وما صاحبکم بمجنون اور نہیں تمہارا صاحب دیوانہ

اور صاحب اس آیہ کریمہ میں لقب صاحبنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہے اور آپ ہی
خوشی کے ساتھ للکارنے والے ہوئے یعنی [illegible] جس وقت آپ نے خطبہ پڑھا اور اس خطبہ میں
آپ نے اپنے فضائل مخصوصہ بیان فرمائے اور تمام رسل انبیاء کرام علی نبینا وعلیہم السلام پر آپکی بزرگی
تسلیم کی اور آپ کے ساتھ [illegible] اور مسیح علیہ السلام کا لقب صاحب ہے اور وہ آپ خوشی
کے ساتھ للکارنے والے ہوئے اور یہ جو [illegible] تمہارے نزدیک [illegible] سو کر اور تمہارے
اور بالتحقیق اور نیز تمہارے نزدیک قتل صلیب [illegible] لیکن [illegible]
مسیح آنے کے واسطے نہ خوشی کے واسطے اور سیر کے واسطے [illegible] وہاں خداوند مسیح کی آواز
کے ساتھ اس جگہ میں لفظ خدا کی تفسیر فرمادی کہ وہ معنی متعارف نہیں ہیں بلکہ معنی خداوند
[illegible] صاحب [illegible] مسیح کی آواز کے ساتھ بعثت صاحب حضور اسمٰعیل علی نبینا وعلیہ
السلام کیطرف اشارہ ہے اور آپ [illegible] اسوقت تھی اور مسیح
مسیح علیہ السلام کے ساتھ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام [illegible] ورس ۹ [illegible]
امرا اسرائیل کی خدا کے لوگوں کے ساتھ [illegible] یہ قاعدہ ہے کہ [illegible]
یعقوب علیہ السلام [illegible] اسمٰعیل علیہ السلام [illegible]
[illegible] مسیح علیہ السلام کا [illegible] وہاں نام ابراہیم علیہ السلام [illegible]
اور یہ قاعدہ [illegible]
ابراہیم علیہ السلام [illegible]
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
[illegible]
[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible]
[illegible]

سولہوین فصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئیون کے
بیان مین جو پیشین گوئی بابت زمانہ آئندہ کے حالات کی خبر دیتے تھے لوازمات
نبوت خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھی اسواسطے بشارت فارقلیط
کو سولھوین باب کی تیرھوین ورس مین ہے لیکن جب وہ یعنی روح حق آوے تو وہ تمہین
ساری سچائی کی راہ بتاویگی اسلئے کہ وہ اپنی نہ کہیگی بلکہ جو کچھ وہ سنیگی سو کہیگی اور تمہین
آئندہ کی خبرین دیگی پس اس صفت کے ظہور کا بیان بھی ضرور ہوا اور ہم اسکو دو مقصد
مین بیان کرتے ہین مقصد اول کلام اللہ شریف کی پیشین گوئیون کے بیان مین
اور اس بشارت مین ترتیب سور اور آیات کا لحاظ رکھا گیا ہے پہلی پیشین گوئی سورہ بقرہ
کے تیسرے رکوع مین فرمایا ہے وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَى
عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُمْ
مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ
فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا
النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ أُعِدَّتْ
لِلْكَافِرِينَ اور اگر تم شک مین ہو اس کلام سے جو اتارا ہمنے اپنے
بندے پر تو لاؤ ایک سورت مثل اسکی اور بلاؤ جنکو حاضر کرتے ہو اللہ کے سوا اگر تم
سچے ہو پھر اگر نکرو اور البتہ نکر سکوگے تو بچو آگ سے جسکی ایندھن ہین آدمی اور
پتھر تیار ہی منکرون کے واسطے اس آیت مین پہلی ہی خبر دیدی کہ تم قرآن شریف
کے مانند ایک چھوٹی سی چھوٹی سورت بھی نہ بنا سکوگے اور موافق اس خبر صادق کی عرب کے
فصیح بلیغ و معاند سکا بہ قرآن شریف کی مانند ایک چھوٹی سی چھوٹی سورۃ نہ بنا سکے اور اگر بنا سکتے
تو اس سہی عمدہ [illegible] تکذیب سیدنا محمد رسول اللہ کی ان لوگونکو کیسی ہاتھ آنیوالی تھی کیونکر
اختیار کرتے اور اسکو چھوڑ کر لڑائی کا اختیار کرتے اور قتل و قتال کا اختیار کرنا و ضائع اسباب کا کیا کرتے عاجز تھے اور

اور وہ کیا بلکہ تمام جن انس کی قوت سے خارج تھا چنانچہ سورہ بنی اسرائیل میں
ارشاد ہوتا ہے قُلْ لَئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰی اَنْ یَّاْتُوْا
بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ کَانَ
بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا یعنی اگر جمع ہو دین آدمی اور جن اس پر کہ لا دیں
قرآن نہ لاوینگے ایسا اور پڑے مدد کرین ایک کی ایک [illegible] اس امر کا تمام جن بشر
کی قوت سے خارج ہونا بلکہ تمام مخلوق کی قوت سے خارج ہونا اس کی دلالت کرتا ہے کہ وہ کام خالق
کا ہے مخلوق کا نہیں مقصود ہے دوسری پیشین گوئی اسی سورت کی گیارہویں رکوع میں یہ ارشاد اہل
کتاب خاص یہود کی نسبت وارد ہے قُلْ اِنْ کَانَتْ لَکُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ
عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ
اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ وَلَنْ یَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا
بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِالظّٰلِمِیْنَ
تو کہہ اگر تم کو ملنا ہے گھر آخرت کا اللہ کی ہاں الگ سوا اور لوگوں کے
تو تم مرنے کی آرزو کرو اگر تم سچے ہو اور یہ آرزو کبھی نہ کرینگے بسبب اس کے جو آگے بھیج چکے ہیں
ہاتھ اونکے اور اللہ خوب جانتا ہے گنہگاروں کو اس آیت کریمہ میں یہود کو ایک صورت
طریقہ سہل تکذیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمایا کہ تمنا موت کرو اور پھر فرمایا کہ تم ہرگز ہرگز نہ کرو گے
چنانچہ کسی یہودی نے تمنائی موت نہ کی قتل و استرقاق و جلائی وطنی اختیار کیا
پر ور بلاک ہوئے لفظ تمنائی موت زبان سے نہ نکالا اور اس اعجاز
کا بشارت تنزیلیہ [illegible] تیسری پیشین گوئی سورہ موصوفہ کی چھبیسویں رکوع میں
مسلمانوں کی نسبت یہ ارشاد ہے اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا
الْجَنَّةَ وَلَمَّا یَاْتِکُمْ مَّثَلُ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِکُمْ
مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰی یَقُوْلَ الرَّسُوْلُ

والذین امنوا معہ متی نصر اللہ الا ان نصر اللہ قریب

ت کیا تم کو خیال ہے کہ جنت مین چلے جاوگے اور ابھی تم پر ائی نہین احوال
ان لوگون کے جو ہو چکے تم سے ہوئی سختی اور تکلیف اور پھر جہڑ ا لی گئی یہانتک
کہ کہنے لگا رسول اور جو اوسکے ساتھہ ایمان لائی کب اویگی مدد اللہ کی سن رکہو
اللہ کی مدد نزدیک ہے ۔۔ اس ایتہ کریمہ مین خبر ہی کہ مسلمانون پر پہلی نزول
فتح الہی کی ایک مرتبہ اور شدت بہوک پیاس اور محنت۔۔ پہونچیگی اور پہر مدد الہی
نازل ہوگی چنانچہ غزوہ احزاب مین مسلمانون پر تکلیف موعود ہوئی اور پہر مدد الہی
نازل ہوئی اور پہر کفار قریش مدینہ منورہ علی صاحبہا الف صلوات و تسلیمات پر چڑہکر
نہین گئے بلکہ مسلمانون کی کفار قریش پر چڑہائی شروع ہوگئی آخر ام القری فتح ہوگیا
اور پہر اور تمام عالم مین فتوحات اہل اسلام کو خداوندکریم نی عنایت فرمائی اور سورہ
احزاب مین مسلمانون کی زبانی ھذا ما وعدنا اللہ۔ اللہ عزوجل نے فرمایا
یعنے مسلمانون نے سختی غزوہ احزاب مین کہا یہہ وہ تکلیف ہے جسکا وعدہ ہمارے
ساتھہ اللہ نے کیا تہا یعنے اس ایتہ سورہ بقر مین واللہ اعلم چوتہی پیشین گوئی سورہ
ال عمران کی گیارہوین رکوع مین یہود کی خواری ابدی کی خبر دی اور فرمایا ضربت
علیہم الذلۃ این ما ثقفوا الا بحبل من اللہ وحبل من الناس
وباءو بغضب من اللہ وضربت علیہم المسکنۃ ذلک بانہم کانوا
یکفرون بایات اللہ ویقتلون الانبیاء بغیر حق ذلک
بما عصوا وکانوا یعتدون ۔ مارے گئی ان پر ذلت جہان دیکہی سوای
رسی اوپر اللہ کے اور سوای رسی اوپر لوگون کے اور کما لائی غصہ اللہ کا اور مارے
گئی اون پر محتاجی یہ اسواسطے کہ وہ رہی ہین منکر اللہ کی آیتون سے اور مارتی رہی نبیونکو
ناحق ۔ در واقع اس خبر کے دنیا مین کہین ایک بالشت زمین حکومت یہود کی نہین اور پہلے بخیر فروعون حکومت

حکومت مستقل رکھتے تھے مثل بعد قرانی تیسیر و غیرہ سے کے پھر کہین روی زمین پر حکومت نہین رہی اور نہ قیامت تک کہین انکی حکومت ہو پانچوین پیشینگوئی سورہ مائدہ کی ساتوین رکوع مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انتقال کی بعد خبر دی کہ بعض الناس کا لانعام مرتد ہو جاینگی اور مومنین ثابت قدم رہکر اونکو راہ راست پر لاینگے اور فرمایا یَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَن يَرْتَدَّ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ترجمہ اے ایمان والو جو کوئی پھرے گا تم مین سے اپنے دین سے تو اللہ آگے لاویگا ایک لوگ کہ وہ اونکو چاہتا ہے اور وہ اوسکو چاہتے ہین نرم دل ہین مسلمانون پر اور زبردست ہین کافرون پر لڑتے ہین اللہ کی راہ مین اور ڈرتے نہین کسیکی الزام سے یہہ فضل ہے اللہ کا دیگا جسکو چاہے اور اللہ کشایش والا ہے خبردار ہے اور ہوا موافق خبر صادق اللہ عزوجل کے بعد انتقال سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض لوگ پھر گئے اور کہنے لگے کہ اگر آپ نبی ہوتے تو انتقال نہ فرماتے نبوت کو خدائی سمجھ گئے اور حضرت صدیق رضی اللہ عنہ انکی ساتھ لڑے تعالی کیا اور انکو راہ پر لائے اور ان پر اللہ کا فضل ہوا چھٹی پیشینگوئی سورہ مسبوقۃ الذکر کے نوین رکوع مین خبر دی کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین رہنے کین اور کوئی آپکو شہید نہ کر سکیگا اور فرمایا يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ترجمہ اے رسول پہنچا جو نازل کیا گیا تجکو تیرے رب سے اور اگر یہہ نکیا تو تو نے کچھ نہ پہنچایا اوسکا پیغام اور اللہ تجکو بچا لیگا لوگون سے اللہ راہ نہین دیتا منکر قوم کو اور موافق اس خبر الہی کے آپ زمین مین رہنے اور

آسمان پر تشریف نہین لیئے گئے اور آپ کو کوئی شہید نکر سکا باوجودیکہ بعد نزول اس آیۂ کریمہ کے ہیرا وغیرہ کیہ تہا ساتوین پیشین گوئی سورہ اعراف کی تیسری رکوع مین پیشین گوئی تباہی کفار قریش کی کی اور فرمایا وَلِکُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ فَاِذَا جَاءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ اور ہر فرقہ کا ایک وعدہ ہے پہر جب پونہچا اونکا وعدہ نہ دیر کرینگے ایک گہڑی نہ جلدی اور یہہ اجل اونکی بدر کی دن آگئے اور وہ تباہ ہوگئے اور یہہ اجل انکی جیسی کہ لوح محفوظ مین ثابت تہی ویسے ہی پہلے صحیفون مین مبین تہے اور یہان اسکا مولیا آٹہوین پیشین گوئی سورہ انفال کی آٹہوین رکوع مین فرمایا يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰى اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّا اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اے نبی کہدے اونکو جو تمہاری ہاتہہ مین ہین قیدی اگر جانیگا اللہ تمہاری دل مین کچہ نیکی تو دیگا تمکو بہتر اس سے جو تم سے چہن گیا اور تمکو بخشیگا اور اللہ ہے بخشنے والا مہربان نسبتِ اس آیہ کریمہ کا شان نزول یہہ ہی کہ فتح مبین بدر مین جو رؤسائے قریش قید ہوکر آئی اور ان قیدیون مین سے عم رسول اللہ عباس بن عبد المطلب بہی تہے اور آخر الامر قیدیون کا چہوٹنا بسبب فدیہ کی ادا کرنے پر ٹہیرا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس سے چار آدمیون کی فدیہ ادا کرنے کا حکم دیا اپنا اور عقیل ابن ابی طالب کا اور نوفل بن حارث کا اور یہہ دونون حضرت عباس کے بہتیجے تہے اور قیدیون مین سے تہے اور جو تہے عتبہ ابن جحدم کا جو حلیف حضرت عباس کا تہا پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا اے محمد کیا تم یہہ چاہتے ہو کہ تمہارا چچا اپنے بیگانے سے سوال ہو اور میرا تو حال یہہ ہے کہ میرے پاس اسقدر مال کہان سے لاؤن اور کسطرح ادا کرون آپ نے فرمایا وہ سونا جو ام الفضل کے پاس کہا ہے اور اسوقت وہ وہ باتین کہین تہین جو کہان گیا پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا مین تو یہہ باتین پوشیدہ کہنی تہی [illegible]

تمہین کیسے معلوم ہوئین اور آپ نے فرمایا کہ میرے رب نے مجھے وحی سے معلوم کرا دیا پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ یہہ معجزہ دیکھکر مسلمان ہوئے اور اپنا اور ان تینون کا فدیہ ادا کیا مگر دل مین ملول ہوئے تبین آیۃ کریمہ واسطے تسلی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی انکی شان مین نازل ہوئی اور اس آیۃ کریمہ مین اون سے وعدہ کیا گیا کہ جتنا تم سے مال لیا گیا ہے اگر تم مومن کامل ہوگی تو اللہ تمہین اس سے زیادہ عنایت کریگا اور اللہ تمہین بخشدیگا گو تم نے مقابلہ احمدی صلی اللہ علیہ وسلم کیا اور اس وعدہ کو اللہ عزوجل نے انکی و لین ایمان دیکھکر پورا کیا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ فرمایا کرتے تھے میرے رب نے مجھسے دو وعدہ کیے تھے ایک تو ادمیون سے یہہ تہا کہ جتنا مجھسے فدیہ مین مال لیا گیا تہا اوس سے زیادہ دنیا مین عنایت کریگا یہہ تو اللہ نے پورا کیا اب میری بیس غلام ہین اور ہر ایک ادمیون سے میری مال سے میری لیے بیس ہزار دینار کی تجارت کرتا ہے اور سقایہ زمزم مجھے عنایت کیا اور وہ مجھے سب مالون سے عزیز ہے اور دوسرا وعدہ مغفرت سے سو اللہ سے مجھی امید ہے کہ اوسے وہ پورا کریگا اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی اولاد مین بہت سے بادشاہ ہوئے اور یہہ کتنے بڑی خبری ہوئین پیشین گوئی سورہ ہود کی پہلی رکوع مین قریش کی نسبت فرمایا فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

يَوْمٍ كَبِيرٍ اور اگر تم پہر جاؤگے تو ڈرتا ہون تم پر ایک بڑی دن کی مار سے ... اور اس عذاب سے یا عذاب قیامت مراد ہے اور اس صورت مین بڑا دن وہی دن ہوگا یا عذاب روز بدر مراد ہے یا وہ عذاب بہوک مراد ہے جو قریش پر کئی برس تک رہا اور اوسمین مردار کہایا گئی لیکن دوسری تفسیر صحت انبیاء سابقین سے موافق ہے اسلئے کہ زبور مین ابوجہل کی نسبت فرمایا ہے

عذاب بدر میں برستنا ہے کیونکہ دیکھتا ہے کہ اوسکا دن آتا ہے اور اوس دن
روز بدر مراد ہے کیونکہ وہ اسی دن مارا گیا ہے پس یہاں بھی جو کہ عذاب قریش
کا بیان ہے اور لفظ یوم کے ساتھ اسکے وقت کو بیان کیا ہے غالب ہے کہ یہی
مراد ہو اللہ تعالی نے سورہ ہود میں جو کہ سورہ مذکور کی اسی رکوع میں قریش کی ہی نسبت
فرمایا وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَىٰ أُمَّةٍ مَّعْدُودَةٍ
لَّيَقُولُنَّ مَا يَحْبِسُهُ ۗ أَلَا يَوْمَ يَأْتِيهِمْ لَيْسَ مَصْرُوفًا عَنْهُمْ
وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ اور اگر ہم دیر لگا دیں اون سے عذاب
کو ایک مدت گنتی تک تو کہنے لگیں کیا روک رہا ہے اوسکو سنتا ہے جس دن آویگا اون پر
نہ پھیرا جاویگا اون سے اور الٹ پڑے گا اون پر جسپر ہنسی کرتے تھے ۔۔۔ پانچ
شخص اشراف قریش سے جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہایت تکلیف دیتے تھے اور بہت
اور ایذا اونکی حد سے بڑھی تھی اس آیہ کریمہ میں اونکے ہلاک ہونیکا بیان ہے اور اونکی
عذاب کی تعیین ہوئی تھی اور صورت وقوع اس عذاب کی اونپر یہہ ہوئی کہ ایک روز
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جبریل علیہ السلام کے ساتھ مسجد الحرام میں تشریف رکھتے
تھے اور وہ پانچوں آئے اور اپنے قاعدہ قدیمہ کے موافق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
سے استہزا کے ساتھ پیش آئے اور طواف کعبہ شریف کا کرنے لگے جبریل علیہ
السلام نے عرض کیا کہ اگر ارشاد ہو تو میں اونکے شر کو کفایت کروں پس حضرت
جبریل علیہ السلام نے ولید بن مغیرہ کی پنڈلی کی طرف اشارہ کیا اور عاص بن وائل
کے تلوے کی طرف اور حارث بن قیس کی ناک کیطرف اور اسود بن عبد یغوث کے
سر کی طرف اور اسود بن مطلب کی آنکھ کیطرف اشارہ کیا اور اس اشارہ سے
اون سب کا کام تمام کیا پس ولید ایک تیر گر کی دکان کے پاس سے گذرا ایک
سوفار تیر اوسکی ازار میں اٹک گیا بسبب تکبر کے سر نہ جھکایا اور اوس سے نہ نکالا

پس اوس تیر قضا سے اسکی پنڈلی زخمی ہوئی اور ایک نشتر یان اوس سے کٹ
گئی اور وہ مر کر دار البوار مین پہونچا اور عاص بن وائل کی تلوے مین ایک کانٹا
چبھا اور پیر سوج کر مر گیا اور حارث کی ناک سی خون اور پیپ جاری ہوا اور مر گیا
اور اسود بن عبد یغوث مونہہ کو زمین پر مارتے مارتے مر گیا اور اسود بن مطلب
کی ایک آنکھہ بی نور ہو گئی اور غضب سے سر زمین پر دیدی مارتا تھا یہانتک کہ
مر گیا اور آیۃ کریمہ انا کفیناک المستہزئین مین یا نہین پانچون کی شر کی کفایت کا
ہے **گیارہوین پیشین گوئی** سورہ حجر کی پہلی رکوع مین فرمایاہی
انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون ہمنے آپ اوتاری ہی یہ نصیحت اور
ہم اوسکے نگہبان ہین ..... اس آیۃ کریمہ مین یہ خبر ہے کہ قرآن شریف
آخر دہر تک نہ معدوم ہوگا نہ محرف اور مشتبہ اور مشکوک ہوگا اور یہ پیشین گوئی
آج تک پوری ہی اور انشاء اللہ قیامت تک پوری رہیگی **بارہوین پیشین
گوئی** سورہ بنی اسرائیل کے ساتوین رکوع مین فرمایا وان کادوا لیستفزونک
من الارض لیخرجوک منہا واذا لا یلبثون خلافک الا قلیلا
اور وہ تو لگتی تہی گہبرانی تجھکو اس زمین سے کہ نکال دین تجھکو یہان سی اور تب
نہ ٹہیرینگے تیرے پیچہے مگر تہوڑا ۰۰۰ اس آیۃ مین یہ پیشین گوئی ہے کہ جب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زمین مکہ سی ہجرت کر جائینگی پھر قریش امن و امان سی مکہ مین تہوڑے
نہ دن ٹہیرینگے اور پہر وہ ہلاک ہونگی اور ایسا ہی ہوا کہ جب آپ نی ہجرت
کی ہجرت سے اگلی ہی برس قریش ہلاک ہوئی یعنی جنگ بدر مین اکثر روساء قریش مارے گئے اور
قید ہوگئی **تیرہوین پیشین گوئی** سورہ بنی اسرائیل کی ہی آٹھوین رکوع مین فرمایا
وقل جاء الحق وزہق الباطل ان الباطل کان زہوقا اور کہہ آیا سچ اور نکل بہاگا جہوٹ بیشک
جہوٹ ہی نکل بہاگنے والا ہے ... اس آیۃ مین پیشین گوئی ہے کہ یہ عنقریب کفر معدوم ہوگا اور جاتا رہیگا

وہاں نہ بسینگے اور اسلام غالب ہوگا اور مسلمان وہاں بسینگے اور مطابق
واقع ہے ولله الحمد اور یہہ فتح مکہ معظمہ شرفہا اللہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے ہاتھہ میں ایک لکڑی تھی اور خانہ کعبہ کے گرد تین سو ساٹھہ بت تھے اور وہ شیشہ
وغیرہ سے زمین میں جمے ہوے تھے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس لکڑی سے
اون بتوں کی طرف اشارہ فرماتے اور یہہ آیت کریمہ قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ
تلاوت فرماتے تھے پس وہ بت اوندھے گر پڑتے اور اس آیہ کریمہ سے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس امر میں معلوم ہوتا ہے کہ یہہ پیشین گوئی فتح مکہ
معظمہ کی تھی اور جس دن میں مکہ معظمہ میں حق در آیا اور باطل یعنے شرک کفر اوسدن
مکہ معظمہ سے نکل بہاگا ولله الحمد چودہوین پیشین گوئی سورہ انبیا کے اخیر رکوع میں فرمایا
وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ
الصَّالِحُونَ اور ہمنے لکہہ دیا ہے زبور میں نصیحت کے پیچھے کہ آخر زمین
پر مالک ہونگے میرے نیک بندے انتہی میں نے خاتمہ اس کتاب میں اس
مکتوب کا نشان بتا دیا ہے اگر پاوین تو مطلب حاصل ہے اور اخبار بالغیب
اور اگر شاید یا نہ پاوین اگر پاوین تو پیشین گوئی صادق ہے اسلیے کہ صحابہ کرام
زمین کے مالک ہوے اور ہزارون شہر انہون نے فتح کیے اور امہ محمدیہ
بہی شرق سے غرب تک مالک زمین ہوے پندرہوین پیشین گوئی سورہ حج
کی چھٹی رکوع کے شروع میں فرمایا أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ
ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ حکم ہوا اونکو جن سے لوگ لڑتے ہین
کہ ان پر ظلم ہوا اور اللہ اونکی مدد کرنی پر قادر ہے انتہی یہہ آیہ کریمہ ہجرت سی
برس دو برس کے بعد نازل ہوی اور اس آیہ کریمہ میں پیشین گوئی ہے کہ اللہ کی مدد سے
مسلمان فتح پاوینگے اور قریش مغلوب ہونگے اور بحمد اللہ ایسا ہی ظہور میں آیا

سولہوین پیشین گوئی سورہ نور کی ساتوین رکوع مین فرمایا وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ وَلَیُمَکِّنَنَّ لَھُمْ دِیْنَھُمُ الَّذِی ارْتَضٰی لَھُمْ وَلَیُبَدِّلَنَّھُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِھِمْ اَمْنًا یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِکُوْنَ بِیْ شَیْئًا وَمَنْ کَفَرَ بَعْدَ ذٰلِکَ

ت وعدہ دیا اللہ نے جو لوگ تم مین ایمان لائے ہین اور کیے ہین نیک کام البتہ پیچھے حاکم کریگا اونکو ملک مین جیسا حاکم کیا تھا اگلون کو اور جما دیگا اونکے دین اونکا جو پسند کردیا اونکو اور دیگا انکو اونکے ڈر کے بدلے امن میری بندگی کرین گے شریک نکرین گے میرا کوئی اور جو کوئی ناشکری کریگا اس سے پیچھے وہی لوگ ہین بے حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو خطاب ہے اور موافق وعدہ الہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ خلیفہ ہوے اور دین الہی کی ترقی ہوئی اور انہون نے اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کی اور کسیکو اوسکا شریک نہین کیا اور اس وعدہ کا ظہور سے کچھ نشان ملتا ہے اور خاتمہ اس رسالہ مین اسکا ملاحظہ کرنا چاہیے۔ سولہوین پیشین گوئی سورہ قصص کی آٹھوین رکوع مین فرمایا اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ ت جس شخص نے حکم بھیجا تجھپر قران کا وہ پھر لانے والا ہے تجھکو پہلی جگہ انتہی جسوقت مین آپ مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کی اوسوقت یہہ آیت نازل ہوئی اور موافق وعدہ الہی آپ پھر مکہ معظمہ مین تشریف لائے اور مکہ معظمہ مفتوح بھی ہوا انتہا بیسوین پیشین گوئی سورہ روم کا شروع ہے

الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِیْٓ اَدْنَی الْاَرْضِ وَھُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِھِمْ سَیَغْلِبُوْنَ فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ وَیَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰہِ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ وَعْدَ اللّٰہِ لَا یُخْلِفُ اللّٰہُ وَعْدَہٗ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ

ت دب گئی ہیت ... گئی ملک مین اور وہ اس کی پیچہے اب غالب ہونگی کئی برس مین
اللہ کی ہاتہہ مین ہی پہلی اور پیچہلے اور اوس دن خوش ہونگے مسلمان اللہ کی مدد تر
کھلی رہینگی وی دن رات کبھی بند نہونگی تاکہ قومون کی دولت تیری پاس لاوین
اور اون کی بادشاہونکو جلوس دہام کی ساتھ ۱۲ کہ وہ قوم اور مملکت جو تیری خدمتگذاری
نکریگی ہان وی قومین ایک لخت ہلاک کی جاوینگی ۱۳ لبنان کا جلال تجھ پاس اویگا
سرو اور صنوبر اور دیودار ایک ساتھ تاکہ مین اپنی مقدس مکان کو آراستہ کرون اور
اپنی پانو کی کرسیکو رونق بخشون ۱۴ اور تیری غارتگرون کی بیٹی بہی تیری آگی جہک
آوینگی ہان وی سب جنہون نی تیری تحقیر کی تیری پانوون پر جہکینگی اور وی خداوند کا
شہر اسرائیل کی قدوس کا صیہون تیرا نام رکہینگی ۱۵ اوسکی بدلی کہ تو ترک کی گئی
اور تجھ سی نفرت ہوئی ایسا کہ کوئی آدمی تیری طرف گذر نہی نکلا تجھی شرافت دہری
اور پشت در پشت کی لوگون کا سرور بناؤنگا ۱۶ تو قومون کا دودہ بہی چوسیگی
ہان بادشاہونکی چہاتی چوسیگی اور تو جانیگی کہ مین خداوند تیرا بچانیوالا اور مین یعقوب
کا قادر تیرا چہڑانیوالا ہون ۱۷ مین پیتل کی بدلی سونا لاونگا اور لوہی کے بدلے
روپا اور لکڑی کی بدلے پیتل اور پتھرون کی بدلی لوہا اور مین تیری حاکمون کو سلامتی اور

اور تیرے حاکموں کو صداقت بناؤنگا ۱۸۔ آگے کو تیری سرزمین میں ظلم کی داد کبھی
نہ سنی جائیگی لوٹ نہ تیری سرحدوں میں خرابی یا بربادی کی تو اپنی دیواروں کا نام
نجات اور اپنے دروازوں کا نام ستودگی رکھیگی ۱۹۔ آگے کو تیری روشنی دن کو
سورج سے اور رات کو تیری چاندنی چاند سے نہوگی بلکہ خداوند تیرا ابدی نور اور تیرا خدا
تیرا جلال ہوگا تیرا سورج پھر کبھی نہ ڈھلیگا اور تیرے چاند کا زوال نہوگا کیونکہ خداوند
تیرا ابدی نور ہوگا اور تیرے ماتم کے دن آخر ہوجائینگے ۲۱۔ اور تیرے سب لوگ
راستباز ہونگے وے ہمیشہ ابد تک سرزمین کے وارث اور میری لگائی ہوئی ٹہنی اور
میرے ہاتھ کی کاریگری ٹہرینگے تاکہ میری بزرگی ظاہر ہو ۲۲۔ ایک چھوٹے سے ایک ہزار
ہوجائیگا اور ایک حقیر سے ایک قوی گروہ ہوگی میں خداوند اوسکے عین وقت میں یہہ سب
کچھہ جلد کرونگا مثل ورس ۱۸ ثابت ہوا کہ تیری روشنی آئی کعبہ معظمہ کو خطاب ہے اور
پیدایش انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت ایک نور ظاہر ہوا جس سے بصری شام
کے محل آپکی والدہ ماجدہ نے دیکھے تھے اور جیسی روشنی باطنی کعبہ شریف کو مثل قبلہ ہونے
تمام عالم کے اور مثل پاک ہونے دامن کعبہ شریف کے بتوں کی نجاست سے الی غیر ذالک
بوجود باجود سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حاصل ہوئی ایسی ہی روشنی
ظاہری بھی حاصل ہوئی اب کئی ہزار قندیل حرم محترم میں ہر شب کو روشن ہوتی ہیں
اور ایسی روشنی کی رونق ہوتی ہے کہ بیان میں نہیں آسکتی ورس ۲ دیکھہ تاریکی زمین
پر چھا گئی اور تیرگی قوموں پر لیکن خداوند تجھپر طالع ہوگا اس ورس میں زمانہ بعثت
نور الہی کو کعبہ شریف سے فرمایا ہے یعنی جسوقت میں تمام عالم مرض شرک و کفر میں گرفتار
تھا اور بیشک حق پر بعض اہل کتاب ہی تھے اور یہہ مضمون حدیث شریف میں وارد
ہوا ہے ورس ۳۔ اور قومیں تیری روشنی میں اور بادشاہان تیرے طلوع کی تجلی میں
چلینگی اس ورس کے پہلے جملے میں اس امر کا بیان ہے کہ جسوقت نور الہی

اسوقت اور شہر تیری مین منسوخ ہو جاتین گا اور قومین تیری روشنی مین چلینگی یعنی
تیری نور سی نور حاصل کرینگی اور دوسرا جملہ اس کی بیان فرماوی ہی کہ ابتہ صحیفہ مین
فقط غیر یا ہم نہ ہونگی بلکہ اس روشنی الہی سے شاہان زمین ہی بہرہ ور ہونگی اور شہرہ
بادشاہ تیری خادم ہونگی اور اپنا لقب خادم الحرمین الشریفین رکہینگی حقق الحق شرالہ
الی یوم القواد ورس ۴ - اپنی انکہیں اوٹہا کر چارون طرف نگاہ کر دیکہ سب کی سب اکہی
ہوتی ہین وی تجہہ پاس آتی ہین تیری بیٹی دور سی آوینگی اور تیری بیٹیان گود مین
اوٹہائی جاوینگی یہہ بیان صحیح ہی اور چارون طرف سی حجاج مثل جانوران پرندکی
شہر شریف کی طرف اڑتی چلی جاتی ہین اور بعثت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی پہلی اتنی کثرت
کہان ہوتی تہی ورس ۵ تب تو دیکہیگی اور روشن ہوگی ہان تیرا دل اوچہلیگا اور
کشادہ ہوگا کیونکہ سمندر کی فراوانی تیری طرف پہریگی اور قومون کی دولت تیری
پاس فراہم ہوگی سٹ اس ورس مین بیان ہی کہ جسوقت کہ حجاج تیری زیارت
کی لئی چارون طرف سی آوینگی اوسوقت مین خلافت تیری آل کی ہوگی اور اولاد قیدار
تیری اولاد کی پاس اوسوقت مین اکہٹی ہوگی اور ایسی ہی بحمد اللہ ظہور مین آیا کثرت
حجاج کی خلیفہ ثانی سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سی شروع ہوئی اور پہر
روز بروز ترقی پر ہوتی رہی ورس ۶ - اونٹنیون کی کثرت سی تجہ کو چہپا لینگی مدیان
اور عیفہ کی جوان اونٹنیان وی سب جو سبا کی ہین آوینگی اور خداوند کی تعریفون
کی بشارتین سناوینگی سٹ یہ کثرت اونٹون کی موسم حج مین حرم محترم مین ہوتی ہی دیکہنی
سی تعلق رکہتی ہی اور ہر طرف سی اونٹون پر حجاج آتی ہین اور بشارت تعریف اللہ
پاک شاہد حال کو فرمایا ہی واللہ اعلم ورس ۷ قیدار کی ساری بہیڑین تیری پاس
جمع ہونگی نبایوط کی مینڈہی تیری خدمتگزاری مین حاضر ہونگی وی میری منظوری
کی واسطی میری مذبح پر چڑہائی جاوینگی اور مین اپنی شوکت کی گہر کو بزرگی دونگا

کی دہنی بیت قربانی وغیرہ کی ذبح کا بیان ہی اور قبلہ اور منبطرہ جہا حضرت
اسماعیل علیہ السلام کی تہی اور قبلہ ابراہیمی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی
بہی اور قبلہ یہی منظور تہی اسواسطے میری ذبح یہہ قربانی جاوینگے اس امرکو ہان
الذین ہی یہان ذبح ہوئی وغیرہ ہوا کہی کہ ذبح الذی وہی سبب تہا اسلئی کہ ابراہیم
اور اسمعیل دونون انبیاء علیہما السلام سے وہین امتحان ہوا اور انکی بدلی مینڈہا وہین ذبح
ہوا تولہ اور وہین انکی شوکت کی لہر کو بزرگی دونون کا شرف رب البیت نی جسم قسم کی کتبہ سرفراز
کو ساتہہ نزول آیہ کریمہ قول وجہک شطر المسجد الحرام وحیث ماکنتم فولوا وجوھکم

شطرہ بزرگی عطا فرمائی ہی اطہر من الشمس وابین من الامس ہے کروڑون
بشر اسکی طرف موہنہ کرکے سجدہ وعبادہ لاشریک بجا لاتی ہین اور ہزارون اوسکے
قربان ہوتی ہین سیکڑون انکا دامن پکڑکے رب البیت سی عرض و معروض و مناجات
کرتی ہین ہزارون جانور نام خدا پر ہر سال وہان ذبح ہوتی ہین لاکہون خلق خدا امیر و
غریب و شاہ و فقیر ایک وردی سی حاضر ہین سر کہلی ہین بال بکہری ہوئی ہین چہرہ پر
غبار عاشقانہ پڑا ہوا ہی قربان ہوتی پہرتی ہین مویدالاسلام کی گیارہوین صفحہ کے
حاشیہ پر منشہ کرکے لکہا ہی کعبہ کی عمارت مین جسکو اہل اسلام سب سی زیادہ مقدس
سمجہتی ہین اسلیو لکڑی کے ستون لگی ہوئی ہین اور اون ستونون کے بیچ مین چاندیکی
حلقہ ادیرا ہین اور سونی کا پرنالا ہی جس سے تمام چہت کا پانی گرتا ہی تمام دیوارین
باہر کیطرف سیاہ حریر سی ڈہکی ہوئی ہین اور اوسکی پردی مین طلائی دوڑہا ن
آراستہ ہین یہہ پردہ ہر سال شاہ روم کی طرف سی بدلا جایا کرتا ہی برخست صاحب
جنہون نی حال مین کعبہ معظمہ کی بیان مین ایک کتاب لکہی ہے یہہ فقرہ لکہتی ہین نذرگاہ
کا اندر اوسکی عجیب طرحکی پردی چاندی اور سونی کی اخراط چراغون کی روشنی
اور لاکہون آدمیون کا مسجد ڈہونا گمان اور خیال کی طاقت سے باہر ہی

درس ۸ لی کون ہین جو بدلی کیطرح اوڑتی آتی ہین اور نیز کبوتروں کی مانند اپنی کابک کیطرف لاکہوں عاشقان الٰہی ہر سال مثل کبوتروں کی اور کر حرم محترم جو انکی آبرو مثل کابک کی امن اور حرز مین ہی پونہچتی ہین اور وہان جاکر قمریون کے مانند اپنی اوقات یاد خدا مین گذارتی ہین اور حرم محترم مین کبوتروں کی بہی کثرت ہی مدارج النبوت مین ہی بعض سیر کی کتابون مین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سی روایت ہی کہ خانہ کعبہ کی گرد تین سو ساٹہ بت رکہی تہی اور قبائل عرب اونہین کی لیی قربانی وغیرہ کرتی تہی اور تلبیہ مین بہی اونہین شریک کرتی تہی پس خانہ کعبہ ی جناب باری مین عرض کیا کہ الٰہی میری گرد ان بتوں کی کب تک پوجا ہوا کریگی اور کب تک تیری عبادت میری گرد ہوگی پس اللہ عزوجل نے خانہ کعبہ کی طرف وحی بہیجی کہ قریب ہی کہ پیدا کرون مین تیری لیی ایک صاحب نور کو اور بہیجون مین تیری طرف ایک قوم کہ آوینگی وہ تیری طرف گرسون کی مانند اور میل کرینگی تیری طرف جیسا کہ میل کرتا ہی پرندا اپنی بچون کی طرف اور آواز کرینگے تیری گرد تلبیہ کی ساتہ درس ۹ یقیناً بحری ممالک میری راہ تکینگی اور ترسیس کے جہاز پہلی آوینگی کہ تیری بیٹون کو اونکی روپی اور سونی سمیت دور سی خداوند تیرے خدا اور اسرائیل کے قدوس کی نام کی لیی لاوین کیونکہ اوسنی تجہی بزرگی دی ہی ش بحری ممالک راہ تکتی ہین اور ترسیس کسی شہر فارس کا نام ہی اور وہان سی بہی بوسیلہ دریا بہی حج کو آتی ہین اور جازری سونا اونکا جہازون مین ہی لدا ہوا آتا رہتا ہی درس ۱۰ اور اجنبیون کی بیٹی تیری دیوارین اوٹہاوینگی اور اونکی بادشاہ تیری خدمت گذاری کرینگی سلطنت عثمانیہ کے زمانہ مین دیوارین کعبہ شریف کی صدہا سی سمت بت ہو گئین تہین پہر سلاطین عثمانیہ کی وقت مین تعمیر ہوئی اور سلاطین عثمانیہ ادام اللہ اقبالہم اجنبی محترا

کعبہ شریف ہی ہین نہ اسماعیل ابن حضرت ابراہیم کی اولاد میں نہ ابراہیم علیہ السلام کی آل سے
ہین اور انہین کا لقب خادم الحرمین الشریفین ہے درس اگرچہ کئین نے اپنی تہرسے
تجہی مارا پر اپنی مہربانیون سے تجہہ پر رحم کرونگا یہہ بیان ہے حاشیہ قتال حرم محترم کا ہے
جو آپ سے کے لئے ہوئی اور پہر حرمت ابد تک ثابت ہوئی درس ۱۱۔ اور
تیرے پہاٹکین نت کہلی رہنگی وے دن رات کبہی بند نہ ہونگی اس آیتین کو بی
الہی کی موافق دن رات حرم شریف کی پہاٹکین کہلی رہتی ہین وے دن رات کبہی
بند نہین ہوتی ہین وہ مصداق ہین نشد قتیلا اور مسجد نبوی کے دروازے
رات کو بند ہوجاتی ہین درس ۱۲۔ کہ وہ قوم اور مملکت جو تیری خدمتگزاری نکریگی
برباد ہوجاوی گی ہان وے قومین ایک لخت ہلاک کی جاوینگی شش یہود خدمتگزار
کعبہ معظمہ نہ تہی ہلاک ہوئی ایسی ہی کو قیصر والی بہی خدمتگزار کعبہ معظمہ نہ تہی وہ بہی
ہلاک ہوئی اصحاب فیل عداد کعبہ معظمہ تہی وہ بہی ہلاک ہوئی قرامطی جو خدمتگذار
کعبہ معظمہ نہ تہے وہ بہی ہلاک ہوئی ایسی ہی وہ کہ ترک خدمتگذار کعبہ معظمہ نہ تہی ملایہ بی ادب
تہی اور سلطان محمود خان مرحوم و مغفور کیوقت مین حرمین پر مسلط ہوگئی تہی ہلاک
ہوئی درس ۱۳۔ لبنان کا جلال تجہہ پاس آویگا سرو اور صنوبر اور دیودار ایک ساتہہ
تاکہ مین اپنی مقدس مکان کو آراستہ کرون اور اپنے پانون کی جگہ کو رونق بخشون
ش لبنان ایک جبار شام کا نام ہے اور وہان کی لکڑی شاید اچہی ہوتی ہو اور پہلی حرم
شریف کی تعمیر مین لکڑی بہت صرف ہوئی تہی پہر جب آگ لگ گئی اور بہت سے
ستون بہی اسمین خاک ہوگئی تہی جیت لداو کی ہوگئی ہے اور قبلہ عالم ہونا کعبہ
معظمہ کا پانون کی جگہ ہونی پر صاف دال ہے اور درحقیقت یہہ لفظ از قبیل
متشابہات ہی درس ۱۴۔ اور تیری غارتگرون کی بیٹی [illegible] جہکی
ہونگی ہان وے سب جنہون نے تیری تحقیر کی تیری پانون پر [illegible] اور [illegible]

اسمٰعیل کی قدوس کا صیہون تیرا نام رکھینگی ش کہتی ہین یمانی غارتگر اصحاب فیل تہی
ہر دو لشکر یمن سے آیا تہا اور تمام اہل یمن مسلمان ہوی اور کعبہ شریف کی پانون پر
پڑی اور الایمان یمان والحکمہ یمان زبان وحی ترجمان سے اونکو بشارت ملی
بادشاہ حبش بہی مسلمان ہوا اور اوسکی انتقال کی بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نی صدہا کوس کے فاصلہ سے اوسکی نماز جنازہ پڑہی اور مدارج النبوت مین لکہا
ہی کہ مکہ معظمہ کی نامون سے صیہون بہی ہی اور اگر یہ تہا تو اب ہوگیا ۱۵ اوسکی
بدلی کہ تو ترک کی گئی اور تجہہ سے نفرت ہوئی ایسا کہ کسی آدمی نی تیری طرف گذر
بہی نکیا مین تجہی شرافت دائمی اور نشیت در نشیت کی لوگون کا سرور بناؤنگا
مکہ معظمہ مین قبل بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی اکمل افراد انسان یعنی انبیاء
علیہ السلام سے پیدا نہین ہوا اسلئی فرمایا کہ کسی آدمی نی تیری طرف گذر بہی نکیا
اور شرافت دائمی بہی ہی کہ قبلۂ دائمی ٹہیرا ۱۶ اور تو قومون کا دودہ بہی
چوسیگی ہان بادشاہونکی چہاتی چوسیگی اور تو جانیگی کہ مین خداوند تیرا
بچانیوالا اور مین یعقوب کا قادر تیرا چہڑانیوالا ہون قومون کی دودہ پینے
کی یہہ معنی ہین کہ اور سب شرائع اس وقت مین منسوخ ہوجاتی اور بادشاہون
کا چہاتی چوسنی کی یہ معنی ہین کہ ایسی خدمت کرین جو حق ہوا اور وہانکی رہنیوالون
کو مثل اپنی شیرخوار بچونکی پرورش کرین اور خادم الحرمین الشریفین ادام اللہ اقبالہم
ایسا ہی کرتی ہین ورس ۱۷ مین پیتل کی بدلی سونا لاؤنگا اور لوہی کی بدلی روپا
اور لکڑی کی بدلی پیتل اور پتہرون کی بدلی لوہا اور مین تیری حاکمون کو سلامتی
اور تیری عاملون کو صداقت بناؤنگا اس ورس کی پہلی جملہ مین بیان ہے
کہ حرم محترم مین بعد بعثت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سونی کا بہت کثرت
ہوگئی اور پیتل کے بدلی سونا صرف ہوگا اور ایسا ہی ظہور مین آیا خلاصۃ التواریخ
معظمہ مین تہا اور اول جسنی سونا لگایا خانہ کعبہ پر وہ عبد الملک بن مروان ہی اور

اور اوسنے میزاب رحمت پر سونا لگایا تھا الولید بن عبد الملک نے
چھتیس ہزار دینار پتری خانہ کعبہ کو دروازی اور میزاب رحمت اور کعبہ شریف کے
اندر کی ستونون پر لگائی اور امین ابن ہارون رشید نی مسلم کی پاس اٹھارہ ہزار
دینار بھیجی اور یہ مسلم اوسکی طرف سی مکہ معظمہ کا عامل تھا اور حکم دیا کہ انکی سونی کی
پتری بنوا کی خانہ کعبہ کی دروازی پر لگوادو پس مسلم نی پہلی پتری اوکھڑوا کر اونکی
ساتھ ملا کر اور پتری بنوائی اور دروازی خانہ کعبہ پر لگائی اور میخین اور دونون حلقی
اور چوکھٹ بھی سونی ہی کی لگائی اور خلیفہ متوکل عباسی نی اسحاق سنار کو حکم
دیا کہ تمام کونی خانہ کعبہ کو سونی سی بنادی اور اوسکو سونا بہت سا اس کام کی
واسطے دیا اور مقدار اوسکی اٹھارہ ہزار مثقال تہی پس اوس کام کو پورا کیا
اور چوکھٹ کعبہ شریف کی پرانی سال کی ہوگئی تھی اوسکو بھی بدل دیا اور اوسکی
چاندی کی پتری لگوائی اور سترہ ہزار درہم سے مقام ابراہیم کو مجلی کیا اور
المقتدر نی حکم دیا تہا کہ خانہ کعبہ کی اندر کی ستونون پر سونا لپیٹ دین پس
ایسا ہی کیا گیا سنہ تین سو دس ہجری نبوی مین صلی اللہ علیہ وسلم اور پانچہزار
دینار درسر جمال بن علی الجوادنی ۹۴۵ سنہ ہجری نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین بھیجی
واسطے لگانی سونی کے پترون کی خانہ کعبہ کی اندر کی ستونون پر اور منجملہ اونکی
جنہون نی مجلی کیا خانہ کعبہ کو غسانی ملک مظفر صاحب یمن ہے اور
اوسکا پوتا بھی اونہین مین سی ہی اور نام اسکا ملک مجاہد ہے اور مجلی کیا ملک
ناصر صاحب مصر نی خانہ کعبہ کو ساتھ پینتیس ہزار درہم کی اور اوسکی پوتی نی بہی
مجلی کیا خانہ کعبہ کو اور سنہ ۹۶۱ ہجری نبوی مین سلیمان خان کے حکم سے
چاندی کی پتری چڑہای گئے اور نیز خلاصہ تواریخ مکہ معظمہ مین ہے روایت کی
گئی ہی کہ جب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی وقت مین مدائن کسری

فتح ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دو ہلال کعبہ شریف کو بھیجے اور وہی خانہ کعبہ کے اندر لٹکائی گئی اور سفاح عباسی نے ایک رکابی سبز بھیجی تھی وہ بھی خانہ کعبہ شریف مین لٹکائی گئی اور مامون رشید نے ایک یاقوت سبز زنجیر طلائی کے ساتھ بھیجا اور موسم حج مین خانہ کعبہ کے دروازے پر اوسی لٹکائی تھی اور سعید کل عباسی نے ایک کاس طلائی مرصع بھیجا پس لٹکایا گیا وہ اوپر کعبہ شریف پر اور اوسمین موتی عمدہ اور یاقوت اور زمرد بیہا لگی ہوئی تھی اور معتصم باللہ نے ایک قفل خانہ کعبہ کے واسطے بھیجا تھا اور ہزار مثقال سونا تھا اور جب شاہ ستلہ سلمان ہوا ۵۹ ہجری مین تو اوسنے خانہ کے واسطے ایک طوق سونیکا مرصع بھیجا اور اوسمین جواہر بیہا لگی ہوئی تھے اور ایک یاقوت بھی اوسنے خانہ کعبہ شریف کے واسطے بھیجا تو پس لٹکایا گیا وہ کعبہ شریف پر معتمد خلیفہ کے حکم سے اور سوا اسکے نفائس بے شمار ہین اور بادشاہ بھیجتے تھے قندیلین سونیکی واسطے لٹکانی کی کعبہ شریف مین اور جب واقع ہوئی فتنی مکہ مین اور محتاج ہوئی خادم حرم شریف کے لیگئے بعض اون نفائس سے اور کہا گیا اور بھی عادت اونکی کہ جب اون پاس مال ہوتا تو صرف کرتی اوسکو حوائج خانہ کعبہ مین اور محتاج ہوتی تو صرف کرتی اونکو اپنی حاجات اور اخراجات اہل جہاد اور دفع فساد مین ملک شرح کرتی تمام اوقاف اپنی مدرسوں اور رباطون مین اور مدرسون کی کتابون مین بھی اونکا معمول تھا یہانتک کہ کہا ایک شیخ نے جب پکڑا گیا وہ اور اوسکی آستین مین سونی کا ٹکڑا تھا خانہ کعبہ کی قندیل کا کہ نہین نفع دیتا زمانہ کعبہ کو لٹکانا اسکا اور نہین ضرر دیتا ہی اوسکو نہ لٹکانا اسکا یہہ تو پہلی مضمون اس دعین کی شرح ہوئی رہا دوسرا مضمون اور وہ یہہ ہی کہ تیری جاکم سلامتی خلق کی باعث ہونگی اور تیجہا ہونگی پس اسکا بیان یہہ ہی کہ جاکم خانہ کعبہ کی اہل ایمان ہین جو باعث امن خلق ہین اور یہلی شاکم ہوئی نور خدا صلی اللہ علیہ وسلم تصدیق اکبر ہین

ورس ۱۹ آگی کو تیری سرزمین مین ظلم کی آواز سنی نہ جائیگی اور نہ تیری سرحدون مین خرابی یا بربادی تو اپنی دیوارون کا نام نجات اور اپنی دروازون کا نام ستود کی رکہین گے نکتہ ظلم عظیم ہے اور وہ وہان سے منہدم ہوا اور دیوارین مسجد الحرم کی نجات سمجی دیوارین ہین اونمین کہ اگر قاتل بہی پناہ لے لی تو ہمارے نزدیک اسکا وہان سے پکڑنا جائز نہین ہے ورس ۲۰ آگی کو تیری روشنی دن کو سورج سے اور رات کو تیری اپاندنی چاند سے نہوگی بلکہ خداوند تیرا ابدی نور ہوگا اور تیری ماتم کے دن آخر ہو جائینگے تصدیق کامل اس ورس کی اوسکو نصیب ہوئی جو مشرف بزیارت خانہ کعبہ ہوا ہو اور قول برخت صاحب کا پہلی منقول ہو چکا ہی اور بت پرستی کو شریف کی گرد کی موقوف ہونا ماتم خانہ کعبہ کا ختم ہونا ہی ورس ۲۱ تیری سب لوگ راست باز ہونگی وی ابد تک سرزمین کی وارث اور میری لگائی ہوئی ٹہنی اور میری ہاتہ کی کاریگری ٹھہرینگی تا کہ میری بزرگی ظاہر ہو یہہ امت محمدیہ کی تعریف ہی اور یہ امت محمدیہ کی راست باز ہونیکی سند کی لیے مولانا السلام سے قول ان خون کا نقل کرتا ہون وہ صدق مقال و دیانت مسلمانوں کی بیان مین بہت بیان حال سلطنت اروم کی مسلمانون صدق و امانت داری کا لکہہ کر لکہتا ہی واقعی یہہ بات تمام قوم کی دیانت کے سبب سے ہی اور اس قوم کی دیانت اور امانت ضرب المثل ہے اور امت محمدیہ ہی لگائی ہوئی ٹہنی دست قدرت کی ہے اور تمثیلوں مین مسیح علیہ السلام نی بہی اس قسم کے مضمون امت محمدیہ کی نسبت بیان فرمائی ہین اور اس بشارت کی بنا رہوین ورس کے جملہ مین بخوبی شرافت دائمی اور پشت در پشت کی لوگونکا سرفراز و بنا ولگانا ہی ثابت ہے کہ کعبہ شریف ہمیشہ دائما قبلہ رہیگا اور یہہ شرافت اوسکی کبہی موقوف نہ ہوگی اور بعد بہی کعبہ شریف کی بشارات ہی صحیفہ یسعیاہ علیہ السلام باب ۴۹ آیۃ بحر کی سرزمینو میری سنو اے

تم لوگو جو دور ہو کان دہرو خداوند نے مجھے رحم سے بلایا مین جب سے اپنی
ماں کے پیٹ سے نکلا تب ہی سے اوسنے میرا نام مذکور کیا ۲ اور اوسنے میرے
مونہہ کو تیز تلوار کے مانند کیا اور مجھکو اپنی ہاتھہ کے سایہ تلے چھپا رکھا اوسنے مجھے
تیر آبدار کیا اور اپنے ترکش مین مجھے چھپا رکھا ۳ اور اوسنے مجھسے کہا
تو میرا بندہ ہی تجھمین ای اسرائیل مین اپنا جلال ظاہر کیا لگا ور مین ۶ وہ فرماتا ہے
کہ یہہ تو کم ہے کہ تو یعقوب کی فرقون کی برپا کرنے اور اسرائیل کے بچے ہوونکی
پھر لانے کے لئے میرا بندہ ہو بلکہ مین نے تجھکو قومون کے لئے نور بخشا کہ تجھسے
میری نجات زمین کی کنارون تک پہونچی ۷ خداوند اسرائیل کا قدوس
اور اوسے بچانے والا اوسے جسے انسان حقیر جانتا ہے اور اوسی
امت کو نفرت ہی اور اوسی جو حاکمون کا چاکر ہی خداوند یون فرماتا ہی کہ شاہان
نظر کرینگے اور اوٹھہ کھڑے ہونگے شاہزادے بھی اور سجدہ کرینگے خداوند کے لئے
جو صادق القول ہی اور اسرائیل کا قدوس ہے جسنے تجھے برگزیدہ کیا ہے
۸ مین نے قبولیت کے وقت مین تیری سنی اور نجات کے دن مین نے تیری
مدد کی اور مین نے تیری حفاظت کی اور امت کی لیے تجھے ایک عہد بخشا تاکہ
تو برقرار رکھی اور ویران میراث وارثون کو دیوی ۹ تاکہ تو قیدیون کو کہے کہ نکل
چلو اور اونکو جو اندھیری مین بیٹھے ہین کہ آپ کو دکھلاو وے راستون مین چرینگے
اور ساری اونچی جگہہ اونکی چراگاہین ہونگی ۱۰ نہ بھوکی ہونگی نہ پیاسی اور نہ گرمی کا جوش
اور دہوپ اونکو ماریگا کیونکہ وہ جس کی رحمت اون پر ہے اونھین لے چلیگا
اور پانی کے سوتون کی طرف اونکی رہبری کریگا ۱۱ اور مین اپنی ساری
کوہستانکو ایک راہ گذر کر والونگا اور میری شاہراہین اونچی کی جاوینگی
۱۲ دیکھہ یہہ دور سے آوینگے اور دیکھہ یہہ اوتر سے اور پچھم سے اور یہہ سنیم

اے فلک سے گاؤ اے آسمانو گاؤ خوش ہو اے زمین اور نغمہ اٹھاؤ اے پہاڑو
کہ خداوند اپنی لوگوں کو تسلی بخشتا ہے اور اپنے رنجوروں پر رحم فرماتا ہے ۱۴ لیکن
صیہون نے کہا تھا کہ یہوواہ نے مجھے ترک کیا اور خداوند مجھے بھول گیا ہے
۱۵ کیا ہو سکتا ہے کہ کوئی عورت اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جاوے اور اپنے
رحم کے فرزند پر ترس نہ کھاوے ہاں وے شاید بھول جاویں پر میں تجھے
نہ بھولونگا ۱۶ دیکھ میں نے تیری تصویر اپنی ہتھیلیوں پر کھودی ہے اور تیری
شہرپناہ ہمیشہ تک میرے سامنے ہیں ۱۷ تیرے بیٹے آتے ہیں جلدی کرتی اور
وے جو تجھے برباد اور اوجاڑ کرتے تھے تیرے بیچ سے نکل جاتی ۱۸ اپنی آنکھیں اوپر
کر اور چاروں طرف نگاہ کر وے سب کے سب اکٹھے ہوتے ہیں اور تجھ پاس
آتے ہیں خداوند کہتا ہے اپنی حیات کی قسم تو ان سبھوں کو زیور کی مانند پہن لیگی
اور انہیں اپنے پر دلہن کے مانند باندھیگی ۱۹ کہ تیری خراب اور اوجاڑ مکانوں
اور برباد کئے ہوئے ملک میں اب بسنے والوں کی کثرت سے گنجایش نہ رہیگی
اور وے جو تجھ کو غارت کرتی تھیں دور دفع ہونگی ۲۰ بلکہ تیرے وے لڑکے جو
تجھ سے لئے گئے تھے تیرے کانوں میں پھر کہینگے کہ جگہ بسنے کے لئے تنگ ہے
ہمیں جگہ دے کہ ہم بسیں ۲۱ تب تو اپنے دل میں کہیگی کون میرے لئے انکا پیدا
کیا میں تو لاولد ہو گئی اور اکیلی تھی میں تو خارج کی ہوئی اور پردیس میں تھی
سو کس نے انکو پالا دیکھ میں تو اکیلی چھوڑی گئی پھر یہ کہاں تھے ۲۲ خداوند
یہوواہ یوں فرماتا ہے دیکھ میں غیر قوموں پر اپنا ہاتھ اٹھاؤنگا اور امتوں پر
اپنا جھنڈا کھڑا کرونگا اور وے تیرے بیٹوں کو اپنے گود میں لئے آوینگے اور
تیری بیٹیوں کو اپنے کاندھوں پر چڑھا کے لے چلینگے ۲۳ اور بادشاہ تیرے پالنے والے
باپ ہونگے اور انکی بیگمات تیری پالنے والی مائیں وے تیرے آگے اوندھے

ہو رہے ہیں پر جھکنین کی اور تیری پانون کی خاک چاٹینگے اور تو جانیگا کہ مین
ہی خداوند ہون کیونکہ وی جو میری راہ تکتی ہین پشیمان نہ ہونگے ہمارے
نزدیک یہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور کعبہ شریف کی شوکت
وعظمت کا جو بعد پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اوسکو حاصل ہوئی اسمین
بیان ہو اسلیے کہ برگزیدہ ترجمہ مصطفی ہی اور مصطفی لقب خاص محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی اور نیز اسلیے کہ ترکش مین چھپا رکھا اسطرف مشیر ہی کہ وہ
رسول الہی جنکی یہ بشارت ہی خاتم النبین ہوا اور تمام انبیا ورسل کے بعد پیدا ہو
اور وہ بشارات انبیا رکے موافق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہین اور نیز
اسلیے کہ تیسری ورس مین مشیر یہ بشارت ہذا عبد اللہ فرما کر پکارا ہے
اور عبد اللہ بہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی القاب سی ہی اور آپ کی والد
ماجد کا بہی نام ہے اور نیز اسلیے کہ اٹھوین ورس مین بہی مین تیری حفاظت
کرونگا اور ہماری نزدیک گو سیدنا مسیح علیہ السلام مصلوب نہین ہوے
ملکہ آنکی اعدارکو یہ بات نصیب ہوئی مگر یہ لفظ اس طرف مشیر ہی کہ امت
مین رکہکر حفاظت کیجائی اور اس قسم کی حفاظت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی ہوئی کہ آپ اعدا مین رہکر حصن حصین واللہ یعصمک من الناس مین محفوظ رہے
اور نیز اسلیے کہ نوین ورس مین بادشاہون کی نظر کرنیکا ذکر ہے اور یہ خاصہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی کہ بادشاہون نے نظرین اور ہدیے اور تحفے خدمت
نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین بہیجی اور نیز اسلیے کہ اسی اٹھوین ورس مین ہے
اور امت کی لیئے تجہے ایک عہد بخشا اور یہ مقام محمود کا جو مخصوص آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی بیان ہے اور حضرت مسیح علیہ السلام
بہی آپکی امتی ہونگے اور کتاب اعمال کی تیسری باب سے یہ دعوی ثابت ہے

اور نیز لاسلئے کہ نوین اور دسوین ورس مین ہی تاکہ توفیق دینے لوگون کو کہی کہ نکل چلو اور یہہ
صحابہ کرام کی ہجرت کا بیان ہے اور یانی کے سوت مدینہ منورہ مین تب بہی
جاری تہی اور اب بہی جاری ہین اور نیز اسلئے کہ بائیسوین ورس مین یا بن الفاظ
دیکہہ خداوند یہوواہ یون فرماتا ہے کہ مین عرب قومون پر اپنا ہاتہہ اوٹہا ونگا شاہ
حبش اور اور مسلمانون حبش کا بیان ہی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ
بابرکت مین مشرف باسلام ہوئی اور خدمت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین مدینہ
منورہ مین حاضر ہوئی اور آیتہ کریمہ کہ اذا سمعوا ما انزل الی الرسول الآیۃ انہین کے
شان مین نازل ہوئی ہی اور شاہ حبش نے مسلمانون کو بہت ہی راحت سے
رکہا اور خود مسلمان ہوا اور پہر صحابہ کرام کو مدینہ منورہ مین خدمت نبوی صلی
اللہ علیہ وسلم مین باآرام تمام پونہچایا والحمد اللہ علی ذلک تیسری وفصل کعبہ
شریف کی لباس کے بیان مین غزل الغزلات کی پہلی باب مین یہی ہی مین سیاہ
فام پر جمیلہ ہون اے یروشلم کے بیٹیو قیدار کی خیمون کے مانند سلیمان کے
پردون کے مانند یہہ کلام کعبہ شریف کا ہے جسکو سلیمان علیہ السلام نی
گویا کہ نقل فرمایا ہے اور کعبہ شریف کی تعمیری گو سیاہ پتہر سے ہو مگر قیدار کی
خیمون اور سلیمان کی پردون کی تشبیہ سے یہہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اپنی
لباس کی بناہی کا بیان فرماتی ہی امر آخر کار اس پیشین گوئی کے موافق خانہ
کعبہ کا لباس سیاہ سے قرار پایا اور بیان اسکا یہہ ہی کہ خلاصۃ التواریخ
مکہ معظمہ مین ہے اسعد تبع حمیری نے ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم
سے ہزار برس پہلی خانہ کعبہ کو غلاف پہرایا اور اوسمین دروازہ بہی رکہا اور
یہہ غلاف اوسنے خواب دیکہہ کر کہ وہ خانہ کعبہ کو غلاف پہراتا ہی تیار
کیا تہا اور یہہ بہی روایت آتی ہی یعنی اس غلاف پہرانے کے وجہ مین کہ اسعد

تبع حمیری قریب مکہ کی وارد ہوا اور کوئی اہل مکہ سے اوسکے ملنے کو نہ آیا اوس
پر غضب ہوا اور کہا کعبہ شریف کو مین ضرور منہدم کرونگا اسلئے کہ یہی ان کی
تکبر کا باعث ہے پس وہ بیمار ہو گیا اور ایسا بیمار ہوا کہ سب طبیب اوسکے
علاج سے عاجز ہوئے اور کوئی دوا اوسی نفع نہ بخشتی تہی پس کہا ایک بزرگ
نے میری رای مین یہ بیماری اوس ارادہ بد کی وجہ سے ہے پس توبہ کی اوسنے
اپنی اوس ارادہ بدسے اور تندرست ہوا اور حاضر ہوا مکہ معظمہ مین زیارت
خانہ کعبہ کو اور تعظیم کی مکہ کی رہنیوالون کی اور کعبہ شریف کو بڑا قیمتی غلاف
پہرایا اور مورخون نے لکہا ہے کہ اکثر کعبہ شریف کے واسطے عمدہ عمدہ
غلاف ہدیہ بہیجتی تہی وہ غلاف یمن کی چادرون کی اور نمط کے بنے ہوئی
تہی اور نمط ایک عمدہ کپڑا ہوتا ہے اور سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے بہی کعبہ شریف کو یمن کی چادرون کا ہی غلاف پہرایا ہی اور پہر حضرت عمر اور
حضرت عثمان رضی اللہ عنہما نے قباطی غلاف پہرایا اور پہر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما نے دیبا اور قباطی
غلاف پہرایا اور پہر یمن کی چادرون کا اور زیادہ کیا اور پہر ہر سال کعبہ شریف کو دیبا کا غلاف پہرایا جاتا تہا اور مامون رشید
کی خلافت مین ایک برس مین تین مرتبہ غلاف پہرایا جاتا تہا آٹہوین ذیحجہ
کو دیبا ہی سرخ اور پہلی رجب کو قباطی اور عید کو دیبا ہی ابیض اور پہر بعد
ضعف خلافت عباسیہ کے ہوتا تہا لباس کعبہ شریف کا کبہی مصر سے اور
کبہی یمن سے اور پہر خریدا سلطان ملک مصر نے ایک گانون کو اور وقف کیا اوسکو
غلاف مین کعبہ شریف کے اور پہر جب ممالک عرب کی سلاطین آل عثمان مالک ہوئی
پس اونہون نے کعبہ شریف کا غلاف ویسا ہی رکہا جیسا پہلی ہوتا تہا
لیکن سلیمان خان عثمانی نے حکم کیا کہ کعبہ شریف کا غلاف ہمیشہ
سیاہ رہے چنانچہ آج تک برابر کعبہ شریف کا غلاف ہمیشہ سیاہ ہی

اونپر ذات ہشتین کون صادق ہوگئی اور باعتبار ذات اکے یہی تو ہمیشہ کے واسطے
سے تھی اور تیار ہون کی بھی اکثر یہی کیساتھ ہی ہوئی ہین اور سلیمان علیہ السلام
نے بھی پیہ ری سیاوی ہی بنوائی ہونگے چوتھی فصل کعبہ معظمہ کے خوارق کے بیان
مین نوا کعبہ معظمہ کے خرق عادات سے ہی ہلاک ہونا اصحاب فیل کا جانوران
سنز سے کہ وہ جانور اوپر سے اونکی کنکری مارتی تھی جسکی کہ گولی زیادہ کا کام دیتی تھی
غرض یہہ کہ ان جانورون نے انہین کنکریون سے ان سب کو ہلاک کردیا اور
ذکر اسکا مکاشفات یوحنا کی سولہوین باب کی اکیسوین[21] ورس مین ہے اور آسمان
سے آدمیون پر بڑی بڑی بہر اولی گری اور اولون کے آفت سبب آدمیون نے
خدا پر کفر بکا اور یہہ کنکری وہ کام دیتی تہین کہ من من بہر کا گولا اتنا ہی کام دے
اور تمام بیان اونکی ہلاکی کا پہلی باب مین مذکور ہوچکا (۲) اور کعبہ معظمہ کی ہی خرق عادات
سے تھا وہ کہ غزوہ حدیبیہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ناقہ مبارک
جسکا نام قصوا تھا بیٹھ گئی اور نہ اوٹھی اور لوگون نے کہا اونٹنی کی عادت بیٹھنے کی ہوگئی یا بیٹھ گئی یا
نہین بلکہ بٹھا دیا اسکو اوس نے جس نے روکدیا اصحاب فیل کو یعنی اللہ
عزوجل نے پس آپ نے قسم رب البیت یاد کی اور فرمایا کہ جو کفار قریش
ایسی بات کہین گے جس مین حرم محترم کا احترام ہوگا مین وہ سب قبول
کرونگا پس ناقہ مبارک اوٹھ کہڑی ہوئی (۳) اور کعبہ معظمہ کی ہی خوارق
سے تھا وہ کہ قرامطیون کے فساد کی زمانہ مین ایک قرامطی میزاب رحمت
توڑنے کو یعنی میزاب سے اوکھاڑنے کو چڑہا وہ گرکے مرا پہر دوسرا چڑہا وہ بھی
گرکے مرا اور نہ ملا مقصود دونون دوزخ مین پونچے (۴) انہین خوارق
کعبہ شریف سے ہی نکلنا برق کا بنیاد قدیم کعبہ شریف سے اور بنیاد قدیم کعبہ
شریف کے سنگ سبز سے ہے پس جب قریش نے قبل بعثت آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم کے آپکی حالت شباب میں پتھر اوس سے تو خانہ کعبہ کی تعمیر کی وہ
بنیاد تا سر عمودی کی پس ایک پتھر کسی نے ہٹایا اور اوس میں سے ایک ایسی اس قسم
کی تجلی نکلی کہ قریب تھا کہ اوسکو کیا جاتا اور اونہوں نے پھر اوس سے یہ پتھر
اور اوس پر خانہ کعبہ کی دیوار قائم کی (۵) اونہیں خوارق سے بیمار ہوتا تھا
کہ سو تبع حمیری تھا اوس ارادہ بد کی وجہ سے اور اسنے ارادہ کیا تھا کہ کعبہ
شریف کو منہدم کردیں اور نہ صحت پائی کسی دوا سے اور صحت پائی بعد توبہ
کرنے کی اس ارادہ بد سے (۶) اور اونہیں خوارق سے ہی یہ ہے ایک حاکم مکہ
نے اس زمانہ میں خانہ کعبہ کی داخلی چاہی خدام کعبہ شریف نے اسوقت
کسی وجہ سے انکار کیا اسنے خانہ کعبہ کی بزور خادمت کنجی منگوائی کہ
خود کھول لینگے پس دروازہ کعبہ شریف کا قفل ہرگز نہ کھلا عاجز ہوکر انکی
کے خدمت میں آدمی بھیجا کہ جنکو کنجی خانہ کعبہ کی ابتدا دیکے لیے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے پس وہوں نے اپنے بیٹے برخوردار
کو بھیجا کہ اسکا ہاتھ کنجی پر رکھ کے تو قفل کھل جائیگا پس اونہوں نے ایسا ہی کیا اور قفل دروازہ
شریف کا کھل گیا (۷) اونہیں خوارق سے ہے وہ کہ زمانہ سابق میں خانہ کے اندر ایک مرد عورت نے
برا کام کیا تھا وہ دونوں پتھر ہوگئے تھے ایک کا نام اساف تھا دوسرے کا نائلہ نام تھا اور اونکو عبرت
کے واسطے رکھ چھوڑا تھا اور پھر رفتہ رفتہ اونکی پوجا ہونے لگی تھی (۸) اور اونہیں خوارق سے
ہی یہ ہے کہ مطاف میں کعبہ شریف کے پاس مقام ابراہیم پر ایک مقدمہ خون میں اٹھا پس
اوسوں نے جھوٹی قسمیں کھائیں وہ سب برس روز تک مر گئے (۹) اونہیں خوارق سے ہے یہ کہ مطاف
طواف کرنیوالوں سے خالی نہیں رہتا کوئی نہ کوئی ہر وقت طواف کرتا رہتا ہے کیسی ہی گرمی
ہو اور کیسی ہی اندھیری اور بارش کیوں نہو مگر کوئی نہ کوئی قربان ہوتا رہے (۱۰) اور اونہیں
خوارق سے ہے یہ کہ آب زمزم ہر مرض کے واسطے شفا ہے (۱۱) اور اونہیں خوارق سے ہی کھل خانہ کعبہ میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم — خاتمۃ الکتاب خلفاء خاتم النبیین صلی اللہ علیہ
وسلم کی بیان میں مکاشفات یوحنا باب (۱۹) ورس (۱۶) اوسکی لباس اور
اوسکی ران پر یہ نام لکھا ہی خداوندوں کا خداوند اور بادشاہوں کا بادشاہ —
پہلی باب میں شرح اس بشارت کی مذکور ہو چکی اور وہان معلوم ہو گیا ہی کہ اس
جملہ میں حضرت نبوت کا بیان ہی اور یہ جزو اخیر اس ورس میں خلیفہ اول تمام انبیا
خاتم خلافت مدت یعنی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت کا ذکر ہی اور وہ
قبل تہا جو ران یار غار پر تہا اور جسکو ایک راہب نے ملک یمن میں دیکھکر بشارت
خلافت خاتم النبیین دی تہی اور روضۃ الاحباب سے ذیل میں شرح بشارت ہذا کی یہ کل
قصہ منقول ہو چکا ہی صحیفہ دانیال باب (۷) ورس (۲۵) اور وہ حقتعالی کی مخالفت
میں باتیں کریگا اور حقتعالی کی مقدسونکو تصدیعہ دیگا اور چاہیگا کہ وقتوں اور شریعتونکو بدل ڈالے
اور وہ اوسکے قبضہ میں دیے جاوینگے یہانتک کہ ایک وقت اور وقتیں اور آدہا وقت گذر جاوے — ۲۶ پہ عدالت قایم ہوویگی
اور وے اوسکی سلطنت اوس سے لے لینگے کہ اوسے ہمیشہ کیلئے نیست و نابود کرین پہ اس بشارت کی
شرح میں معلوم ہو چکا کہ ان ورسوں میں خلفاء ثلاثہ یعنی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ اور خلیفہ ثانی حضرت
عادل عمر رضی اللہ عنہ اور خلیفہ ثالث حضرت ذی النورین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کا بیان ہی
اور مدت خلافت ہر ایک کا بھی اس بشارت سے نشان معلوم ہوتا اسلیئے کہ نصف خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
میں دیگر بادشاہ اس سلطنت کا مالک ہوا اور مدت اول قرن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
اور وقتیں زمانہ خلافت شیخین ہی اور آدہی وقت نصف خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہی
پس اس انداز سے بیان کرنے سے عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مدت خلافت خلفاء ثلثہ
معلوم ہو گئی شیخین کی تمام مدت خلافت تو صاف صاف معلوم ہو گئی اور کل مدت خلافت حضرت عثمان کی
نصف کے معلوم ہونے سے واضح ہو گئی اور یہی تو تحدید کسب اعتبار فرما دیا یہی ہین حضرت عثمان
رضی اللہ عنہ کی عمر بیان کی تہی واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم — زبور ۱۱۸ (۲۲) معماروں کی

ج

تو مت کڑھ بدی کام کرنیوالوں پر حسد نہ کر (۲) کہ وے جلدی گھاس کی مانند کاٹ ڈالی
جائینگے اور ہری سبزی کی طرح مرجھا جائینگے (۳) خداوند پر توکل رکھ اور نیکی کر تو زمین میں
زندگانی بسر کر اور دیانتداری پر چرا کر (۴) خداوند کی یاد میں مسرور رہ کہ وہ تیرے دل
کی مطالب پوری کریگا (۵) اپنی راہ خداوند پر چھوڑ دے اور اوسپر توکل کر وہ خود بنا لیگا (۶)
وہ تیری نیکی کو نور کی طرح ظاہر کریگا اور تیری عدالت کو دوپہر کیسی روشنی بخشیگا (۷) خداوند میں آرام کر
اور چپکے رجوع ہو اور اوسکے انتظار میں ٹھیرا رہ اوس شخص کے سبب جو اپنی راہ میں کامیاب ہوتا ہے مت کڑھ
(۸) غصہ کرنے سے باز آ اور غضب کو ترک کر اپنی تئیں مت ستا ایسا نہو کہ تو شرارت میں گرے
(۹) کہ بدکار کاٹ ڈالے جائینگے لیکن وے جو خداوند کے منتظر ہیں زمین کو میراث میں لینگے (۱۰) کہ اب
تھوڑی سی مدت کہ شریر نہ ہوگا تو غور کرے اوسکا مکان ڈھونڈھیگا اور وہ نہ ہوگا (۱۱) لیکن وے
جو حلیم ہیں زمین کے وارث ہونگے اور بہت سی راحت پا کر خوشحال ہونگے (۱۲) شریر صادق کی برخلاف
بندشیں باندھتا ہے اور اوسپر دانت کچکچاتا ہے (۱۳) خداوند اوسپر ہنستا ہے کیونکہ دیکھتا ہے کہ اوسکا
دن آتا ہے (۱۴) شریروں نے تلوار نکالی ہے اور اپنی کمان کھینچی تاکہ مسکین اور محتاج کو گرا دیں اور اونکو
جنکی راہیں سیدھی ہیں جان سے ماریں (۱۵) اونکی تلوار اونہیں کے دل میں پیٹھیگی اور اونکی
کمانیں ٹوٹ جائینگی (۱۶) تھوڑا اسباب صادق کا بہتیرے شریروں کے مال و اسباب سے بہتر ہے
(۱۷) کہ شریروں کی بازو توڑے جائینگے پر خداوند صادقوں کا سہارا ہے (۱۸) خداوند کامل لوگوں
کی دنوں کو پہچانتا ہے اور اونکی میراث ابدی ہوگی (۱۹) وے بری وقت میں شرمندہ نہونگے
بلکہ کال کے دنوں میں سیر ہونگے (۲۰) لیکن شریر ہلاک ہونگے اور خداوند کے دشمن
برّوں کی چربی کی مانند فنا ہونگے وے دھوئیں کی مانند جاتے رہینگے (۲۱) شریر اودھار لیتا ہے
اور نہیں دیتا ہے پر صادق رحم کرتا ہے اور دیتا ہے (۲۲) کہ جنپر وہ برکت دیتا ہے زمین کے
وارث ہونگے اور جنپر وہ لعنت کرتا ہے کاٹ ڈالے جائینگے (۲۳) انسان کے قدم خداوند سے ثابت ہوتے ہیں
اور وہ اوسکی راہ کو پسند کرتا ہے اگرچہ وہ گر جاوے پر پڑا نہ رہیگا کیونکہ خداوند اوسکا ہاتھ تھامنیوالا ہے

(۲۵) مین جوان تہا اب بوڑہا ہوا پر نہین صادق کو ترک کیا ہوا اور اوسکی نسل مین سے
کسیکو ٹکڑی مانگتی نہ دیکہا (۲۶) وہ سدا رحم کرتا ہے اور قرض دیا کرتا ہے اوسکی نسل مبارک ہے
(۲۷) بدی سے بہاگ اور نیکی کر اور ابد تک آباد رہ (۲۸) کہ خداوند عدالت کا دوست ہے اور اپنے
مقدسون لوگونکو ترک نہین کرتا ہے وہ ابد تک محفوظ رہینگے پر شریرون کی نسل کاٹی جائیگی (۲۹)
صادق زمین کے وارث ہونگے اور ابد تک اوسپر بسینگے (۳۰) صادق کا موہنہ دانائی کی بات
کہتا ہے اور اوسکی زبان سے عدالت کا کلمہ نکلتا ہے (۳۱) اوسکی خدا کی شریعت اوسکی دلمین ہے اوسکا پانو
کبہی نہ پہسلیگا (۳۲) شریر صادق کی گہات مین لگا ہے اور اوسکو قتل کر دینے رہتا ہے (۳۳) خداوند
اوسکو اوسکے ہاتہون مین چہوڑیگا اور عدالت کے وقت اوسپر مجرم نہ ٹہرائیگا (۳۴) خداوند کا منتظر
رہ اور اوسکی راہ کو یاد رکہہ کہ وہ تجہکو زمین کا وارث کرکے سرفراز بخشیگا اور جب شریر کاٹے
جائینگے تو تو دیکہیگا (۳۵) مینے شریر کو زبردست دیکہا ہے جو آپکو اوس ہرے درخت کی مانند جو خود
رو ہے پہیلاتا تہا پر وہ گذر گیا گویا تہا ہی نہین ملنی اوسے ڈہونڈہا وہ کہین نہ ملا (۳۷) کامل
کو تاک اور سیدہے کو دیکہہ کہ ایسے آدمی کا انجام سلامتی ہے (۳۸) پر خطاکار سب کے سب ہلاک
ہو جائینگے شریر کا انجام نیستی ہے (۳۹) صادقون کی نجات خداوند سے ہے دکہہ کے وقت وہ اونکا
محکم قلعہ ہے (۴۰) خداوند اونکی مدد کریگا اور اونہین رہائی دیگا اور اونکو شریرونسے چہڑائیگا
اور بچائیگا اسلئے کہ اونکا بہروسا اوسپر ہے۔ اس بشارت کی شرح کا پہلے تمہی وعدہ کیا تہا
چنانچہ اپنا وعدہ ایفا کرتے ہین اور اس بشارت کی شرح کرتے ہین پس معلوم ہو کہ پہلی درس مین
پانچوین درس تک سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو نصیحتہ ہے اور وعدہ نصرت و فتح ہے اور زیر
قسم کران دہو نہین وہ فتح مذکور ہے اوسی قسم سے کلام اللہ شریف مین بہی آیات الہی مین فتح اور نصرت
کا وعدہ بصرح اور مفسر ہین اور غالب یہ گمان ہے بلکہ تحقیق ہے کہ شروع بشارت کا یہین بہی شخص
بشارت دہندہ کا یا محمد ہو گا مگر مثل تحریف بشارت زبور (۱۱۰) کے اس زبور مین بہی تحریف کی
اور نام سرور رسل صلی اللہ علیہ وسلم اس بشارت سے علیحدہ کرکے اپنا نام فقرہ صالحین سے علیحدہ اور

حاصل کرایا اور دلیل میری اس دعوی کی یہ ہی کہ درس (۱۰) کے پہلی جملہ فرماتی ہین وہ
تیری مشیت کو نور کیطرح ظاہر کریگا۔ اور اس جملہ مین بظاہر گو نصیحت درجلوہ نور ہی مگر در
حقیقت اسمین خلافت صدیق رضی اللہ عنہ کی خبر ہی اور شب معراج مین نور کیطرح وہ بعد
تسلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت صدیق ظاہر کی گئی اور پھر دوسری جملہ مین فرماتی
ہین اور تیری عدالت کو دوپہر کیسی روشنی بخشیگا اور اسمین موافق جملہ اول کی بظاہر وعدہ
ہی مگر درحقیقت خلیفہ عادل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی فتوحات کا ذکر ہی اور انکی خلافت کی وقت
مین ترقی اسلام ایسی ہوئی کہ آفتاب اسلام گویا نصف النہار عروج پر تھا اور بعد انتقال خلیفہ ثانی حضرت
عمر رضی اللہ عنہ کی دوپہر ہوچکا اور اسوقت زوال آیا اور تیسرا پہر شروع ہوگیا اور حدیث مین
وارد ہوا ہی کہ عمر کی زندگی مین ایک دروازہ فتنہ بند ہی جب یہ دروازہ گرجائیگا پھر دروازہ فتنہ
کھل جائیگا چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ زمانہ خلیفہ ثانی کے مسلمانون مین اسمین کسی قسم کا فتنہ نہین ہوا
اور بعد انتقال کی دروازہ فتنون کی کھل گئی اور نیز صحابہ کرام نے بیان کیا ہی کہ جب تک عمر زندہ
ہوئی برابر ترقی اسلام ہوتی رہی اور ظاہر ہی کہ آپکی انتقال کی بعد فتنہ شروع ہوگیا
اور درس (۹) مین کہ بدکار کاٹ ڈالی جائینگے لیکن وی جو خداوند کی منتظر ہین زمین کو میراث
مین لینگے مسلمانون کی فتح اور کفار کی تباہی اور ہلاکی اور حیرانی کا بیان ہی اور ایسی ہی درس
(۱۱) لیکن وی جو حلیم ہین زمین کی وارث ہونگے امت محمدیہ کی خلافت کا بیان ہی اور صحابہ
کی خلافت کا اصالتہ اسمین ذکر ہی اور قرآن شریف مین ارشاد فرمایا ولقد کتبنا فی الزبور
من بعد الذکر ان الارض یرثہا عبادی الصالحون اور بالتحقیق لکھا ہی ہمنی زبور مین
ذکر کی بعد تحقیق زمین کے وارث ہونگے ہمارے بندی صالح — صالح اور حلیم قریب
قریب ہین اور ذکر سی مراد یا تورات ہی اور یا ہی نصیحت ہوان ورسون اشارات مین ہی
ورس (۱۲) شریر صادق کی برخلاف بندشین باندھتا ہی اور اوسپر دانت پیستا ہی
(۱۳) خداوند اوسپر ہنستا ہی کیونکہ دیکھتا ہی کہ اوسکا دن آتا ہی — ایسی ورسون مین

شرح ابوجہل فرعون اس امت کا ہی اور صادق یا لقب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور یا
صادق صدیق ہین اور روز بدر ابوجہل کا دن تھا اور اوسیدن وہ ہلاک ہوا اور کلام مجید
مین یوم نبطش البطشة الکبری انا منتقمون فرمایا اور بیان غزوہ بدر مین لفظا لوم
لاتا کر مطابق صحف یشعیا ہوا ہی ورس (۱۴) سی (۲۰) تک مسلمانونکی فتح اور کفار کی
خواری کا بہی بیان ہی اور اونکی کمانین غزوہ بدر مین ٹوٹ گئین اور وہ ہلاک ہوئی اور اللہ
جل جلالہ نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اونکی شر سی محفوظ رکہا اور ورس (۲۱) مین
غزوہ احد کا ذکر ہی ورس (۲۹) مین خلافت صدیق رضی اللہ عنہ کا ذکر ہی اور ورس (۳۴)
مین فتح مکہ معظمہ اوسی واقعہ قتل کا بیان ہی جسمین ستر کافر مارے گئی ورس (۴۳) مین ہجرت
کا ذکر ہی اس زبور سی خلافت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ اور خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ
کا پتا ملگیا اور یہہ بہی معلوم ہوگیا کہ خلیفہ اول صدیق ہونگی اور خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ
ہونگی اور یہہ بہی معلوم ہوگیا کہ زمانہ ترقی اسلام بہی ہوگا جسمین خلافت حضرت عمر العادل
کی ہوگی اور اگرچہ اور مضامین عمدہ بہی اس بشارت مین ہین مگر وہ باب خلافت سی تعلق نہین رکہتی
زبور (۲۲) ورس (۱۹) پر اے خداوند دور مت رہ اے میری توانائی جلد میری مدد کیلئی آ (۲۰) میری
جان کو تلوار سی میری وحیدہ کو کتی کی ہاتہہ سی بچا — ورس (۲۵) بڑی جماعت مین مجہہ سی تیری
ستایش ہوگی مین اونکی آگی جو اوس سی ڈرتی ہین اپنی نذرین ادا کرونگا (۲۶) وی جو حلیم ہین
کہا وینگی اور سیر ہو وینگی وی جو خداوند کی طالب ہین اوسکی ستایش کرینگی تمہارا دل ابد تک
جیتا رہی (۲۷) سارے جہان کو سراسر یاد آویگا اور وے خداوند کیطرف رجوع لاوینگی سب قومونکی
گہرانی تیری آگی سجدہ کرینگی (۲۸) کہ سلطنت خداوند کی ہی قومونکی درمیان وہی حاکم
(۲۹) دنیاکی سارے دولتمند یا موٹی کہاوینگی اور سجدہ کرینگی وی سب بہی جو خاک مین ملتے ہین اوسکی
حضور جہکینگی اور وی جنکی مجال نہین کہ اپنی جان بچا دین (۳۰) ایک نسل ہوگی جو
اوسکی بندگی کریگی وہ خداوند کی ایک پشت گنی جائیگی — ناموس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کی بیان مین پہلی باب مین معلوم ہوچکا ہی کہ یہہ بشارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور تو
نام پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی اب شرح ورسون بالعرض کی ضرور ہی ایسی معلوم ہو کہ قرآن
شریف مین سورہ حج مین فرمایا ہے وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنہم فی الارض
کما استخلف الذین من قبلہم ولیمکنن لہم دینہم الذی ارتضی لہم ولیبدلنہم من بعد خوفہم امنا یعبدوننی
لا یشرکون بی شیئا ومن کفر بعد ذالک فاولئک ہم الفاسقون ترجمہ وعدہ دیا اللہ نے جو لوگ
تم مین ایمان لائی ہین اور کئی ہین نیک کام البتہ پیچھے حاکم کریگا انکو ملک مین جیسا حاکم کیا تھا
انسے اگلون کو اور جما دیگا انکو دین انکا جو پسند کر دیا انکو اور دیگا انکو انکی ڈر کی بدلے
امن بندگی کرینگی میری شریک نکرینگی میرا کوئی اور جو کوئی ناشکری کریگا اسکے پیچھے سو وے لوگ ہین بے حکم اور اس تعبیر کرتہ دیکھیہ یہہ وعدہ ہی
جو اس زبور مین منقول ہی اور یہہ بعینہ گویا کہ ترجمہ زبور مذکور ہی لیکن بسبب تغیرات کثیرہ
کی استقدر فرق ہوگیا ہی ورس (۲۲) ہی شروع ہی اور فرمایا وہی جو حلیم ہین کہا ینگے
اور سیر ہونگے وہی جو خداوند کی طالب ہین اوسکی ستائیش کرینگی اس ورس مین خلافت
کا ذکر کیا اور مقصود اس سے یہ ہے کہ خلافت مہاجر مہاجرین مین ہی ہوگی اور قرآن مجید مین بھی
ارشاد فرمایا ومن یہاجر فی سبیل اللہ یجد فی الارض مراغما کثیرا وسعۃ اور طالب خداوند
مہاجرین للہ اور مہاجرین ہی فتوحات نامی اور نعمائی الہی پر حمد وثنا الہی بجالاتے ورس
(۲۷) ساری جہان کو سر یاد آویگا الخ یہ رسالہ عامہ خیر الرسل کا بیان ہے اور یعقوب دینا آن
خلافت عام ہی ورس (۲۸) کہ سلطنت خداوند کی ہی قومون درمیان وہی حاکم
ہی گویا کہ ترجمہ لیستخلفنہم فی الارض کا ہی اور خلافت نبوت سلطنت خداوندی ہی اسطرح کہ
پورا پورا شریعت کی موافق جب عمل ہوا گویا کہ وہی حاکم ہی ورس (۲۹) دنیا کی سارے موٹے
کھانیکے اور سجدہ کرینگے گویا کہ ولیمکنن لہم دینہم الذی ارتضی لہم کا ترجمہ ہی اور سب ہی جو خاک مین ملتے ہین
حضور جھکینگے اور وے جنکی مجال نہین کہ اپنی جان بچاوین گویا کہ ولیبدلنہم من بعد خوفہم امنا
کا ترجمہ ہی اور پہلے جز مین تمہیم کا بیان ہے ورس (۳۰) ایک نسل ہوگی جو اوسکی بندگی کریگی

تو صاف ثابت ہے بعد وفات الشیخین کی بن فتنہ کا [illegible] اور دو برس [illegible] آیۃ [illegible] ومن کفر بعد
ذالک فاولئک ہم الفاسقون کی طرف اشارہ ہے اور اس زمانہ میں بھی خلافت خلفاء اربعہ رضوان اللہ علیہم
اجمعین کا تمام ہو گیا اور خلافت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی بشارت بالیہ کی اس جملہ سے وہاں ہرگز
[illegible] جملہ استادہ مگر ثابت ہے اسلئے کہ قصہ صفین میں آپ خیمہ کو مارنے سے بابل میں منع کیا
اور خلافت حضرت امام حسن و امام مہدی رضی اللہ عنہما کی بشارت حسنیہ کی اس جملہ سے تو انہیں تمام
زمین کو مسخر و مستقر کرینگے ثابت ہے اور بشارت تجدیدیہ کی اس جملہ سے اوس بارہ ہزار پیدا ہونگے
خلافت ان خلفا کی [illegible] اور [illegible] اور خلیفوں پہ خلافت نبوت کا ذکر ہے جو قیام قیامت
تک پورے ہو جائینگے۔ واللہ عاقبۃ الامور ۔ وصلی اللہ تعالی علی خاتم الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ
واصحابہ اجمعین — **دعائے مقبول** یا اللہ جل جلالہ وعم نوالہ تیرا ہزار ہزار شکر ہے کہ تو نے
اپنی رحمت سے مجھے معدوم سے موجود کیا اور پھر اشرف المخلوقات میں پیدا کیا اور پھر اشرف الرسل
کی غلامی نصیب کیا اور شرف نسب مصطفے علیہ السلام بھی عنایت فرمایا شکر ہے کہ تو نے اپنی رحمت سے
مجھے ہر طرف سے بچا کر اپنی دین کی [illegible] کیطرف متوجہ کیا اور علوم اولین و آخرین یعنی قرآن و حدیث سے
بہرہ ور کیا اور پھر خاص تو نے اپنی رحمت سے فخر و من عنده علم الکتاب اور اہل ذکر سے مشرف کیا
اور علم کتب سابقین عنایت فرمایا اور پھر تالیف رسالہ ہذا کی توفیق عنایت فرمائی فلک الشکر کافیا
والحمد وافیا۔ خداوندا [illegible] تیری عدد صحابی کی دعا کرتا ہوں کہ تو اس کتاب
کو قبول فرما اور زاد آخرت [illegible] کی توفیق عطا فرما اور والدین [illegible] اور تمام سلسلہ نسبی اپنی
[illegible] دعا کرتا ہوں کہ ان کو در جنات عدن میں [illegible] اور حلل بہشتی انہیں پہنا اور [illegible]
[illegible] اور من الذین لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون [illegible] انہیں کر دے خداوندا تو اپنی رحمت سے میرے سب
اور عزیزوں [illegible] اور دوستان [illegible] کو تمام [illegible] عطا فرما خداوندا تو اپنی رحمت سے بزرگوار اپنی [illegible] خواہ
[illegible] اور اصل [illegible] قائم رکھ اور اولی [illegible] جگر [illegible] زید علمہ [illegible]
[illegible] رکھ خداوندا [illegible] علوم دین [illegible] خداوندا تمام [illegible] اور [illegible]

تقریظ رسالهٔ البشارات محمدی از مصداق ... شیخ انوار حسین صاحب تسلیم سهسوانی تخلص فیه

حمد رب العالمین که در صحایف خویش عظمت خود ما بالنطق نواخت تاج الکلام است و نعت خاتم النبیین که خدای تعالی از بهر مشید کونین
لوای عزش بر افراخت معراج الاسلام است - تحمید صحابهٔ کبار که خالق عالم در توریت بیاد شان خشیت ... گلگونه
القانت و منقبت آل اطهار که سیر اوشان درة التاج رقم ساخت حرز بازوی ایمانست - در صورت معنی بیدا
از عیان و نهان پیدا - که شرح فضیلت این مربع از حد مرتبهٔ قیاس متجاوز است که طاقت تقریر و طاقت تحریر در ...
یکی از هزار عاجز - اگر غور مددگاری کند و فکر غمخواری - اینجا گرم خروشی بیهوده ... و خاموشی عین صفت ذات گویائی
اما بعد بزم آرای گنج زبانی محمد انوار حسین تسلیم سهسوانی - دست را آشنای خامه میسازد و خامه را میل ... آمیز
الرقمه حسن الفاظ دیدنی دارد ؛ بوی معنی شنیدنی دارد ؛ حاصل مدعا ما اینست ؛ این رساله خریدنی دارد ؛ درین ایام
میمنت انجام و زمانه فیض التیام - سباح دریای بلاغت سیاح صحرای فصاحت مفتاح خزانهٔ سلامت مصباح کاشانهٔ متانت فخر المتقدمین
فخر المتاخرین قبلهٔ اصحاب یقین کعبهٔ ارباب یقین - نور ناصیهٔ علم غرهٔ باصرهٔ حلم قدوهٔ متشرعین اسوهٔ متورعین - سر باخته کوی
تسلیم و رضا - روح روان جسم حیا و وفا - عالم با عمل فاضل بی بدل بلبل بوستان فروع و اصول ، دانهٔ شمع معقول و منقول
محقق بی عدیل - مدقق بی مثیل - حاوی علوم حامی فهوم - کاشف مشکلات عقلیه فاتح مغلقات نقلیه - محور چرخ خیر داری
مرکز دایرهٔ هوشیاری معین فرزند فطنت ابو الآبا فطرت محی مراسم سنت خیر الانام میل بیدا ناپید کنار اسلام - مولانا
رموز سیدی و شیخی مولانا اولانا رحمة الهی که سینای سینه اش از پرتو جمال الهی جلوه طور است و مدینهٔ دل او از متاع عشق محمدی
معمور نقش پای عینک چشم آئینه هوشان و حرف حق نمایش تازیانهٔ تا ذ بالله کوشان سالهٔ رحمت العلب مقاله بر انتساب ذریت نبوت
رسالت ختم المرسلین ملقب و مخاطب رحمة للعالمین از بیبل یعنی از انجیل بی تکلف تصنع و بی تکلیف تاویل بشنوی گی صفا بیان محمدی که ذات
معانی نوشتند و بسا با تعصب و تغضب که انجاز ناکسانست بکدست در نوشتند - ... مناظره ... و ... کمال ... نگذاشتند ...
نصیب ... از تحسین داختند و ... در ... کشتی نه ... - در زبان ... این کتاب است عبارت سلیس ... لاجواب - تالیف این کتاب
نه کار انسانی است بلکه محض ظهور فضل یزدانی - اگر (انوار محمد صادق) خواهش بجاست و اگر (دعاوی خاتم النبی) ... است اگر ...
جلال رسول) ... و اگر ... (مناظره و تحبیب) گویم ... سواد زلف حور و بیاض چهرهٔ ... علما ...
رعنا ... عمر ... قصهٔ مختصر ... تصنیف ... تالیف ... تدوین ... آوازه ... بسیار
... زینت ... وساده محبت ... الفت ... اوفاق ... الفاق ... نظر ... عاشق
... گرامی ... منشی ... بهادر ... انوار الاخبار - که بیشتر از بیشتر بلکه بیشتر از بیشتر ... و مکارم اخلاق
با عاده ... از کمال ... کریمه ... بوده ... می آید ... تمام ... اسلامی ... بالیستی ... است
چنانچه ... سلطان المعظم ... کمال ... شرح ... حالش ...
که حرفی ... لفظی از کتاب ابروار ... طبع ... تسبیع ... اظهار ... نمود ...
المختصر ... انجام ... کلام ... تاریخ ... صفحه ... بافضال ... تاریخ تسلیم الفت ... تم